کوکا پنڈت کشمیری کی نایاب تصنیف

کا ترجمہ

مہا کوک شاستر

(باتصویر)

دُنیا میں ہلچل مچا دینے والی عجیب کتاب

ترجمہ

خاندانی وید پنڈت پیارے لعل شرما

ہیڈ آفس شیلانگ آسام

سب آفس جگادھری پنجاب

۱۹۰۵ء

चित्र फोटो नं० ९, कमला (कांति) की दृश्यानिकल

चित्र फोटो नं० १५ हव्वा का चित्र (आर्ज वल्लभ भाव)

گذارش

ناظرین! کیا کبھی آپ نے سوچا ہے کہ آجکل اشتہار بازی کا بازار کیوں
گرم ہے۔ جس اخبار یا رسالہ کو اُٹھا کر دیکھو قوت باہ، نامردی وغیرہ کی
ادویات سے بھرا ہوا ملتا ہے۔ معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی دو چار نسخے اِدھر
اُدھر سے جمع کر کے حکیم حاذق۔ ڈاکٹر۔ وید بن بیٹھتا ہے۔ حالانکہ ان
دھوکہ بازوں سے بہت سے آدمی واقف ہوتے ہوئے بھی ان کے پھندے
میں پھنس کر روپیہ اور تندرستی کو خراب کر لیتے ہیں۔
صاحبان! ایسا کیوں ہوتا ہے؟ وجہ صاف اور یہ ہے کہ ہندوستان
بیمار ہے۔ ہمارے ملک کے نوجوان جن پر ملکی ترقی کا دارومدار ہے۔ اُن
کی تندرستی خراب اور مرد ہوتے ہوئے بھی نامردی سے دن گذار رہے
ہیں۔ مثل مشہور ہے کہ "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا"۔

ہائے

کہاں وہ زمانہ کہ ارجن کے تیر زمین سے پانی نکال سکتے تھے۔ بھیشم پتامہ
ڈیڑھ سو سال سے زائد عمر میں جنگ مہابھارت میں شامل ہو کر دشمنوں
کے حوصلے پست کرتے تھے۔ خیر اس زمانہ کو جانے دیجئے پچاس سال پہلے
سے اپنا مقابلہ کریں جو ہمارے باپ دادا تھے وہ ہم نہیں ہیں۔ ستر، اسی
سال کی عمر تک اُن کی آنکھیں برابر کام کرتی تھیں۔ اور آج ہم کو بیس پچیس

اُمید ہے کہ اس کتاب سے ملک کے نوجوانوں کی کچھ نہ کچھ بھلائی ضرور ہوگی۔ اسی مفید خیال کو لیکر میں یہ اپنا ذخیرہ دینے میں رضامند ہوا ہوں۔ فقط

پبلک کا خیر خواہ

پیارے لعل شرما سپروائزر آسام سروے ڈیپارٹمنٹ

نایاب طبّی کتب کا ذخیرہ

نوجوانوں کو نصیحت

عورتوں کی صحبت میں مائل ہونا مردوں کا کام نہیں۔ کیونکہ اسکی محبت سے طرح طرح کے فساد برپا ہوتے ہیں۔ مگر ضرورت ہو جائے تو مرد کو چاہئے۔ کہ ایسی عورت سے ہم صحبت ہو جسمیں گیارہ وصاف پائے جاتے ہیں۔ اوّل حسین ہو۔ دوّم باوفا۔ تیسرے غمخوار۔ چوتھے نیک شعار۔ پانچویں عفیفہ چھٹے بردبار۔ ساتویں خیرخواہ۔ آٹھویں فرمانبردار۔ نویں خوش مزاج۔ دسویں کارگذار۔ گیارہویں جوان۔ اور اگر اس سے برخلاف ہو تو بد عورت کی صحبت میں مرد کی زندگی حرام ہے عیش کا کام تمام ہے۔ اس سے مجرد رہنا بہتر ہے

خاکسار

خیر خواہ نوجوانان

شنکرمان کوکہ پنڈت

وزیر اعظم شنبو سنگھ مہاراجہ کشمیر کی پیدائش اور تعلیم کے حالات

یہ ذی شعور و جامع کمالات شخص اپنے زمانہ کے فرمانروا کے میر منشی کا بیٹا تھا۔
اس کا والد اور شنبو سنگھ رئیس حکمران کشمیر کا والد ہم عمر تھے۔ ہم کو نہ ان کے عہد بعہد
کے سنہ وسال کا پتہ ملا ہے۔ نہ مصنف کوک شاستر کی ولادت و بلوغت کی تاریخ
تحقیق ہوئی ہے۔ چھوٹی سی عمر میں ہی یہ بچہ اپنے ہم عمر بچوں میں غیر معمولی فہم و فراست
رکھتا تھا۔ بچوں کو نہایت جوش سے اشتیاق ہوتا ہے کہ وہ جلد جلد چلنے پھرنے اور باتیں
کرنے کے قابل ہو جائیں اور جس وقت بھی ان کے ہاتھوں پاؤں میں جنبش
کرنے کی ہمت و سرعت پیدا ہوتی ہے اپنے آپ کو گھسیٹنے لگتے ہیں جب
زبان سے اول اول "ماں" کہنے کی تمیز سیکھتی ہے۔ ہر وقت وہ غایت
باتیں کرنے لگتے ہیں۔ لیکن کوکہ پنڈت دیگر ہی خیال کا بندہ تھا۔ وہ کسی بھرے
مجمع میں مطلقاً کسی قسم کا لفظ منہ سے نہ نکالتا۔ وہ عام لوگوں کے روبرو
چلنے پھرنے کی کوشش نہ کرتا تھا۔ اس کا مزاج جبلی سمجھ کے سبب اس بات
پر تُلا رہتا کہ اس وقت عوام الناس کے سامنے چلنا پھرنا بولنا چاہئے جبکہ
رفتار و گفتار میں کسی قسم کا نقص نہ رہنے پائے۔ الغرض وہ خفیہ خفیہ ان
دونوں صیغوں میں مشتاق ہو گیا۔ اور اس وقت اہل خاندان نے

ایسے باتیں کرتے اور رواں دواں دیکھا جبکہ اس کی بول چال میں کوئی سقم نہ پایا گیا
لڑکپن بھی اس کا دنیا والوں کے لڑکوں سے نرالا اور شاذ و نادر تھا۔ وہ دنیا
کی ہر ایک چیز کی اصلیت، حقیقت اور ماہیت پانے کی دُھن میں رہتا تھا
وہ پنڈتوں کے خاندان سے تو تھا ہی۔ لہذا اس کو شروع سے ہی اتالیق کے
پاس درس کے لئے بٹھایا گیا۔ لیکن اس کے والد ماجد کو یکے بعد دیگرے ایک
برس میں ہی آٹھ دس معلم بدلنے پڑے۔ وہ ہر وقت اپنے استاد کو کسی نہ کسی قسم
کے اوٹ پٹانگ سوالات کر کے دق کرتا رہتا تھا۔ استادوں کو تنگ کرنے
والے اس کے علمی ہی سوالات ہوا کرتے تھے۔ مثلاً سنسکرت میں دو طرح کے
حروف "سُر" اور "ویَنجن" ہوتے ہیں۔ سُر والے اور ویَنجن والے وہ قریباً ہر استاد سے
پوچھتا تھا کہ بتاؤ یہ لفظ کیوں ویَنجن ہے؟ اور دوسرا اس سے ادنیٰ شکل کا سُر
والا ہے۔ وہ کہتا تھا۔ جبکہ ان الفاظ کے مفہوم خود لوگوں کے تصور شدہ ہیں
تو کیا وجہ ہے کہ ہم اگر اور دیگر طرز کے لفظ اپنے من گھڑت بنائیں۔ اور ان کے
نئے نئے نام رکھ لیں تو کیا حرج ہے۔ وہ ستاروں اور سیاروں کی نسبت بھی
کئی قسم کے سوالات ان کے سامنے پیش کرتا تھا۔ وہ پوچھتا تھا۔ کہ سبب
کیا ہے۔ سورج کی روشنی گرمی دیتی ہے اور چاند کی روشنی سے ٹھنڈک نفوذ
ہوتی ہے۔ غرضیکہ ایسے ایسے اس کے معمے تھے جن کو ان وقتوں کے
استاد حل نہیں کر سکتے تھے اور ان کی سبکی ہوتی تھی۔ باوجودیکہ ساتھ ساتھ
صحبت اور بحث کرتے رہنے کے بھی وہ پرلے درجے کا ذہین اور شوق سے پڑھنے
والا لڑکا تھا۔ بارہ سال کی عمر تک اس نے سنسکرت کے متعدد علوم میں خاصی
مہارت حاصل کر لی۔ جب تیرھویں سال میں اس نے قدم رکھا۔ تو والد نے
اس کو دربار میں لیجا کر مہاراجہ شنبو دیو کے روبرو کیا۔ مہاراجہ صاحب

شری سوالی کو شنبو سنگھ کے والد تھے۔ شنبو سنگھ بھی گیارہ بارہ سال عمر کا تھا۔ راجہ
مذکور نے اس لڑکے کو بھی مثل اپنے لڑکے کے پیار کیا۔ اور اس کے ساتھ
ہی اس کو فوجی رموز کے سکھانے کے لیے جنگی فنون سے ماہر لوگوں کے سپرد
کیا۔ چنانچہ اس نے ہر ایک حرب و ہنگامہ کے درس و تدریس میں کم عمری ہی
سے نمایاں ترقی حاصل کر لی۔ اور اس کم سنی کے زمانہ میں ہی کئی کئی
درجن نوجوانوں سے جھوٹی لڑائی میں فتح پاتا تھا۔ اور جنگ و جدل کے
موقعہ پر ایسی پھرتی دکھلاتا کہ تمام ناظرین اس کی بہادری اور حیرت انگیز
تیزی دیکھ کر عش عش کرنے لگتے تھے۔ سواری میں طاق تھا۔ کیسا ہی ضدی
اور شریر گھوڑا ہو منٹوں میں سیدھا کر لیتا تھا۔ فہم و فراست اور جدت خیالات
میں فرد تھا۔ ہر وقت بات کی تہ کو سوچ کر بات کرتا تھا۔ بادشاہ یعنی مہاراجہ
صاحب نے ہونہار بروا کے دیکھتے ہی اپنے دل میں تحقیق جان لیا۔ کہ میرے
بعد یہ شنبو سنگھ کا پورا صادق وفادار مشیر اور کامل رہنما ثابت ہوگا
چنانچہ ایک دن انہوں نے ایک شاہی اجلاس میں اپنے فرزند ارجمند
کو مہاراجگی کی مسند پر بٹھا کر خود اپنے دست مبارک سے اس کے سر پر تاج
شاہی رکھا۔ اور کوکہ پنڈت کو وزیر اعظم کا لباس پہنا کر سنہری کرسی پر بٹھایا۔
جبکہ تمام چھوٹے بڑے راجگان اور اہل کاران موجود تھے۔ مہاراجہ نے سبکو
مخاطب کر کے ایک سوال کیا اور وہ سوال یہ تھا۔ کہ یہ وجہ نہیں معلوم
ہوتی کہ ماں باپ کو جس درجہ اپنی اولاد سے محبت ہوتی ہے۔ دل سے
ویسی اولاد کو محبت ان سے نہیں ہوتی۔ تم حیوانوں میں بھی دیکھو گے کہ گائے
بھینس۔ گھوڑی بھی اپنے بچوں سے کم سنی کے دنوں میں ازحد محبت رکھتی ہے
مگر ان کے بھی بچے جب دودھ سے پیٹ بھر لیتے ہیں تو ان سے دور

بھاگ جاتے ہیں۔ وہ ہزار مرتبہ شور مچاتی ہیں۔ اور آوازیں دیتی بے چین ہو جاتی
ہیں۔ مگر بچے پرواہ نہیں کرتے۔ یونہی ہم کو جیسی محبت اپنے بچوں سے ہوتی
ہے۔ ویسی الفت بچوں کے دل میں کیوں نہیں ہوا کرتی ہے
تمام وزراء و امراء اور چھوٹے چھوٹے مہاراجہ کے ماتحت راجے لوگ یہ
سوال سن کر سوچنے لگے۔ مگر خاصہ عرصہ ہو جانے پر بھی یہ عقدہ کسی نے حل نہ
کیا۔ اور مہاراجہ صاحب کے مکرر سہ کرر استفسار پر بھی کسی کو جواب دینے
کی جرأت نہ ہوئی۔ آخر کوکہ پنڈت نے ادب سے مہاراجہ جی سے گذارش
کی۔ کہ اگر حکم ہو۔ تو میں آپ کے ارشاد کا جواب عرض کروں۔ آپ نے
فرمایا۔ ہاں۔ بہت بہتر ہے:-

نونہال و خردمند پنڈت نے کہا۔ کہ پہلے دن جبکہ پرماتما نے سرشٹی
کو پیدا کیا۔ اور اس دن جو مرد عورت پیدا کئے گئے ہونگے۔ ان کے ماں
باپ نہیں تھے۔ مثلاً برہما کنول سے پیدا ہوئے۔ یا حسب خیال اہل اسلام
آدم مختلف مقامات کی مٹی سے بنائے گئے تھے اسلئے چونکہ انکے والدین تو
تھے نہیں اور اولاد پیدا ہوئی تھی۔ لہذا وہ ہی اپنی پود سے محبت کرتے تھے
انسان کی عادت جبلی جوں کی توں متوارثہ چلی آتی ہے۔ وہی عادت
انسان کی نسل میں متوارثہ چلی آئی ہے۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ جیسی الفت
پدر کے دل میں اولاد کیلئے جاگزین ہوتی ہے اسکے برابر بچوں کے دل میں سرایت پذیر نہیں ہوتی
سب کو یہ جواب ازحد پسند آیا۔ مہاراجہ نے ازحد خوش ہو کر اس
بے نظیر انسان کو خلعت فاخرہ سے سرفراز کیا۔ اور بھرے دربار میں کہا
کہ تم آج سے ہی میری سلطنت کے تمام سیاہ و سفید کے مالک یعنی
رکن اعظم مقرر کئے گئے ہو۔ کوکہ پنڈت بولا کہ میں نے حضور کے

کوکا پنڈت کی گجرات وغیرہ سے واپسی

دربار راجہ بھوج

کوکا پنڈت کا بذریعہ چوبدار حاضر ہونا

زیرِ سایہ ہر طرح کی موجودہ روش کے مطابق یعنی رواجی تعلیم تو اپنے ہاں کی
تکمیل کر لی ہے۔ مگر غیر ملکوں کے رسم و رواج اور نشیب و فراز نہیں دیکھے۔ میرا
منشاء ہے کہ اس وقت تک مجھ کو میرے حضور آقائے نامدار مجھے مشیر
سلطنت کا معزز عہدہ عنایت نہ فرمائیں۔ جب تک کہ میں دیگر ممالک
کی رنگ و بو سے کما حقہ واقفیت حاصل نہ کر لوں۔ اور مجھے اجازت مل
جائے کہ ایک دفعہ چند سال کیلئے حضور کی راج دہانی سے باہر جا کر ہر
طرح کی واقفیت حاصل کروں۔ اور زمانہ کی حکمت عملیوں سے بہرہ ور
ہو کر واپس آؤں:۔

مہاراج اس کا ارادہ بھانپ کر خوش ہوئے اور آپ نے فرمایا۔
کہ تم جس قدر فوج اور خزانہ چاہو اپنے ساتھ لے جاؤ۔ ہم ہر ایک ملک کے
ہر ایک فرمانروا کے نام از راہ معاصرانہ دوستانہ طور سے جدا جدا ہر ایک
کے نام خط لکھ دیتے ہیں۔ تاکہ تم جہاں کہیں جاؤ۔ ہر جگہ آسائش و بے فکری
سے سیر کر سکو۔ کوکہ پنڈت نے التماس کیا۔ کہ ایسی سیاحت سے مجھے کچھ
بھی مفید جوہر حاصل نہ ہوگا۔ لیکن اگر میں معمولی حیثیت کا لباس پہن کر جگہ جگہ
لگاؤں گا۔ اور اپنی حسب مرضی ہر امصار و دیار سے چھوٹے بڑے لوگوں
سے تعارف پیدا کروں گا۔ تو بہت قسم کی اعلےٰ اعلےٰ واقفیت حاصل کر
سکوں گا گو پرمیشر کی رحمت سے جناب والا کی درگاہ میں زر کی اور
فوج کی کمی نہیں ہے۔ مگر بے سود کس لئے اتنے مصارف کئے جائیں
بنا بریں بہتر یوں ہے کہ غلام کو تن تنہا اپنے منشا کے مطابق گشت کرنے کی
اجازت دی جائے غرض کئی قسم کے [illegible] کے بعد اس اولوالعزم
انسان کو سیاحت عالمگیر کی اجازت [illegible]
[illegible]

کا دیوتا مختلف ممالک میں گھومتا رہا۔ ہر نئے ملک کے افعال و خواص قہر
تحمل۔ صبر۔ استقلال۔ فطرت کی چال ڈھال کا معائنہ کرتا پھرا۔ نئے سے
نئے لوگوں کو ملتا جلتا اور ان کی بدیوں سے بہرہ ور ہوتا۔ خوبیوں کو اخذ
کرتا رہا۔ عورتیں دیکھیں اور مرد عیار۔ چالاک مطلبی مرد اور ہر ڈھنگ
و قماش کے فرد دیکھے۔ کئی اقسام کے علوم و فنون دیکھے۔ آخر با حال خندان
و شادان اپنے وطن مالوف کو واپس آیا۔ اور سیدھا مہاراجہ صاحب
کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت مہاراجہ بہادر اس کی علمیت
و دیانت سے واقف ہو کر اس پہ ہزار گنا زیادہ مہربان ہوئے اور خود
اسی دن سے عبادت الٰہی میں مشغول ہو گئے۔ تخت و تاج اپنے پیارے
فرخندہ اقبال بیٹے کو سونپا اور کوکہ پنڈت کو اس کا وزیر اعظم مقرر کر دیا۔

یہ دنیا چند روزہ ہے اور تمام انسانوں کو ایک دن ملک عدم کا
سفر کرنا ہے چنانچہ وہ تین سال کے بعد مہاراجہ صاحب بھی اور کوکہ
پنڈت کا والد ماجد دونوں اس عالم فانی سے ملک جاودانی کو چل دیئے
اب شب و روز کوکہ پنڈت اور شری حضور مہاراجہ شنبھو سنگھ جی کے اجلاس
گرم رہتے تھے۔ دونو ہم عمر اور لنگوٹئے یار تھے۔ دونوں کا اعتبار محبت
اور وقار ایک دوسرے کے دل میں آخری درجہ تک پیدا ہو گیا۔ اور چین
و راحت سے زندگی کاٹتے اور رعیت کے انصاف و عشرت کا تہ دل
سے فرض ادا کرتے تھے:۔

کوکہ پنڈت نے دنیا بھر کے ممالک اور ان کے تاجداروں کے
نظم و نسق اور مرضیوں کے بندوبست جانچے ہوئے تھے۔ لہٰذا اپنے
راج کا قیام انتظام نہایت اعلیٰ طریقہ سے تجویز کیا۔ جس سے [illegible]

चित्र फोटो नं० ११ रविवर्मा प्रेस का देवयानी का चित्र ।

ایک چتر پیرس

تمام ملک و مال اور رعایا کا ہر بشر آسودہ حال ہو گیا:-

ایکدن بھرے اجلاس میں ایک حسین عورت کا برہنہ جسم حاضر ہونا

میرے عزیزو! تین طاقتیں دنیا میں سب سے زور آور ہیں۔ اگر تم ہر سہ کے بس میں نہ آؤ۔ تو ولی اوتار رسیدہ ہو جاؤ۔ ساری دنیا آپ کے جوتے کی خاک لیکر پیشانی پر قشقہ لگایا کرے۔ غصہ بھوکھ۔ شہوت یعنی کام کی اگن

شعر۔ ظفر آدمی اس کو نہ جانئے گا وہ ہو کیسا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا

تیمور اور نادر نے دہلی میں کیوں قتل عام کر دیا تھا۔ محض غصے کا مغلوب ہو کر۔ اورنگ زیب نے باپ کو قید کیا۔ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ذلیل و رسوا کیا۔ لاکھوں کروڑوں انسانوں کو غارت و برباد کیا۔ غصے کا غلام ہو کر ناحق داراشکوہ اپنے حقیقی بھائی کو تہ تیغ کیا اس کا سر طشتری میں رکھ کر بھرے دربار اس کی مذمت اور ہتک کی محض غصہ کے جوش میں آکر:-

بھوکھ بھی حضرت انسان کی ایسی سینہ زور دشمن ہے جب آدمی بھوکھ سے بیتاب ہوتا ہے اس وقت نیکی بدی عزت آبرو شان اور اپنے خاندان کے ننگ و ایمان کی پرواہ نہیں کرتا اور جس حیلے سے اس کو اپنے پیٹ کا تنور بھرنے کی امید ہوتی ہے وہی کرتا ہے۔ بڑے بڑے شریفوں کے لڑکے اونے سے اونے کام کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ نجیبوں کے نانے پڑنانے بیٹے چوری جیسا قبیح اور گرا ہوا پیشہ اختیار کرتے ہیں۔ فقط بھوکھ کو دور کرنے کے لیے بھوکا یہی سوچتا ہے کہ اگر چوری سے نہ پکڑا گیا۔ تو

ابھی پلاؤ زردے کھاؤں گا۔ ورنہ جیل میں جاکر دال روٹی تو پیٹ بھر کر کھاؤں گا۔
ملک الشعراء ہند ذوق فرماتے ہیں یعنے آپ تیسری طاقت کے بارہ میں رطب
اللسان ہیں۔ شعر:۔

بڑے موذی کو مارا نفس امارہ کو گر مارا
نہنگ و اژدہا و شیر نر مارا تو کیا مارا

یہ شہوت کا جوش انسان کو اندھا کر دیتا ہے کہ تمام دنیا میں اس کو کسی
کا خوف اور شرم و حجاب نہیں رہتا۔ شہوت کے غلام ہو کر ہاں کا مدیو کے
بس میں آکر بڑے بڑے مستند فرمانروا پرسدھ مہاتما تسلیم شدہ عارف
اور کامل درویش ایسے ناپاک فعل کر گذرتے ہیں۔ جس کے برابر کمینہ کام گدھے
اور کتے سے بھی کبھی سرزد نہیں ہوتا۔ شہوت کا بھوت جب شہوت
پرست شخص کے سر پر سوار ہو جاتا ہے۔ اس وقت وہ بالکل اپنے آپے میں
نہیں رہتا۔ چنانچہ اس جوشیلی طاقت کے ثبوت میں مندرجہ صدر عنوان کا
بیان ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ دن دوپہر کا وقت تھا۔ مہاراجہ شنبھو سنگھ
کا دربار دھکا چک بھرا ہوا تھا۔ تمام وزیر صاحب اور اہل کار درجہ بدرجہ
بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ ایک جوان عمر اور خوب صورت عورت بالکل ننگے
جسم سب کے روبرو دربار میں گھس آئی۔ سب مردوں کو شرم آگئی۔ اور
اِدھر اُدھر منہ جھانکنے لگے۔ کسی نے منہ پر کپڑا لے لیا۔ کسی نے دوسری
جانب رخ کو موڑ لیا۔ مہاراجہ نے بھی ایک اور طرف نگاہ کر کے اس
عورت سے کہا۔ یہ سخت بیحیائی ہے۔ تو فی الفور جسم پر کپڑا کیوں نہیں لیتی؟
مردوں کے سامنے عورت کو پردہ کرنا ہی واجب ہے۔ عورت بولی۔ میں تم سب
میں سے ایک کو بھی مرد نہیں باور کرتی۔ میں نے تیرے تمام علاقہ میں

تلاش کیا ہے۔ مگر کوئی بھی مرد مجھ کو نہیں ملا۔ اب تم سب میری
نظر میں نامرد دکھائی دیتے ہو۔ پھر میں کس سے پردہ کروں۔
مہاراجہ نے کہا کہ تو اپنی برہنگی ڈھانپ اور میں تیرے لئے ابھی ابھی
مرد کی جستجو کرتا ہوں۔ عورت ستر میں آئی اور بادشاہ مذکور نے تمام اہالیان
دربار سے ارشاد کیا۔ تم میں سے جو شخص اپنے آپ کو پورا مرد سمجھتا ہے وہ
اس عورت کو خوش کرے۔ میں اس کو منہ مانگا انعام دوں گا۔ تمام وزراء
و امراء مشیر و منیب خاموش ہو گئے اور بہت وقت گذر گیا۔ مگر ایک کو بھی
راجہ کی فرمائش پوری کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ جب تین ساعت گزر گئیں
مہاراجہ نے حیرت و استعجاب اور آزردہ سا ہو کر تمام اہل دربار سے مخاطب
ہو کر کہا۔ از حد افسوس ہے کہ میری تمام راجدھانی میں کوئی ایک بھی مرد نہیں
رہا۔ اور اس عورت کی زبان کے موافق فی الواقع سب کے سب
لوگ خالص نامرد ہیں:۔
ابھی راجہ کے منہ میں آخری ہی الفاظ تھے کہ کوکہ پنڈت نے دست
بستہ التجا کی۔ اگر حضور حکم فرمائیں تو خادم اس عورت کو اپنے عقد میں لانے
کا حوصلہ رکھتا ہے اور آپ سن لینگے۔ کہ سچ مچ یہی عورت اپنے منہ سے
اقبال کرے گی۔ کہ تمام دنیا مردوں سے خالی نہیں ہو گئی۔ مہاراجہ نے
فرمایا کہ ہم نے یہ بھی ایک فقیر سے سنا ہے کہ جو کامل مرد ہوتے ہیں۔
وہ صرف عورت کو چھو کر ہی شانت کر دیتے ہیں۔ کوکہ پنڈت بولا۔ مصر کے
ملک میں بندہ نے ایک ایسے مرد سے چند نکات سیکھے ہیں اور بے شک
یہ بات بھی ہو سکتی ہے۔ راجہ کہنے لگا۔ بہتر ہے کہ جس طرح اس عورت
نے تمام اہالیان دربار کو ہلکا کر دیا ہے اس جگہ اس کو بھی خفیف کرنا چاہئے

پنڈت جی نے اٹھ کر اس استری کی کلائی پر ہاتھ رکھا۔ اور اس سے
کہا۔ میرے ساتھ چل۔ میں تم کو اپنی زوجیت میں لیتا ہوں۔ جب عورت
اٹھ کھڑی ہوئی تو کوک نے ایک انگلی اس کے دائیں پہلو پر رکھا۔ کہتے ہیں
وہاں اس دن برہما کا قیام تھا۔ ہاتھ رکھتے ہی عورت مذکور اپنے ہوش کو
ایک لخت چھوڑ کر بے بس ہو کر زمین پر گر پڑی۔ اور اس کے قدموں پر
سر رکھ دیا۔ اس عورت کو پنڈت جی اپنے گھر لے آئے ابھی اس سے مرد
اور عورت والے تعلقات پیدا نہ کئے تھے اور صرف پنڈت جی اس کے جسم پر
ہر روز مختلف مقام پر ایک طرز سے ہاتھ ہی رکھتے تھے۔ مگر اس کی تمام
وحشت سرد ہو جاتی تھی۔ چند یوم کے اندر ہی تمام مستورات و مردوں کے
آگے اس عورت نے پنڈت صاحب کی بے پایاں تعریف کی۔ اور مہاراجہ
صاحب کی خدمت میں ایک آدمی کو روانہ کیا اور کہلا بھیجا کہ اب دنیا میں مجھ
کو کامل مرد مل گیا ہے۔ لہذا عورت ذات ہو کر اس شیر صفت انسان کی
موجودگی میں آپ کے دربار میں حاضر ہونے کی جرأت نہیں کر سکتی۔ مہاراجہ
صاحب از حد خوش ہوئے اور کوک پنڈت سے بولے کہ وہ کیا علم ہے۔ جس کی
برکت سے آپ ایسی سرکش استری پر کامیاب ہوئے۔ پنڈت نے عرض کیا۔
یہ ایک اور فلسفہ ہے جس کو میں نے ایک مصر کے دانشمند سے سیکھا ہے
اگر حضور کا حکم ہو تو بندہ اس علم کو کتابی صورت میں یکجا کر دیتا ہے۔ اس
علم کی بدولت سے عورت اور مرد کی محبت بڑھتی ہے اس علم کی معاونت
سے [illegible] سو سال تک تندرست [illegible] رہ سکتے ہیں۔ عورتوں اور مردوں
کے تمام [illegible] اپنے انسان کے ساتھ [illegible] کر میدان کرنے
[illegible] عورت ہی [illegible] سکتی ہے۔ اس علم کے طفیل ایک

وید انسان کی شناخت اور بانجھ عورت کے مرد کی [illegible] ہوتی ہے۔ یہ
علم ہے جو عمل کے اسرار اور بھید کے راز دار [illegible] ہے [illegible]
بہت نسخہ جات اور عجیب و غریب ہدایت اسی علم کے طفیل [illegible] حقیقت
معلوم کرنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ غرضیکہ یہ علم جانے تو انسان کو
عمر بھر کثرت [illegible] کے خطرات، حادثات و تفکرات سے نجات مل جاتی
ہے۔ مہاراجہ نے فرمایا بہتر ہے کہ تم فوراً یہ متبرک حکمت کتاب کی شکل
میں بنا کر تیار کرو۔ فقط۔

شروع مضمون اصل کتاب کوک شاستر

ناظرین کو یہ بات معلوم ہے کہ اب آئندہ جو کچھ اوراق ذیل میں بیان
ہوگا۔ وہ کتاب کوک پنڈت جی کی اصل کتاب کوک شاستر کا ترجمہ ہوگا
راقم الحروف کی ذاتی واقفیت اور تجربہ کا واسطہ اس مضمون سے نہیں۔
البتہ میں نے بعض فحش عبارت اس سے [illegible] کا احتمال ہے ان کو
نکال دیا ہے۔ دیگر کسی قسم کا تنگ [illegible] کتاب میں ایزاد کر کے اس
کی اصلیت پر پردہ ڈالنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ فقط۔

33

32

फोटो नं० २९

کوکا پنڈت

****

حصہ اول

چاروں اقسام کے مردوں اور عورتوں کی صاف صاف تشریح

تمام دنیا کے زن و مرد چار اقسام پر تقسیم کئے جا سکتے ہیں۔ خواہ امریکہ افریقہ
یورپ میں جاؤ۔ خواہ روم۔ شام فرانس میں چکر لگاؤ۔ غرض ہر حصہ عالم میں
یہی چاروں قسمیں اناث و ذکور کی پائی جاتی ہیں:-
ان چہار کی رنگت میں بھی ضرور تفریق ہوتی ہے ان کے خط و خال میں
بھی بین بین تفاوت نظر آتی ہے ان کے طرز گفتگو اور رفتار کے جدا جدا
ہیں۔ ان میں انس۔ رغبت۔ خواہش۔ غصہ۔ اور مہربانی الگ الگ
خواص سے ظاہر ہوتی ہے۔ ایک اور بات اس میں یہ نکتہ رکھتی ہے
کہ تخم تاثیر و صحبت کا اثر بھی ہر نوع کے افراد میں لازم و ملزوم ہوا کرتا ہے
[illegible] کی تحقیق و چھان بین کرتے ہوئے ان ہر دو اوصاف کو نظر

میں اندازہ کرنا چاہیئے۔ صحبت کے اثر سے ایک معمولی عقل کا آدمی دانا اور بر
فلاسفر بن جاتا ہے تم نے دیکھا ہوگا کہ ایک ناخواندہ آدمی پڑھے لکھے لوگوں کی صحبت
ہوتا ہے تو گو وہ ایک حرف بھی پڑھنے لکھنے کی لیاقت حاصل نہیں کر لیتا
مگر گفت و شنید میں وہ منشی آدمی ہی معلوم ہوتا ہے۔ شریفوں کی صحبت
سے بدخصلت لوگوں کی بری عادتیں بالکل نابود یا کم ہو جاتی ہیں۔
یونہی تخم تاثیر بھی ہر نفس میں ظاہر ہونے سے نہیں رہتی ایک اچھے
خاندان کا آدمی برے خیالات کے آدمیوں میں زندگی بسر کرے۔
اور گو اوپر کے مندرجہ اصول اس کی طبیعت صحبت کے اثر سے بھی ضرور
متاثر ہوتی ہے۔ تاہم وہ کچھ نہ کچھ اچھے تخم تاثیر پر بھی قایم رہتا ہے۔ لہٰذا ہر قسم
کے زن مرد کی شناخت میں اصول ہذا پر بھی غائر نظر ڈالنا سودمند ہوگا۔ اور
تم اس میں برکت پاؤ گے چار قسم کے مرد ہوتے ہیں (۱) ششک مرد۔ (۲)
راجپن مرد (۳) بھرگو (۴) ہامسن۔

ششک مرد

یہ مرد سب سے افضل ہوتا ہے۔ ہر صفت میں خوبیوں کا مالک رنگت اور
حسن دل فریب پیشانی کشادہ۔ گول چہرہ۔ ناک کان اور ہونٹ بہ یک آنکھیں
روشن ہرن کے مشابہ بال مشرقی آدمی کے سیاہ مغربی کے بھورے۔ دلیری اور
جرأت میں بالا گفتگو میں جری اور فصیح و خوش بیان۔ ہر ایک سے خندہ رو جسم کی
نہ بہت دبلا پتلا نہ بھدا۔ بازو لمبے جو زانوؤں کے قریب تک جاتے ہیں پنڈلی پتلی
ناخن سرخ ایسا مرد قول کا پورا اور خیالات کا پکا ہوتا ہے۔ چال میں نہ تیزی نہ
سستی کا شبہہ متانت اور سنجیدگی سے گفتار میں نظر آتا ہے جماع کا [illegible]

चित्र फ़ोटो नं० ६ मर्दाना स्वास्थ्य सौन्दर्य

مردانہ خوبصورتی

حریص نہیں ہوتا۔

راجس مرد

یہ اس سے دوسرے درجے کا انسان ہوتا ہے۔ خیالات اور حوصلے کی متوسط۔ رنگت گندمی اور درمیانی درجہ کا خوبصورت پیشانی بلند اور قدرے اندر جھکی ہوئی۔ چہرہ اوپر کو لمبوترا۔ ناک کے نتھنے موٹے ہونٹ اور کان بھرے ہوئے۔ آنکھیں سیاہ سرخی مائل بادام کے طرز کی۔ بال سیاہ اور سنہرے۔ گفتگو میں بہادر مگر قومی حوصلہ نہیں۔ باتوں میں ہر ایک سے ہر دل عزیزی جتلاتا ہے۔ لیکن ہر ایک اقرار پر پورا اترنے کی کوشش بہت کم کرتا ہے۔ جسم فربہ رکھتا ہے۔ بازو گول۔ مگر لمبائی میں کم۔ پنڈلی موٹی۔ یہ مرد اپنے آپ کو سب سے حسین اور عقلمند سمجھتا ہے۔ پھرتی سے ہر ایک کام کرتا ہے شروع میں ہر ایک کام کو دلیری اور تیزی سے کریگا۔ مگر آہستہ آہستہ ہمت کو پست کرتا ہے جماع کرنے میں نہایت قوی ہوتا ہے اور ہر وقت شراب کباب اور امیرانہ زندگی بسر کرنے کی آرزو رکھتا ہے۔ اپنے آپ کو بڑا آدمی مشہور کرانے کا خواہاں رہتا ہے۔

بھرگو مرد

یہ شخص اوروں کی عقل سے بہ نسبت اپنی سمجھ بوجھ کے زیادہ کام لیتا ہے جیسا کسی نے خیال دلایا۔ اسی پر عامل ہونے کو تیار۔ شکل و صورت کا ایسا ویسا ہی ہوتا ہے۔ مگر اپنے آپ کو خوبصورت بنانے میں کوشاں رہتا ہے [illegible]۔ بالوں رگڑنے میں مصروف رہیگا۔ اپنے لباس کی

بناوٹ میں ہی رہیگا۔ کسی کام کو لگ کر استقلال سے نہ کریگا۔ اپنے روز
کو تبدیل کرتا رہیگا۔ عورتوں سے بدظن رہیگا اور ان کو بھی پوشاک کے ساتھ
بدلنے کا خواہاں ہوتا ہے۔ پیشانی گھٹی ہوئی (غصیل آدمی ہو) نہایت دُبلا پتلا
کان چوڑے چھاج کی شکل کے اور کانوں میں بکثرت بال پیدا ہوتے ہیں۔
آنکھیں ہاتھی کی طرح اندر جھکی ہوئیں۔ منہ پر داہنی جانب دو تین سیاہ تل ضرور
ہوتے ہیں۔ قول کا پکا نہیں ہوتا سوچ سوچ کر یعنی بنا بنا کر بات کرتا ہے
کھانستا زیادہ ہے جو اس سے نیکی کرے اس کی بدی میں ہوشیار ہوتا
ہے۔ والدین کی مطلقاً پرواہ نہیں کرتا۔ عورت کو خوشنود نہیں کر سکتا۔ بلکہ
یہ انسان یک صد میں چند ہی مرد ہوتے ہیں۔ اور باقی مخنث کے برابر پھر
بھی شہوت پرست بڑے درجہ کا۔ کھانے پینے کا زیادہ شائق رہتا ہے
لوگوں میں نفاق ڈلوا کر خوش ہوتا ہے۔ عورتوں کو جیسا کہ خوش کرنے کا بیان
کیا ہے۔ خوش تو نہیں کر سکتا۔ مگر ان کو اپنا غلام بنانیکا خواہاں رہتا ہے
بادشاہ وقت سے ناراض زمانے کا شاکی عزیزوں اور دوستوں سے بد
ظن۔ اور خدا سے قریب قریب منکر ہوتا ہے گھر کے لوگوں کی بود و باش
اور خوراک اور پوشاک کی بہت کم پرواہ کرتا ہے۔ شراب و کباب۔ گوشت
اور دیگر بدکاریوں کو اپنے لئے جائز اور دوسروں کے لئے حرام ہونے
کا اپدیش کرتا ہے:-
اس کی عمر بمشکل ساٹھ برس کی ہوتی ہے:-

تامس مرد اور اس کی حقیقت

یہ کسی قدر شکیل تو ہوتا ہے اور پڑھنے لکھنے یا فنوں میں بھی ملکہ حاصل کر...

चित्र फोटो नं० ३२

ہے۔ مگر نہایت سست الوجود ہوتا ہے۔ آنکھیں بھوری۔ پیشانی تنگ اور سر
چھوٹا۔ ناک بہت موٹی۔ ہونٹ نہایت ہی باریک ہوتے ہیں دیگر خط و خال
خوبصورت ہوتے ہیں۔

ہر وقت جماع کرنے کا اشتیاق رکھتا ہے۔ کسی عورت سے درگزر نہ کرے گا
ایسے مرد کا ہرگز اعتبار نہ کرنا چاہئے۔ خواہ اسکی نزدیکی رشتہ دار کیسی بھی ہو
اس کی عصمت دری سے دریغ نہ کرے گا۔

آواز بھدی اور کسی قدر تھرتھرانے والی ہوگی ہر کسی سے ظاہری محبت
جتلاتا ہے مگر اس کا اندر ایمان سے خالی ہوتا ہے اپنی عورت اور اولاد کو
بیشک خوش رکھتا ہے۔ مگر زیادہ تر صرف باتوں سے کیونکہ جیسا بیان کیا گیا
ہے کہ ہر وقت کمینہ پن کو ہی تہ دل سے چاہتا ہے اور نہایت کاہل ہوتا ہے
نیک لوگوں سے خواہ مخواہ بدی کرتا ہے۔ چوری اور ٹھگی کو برا نہیں سمجھتا۔
شراب، بھنگ، چرس وغیرہ ایسا کوئی نشہ ہاتھ لگ جائے اس کو بلا دریغ
بغیر کسی شرم و حیا کے پینے لگے گا۔ تھوڑی سی شراب پی کر بکثرت بکواس کرتا ہے
اگر کسی سادہ لوح خاتون سے خالی خولی چند باتیں کرنے کا اس موقع کو
موقع مل جائیگا تو اس کو تمام دنیا میں اپنے نیچے بدکاری کرنے کا اشتہار دے
دیگا۔ اور ہر جگہ اس کو زانی مشہور کرنے میں فخر سمجھے گا۔ بادی امراض سے
محفوظ رہتا ہے البتہ صفراوی اور وبائی مسموم امراض سے اسکی جان کو
خطرے کا احتمال ہے ورنہ سو سال تک زندہ ضرور رہتا ہے اس شخص سے
محنت کا کوئی کام نہیں ہو سکتا ایسے مرد فی صدی پچاس مرد ہوتے ہیں
باقی ناکرو

عورتوں کی چار قسمیں

پدمنی عورت

یہ عورت ششک مرد کے عین موافق ہے۔ نہایت خوبصورت شریف اور
نجیب الاصل ہوتی ہے۔ جماع کی بہت کم شائق چہرے کے خط و خال سب کے
سب موزون سر کے بال سنہری رنگت کے گھونگر والے اور لمبے و چکنے ہر وقت
پاک و صاف اور ہشاش بشاش رہا کرتی ہے۔ اپنے مرد کے سوا اپنے کسی
دوسرے سے پرستش کرنے کی نیت خواب میں بھی ذہن نشین نہیں کرتی تمام
دیگر بڑے مردوں کو باپ کے برابر ہم عمروں کو حقیقی برادر اور کم سن نوجوانوں کو اپنے
بچوں کے موافق پیار و سلوک کرتی ہے دانت سفید اور براق اس کے جسم
سے چندن (صندل) کی سی خوشبو آتی ہے۔ جسم کی کھال ملائم بال بہت ہی
باریک سوائے سر کے اور کسی حصہ جسم پر بال نظر نہیں آتے۔ زبان کی سچی
ہوتی ہے کوئی بات مکر و حیلہ بنا کر نہیں کرتی۔ پتلا اور نازک جسم رنگت نہایت
خوشنما جیسے چینی کی مورت۔ مگر بعض بعض گرم ممالک کی عورتیں سانولے رنگ
کی تمام اعمال و خواص پدمنی کی رکھتی ہیں۔ اولاد نرینہ پیدا کرتی ہے۔ خاوند
اور بچوں کی نہایت ہمدرد۔ اور متفق ہوتی ہے ہر وقت بلا خوف خطر رہتی ہے
رفتار سیدھی سادی گفتار میں شیرینی اور مٹھاس کا رس بھرا ہوا

चित्र फ़ोटो नं० ३२

चित्र फ़ोटो नं० ४८ चित्रनी

چترنی عورت

चित्र फोटो नं० २६

کسی مرد عورت کا گلہ و شکایت نہیں کرتی۔ فساد تکرار سے دور بھاگتی ہے۔
عیاشی کی زندگی سے نفور، شراب کباب سے سخت پرہیزگاری کرتی ہے۔
اگر اس عورت کا تعلق یعنی ناطہ سوائے ششک مرد کے دوسری قسم کے مرد
سے ہوگا تو ہر دو کی زندگی بے مزہ گذرے گی۔ مرد کو بھی ایسی دیوی سے
پورا حظ نہیں آئے گا۔ لیکن عورت کے لئے تو تمام عمر قیامت برپا
رہے گی:۔

چترنی

یہ عورت عورتوں میں زمانہ ساز اور دنیاوی حکمت عملیوں سے واقف
ہوتی ہے۔ گرانڈیل قد اور جسیم اور دلیر ہوتی ہے۔ حسن و سیرت کے لحاظ
سے پدمنی کے دوسرے درجہ پر مگر خیالات و مباشرت میں اس کے برابر
پارسا ہوتی ہے۔ نیک خو ضرور ہے۔ مگر غیروں کو بالکل تباہ کرنا چاہتی ہے
پدمنی اپنے خاوند سے دیگروں کو جیسا بیان کیا گیا بزرگ برادر و فرزندوں
کے برابر کا باور کرتی ہے۔ مگر یہ ان کو غیر جان کر نفرت کرتی ہے۔ پدمنی
یہ نہیں چاہتی کہ عصمت حسن کے باعث اس کی تشہیر ہو جائے یہ چاہتی
ہے کہ دنیا میں عزت ہو تو پاکبازی کی اور خوبصورتی کی دیوی بھی لوگ مجھ
کو تصور کریں۔ تمام مردوں سے بات چیت نہیں کرتی۔ بچوں کو بھی متوسط
درجہ پرورش کے سبق دیتی ہے گو خلق کا راستہ معلوم ہے مگر عمل کم کرتی
ہے جنس کی مرضوں میں اکثر بیمار رہا کرتی ہے۔ ایسی عورت کو چاہیے
کہ سبزی کا زیادہ استعمال کرے اور حیوانی غذا قطعی نہ کھائے:۔
اس عورت کی مرضی کا خاوند راجس ہوا کرتا ہے اور اگر اس کے

ل کبھی سے اس کا تعلق شادی ہو گا۔ تو ساری عمران کی چین سے نہ گذرے
جتری اس قسم کی عورت ہے کہ یہ راجس مرد سے مل کر عمدہ دنیا
تی ہے یہ راجس مرد رشی اور اُتم خیال انسان کے ازدواج میں آکر دیوتا
جاتی ہے۔ لیکن بھرگو اور تامس مرد کے عقد میں اسکی ہم خیال بھی
سکتی ہے۔ ملنسار ہوتی ہے۔ مگر اپنے سے یہ کھانے پینے میں اعتدال
نظر رکھتی ہے۔ تین چار تک لڑکے لڑکیاں پیدا کرتی ہیں۔ لیکن یہ ان
اقسام کا ایک اور وصف ہے۔ اگر لڑکیاں پیدا کرے تو سب کی سب
لیاں پیدا ہونگی۔ ورنہ تمام لڑکے یہ نہیں کہ ایک لڑکا اور دو لڑکی ایسا
ی شاذ و نادر ہوتا ہے:۔

ہستنی

یہ مکار اور پاکار ہوتی ہے منہ سے تو خاوند سے محبت کا اظہار کرتی
ہے اور اشاروں سے دیگر مرد سے گفتگو کرتی ہے دل میں کسی اور شخص کے
لفت کے جذبات ٹھاٹھیں مار رہے ہوتے ہیں اور کسی خوبصورت شخص سے
شق کرنے کا الگ شوق رکھتی ہے وعدہ کسی اور سے کیا ہوتا ہے
اور آخر ہم وصل کسی دوسرے سے ہوتی ہے:۔
خط و خال معمولی قسم کے ہوتے ہیں۔ نہ بدصورت نہ شکیل۔ آنکھیں کسید
سے تو سے عورتوں کی بھوری گربہ چشم ہوگی۔ اگر سیاہ ہوں تو ان میں سفید
وسرخ نکتے سے منور ہونگے کان باریک اور نیچے ہونٹ موٹے اور پیشانی
کشادہ۔ گردن کوتاہ ہوتی۔ بات کرتے ہوئے منہ سے تھوک گراتی ہے
چال میں رنگ اور نشست میں پھوہڑپن ٹپکتا ہے اکثر کو بے لاکر

بھنبھلا کر چلتی ہے۔ چھاتی فراخ اور قد میں لمبی ہوتی ہے۔ جماع اور عیاشانہ زندگی کی از حد شائق۔ اور اگر ایسا مرد عیاش مزاج مل جائے تو اس کے حق میں بھی بیٹھی رہتی ہے۔ لیکن اگر کامل مرد اور اس کی تمام خواہشات پوری کرنے والا نہ ملے تو مٹر گشت پر لگی رہتی ہے اولاد کی چنداں پرواہ نہیں کرتی ہے۔ لوگوں سے بھی ان سے تعلق رکھتی ہے۔ جن سے بات چیت یا خورد و نوش وغیرہ کے حظ ملنے کی امید ہو۔ ان عورتوں سے بھی کم ملنا پڑتا ہے۔

لیکن اپنے ہم خیال عورتوں کو اکثر ہستنی قسم کی عورتیں خصوصیت سے پسند کرتی ہیں۔ کھانا کھاتے وقت ایک دفعہ سیر ہو کر نہ کھائے گی۔ بلکہ وہ دن میں چند بار تھوڑا تھوڑا مختلف قسم کے لوازم سے کھائے گی۔ یہ عورت عمر میں سو برس کی ہوتی ہے اور دیر بعد بوڑھی ہوتی ہے۔

مگر اس قسم سے چالیس فی صدی بانجھ ضرور ہوتی ہیں:۔

سنکھنی عورت کے عنوان کا

یا تو قد کی بہت لمبی یا بہت ہی کوتہ قد۔ رنگ سیاہ اور شلگون سر کے بال موٹے اور کھردرے کان لمبے اور موٹے۔ ہونٹ بدشکل سوجھے ہوئے ناک کے نتھنے بہت بڑے بڑے۔ دانت لمبے لمبے پھردے۔ بات کرتے ہوئے یہی نظر آتا ہے کہ اب کھانے کو دوڑتی ہے ہر وقت ماتھے پر شکن پڑے ہوئے کسی اچھے سے اچھے مرد سے بھی سیر نہیں ہوتی۔ ہر وقت غلیظ اور ناپاک اور سست الوجود پڑی رہتی ہے: اس کو کھانے کی تمیز ہوتی ہے نہ پینے کی اس کے جسم سے ایک قسم کی مچھلی کی سی بو آتی ہے اور اولاد بہت زیادہ پیدا کرتی ہے دو دو درجن تک ان کے بچے دیکھے گئے ہیں۔ گویا

चित्र फोटो नं० ५० ज़ात तुम बताओ ।

ذات تم بتاؤ

चित्र फोटो नं० १२

चित्र फोटो नं० ११

ایک شین ہے۔ جس میں انسانوں کی خاصی تعداد تیار کی جاتی ہے۔ اس قسم
کی عورتیں فیصدی ایک بھی مشکل سے بانجھ نکلتی ہیں۔ رفتار میں قدرے
لنگڑاپن ہوتا ہے۔ انہیں مچکر یا احول پن کی طرح بات کرتی ہے۔ بات کر
اٹک کر کرتی ہے۔ صاف نہیں بول سکتی۔ قطعی کند ذہن پڑھنا لکھنا اس کو
ہرگز آ نہیں سکتا۔ جاہل مطلق بےشرم اور بے محبت دبے رو رعایت زندگی کے
دن کاٹتی ہے۔ شراب کباب و عیاشانہ زندگی بسر کرنے کی خواہش بھی
کرتی ہے اگر مل جائے تو مباح ورنہ نفرت کرنے لگ جاتی ہے سوتے ہوئے
خراٹے ضرور لیتی ہے۔ بلکہ نصف فی صدی خواب کی حالت میں دانت کو بھینچتی
ہیں اس عورت کے کام کا صرف نام مرد مختلف ہے اور خدانخواستہ اگر
یہ منحوس ہمشیرۂ ابلیس کسی دیگر قسم کے مرد سے منسوب ہو جائے تو تمام
عمر اسکی زندگی تلخ اور رو دے دھوتے کٹے گی۔ بلکہ شک ذات کا مرد تو اپنی
زندگی سے بیزار ہو کر خودکشی بھی کرنے کو تیار ہو جائیگا۔

نیک و بد مرد و عورت کی علامات

یہ مضمون علم قیافہ سے تعلق رکھتا ہے۔ قیافہ یعنی فراست نہایت شریف
اور بہترین علم ہے جو لوگ اس علم کے پورے ماہر ہیں وہ ہر انسان کا صرف
چہرہ دیکھ کر اس کی تمام نیک و بد عادات سے خبردار ہو جاتے ہیں اگر وہ نیک اور
فرشتہ سیرت شخص ہے تو اس سے ملاقات و تعارف رکھتے ہیں۔ لیکن اگر وہ
بدنیت اور بدکردار انسان ہے تو اس کو دور سے ہی سلام کر دیتے ہیں

شاہ نامہ نام ایک شامی فلاسفر قیافہ دان تھا وہ جاہل مطلق اور نالائق و ضدی
دیہاتی لوگوں کی صحبت سے از حد تنگ آگیا۔ اور ایک

پہاڑ پر جا کر اپنا مکان بنوا کر رہنے لگا۔ اس نے وہاں اپنے پھاٹک کے
دروازے پر ایک لائق مصور کو بٹھا دیا۔ جو شخص ملاقات کے لئے آتا پہلے
مصور اسکی تصویر کھینچ کر فلاسفر کے پاس بھیجتا تھا۔ فلاسفر مذکور از روئے
علم قیافہ تصویر کو دیکھ کر اگر اس ملاقاتی کو اپنی صحبت کے قابل تصور کرتا
تو اپنے پاس بلاتا۔ ورنہ بلا ملاقات کئے وہیں سے رخصت کر
دیتا۔

ایک دن ایک لائق حکیم اس کی ملاقات کو آیا مصور نے بدستور اسکی
تصویر اتار کر فلاسفر کے پاس بھیجی۔ فلاسفر نے اسکی بد عادات سے آگاہ ہو کر اس
سے ملنے سے انکار کر دیا۔ لیکن پھر اس حکیم نے ایک لمبا خط اس فلاسفر کو
لکھا کہ آپ نے میری تصویر کو دیکھ کر بیشک میری عادتیں معلوم کر لی ہیں۔ مگر میں نے
بکمال محنت اور طبیعت پر جبر کر کے اپنی سب برائیاں ترک کر دی ہیں آپ
مجھ سے اندیشہ ضرر نہ کیجئے اور شرف دیدار سے مجھ کو ممتاز فرمایئے۔ چنانچہ فلاسفر
نے اس کو بلایا اور واقعی اس کو اپنے برے افعال کا تارک پایا۔ یونہی ایک
بد نشانیوں والا مرد یا بری صورت و خط و خال کی عورت اگر اچھی صحبت یا تخم
کے زیر اثر رہیں۔ یا اپنی طبیعت پر قابو پا کر نیک خصال ہونے کی ہمت
کریں تو انکے خط و خال وہی رہنے پر وہ اچھے ہو جاتے ہیں۔ مگر علم نباتات
اور اجسام کے ماہر تحقیق کر چکے ہیں۔ کہ ہمارے جسم کے اندر تمام ذرات تبدیل
ہوتے رہتے ہیں اور تین سال کے عرصہ میں ایک بھی ذرا سابقہ جسم میں موجود
نہیں رہتا۔ ذرے انسان کی جسم کی شبیہ بنانے کا موجب ہوتے ہیں۔ چنانچہ
جو شخص برے فعلوں والا اچھے کام کرنے لگتا ہے اسکی شکل و صورت نیک لوگوں
کے مطابق بننے لگتی ہے۔ تم ہزاروں بدمعاشوں کو دیکھ سکتے ہو وہ لوگ جو

चित्र फोटो नं० २१ घ।

انگریزی تہذیب

اول اول نہایت بدچلن تھے۔ جب اپنے برے اعمال کو ترک کر کے سادہ جو
بن جاتے ہیں۔ ان کی صورت فرشتوں جیسی بن جاتی ہے۔

56

اوم

اپنی رام کہانی

اوم

صاحبان! سب سے پہلے آپ بھی میرے ہمراہ ہو کر اس پرم پتا پرماتما کے چرنوں میں دھیان لگا کر اشٹانگ پرنام کریں۔ اے سرب شکتیمان پرماتما تو دھنیہ ہے تیری قدرت کو دیکھ کر عقل انسان حیران ہے۔ اگر باریکی سے تیری قدرت پر غور کیا جاوے تو ہر ایک ذرہ موجودات بجائے خود ایک عالم ہے۔ جس میں زمین و آسمان۔ چاند۔ سورج۔ حشر و نشر سب کچھ موجود ہے۔ عجائبات عالم میں ہر ایک چیز اپنی ماہیت۔ نوعیت۔ خاصیت میں جداگانہ شان اور اثر رکھتی ہے جس کو دیکھ کر تیری قدرت کے کرشمے ظاہر ہوتے ہیں۔

ناظرین! آج جس مضمون پر میں اپنی قلم اٹھا رہا ہوں میں اس قابل تو نہیں ہوں کہ اپنے آپکو عالم اور فاضل کے دائرہ میں شمار کروں یا ڈاکٹر، حکیم اور ویدوں کی برابری کا دعویٰ کر سکوں۔ لیکن ہاں اتنا ضرور ہے کہ شروع یعنی اوائل عمر سے ہی مجھے اس علم سے خاص رغبت ہے۔ چونکہ میرا تعلق ایک ایسے خاندان سے ہے جو علم "آیوروید" کا ایک چمکتا ہوا ستارہ تھا۔ میرے قابل تعظیم بزرگ دادا صاحب سرگباشی شریمان پنڈت گنیش دت جی وید یہ کہا کرتے تھے کہ میں مریض کو اس وقت دیکھنے جاؤنگا جب وہ بجائے چارپائی کے زمین پر ہوگا۔ اور خاندان کے آدمی رو رہے ہونگے۔ اپنے خاندان اور قابل تعظیم بزرگوار کے میں اور بھی ایسی قسم کی سینکڑوں باتیں جس وقت اپنے پوجیہ والد سرگباشی شریمان ... صاحب پنڈت ... جی کی معرفت میرے کانوں میں پہنچی تھیں۔ مجھے تعجب ہوتا تھا چونکہ انگریزی تعلیم کا ... اپنے اوپر اوڑھ چکا تھا۔ اس لئے اس وقت ... میں ... اور ... خیال کرتا تھا ...

سے تمام ڈاکٹری یا دوسرے مرکبات اُٹھا دیئے جاویں اور صرف چرک کے ذریعہ سے علاج
کیا جاوے تو میرا یقین ہے کہ شرح اموات بہت کم ہوں۔ اور مریض تھوڑے رہ جاویں)
آہا۔ ایک اجنبی ڈاکٹر کی یہ رائے دیکھ کر میرے دل میں ایک تہلکہ سا مچ گیا۔ اور پورا یقین ہو گیا
کہ ہمارے رشیوں کے خون سے سینچا ہوا "آیورویدک" کا پودا کبھی مر نہیں سکتا ہے۔ علاج
امراض کیواسطے بیسیوں طریقے ایجاد ہوئے اور ہوتے جا رہے ہیں۔ لیکن جہاں تک تحقیق کام
کرتی ہے ابھی تک سب نامکمل ہیں۔ ہر ایک طب ہر ایک زمانہ میں قابل ترمیم و تکمیل
خیال کی جاتی ہے آئے دن ڈاکٹری۔ یونانی میں نئی نئی ترمیمیں ہو رہی ہیں۔ پورانے نسخہ جات
میں بہت کچھ کاٹ چھانٹ ہو کر نئے ایجاد ہوتے جا رہے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں ہماری
طب وہی ہے جو ہزار سال پہلے تھی۔ تشخیص کا یہ عالم کہ نہ تھرمامیٹر کی ضرورت نہ تھالیس کوپ
کی اور نہ ایکس رے سے کام لیا۔ فقط مریض کا چہرہ دیکھا اور حال معلوم ہو گیا۔ علاج کا طرفہ
یہ کہ نہ تو مسہل نہ مدتوں تک مکسچر اور پلز کے استعمال کی ضرورت ادھر دوا کھائی اور اثر نمودار
ہو گیا۔ ڈاکٹری کی مانند چند لمحہ یا منٹ کا نہیں بلکہ دائمی فائدہ کا ٹھیکہ لے لیا۔ ہمارے نسخہ
جات اور رسوں کے عجائبات دیکھئے۔ امراض ضعف باہ۔ آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر۔
فالج، دمہ، وغیرہ وغیرہ میں ہفتوں مہینوں دوا کے استعمال کی ضرورت نہیں دوا
کی ایک سیخ کھلا دی اور مریض کی کایا پلٹ گئی۔ بڑھاپا جوانی میں تبدیل ہو گیا۔ اکثر اوقات
ایسی چیزیں سننے میں آتی ہیں کہ ڈاکٹروں نے مریض کے پتھری نکالنے کا سامان کیا اور جمع
ہونے لگے ادھر سے کوئی سنیاسی آگیا دوا کی ایک خوراک دی اور پتھری ریت ہو کر پیشاب میں
بہہ گئی۔ ضعف باہ کا مریض مدتوں ڈاکٹری ادویات فاسفورس، ڈمیانہ پلز کھا کھا کر اتم
ضعیف ہو گیا۔ لیکن رسوں کی ایک خوراک نے ہی مایوس العلاج نامرد کو مرد بنا دیا۔ جہاں تک
مجھے علم ہے یونانی یا ڈاکٹری میں دمہ اور بواسیر کا کوئی کافی علاج نہیں ہے۔ لیکن ہماری طب
میں ایسے نسخہ موجود ہیں جن کی ایک ہی خوراک سے ان امراض سے مریض ہمیشہ کیواسطے نجات

حاصل کر لیتا ہے۔ یونانی یا ڈاکٹری میں جو دوا زیادہ زود اثر ہوتی ہے اسے اکسیر یا اکسیر اثر کہتے
ہیں۔ لیکن سچ پوچھا جاوے تو یہ ایک مصنوعی نام رکھ دیا گیا ہے۔ ڈاکٹری تو ابھی اس اکسیر کے نام کو
ترس رہی ہے ممکن ہے کہ طب یونانی میں کوئی اکسیری نسخہ ہو [illegible]ت میں درس یعنی
اکسیر طب آیورویدک کا ایک خودرو پودا ہے۔ یہ اسی پیارے بھارت میں پیدا ہوا اسی جگہ پر
ہمارے لنگوٹے بند مہاتماؤں اور رشیوں کے خون سے سینچا جا کر پھولا پھلا۔ مگر افسوس گردش
زمانہ کے زبردست ہاتھوں نے یا یوں کہیے کہ اس فن کے نام لیواؤں نے اپنی خود غرضی سے
اس جیتے جاگتے اور پھلتے پھولتے سرسبز پودے کو گمنامی کی مٹی میں دبا دیا۔ لیکن رشیوں اور
مہاتماؤں کے خون سے سینچا ہوا پودا کیا کبھی مر سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ ابھی تک زمین کھودنے
سے کسی نہ کسی جگہ اس گنج پنہاں کے آثار مل جاتے ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ نئی روشنی اور نئی
تعلیم نے ہمارے نوجوانوں کے دماغ ایسے کر دئیے ہیں کہ اپنے گھر میں تلاش نہ کر کے دوسروں کے
پیچھے دوڑتے ہیں۔ اور دوسرے ملکوں کے آدمی ہماری پورانی کتابوں سے بہت کچھ حاصل
کر کے اپنی ایجادوں کا دعوی کرتے ہیں۔ سائنس جس کو پوشیدہ اسرار کے کھولنے پر بہت کچھ
ناز ہے اور نئے آلات و تازہ بتازہ کیمیاوی تجربات کی امداد سے وہ جن رازوں کو حل
کرنے کا فخر کرتا ہے۔ "طب آیورویدک" ہزارہا سال پہلے اُن کو حل کر چکی ہے۔ جب میں کسی
فرزند ہند کی زبان سے یہ الفاظ سنتا ہوں کہ فلاں ڈاکٹر نے سرجری میں کمال کر دیا تو مجھے ہنسی
آتی ہے کیونکہ نئی تعلیم کی مہربانی سے اس نے اپنے گھر کو تو بالکل ہی نہیں دیکھا ہے پھر وہ کیا
سمجھ سکتا ہے کہ اپنے گھر میں جواہرات کا کس قدر ذخیرہ ہے۔ صاحبان! اب میں اس
سلسلہ میں اپنی آنکھوں کے سامنے کا ایک زبردست واقعہ درج کرنا چاہتا ہوں۔ پرماتما
کی کرپا اور بزرگوں کی دعا سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد میں محکمہ سروے میں ملازم ہو گیا یہ ایک
ایسا محکمہ ہے جس کے ملازمان کو اکثر دور دراز ملکوں، جنگلوں، اور پہاڑوں میں جانا
پڑتا ہے اکثر ایسے ایسے سادھو مہاتماؤں کے درشن ہوتے رہتے ہیں جن کا عام آدمیوں کو خواب

میں بھی خیال نہیں ہو سکتا۔ پرماتما کی کرپا سے ایسے محکمہ میں ملازمت حاصل ہو جانے پر
سادھو مہاتماؤں سے کچھ حاصل کرنے کیلئے اپنے خاندانی علم کی کھوج کا اور بھی زیادہ شوق
اور امنگ میرے دل میں پیدا ہو گئی۔ دسمبر [illegible] کا زمانہ تھا ایک روز ضلع مونگیر (صوبہ بہار)
کے ایک پہاڑی علاقہ میں اپنی ڈیوٹی انجام دے رہا تھا اس جگہ پر ایک آدمی عرصہ پندرہ سال
سے مرض پاگل پن میں مبتلا تھا۔ پاگل بھی ایسا کہ ہر وقت زنجیروں سے جکڑ کر رکھا جاتا تھا
اسکے خاندان والوں نے اپنی حیثیت کے مطابق سینکڑوں روپیہ خرچ کرکے بیسوں جگہ علاج
کروایا۔ لیکن کوئی فائدہ معلوم نہیں ہوا۔ مجبوراً علاج کا خیال چھوڑ کر اس کو گھر میں ہی
باندھ کر رکھنے لگے۔ اور اسی طرح قید کی حالت میں اس کو دو سال گذر چکے تھے۔ چونکہ
میں گاؤں سے علیحدہ ایک پہاڑی نالہ کے کنارے پر اپنا تمبو لگا کر ٹھہرا ہوا تھا۔ شام کا وقت
تھا کچھ بارش ہو رہی تھی۔ اس نالہ کے کنارے ایک مہاتما کا گذر ہوا۔ میں نے مہاتما جی سے اس
وقت اپنے پاس ٹھہر جانے کی پرارتھنا کی۔ کیونکہ جنگلی پہاڑ درندے جانوروں اور ایسے
بے وقت میں مہاتما کو جانے دینا مناسب خیال نہ کیا۔ بڑی مشکل سے مہاتما جی نے میری
پرارتھنا قبول کی۔ بستی اس جگہ سے آدھ میل کے فاصلہ پر تھی۔ رات کے ۸ بجے کے قریب
بستی کی طرف سے بہت آدمیوں کے رونے کی آواز آئی۔ مہاتما نے دریافت کیا کہ بستی میں آدمی
کیوں رو رہے ہیں میں نے اپنے دو آدمیوں کو بستی میں رونے کا سبب دریافت کرنے کو روانہ کیا
ایک گھنٹہ کے بعد آدمیوں نے آکر کہا کہ وہ پاگل بری طرح سے تڑپ رہا ہے اور اسی لئے گھر والے
رو رہے ہیں۔ میں نے مہاتما جی سے اس کی پوری ہسٹری جو کہ مجھ کو معلوم ہو چکی تھی بیان کی
سنکر مہاتما جی ہنسنے لگے اور پھر رونے لگے فرمایا کہ یہ کوئی غریب آدمی ہوگا کیونکہ اگر امیر ہوتا تو سینکڑوں
ڈاکٹر وغیرہ قابل آدمی جمع ہو جاتے۔ غریب کی سوائے پرماتما کے اور کون خبر لیگا۔ میں نے جواب دیا
بیشک یہ غریب ہے۔ غریبوں کی باتو پرماتما یا آپ جیسے مہاتما ہی خبر لے سکتے ہیں۔ تعجب
نہیں کہ اسکے شفا پانے کا وقت آگیا ہو۔ جو آپ جیسے مہاتما کو پرماتما نے اس جنگلی جگہ میں بھیج

دیا ہے۔ مہاتما نے فرمایا کہ ہم لوگوں کو چل کر دیکھنا چاہیے۔ کیونکہ غریبوں کی امداد کرنا ہر ایک انسان
کا فرض ہے میں نے کہا کہ اس وقت رات میں کیا ہوگا صبح ہی اسکو آپ دیکھ سکتے ہیں تو جواب دیا
کہ کم از کم رونے والوں کو دلاسہ تو دیا جاویگا۔ غرضکہ رات کے ۱۰ بجے مہاتما جی کے ہمراہ چار آدمی
لیکر وہاں پہونچا۔ دیکھا کہ مریض کے ہاتھ پاؤں زنجیروں سے بندھے ہوئے ہیں اور وہ زمین
پر پڑا ہوا تڑپ رہا ہے۔ خاندان کے مرد عورت چاروں طرف بیٹھے ہوئے رو رہے ہیں دو چار
جنگلی آدمی بھی جھاڑ پھونک کر رہے ہیں۔ دیکھنے سے معلوم ہوتا تھا کہ مریض موت کی آخری
گھڑیاں گن رہا ہے۔ مہاتما جی نے سب آدمیوں کو اس کے نزدیک سے ہٹا دیا اور ایک پوڑیہ
سفید دوائی کی اس کے منہ میں ڈالی۔ ۵ منٹ کے بعد ہی اس کا تڑپنا بند ہو گیا۔ اس کے ہاتھ
پاؤں سے زنجیریں کھلوا دی گئیں۔ اور فرمایا کہ اس کو کپڑا اوڑھا کر چارپائی پر لٹا دو۔ ہم کل
پھر دس بجے دن میں اس کو دیکھ کر دوائی دینگے۔ ۱۰ بجے تک یہ اسی طرح سے سوتا رہیگا۔ کوئی آدمی
اسکے نزدیک شور و غل نہ کرے۔ مہاتما جی کے حکم کے مطابق سب انتظام کرکے رات کے بارہ بجے
وہاں سے واپس آئے۔ راستے میں مہاتما جی کہنے لگے کہ میں نے تمہارے پاس اس علم کی کچھ
کتابیں دیکھی ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تم کو بھی اس علم سے دلچسپی ہے کیا تمہارے پاس
سشرت کی کتاب بھی ہے۔ میں نے جواب دیا کہ سشرت کے علاوہ اور بھی بہت سی
کتابیں۔ اور فرصت کے وقت اکثر میں یہی کتابیں دیکھا کرتا ہوں۔ یہ تو میرا بھی خاندانی
علم ہے اور پھر آپ جیسے مہاتماؤں کی سیوا سے اگر کچھ حاصل ہوتا ہے تو اس کو بھی نوٹ
کر لیتا ہوں۔ پھر مہاتما نے فرمایا کہ تم نے سشرت میں ایسے مریض پر عمل جراحی کرنے کا طریقہ
دیکھا ہے۔ میں نے جواب دیا کہ میرا ایسا دماغ کہاں ہے جو سشرت کے خفیہ رازوں کو اپنی
اپنی عقل سے حل کر سکوں۔ کتاب ضرور ہے اور دیکھتا بھی رہتا ہوں لیکن بغیر گرو کامل
کے سمجھنے کی طاقت کہاں ہے مہاتما جی ہنسنے لگے اور کہا کہ کل تم کو علم جراحی کا ایک کرشمہ
اس مریض پر دکھلا دینگے۔ اس وقت رات کا ایک بج چکا تھا۔ دسمبر کا مہینہ سردی کڑاکے

मोटापा को संस्कृत में मेद रोग और यूनानी में सम्मन मुफ़र्रित कहते हैं। इस की चिकित्सा हो सकती है। विलायत में बीसियों प्रकार के विज्ञापन ऐसी औषधियों के, या व्यायाम विशेष सिखाने के, या औज़ारों के निकलते रहते हैं, जिन से मोटापा कम होता है, और क्यों कि वहां की स्त्रियां इसको बहुत बुरा समझती हैं। मेरा विचार है कि यह औषधियां अधिक गुणकारी नहीं हैं। भारतवर्ष के सरदारों की स्त्रियां मोटापा को गौरव समझती हैं, क्यों कि उनके विचार, में यह अमीरी का एक चिन्ह है।

(चित्र नं॰ २६ स्त्री में कटि का बांकपन स्वभावतः अधिक होता है, और चाल की मनोहरता से और भी बढ़ जाता है।)

(Famous Art Picture of the people of Paris.)

x——x——x
। दूसरों की सम्मति।
x——x——x

शेख़ साहिब लिखते हैं, कि मोटापा शरीर के लिए मानों बेड़ियां हैं उठने बैठने चलने में कष्ट, श्वास में कष्ट, हर एक बीमारियों तथा

करने पड़ते थे, अब नहीं करने पड़ते। और वह व्यायाम भी नहीं करते, जिस से कि अधिक मेद पचता रहे। यदि चर्बी भी बन गई हो, तो उस को व्यायाम पचाकर कम कर सकता है, हमारे हां अमीर स्त्री तो कदाचित् ही कोई भाग्यवान् होगी जो मोटी न हो।

(चित्र नं॰२५)

स्त्री के मेदवृद्धि

व्यायाम और सैर की तो आगे ही प्रथा नहीं, जब अमीरी आती है, तो गृहकार्य्य भी छोड़ देती हैं। प्रकृति ने मेद इन में मुलायम बनाने के लिये पाहिले ही अधिक दी होती है, बस फिर क्या है मोटापा आरम्भ होती है। यदि वह किसी सीमा के भीतर रहे तो भी इतना बुरा नहीं मालूम होता जैसा कि चित्र फोटो नं॰ १३ से प्रकट है, परन्तु फिर भी किसी वस्तु की सीमा भी होती है। चित्र नं॰ २८, २९ देखने योग्य हैं।

(अनुचित कद)

मेदवृद्धि सुकुमार की शत्रु और शरीर की छवि और मनोहरता की नाशक है। सब संसार के वैद्य और डाक्टरों की सम्मति में मोटापा एक रोग है, और जहां रोग है, वहां सुन्दरता कहां?

کی پڑ رہی تھی۔ مہاتما جی اپنی دہونی رما کر بیٹھ گئے۔ مجھے سونے کی اجازت دی۔ میرے
پاس دو فالتو کمبل تھے۔ مہاتما جی کو اوڑھنے اور بچھانے کیواسطے دینے لگا۔ تو فرمایا کہ ہم کو
کمبل وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تو اُن کے واسطے ہیں جن کا جسم آرام کا خواستگار ہو
ہم لوگوں کو جسمانی آرام سے کیا مطلب ہے آتما کا آرام ہونا چاہیے۔ جب آتما کا آنند حاصل
ہو گیا تو جسمانی آنند یا آرام کی ضرورت نہیں۔ اور جس کو جسمانی آرام کی ضرورت ہے وہ
آتما کے آرام کو معلوم نہیں کر سکتا ہے۔ جب میں نے بہت زور دیا تو فرمایا کہ اچھا ایک
کمبل ہمارے نیچے بچھا دو۔ اوپر اوڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ خیر ایک کمبل بچھا کر میں اپنی
چارپائی پر آکر لیٹ رہا۔ نیند نہ آئی طرح طرح کے خیالات دل میں دوڑتے رہے سوچتا
رہا کہ کل مہاتما جی ضرور اس مریض پر کوئی کرشمہ دکھلاوینگے۔ شاید میں بھی ان کی سیوا سے
کچھ حاصل کر سکوں۔ قریباً دو بجے مہاتما جی کو کچھ نیند آ گئی۔ سردی کی وجہ سے وہ کچھ سکڑے
ہوئے معلوم ہوئے میں نے دوسرا کمبل آہستہ سے اُن کے اوپر اوڑھا دیا۔ اور اُسی جگہ
دہونی کے نزدیک بیٹھ گیا۔ آدھ گھنٹے بعد مہاتما جی کی آنکھ کھل گئی۔ دوسرا کمبل اپنے اوپر
دیکھ کر کچھ ناراض ہو کر بولے کہ ہمارے انکار کرنے پر بھی تم نے یہ کمبل ہمارے اوپر ڈالدیا ہے۔
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تم کو اس کمبل کی ضرورت نہیں اور نہ ہم کو ضرورت ہے۔ لہذا اسکو
ایشور کے ارپن کر دیا جاتا ہے۔ کیا تم راضی ہو۔ میں نے جواب دیا جیسی آپکی مرضی ہو وہی
ٹھیک ہے۔ اس جواب کو سن کر انہوں نے وہ کمبل ابھی جلتی ہوئی دہونی میں ڈالدیا۔ میں حیرانی
سے دیکھتا رہ گیا۔ کچھ دیر بعد جب کمبل جل کر خاک ہو گیا تو کہنے لگے کہ اب ہم خوش ہیں مجھ
[illegible] کو دیا تھا پھر کہنے لگے کہ اب تم بھی جاکر آرام کرو۔ میں خاموش ہو کر چلا آیا۔ نیند
کس کو آئی بھی کروٹ بدل بدل کر صبح کر دی۔ مہاتما جی پانچ بجے کے قریب ہی جنگل کی طرف چلے
گئے تھے۔ قریباً نو بجے واپس آکر بولے۔ چلو اب اس مریض کو دیکھیں۔ میں اُن کے
واسطے بھوجن تیار کرا چکا تھا۔ کھانے کی پرارتھنا کرنے لگا۔ لیکن انہوں نے منظور نہ

वस्तुओं से बचना उचित है, उन में से विशेष यह हैं:—मक्खन, स्निग्ध गरिष्ठ भोजन, दूध, पकवान, आलू, दालें, चाकलेट, कोको, भारी मदिराएं"।

([illegible])

डा० विलियम जी सदरलैण्ड लिखते हैं, "दो प्रकार के मनुष्य मोटे होते हैं। एक वह जिन में रक्त बहुत अधिक होता है, द्वितीय वह जिन में रक्त बहुत कम होता है। सङ्कीर्ण श्वास, हृदय की धड़कन, व्यायाम न कर सकना इत्यादि चिन्ह द्वितीय प्रकार वालों के होते हैं। यह लोग हृदय को आघात पहुँचने से अचानक मर जाते हैं"।

मध्यम मोटाई न स्वास्थ्य के विरुद्ध है, न सौन्दर्य्य के, वरन् कुछ गड़ बड़ के ठीक ठीक सुधारती है।

डाक्टर [illegible] लिखता है, कि "अफरीका के जहां मोटापा सौन्दर्य्य समझा जाता है, इस मतलब के लिए स्त्रियां आराम करती हैं, मिठाई खजूरें चावल आदि अधिक खाती हैं। दिन की [illegible] खाती रहती हैं"।

सन् १८०३ ई० में लण्डन के एक मनुष्य [illegible] ने ६८ वर्ष की आयु में एक पुस्तक लिखी। उस समय वह ५ फुट ७ इंच था, और १०४ सेर भारी [illegible] उस ने लिखा कि:—

"मैं सदा व्यायाम करता रहा हूँ, मेरे मोटापे का कारण न

यथोचित)

जैसा कि वर्णन हुआ स्त्री के नितम्ब बड़े होने से स्वभावतः कटि पतली और खमदार मालूम होती है, परन्तु यह खम सब से प्रथम उड़ जाता है, जब कि—

स्थूलता

आती है। स्थूलता इस की शत्रु है, क्योंकि यह कटि से आरम्भ होती है। सब डाक्टरों और वैद्यों की सम्मति है कि स्थूलता एक रोग है, और इसका इलाज हो सकता है। मेदवृद्धि से स्थूलता उत्पन्न होती है। बहुधा देखा गया है कि निर्धन दुबला पतला जब धनवान होगया तो स्थूलता भी साथ ही हो जाती है। इसका कारण यह है, कि वह आहार इतना आरम्भ कर देता है, जो सब का सब पच नहीं सकता। थोड़ा २ शरीर के भीतर रहना आरम्भ होता है, और उदर बढ़ना आरम्भ हो जाता है। क्रमशः सम्पूर्ण शरीर में मेदा फैल जाती है। दूसरा कारण यह है, कि वह व्यायाम के काम जो उन को पहिले

کی۔ کہنے لگے کہ اگر ہم یہان رہے تو آج سے چوتھے روز کھاوینگے۔ ورنہ خیر۔ تم جلدی کھاکر ہمارے ساتھ چلو۔ مین جلدی سے کھاکر ہمراہ ہولیا۔ قریباً دس بجے مریض کے پاس پہنچے۔ وہ اسی طرح سو رہا تھا۔ مہاتماجی نے اُسکے گھروالون سے کہا کہ اگر تم کہو تو ہم اس کا علاج کرین علاج سے یہ یا تو اچھا ہی ہوجاویگا یا موت بھی ہوسکتی ہے۔ دونون مین سے ایک بات ضرور ہوگی۔ اب تم لوگ خاص کر اسکی عورت کو مخاطب کرکے کہا خوب سوچ سمجھ کر جواب دو۔ سب نے مشورہ کرکے جواب دیا کہ جیسی مہاتماجی کی کرپا ہوگی وہی ٹھیک ہے۔ ایسی زندگی سے کوئی فائدہ نہین ہے۔ اس کو اور خاندان کے سب آدمیون کو تکلیف ہی ہے۔ ہم لوگون کو سب کچھ منظور ہے۔ یہ بات چیت ہو ہی رہی تھی کہ اسکی آنکھ کھل گئی اور وہ چارپائی سے اُٹھ کر بھاگنے لگا۔ بڑی مشکل سے اس کو پکڑا گیا۔ پکڑنے والون کو دانتو سے کاٹ لیا۔ مہاتماجی نے اپنے پاس سے ایک بوٹی نکالی اور ہاتھون پر رگڑ کر اپنے ہاتھ اسکے ناک کے قریب لیگئے۔ جیسے ہی اسکی خوشبو پہنچی وہ بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑا۔ ایک علیحدہ مکان خالی کراکر اُس کو وہان لے گئے۔ اب مہاتما نے کہا کہ اس کے سر کا اوپریشن کرنا ہوگا۔ میرے سوائے باقی سب آدمیون کو علیحدہ کردیا گیا۔ ایک خوب تیز آری منگائی گئی۔ مہاتماجی نے اپنے پاس سے ایک بوٹی نکالی۔ جس کے پتے نیم کی شکل کے تھے۔ لیکن نیم کے پتون سے کسی قدر چھوٹے۔ اس بوٹی کا اندازاً دو تولہ عرق نکال کر اُس کے منہ مین ڈالدیا گیا۔ بعدازان ایک سفید رنگ کی دوائی ایک ماشہ کے قریب اس کو کھلادی۔ دوائی کھانے کے دس منٹ بعد یہ حالت دیکھی کہ چھاتی پر دل کے نزدیک تو حرکت ہو رہی ہے لیکن گردن کے اوپر کسی طرح کی کوئی حرکت نہین ہے۔ معلوم ہوتا تھا کہ گردن سے اوپر کا حصہ بالکل مردہ ہے۔ فوراً ہی مہاتماجی نے آری سے کھوپڑی کو علیحدہ کردیا۔ کھوپڑی کو جب علیحدہ اُتارا گیا تو اس مین بہت سے چھوٹے چھوٹے کیڑے پائے گئے۔ مہاتماجی نے کہا دیکھو یہی پاگل پن کے کیڑے ہین۔ پھر اُن کیڑون اور دیگر خرابی کو ٹھیک سے

। यह कारसेट से भागों में विभक्त है । छाती और कटि पृथक् २ । कूल्हे पर दबाव मोटापा भी कम होता है)

इसी प्रकार और भी स्त्रों की सम्मतियां है हमारे देश में यह रोग उत्पन्न नहा हुआ, होने तैयारी कर रहा है । आ इतना लिखना पर्याप्त है यूनानी जो सब के उत्त सौन्दर्य्य ज्ञाता समझे गए हैं उनकी मूर्तियों में कटि में खम (झुकाव) थोड़ा सा पाया जाता है । छाती और कूल्हे स्त्री के बड़े होने से पुरुष की उपेक्षा स्त्री का खम अधिक होता है भारत-वासियों ने भी ऐसी ही कटि को उत्तम माना है । कटि को अधिक छोटा करने से सुडोलपन भी नहीं रहता है । रसकिन जो सब से प्रसिद्ध सौन्दर्य्य लेखक हुआ है, वह भी इसका बड़ा विरोधी है।

छाती अस्थियों की असली दशा
छाती की अस्थियां पेटियों से भिच जाती हैं।

बहुत सी इस प्रकार की कारसेटदार पेटियां निकली हैं और वह लोग विज्ञापन देते हैं, कि इस से स्थूलता कम हो जाती है दबाने से कमी आ जाती है। नितम्बों की बहुत अधिक स्थूलता को रोकने के लिये ऐसी कठोर पेटी पहिनी जाती है जो भली

صاف کیا گیا۔ اور ایک طرح کی پیلی دوائی جو کہ سفوف کی حالت میں مہاتما جی کے پاس شیشی میں تھی دیکھنے میں وہ دوائی ایسی معلوم ہوتی تھی جیسی ہڑتال یا گندھک وغیرہ کے جز سے بنی ہو۔ قریباً دو ماشہ کھوپڑی کے اندر ڈال کر اسی طرح سے سر پر جا بیا گیا۔ یہ کام بہت تیزی سے قریباً دس منٹ میں ہی ختم کر دیا گیا۔ پھر کھوپڑی کے چاروں طرف وہی پیلی دوائی لگا کر اوپر سے کسی جنگلی بوٹی کا عرق لگا یا گیا۔ بعد ازاں ایک گھی کا چراغ جلا کر جہاں جہاں دوائی لگائی تھی۔ بذریعہ سینک حرارت پہنچائی گئی۔ تھوڑی سی حرارت پہنچتے ہی جوڑ والی جگہ پر ایسا معلوم ہوتا تھا جیسا کوئی چیز پک رہی ہے۔ آدھ گھنٹہ تک اسی طرح سے سینک کیا گیا۔ پھر دوبارہ وہی دوائی اور عرق لگا کر سینک کیا گیا۔ غرضکہ اسی طرح سات بار عمل کیا گیا۔ اندازاً چار یا پانچ گھنٹہ لگا۔ اب دیکھنے سے ایسا معلوم تھا جیسے کھوپڑی ٹھیک اصلی حالت میں ہو گئی ہے۔ جوڑ وغیرہ بالکل معلوم نہ ہوتا تھا۔ البتہ جہاں جہاں جوڑ پر دوائی لگا کر سینک کیا گیا تھا وہ جگہ بالکل سیاہ معلوم ہوتی تھی۔ جیسے چاروں طرف کوئلہ کا لیپ کیا گیا ہو۔ بعد ازاں کھوپڑی کے جوڑ پر چاروں طرف ایک بہت صاف پتلے کپڑے کی پٹی سے بینڈیج کیا گیا۔ اور اوپر سے اسی جنگلی بوٹی کا عرق لگا دیا۔ اور مریض کے گھر والوں کو ہدایت کی کہ مریض اسی مکان میں سات روز تک رہیگا۔ کھانے کے واسطے اگر وہ خود مانگے تو سوائے دودھ کے اور چیز نہیں دینا ہوگا۔ اس سے کسی طرح کی بات چیت یا نزدیک میں شور و غل نہیں کرنا ہوگا۔ یہ سب ہدایت کرنے کے بعد مہاتما جی جنگل کی طرف گئے اور ایک بوٹی لائے جس کے پتے پتے شیشم کے پتوں سے ملتے جلتے تھے اس کا دو تولہ عرق نکال کر اس میں برابر وزن ملیٹھی ڈال کر چھان لیا بعد ازاں ایک اور دوائی جو کہ سفوف کی حالت مہاتما جی کے پاس تھی۔ ملا کر مریض کو پلا دی۔ دوا پلانے سے دس منٹ بعد مریض کا جسم پوری طرح سے حرکت کرنے لگا۔ آدھ گھنٹہ کے بعد پھر دوسری خوراک دی اب مریض نے آنکھیں کھولیں۔ سامنے مہاتما جی کو دیکھ کر

आदि में रोग आरम्भ होते हैं··· गर्भाशय निज स्थान पर नहीं रहता,······" इत्यादि २।

डाक्टर जीरोम वाकर की सम्मति

डा० जीरोम वाकर जिन्हों ने शारीरिक अवयव पर पुस्तक लिखी हैं, लिखते हैं:–"कोई भी विचारवान् चिकित्सक यदि वह स्त्रियों को स्वस्थ और दृढ़ देखना चाहता है, तो इस बात से इन्कार नहीं करेगा, कि कारसेट और पेटियां, जिनके बेचने वाले लिख देते हैं, कि बहुत हलकी हैं, इन से दबाव नहीं हो सकता, बहुत कुछ हमारी स्त्रिया के रोगों का कारण हैं। ये पेटियां चाहे जितनी ढीली बांधी जावें, निम्न लिखित तीन बुरे प्रभाव उत्पन्न करती हैं:—

(१) अमाशय और यकृत के कार्य्य में सुस्ती होती है, क्यों कि पेटी इनको दबाए रखती है।

(२) अन्तड़ियों का दबाव नीचे को होता है, अर्थात् कुल्हे मूत्राशयादि पर पड़ता है, और इस से गर्भाशय के रोग आरम्भ होजाते हैं। (३) छाती और फुफ्फुस की क्रियाएँ कम होने से वायु भली प्रकार नहीं मिलती। फुफ्फुस का फैलाव श्वास के समय कम से कम १.३३ इञ्च होना चाहिए, परन्तु कारसेट पहिने हुए २३ इञ्च से अधिक नहीं होता। बहुतों का तो २ इञ्च फैलाव भी नहीं होता, जो कम से कम फैलाव है जितना जीवन के लिए इन्श्योरेन्स कम्पनियों ने आवश्यक समझा है"।

(यह एक विज्ञापक ने अपनी कारसेट की सुन्दरता दिखाई है। त्राहिमाम्)

कई लेडियों का दस्तूर है, कि नाच में जाने से पूर्व अपनी भुजाओं की मालिश करती हैं, वह इस प्रकार कि गुलाब का अर्क व गिलीसरीन मिला कर खाल पर मली जाती है, पश्चात् ठंडी मलाई थोप कर १५ मिनट पीछे साफ़ तौलिए से पोंछ कर पौडर छिड़क कर भली भांति मल दिया जाता है। इस विधि से त्वचा शीघ्र बहुत सुन्दर हो जाती है।

पञ्जाब में स्त्रियां छिट्टी (छाछ फोक) या मलाई मलती हैं। मलाई सचमुच एक अमूल्य पदार्थ है।

(फ़ोटो डबल्यू हावले। पूर्वीय अफ़्रीका के नान्दू जाति की कन्या भूषण देखने योग्य हैं)

ला० मदनगोपाल साहिब एम. ए. लिखते हैं, "यदि तुम चाहती हो कि तुम्हारी बांह वास्तव में सुन्दर हों, तो आवश्यक है, कि व्यायाम करो"।

निःसन्देह व्यायाम न केवल बांहों को वरन् शरीर को, न केवल व्यायाम कर्त्ता को, वरन् सन्तान को भी सुन्दर व दृढ़ बनाता है। भुजाओं का व्यायाम करने के लिये डम्बल उत्तम हैं। हमारे देश में चरखा कातने, बेलन बेलने, बर्तन मांजने, आटा गूंधने, झाड़ू देने, बिछौने बिछाने और घर के काम काज करने के जैसे रिवाज

کام کرتا ہے پرماتما اسکی امداد کرتے ہیں۔ آپ کبھی بھی ناکامیاب نہ ہوں گے۔ اب سب سے پہلے مرض "جریان" کے متعلق تحریر کیا جاتا ہے۔

جریان یعنی پرمیہہ

جریان اور سوزاک یہ دونوں بیماریاں پیشاب کی نالی یعنی آلۂ تناسل سے تعلق رکھتی ہیں۔ لیکن سوزاک کی طرح جریان کا صرف آلۂ تناسل سے ہی نہیں بلکہ جسم کے دیگر حصہ سے بھی تعلق ہے۔ سوزاک میں تو صرف پیشاب کی نالی میں زخم ہو کر پیپ پڑ جاتی ہے۔ اور بوقت پیشاب سخت درد اور تکلیف ہو جاتی ہے۔ لیکن جریان میں پیشاب یا پاخانہ کے ساتھ یا بعد میں ویریہ نکل جاتا ہے اور بغیر جماع کے ہی اکثر ویریہ خارج ہوتا رہتا ہے۔ اور بعض حالتوں میں ویریہ کے ہمراہ خون بھی آنے لگتا ہے۔ اس مرض سے مریض ہر وقت سست۔ بے چین۔ بزدل اور مغموم رہتا ہے۔ سر میں چکر اور درد، کانوں میں شائیں شائیں کی آواز۔ آنکھوں کی روشنی میں فرق۔ دل کا دھڑکنا۔ جسم میں کمزوری۔ مزاج چڑچڑا۔ قبض۔ بدہضمی۔ دردِ کمر۔ ہول دل۔ بخار۔ مرگی۔ فالج۔ جنون۔ ضعفِ باہ اور نامردی ان بیماریوں میں پھنس کر مریض آہستہ آہستہ اپنی زندگی کا خاتمہ کر دیتا ہے۔ یہ مرض گھن کے کیڑے کی طرح اندر سے جسم کو بالکل کھوکھلا کر دیتا ہے۔ آجکل فیصدی نناوین آدمیوں کو جریان کی بیماری کسی نہ کسی حالت میں ضرور پائی جاتی ہے۔ اگر شروع شروع میں باقاعدہ علاج کا خیال نہ کیا جاوے تو پھر آرام ہونا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔

جریان ہونیکے کیا اسباب ہیں؟

۱۔ بالکل محنت نہ کرنے سے۔ ۲۔ رات دن بیٹھے بیٹھے گذارنے سے۔

(۳) ہر وقت پلنگ یا تکیہ گدوں کے سہارے پڑے رہنے سے۔ (۴) رات دن سونے سے (۵) دہی دودھ زیادہ کھانے سے (۶) برسات میں نیا پانی پینے سے۔ (۷) گڑ کے زیادہ استعمال سے۔ (۸) مرچ، تیل، کھٹائی کے زیادہ استعمال سے (۹) نئے چاول اور نئے نئے اناجوں کے کھانے (۱۰) بھیڑ بکری وغیرہ کے خراب گوشت کھانے سے۔ علاوہ ازیں جس قدر کف کو زیادہ کرنے والی چیزیں ہیں وہ اس بیماری کی جڑ ہیں۔

سشرت میں لکھا ہے۔ جو انسان گرمی کے موسم کو چھوڑ کر اور موسموں میں سوتا ہے یا زیادہ سوتا ہے کسی طرح کی کثرت یا محنت نہیں کرتا۔ سستی میں دن گذارتا ہے۔ بہت ہی ٹھنڈے، چکنے، نمکین، تیز اور میٹھی چیزیں کثرت سے استعمال کرتا ہے سمجھ لو کہ اس کو جریان ضرور ہوگا۔ جن کو جریان ہونے والا ہوتا ہے اُن کے دانت گلا۔ زبان اور تالو میں میل جم جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں جلن ہوتی ہے۔ جسم میں چکناپن اور منہ میں میٹھاپن ہوتا ہے۔ اس بیماری کی معمولی پہچان یہ ہے۔ کہ پیشاب زیادہ اور گدلا ہوتا ہے۔

جریان کی اصلی تین قسم ہیں

اوّل۔ کف سے، دوئم۔ بات سے، سوئم۔ پت سے۔ اب ان تینوں قسم کو ۲۰ بیس قسم پر تقسیم کیا گیا ہے۔ تاکہ اچھی طرح سے شناخت ہو سکے۔ کف سے ہونے والی جریان کی دس قسم ہیں۔ بات کی چار قسم اور پت کی چھ قسم ہیں۔ ان قسم کی علیحدہ علیحدہ شناخت بذریعہ پیشاب کی جاتی ہے اور اُسی مطابق علاج کرنے سے جلد فائدہ ہوتا ہے۔

کف سے ہونے والے دس قسم کے پرمیہہ یعنی جریان بموجب آیوروید ک۔

उदक इक्षु सान्द्र सुरा पिष्ट : शुक्र सिफता शीत

اوک۔ اکشو۔ سیاندر۔ سرا۔ پشٹ۔ شگر۔ سکتا۔ شت۔ رشنے۔ لالہ۔

کف والے پرمیہہ کی شناخت بذریعہ پیشاب حسب ذیل ہے

نمبر	شناخت
۱	پیشاب زیادہ سفید، صاف، ٹھنڈا۔ بغیر بدبو۔ پانی کی طرح کسی قدر گدلا اور چکنا ہوتا ہے۔
۲	پیشاب گنے کے رس کی طرح سے میٹھا ہوتا ہے۔ اور پیشاب پر چیونٹیاں جمع ہو جاتی ہیں۔
۳	رات کے وقت پیشاب کو کسی برتن میں رکھ دینے سے صبح تک گاڑھا ہو جاتا ہے اور تہ میں کسی قدر جم جاتا ہے۔
۴	پیشاب اوپر سے شراب کی طرح سے صاف اور نیچے کسی قدر گاڑھا ہوتا ہے۔
۵	پسے ہوئے چاولوں کے پانی کی طرح سے سفید اور مقدار میں زیادہ ہوتا ہے۔ اور کرتے وقت بدن میں سنسناہٹ اور رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔
۶	پیشاب دیرج کی طرح سے ہوتا ہے۔ یعنی دیرج کی کچھ مقدار ملی ہوئی رہتی ہے۔
۷	پیشاب میں ریتہ یعنی بالو کی طرح کے چھوٹے چھوٹے ذرے گرتے ہیں اور کچھ دیر رکھنے سے وہ ذرے تہ میں بیٹھ جاتے ہیں۔
۸	پیشاب بہت زیادہ ٹھنڈا اور میٹھا ہوتا ہے۔
۹	پیشاب مقدار میں تھوڑا ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ باہر آتا ہے۔
۱۰	پیشاب لار کی طرح سے لبلبا، چکنا، اور تانت دار ہوتا ہے۔

بات سے ہونے والے چار قسم کے پرمیہہ۔ نام اور شناخت

वसा मज्जा क्षौद्र हस्ति

(۱) بسا (۲) مجہ (۳) کشودر (۴) ہستی

نمبر	شناخت
۱	پیشاب رنگ میں زعفرانی، سیاہی مائل۔ چربی کی طرح سے گاڑھا۔ چکنا اور وزنی ہوتا ہے۔
۲	پیشاب رنگ میں سرخ، سیاہی مائل۔ گاڑھا۔ چکنا۔ وزنی۔ بدبودار اور گدلا ہوتا ہے۔
۳	پیشاب شہد کے رنگ کا میٹھا۔ روکھا۔ کسیلا ہوتا ہے۔ رنگ سبز سیاہی مائل۔ مکھیاں اور چیونٹیاں جمع ہو جاتی ہیں۔
۴	پیشاب کا رنگ سفید ہاتھی کے پیشاب کی طرح مقدار میں بہت زیادہ اور ٹھہر ٹھہر کر پیشاب ہوتا ہے اور تار سے نکلتے ہیں۔

پت سے ہونے والے چھ قسم کے پرمیہہ، نام اور شناخت

क्षार निल काल हरिद्र मानजिष्ठ रक्त लांकरपोटास

کشار۔ نل۔ کال۔ ہریدر۔ مانجشٹ۔ رکت۔ لائیکر پوٹاس

نمبر	شناخت
۱	پیشاب کھاری پانی کی طرح سے ہوتا ہے۔ ترپھلہ کا کاڑھا فائدہ مند ہے۔
۲	پیشاب نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ پیپل کے درخت کی چھال کا کاڑھا فائدہ مند ہے
۳	پیشاب کالی سیاہی کی طرح سے کالا ہوتا ہے۔ نیم کی چھال۔ آنولہ۔ گلوہ کے کاڑھے فائدہ مند ہیں۔

वीर्य्य जन्तुओं का चित्र।

मनुष्य के वीर्य्य जन्तु

के वीर्य्य जन्तु

के वीर्य्य जन्तु

निकले हुए वीर्य्य में जन्तुओं का दृश्य

के वीर्य्य जन्तु

جرثوم منی

के द्वारा जो कि उन के चारों ओर होती है, मिली होती है। यह रुधिर से वीर्य अंश खेंच कर वीर्य बनाती है। अंडकोश की थोड़ी सी रतूबत को साथ लेकर वह छोटी २ नालियों के द्वारा स्थान (घ) पर पहुंचती है, और वहां से स्थान (ग) पर एकत्रित होती है। यहां से पेच दर पेच रस्ता ते करती हुई जो २ या ३ उंगल के लगभग है, परन्तु पेच दर पेच होने से २० फिट के लगभग रस्ता तै करना पड़ता है यह वीर्य नाली (क) जो कि वीर्य कोश में जाती है और अंग्रेजी में उस को वास डिफरेन्स कहते हैं, चली जाती है।

चित्र नं० ३ इसी रस्ते को दिखाता है। काम तथा रतिशास्त्र भाग २ में स्त्री व पुरुषों के अङ्गों का वर्णन करूंगा। इस स्थान पर केवल इतना समझना है, कि वीर्य रुधिर से अंडकोश की वारीक नलकियों में वनता है, और वहां से वीर्यकोश में जाता है। मैथुन के समय वहां से निकलकर नाली के द्वारा वाहर आता है।

चित्र में (क) मूत्राशय है, (ख) वीर्याशय है, (ग) मेद भूमि (Prostate Gland) (घ) लिंगेन्द्रिय, (ङ) मूत्रानल (च) अंडकोश की भीतरी शकल (छ) नाली जिसके द्वारा वीर्य अपने आशय में जाता है।

(क) (ख) (ग) (ग) (घ) (घ) (च) (ङ)

मत भेद — वीर्य की उत्पत्ति के सम्बन्ध में वैद्यक, युनानी व डाक्टरी के वर्णन में बहुत भेद है। यहां तक

	پٹھانی لودھ، سوگند بالہ، سفید چندن، اور دھاوا کے پھول کا کاڑھا نافع ہے۔
۵	پیشاب میں بدبو اور رنگ مجیٹھ کی طرح سے ہوتا ہے۔ نیم کی چھال اور درخت ارجن کی چھال کا کاڑھا مفید ہے۔
۶	پیشاب بدبودار۔ گرم۔ کھاری۔ اور خون کی طرح سے ہوتا ہے۔ نیلے اور لال کنول کے پھول۔ پرینگو پھول۔ ڈھاک پھول۔ چاروں کا کاڑھا شہد ملا کر مفید ہوتا ہے۔

کف کے دس قسم کے پرمیہہ جلد آرام ہو جاتے ہیں پت کے چھ کچھ دیر میں آرام ہوتے ہیں اور بات کے چار کا آرام ہونا سخت مشکل اور دیر تک علاج کرنے کا کام ہے۔ پیشاب میں اگر چینی آتی ہو تو اس کی شناخت حسب ذیل طریقہ سے کریں۔

ایک کانچ کی نلکی یا گلاس میں پیشاب سے نصف لائی کر پوٹاس ڈال دو۔ اور اس کو خوب ملا کر سپرٹ لیمپ یا چراغ پر گرم کرو۔ اگر پیشاب میں چینی ہوگی تو رنگ سفید پورٹ وائن (شراب) جیسا ہو جاویگا۔ اگر پیشاب میں پندرہ بیس گرین تک چینی جاتی ہو تو آرام ہونا سخت مشکل خیال کرو۔ پرمیہہ کا جلد علاج نہ کرنے سے "مدھومیہہ" "ذیابیطس" وغیرہ خوفناک بیماریوں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور پھر آخری نتیجہ سوائے موت کے اور کچھ نہیں ہے۔

علاج کے بارے میں چند یاد رکھنے قابل ہدایتیں

۱۔ سب سے پہلے مریض کی حالت اور پیشاب کی جانچ کریں۔ اور یہ معلوم کریں کہ کس قسم کا پرمیہہ ہے۔ جس قسم کا ہو اسی مطابق دوائی تجویز کر کے علاج کریں۔ جو کہ اس کی پوری شناخت کرنا بڑی ہوشیاری اور تجربہ کاری کا کام ہے اس لئے اگر

آپ پوری طرح سے شناخت نہ کر سکیں تو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ ہم اپنے ناظرین کے لئے ایسے نسخہ جات تحریر کرینگے جو بیسوں قسم کے پرمیہوں پر رام بان ہیں۔

۲۔ جس طرح پیٹ کے امراض میں دست کرا کر صفائی کرانا ضروری ہے اسی طرح سوزاک، پرمیہہ کے امراض میں آلہ تناسل کی صفائی یعنی (اندری جلاب) ضروری ہے۔ اس کام کے لئے سیتل چینی اور کباب چینی عمدہ چیزیں ہیں۔ ان کا چورن دو تین ماشہ کی خوراک اوپر سے ایک گلاس پانی۔ اسی طرح دن میں چار، چھ بار تک دے سکتے ہیں اس سے بہت پیشاب ہو کر آلہ تناسل کی صفائی ہو جاتی ہے۔ بعد ازاں دوائی استعمال کرایا جائے۔

۳۔ ادویات استعمال کرنے سے پیشتر پیٹ کی صفائی بھی ضروری ہے۔ دستوں کی دوائی کھانے سے پہلے اگر کوئی منجن وغیرہ استعمال کر کے پیٹ کے مل کو پکا دیا جاوے اور پھر دستوں کی دوائی سے پیٹ صاف کر لیں تو اچھی طرح سے صفائی ہو جاتی ہے۔

۴۔ کھٹائی، شراب، دہی، مچھلی۔ گوشت۔ سرکہ۔ مولی۔ کھٹائی، لال مرچ۔ گڑ۔ تیل وغیرہ کف پیدا کرنے والی یا زیادہ گرم چیزیں اور جماع سے پرہیز لازمی ہے۔

۵۔ جسم کی چربی کو کم کرنے کے واسطے کثرت کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ چربی کی زیادتی سے یہ مرض بڑھتا ہے۔

اب ہم اس بیماری پر آزمودہ نسخہ جات تحریر کرتے ہیں۔ جو کہ بیسیوں قسم کی جریان پر رام بان ثابت ہو چکے ہیں۔ آپ لوگ جس جس نسخہ کو آزماویں ہم کو تحریر کرتے جاویں۔ تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اور بھی ظاہر طور سے آزمائش کے بارے میں تحریر کر دیا جاوے۔

(۱) جڑی بوٹی نسخہ جات۔ ترپھلہ (ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ) کو کوٹ چھان کر کسی شیشی میں رکھ لیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ برابر وزن شہد ملا کر صبح شام دونوں وقت چاٹنا چاہئے۔ لیکن چھ ماہ تک استعمال کرنا ضروری ہے۔ یہ ایک قسم کی رسائن

ہے۔ ہر قسم کی جریان کے علاوہ اور بھی سینکڑوں طرح کے امراض اس سے بھاگ جاتے ہیں۔ آیوروید میں اس کے فوائد امرت کے برابر تحریر کئے ہیں۔ ترپھلہ کو معمولی چیز نہ خیال کریں۔

۲۔ ہلدی دو ماشہ، آنولہ ایک تولہ، شہد ایک تولہ۔ ہلدی اور آنولہ کا چورن شہد میں ملا کر صبح شام چاٹنے سے ہر طرح کا پرمیہہ آرام ہوتا ہے۔

۳۔ کچے آنولوں کا رس تین تولہ۔ ہلدی ایک ماشہ، شہد ۶ ماشہ۔ صبح شام دونوں وقت دو ماہ تک استعمال کرنے سے ہر طرح کے پرمیہہ شرطیہ آرام ہوتے ہیں۔

۴۔ دو ماشہ شدھ شلاجیت ایک تولہ شہد میں ملا کر چاٹے اور اوپر سے گائے کا دودھ شیر گرم ایک ماہ تک استعمال کرنے سے ہر طرح کا پرمیہہ دور ہو جاتا ہے۔

۵۔ ترپھلہ کا چورن ایک تولہ۔ شدھ شلاجیت دو ماشہ۔ شہد ایک تولہ۔ جوان آدمی کی خوراک ہے۔ اپنی طاقت اور عمر کے لحاظ سے کم و بیش کر سکتے ہیں۔ ان چیزوں کا استعمال کرنے سے ہر طرح کے پرمیہہ کو بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔

اس بیماری میں شلاجیت اور شہد امرت کے برابر ہیں۔ بشرطیکہ اصلی ہوں۔ ہم اپنے ناظرین کے لئے ان کی پہچان تحریر کرتے ہیں۔ تاکہ نقلی کے دھوکے سے بچیں۔ کیونکہ آجکل شلاجیت اور شہد کا جال اشتہار بازوں نے خوب پھیلا رکھا ہے۔

شلاجیت کی پہچان۔ ۱۔ تھوڑی سی لیکر آگ پر ڈال دو۔ اگر دھواں نہ نکلے تو عمدہ خیال کرو۔ (۲) تھوڑی سی آگ کے دہکتے ہوئے کوئلے پر رکھو اگر شدھ ہوگی تو آلہ تناسل کی طرح کھڑی ہو جاویگی۔ (۳) تھوڑی سی ایک تنکے میں لگا کر پانی سے بھرے ہوئے کٹورہ میں ڈالو۔ اگر اس کے تار سے ہو کر پانی کی تہ میں بیٹھ جاوے تو عمدہ خیال کرو۔ (۴) شلاجیت کو سونگھ کر دیکھو اگر اس میں گائے کے پیشاب کی طرح بو ہو۔ رنگ میں کالی اور چکنے گوند کی طرح سے ہو [illegible]

مٹی سے پاک ہو تو اچھی خیال کرو۔ خریدتے وقت چاروں طرح سے جانچ کر لینا چاہیے اگر جانچ میں ٹھیک نکلے تو خرید و ورنہ نہیں۔

اصلی شہد کی پہچان۔ (۱) کپڑے کی بتی پر شہد لگا کر دیا سلائی لگا دینے سے جلنے لگیگا۔ (۲) کاغذ پر ٹپکنے سے نہیں لگیگا۔ (۳) اصلی شہد کو کتا ہرگز نہ کھا دیگا۔ تینوں طرح سے شہد کی پہچان کرنا چاہیے۔

شلاجیت کو شدھ کرنے کی ترکیب۔ گائے کے دودھ، ترپھلے کے کاڑھے اور بھانگرے کے رس میں پٹ دینے سے شدھ ہو جاتی ہے۔ پھر ہر طرح سے استعمال کر سکتے ہیں۔

۶۔ شدھ شلاجیت ایک ماشہ، پیپل دو ماشہ۔ ان میں کشتہ ابرک ایک رتی اور شہد چھ ماشہ۔ ملا کر استعمال کرنے سے ہر طرح کا پرمیہہ آرام ہوتا ہے۔

۷۔ شدھ شلاجیت۔ کشتہ رانگا۔ چھوٹی الائچی کے بیج۔ بنسلوچن۔ چاروں چیزیں برابر وزن شہد کے ہمراہ کھرل کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں۔ صبح شام طاقت کے مطابق ایک یا دو گولی کھا کر گائے کا دودھ پینے سے ہر طرح کا پرمیہہ۔ زیادہ پیشاب اور ناطاقتی کو صد درجہ مفید ہے۔

۸۔ ببول کی نرم نرم کونپل ایک تولہ سل پر پیس کر اور برابر وزن مصری ملا کر کھا لو اور اوپر سے تھوڑا سا پانی پی لو۔ ایک ماہ میں سب طرح کا پرمیہہ آرام ہو جاتا ہے۔ بہت اچھا نسخہ ہے۔

۹۔ ببول کی پھلیاں جن میں بیج نہ پڑا ہو لا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ کوٹ چھان کر برابر وزن مصری ملا کر رکھو۔ خوراک ایک تولہ، اوپر سے گائے کا دودھ استعمال کرو۔ اول درجہ کا نسخہ ہے۔

۱۰۔ صاف پتھر پر تھوڑا سا پانی ڈال کر "زیلی" کو چندن کی طرح سے گھس لو۔ دو ماشہ

گھسے ہوئے رس میں چھ رتی کالی مرچ ملا کر چاٹنے سے سب طرح کا پرمیہہ آرام ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ آدھ پاؤ گندم صاف کر کے رات کو پانی میں بھگو دو اور صبح ہی سل پر پیس مصری ملا کر کپڑے میں چھان کر پینے سے بہت فائدہ دکھاتا ہے۔ کم سے کم دو ہفتہ استعمال کرنے سے پرمیہہ سب قسم کا آرام ہو جاتا ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔ اگر دودھ میں چھان لیں تو بہت ہی عمدہ ہے۔

۱۲۔ ملیٹھی۔ گلوہ۔ آنولہ۔ بہیڑا۔ سفید اور سیاہ موسلی۔ بداری کند۔ ناگ کیسر۔ ستاور۔ ہرڑ۔ ان اچیزوں کو دو دو تولہ کوٹ چھان کر رکھ لو۔ پھر چھ ماشہ یون چھ ماشہ گھی اور سو ماشہ شہد کے ہمراہ چاٹ کر اوپر سے شیر گرم دودھ صبح شام استعمال کرنے سے ہر طرح کا پرمیہہ آرام ہو کر میں بہت ویریج بڑھتا ہے۔

۱۳۔ کونچ کے بیج۔ بیج بند۔ گوکھرو۔ ستاور۔ تال مکھانہ۔ کنگھی کی جڑ۔ یہ چھ چیزیں برابر وزن کوٹ چھان کر رکھو۔ خوراک چھ ماشہ صبح شام گائے کے دودھ سے استعمال کرنے سے پرمیہہ اور ویریج کے متعلق کل امراض دور ہو جاتے ہیں۔

۱۴۔ ببول کی بغیر بیج والی پھلی ایک تولہ۔ تال مکھانہ چھ ماشہ۔ بیج بند تین ماشہ اور مصری ساڑھے تین تولہ، ان سب کو کوٹ چھان کر رکھو۔ صبح ہی چھ ماشہ کھا کر اوپر سے گائے کا ایک پاؤ دودھ پینے سے ہر طرح کا پرمیہہ آرام ہو جاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

۱۵۔ بیج سرس۔ بیج ڈھاک۔ مصری۔ تینوں برابر وزن کوٹ چھان کر رکھو۔ خوراک نو ماشہ سے ایک تولہ تک گائے کے دودھ سے۔ بہت اچھا آزمودہ غریبی نسخہ ہے۔

۱۶۔ دو رتی کشتہ ابرک۔ ایک ماشہ پیپل۔ چھ ماشہ شہد۔ ان کو ملا کر چاٹے اور اوپر سے دودھ استعمال کرنے سے ہر طرح کا پرمیہہ شرطیہ آرام ہوتا ہے۔

۱۷۔ ستاور۔ سنگ جراحت۔ برابر وزن اور دو چند مصری ملا کر خوراک صبح شام ایک تولہ گائے کے دودھ سے استعمال کریں۔ آزمودہ اور

نسخہ ہے۔ غذا میں چنی روٹی اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

۱۸۔ دو رتی کشتہ رانگ۔ چھوٹی الائچی کے بیجوں کا چورن چار رتی۔ ان دونوں کو تولہ بھر شہد میں ملا کر چاٹنے اور اوپر سے ہلدی کا چورن ملا کر آنولہ کا کاڑھا پینے سے بہت پورانا پرمیہہ بھی آرام ہو جاتا ہے۔

نوٹ۔ تین تولہ آنولہ کا کاڑھا بنا کر اس میں دو ماشہ ہلدی ملا کر پی لینا چاہیے۔

۱۹۔ درخت بڑ کی کونپل سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر چورن بنا لو۔ اور برابر وزن مصری میں ملا کر حفاظت سے شیشی میں رکھ لو۔ خوراک ۹-۹ ماشہ صبح شام گائے کے دودھ سے پرمیہہ کو نیست و نابود کرنے میں عجیب غریبی نسخہ ہے۔

۲۰۔ آنولہ۔ آنبہ ہلدی۔ مصری۔ برابر وزن کوٹ چھان کر رکھو۔ خوراک چھ ماشہ گائے کے دودھ سے صبح شام ایک ماہ میں سب طرح کا پرمیہہ آرام ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ چوہے کی مینگنیاں۔ برابر وزن مصری ملا کر کوٹ چھان کر رکھو۔ خوراک دو ماشہ دودھ سے استعمال کرنے سے ایک ماہ میں مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

۲۲۔ ترپھلہ، ترکوٹہ، برابر وزن کوٹ چھان کر، خوراک ۶ ماشہ برابر وزن شہد ملا کر چاٹنے سے ہر طرح کا پرمیہہ آرام ہو جاتا ہے۔

۲۳۔ دو ماشہ شدھ شلاجیت۔ دودھ میں گھول کر پینے سے سب طرح کا پرمیہہ آرام ہوتا ہے۔

۲۴۔ درخت نیم کی اندرونی سفید چھال ۵ تولہ کچل کر رات کو گرم پانی میں بھگو دو۔ صبح کو تھوڑی مصری ملا کر چھان کر پی لو۔ اس کے کچھ روز استعمال سے گرمی اور پرمیہہ دونوں کو آرام ہو جاتا ہے۔

۲۵۔ سونف دس تولہ، کشتہ خرمہرہ زرد (پیلی کوڑی) ایک ماشہ۔ برابر وزن کھانڈ ملا کر سب کی اکیس پوڑیہ بنا لو۔ ہر روز ایک پوڑیہ

استعمال کریں۔ اور بینی روغنی گھی سے کھلا دیں۔ بہت فائدہ مند ہے۔

نسخہ جات امیری

۲۶۔ مقوی باہ اور دافع پرمیہہ ہر قسم۔ ہر عمر اور ہر موسم میں استعمال کر سکتے ہیں۔ ایک کچے ناریل میں سوراخ کر کے چنے جس قدر آ سکیں بھر دیں۔ ناریل سے پانی نہ نکالیں۔ چار دن رات اُسی میں رہنے دیں۔ چنوں میں ناریل کا پانی جذب ہو جاویگا۔ پھر سایہ میں خشک کر کے آٹا بنالیں۔ برابر وزن آٹا گندم ملا کر گھی گائے میں حلوہ کی طرح سے بھون لیں۔ بھُن جانے پر دودھ اور کھانڈ سفید آدھا آدھا سیر ملا دیں۔ بعد ازاں ادویات ذیل کا سفوف ملا کر حلوہ بنا دیں۔ ثعلب مصری ۹ ماشہ، شقاقل مصری ۶ ماشہ۔ تودری زرد، تودری سرخ۔ صمغ عربی۔ چھ چھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ، کستوری ایک ماشہ۔ تال مکھانہ ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ پستہ مغز تخم کدو شیریں۔ تین تین تولہ۔ تخم خشخاس سفید ایک تولہ۔ کشمش سبز آدھ پاؤ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ تخم پیٹھا ایک تولہ۔ (اگر مذہب اجازت دے تو پچیس انڈوں کی زردی ورنہ ضرورت نہیں) خوراک ہمراہ دودھ حسب برداشت ایک تولہ تک۔ بہت فائدہ مند ہے۔

۲۷۔ دارچینی۔ بیج الائچی۔ تیزپات۔ ایک ایک ماشہ۔ کشتہ چاندی نصف رتی دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے سب قسم کے پرمیہہ آرام ہوتے ہیں۔

۲۸۔ ببول۔ کتھل۔ مہوہ۔ تینوں کی چھال چھ چھ ماشہ پانی سے پیس لو۔ اس میں نصف سے ایک رتی تک کشتہ چاندی ملا کر استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

۲۹۔ بیج الائچی چھوٹی۔ کافور بھیم سینی۔ مصری ۲ تولہ۔ جائفل۔ گوکھرو۔ سیمل کی چھال۔ شدہ پارہ۔ شدہ گندھک۔ کشتہ رانگا۔ کشتہ فولاد۔ گیارہ چیزیں برابر

تین تین ماشہ۔

بنانے کی ترکیب۔ پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل میں ڈال کر خوب کجلی کرو۔ پھر اس میں کشتہ رانگا، کشتہ فولاد ملا کر خوب کھرل کرو۔ ان چاروں چیزوں کے علاوہ باقی ادویات کپڑچھان کر لو۔ پھر اس ادویات کے سفوف کو کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کرو۔ جب اچھی طرح سے ایک جان ہو جاویں تو شیشی میں رکھ لو۔ یہ پرمیہہ کٹھار رس آیورویدک کا ہے۔ اس میں سے ایک یا ڈیڑھ ماشہ حسب برداشت چھ ماشہ یا تولہ بھر شہد میں ملا کر چاٹنے سے بیسیوں طرح کے پرمیہہ بہت جلد آرام ہو جاتے ہیں۔ دسوں بار کا آزمودہ ہے۔

۳۰۔ شقاقل مصری ۸ تولہ، بہمن سفید و بہمن سرخ، ثعلب مصری۔ دو دو تولہ۔ سیاہ و سفید موصلی۔ چھوہارہ چار چار تولہ، چھوٹی الائچی کے بیج۔ گوکھرو۔ گاؤزبان۔ بیس بیس ماشہ۔ ان سب چیزوں کو کوٹ پیس کر چھان لو۔ خوراک صبح ہی ایک تولہ گائے یا بکری کے تازہ دودھ سے ہے۔ جن کا دیر ج پتلا ہے اس کو ضرور استعمال کر کے عجائبات دیکھیں۔ اس کا نام "رتی بلبہ" چورن ہے۔ ایک ماہ کے استعمال سے دیرج کے متعلق ہر قسم کی بیماری رفع ہو جاویگی۔

آیوروید شاستر کی مشہور و معروف دوائی (البنت کسماکر رس)

۳۱۔ کشتہ سونا۔ کشتہ ابرک۔ ایک سو آنچ والا۔ کشتہ فولاد، کشتہ رانگا۔ کشتہ مونگا۔ کشتہ موتی۔ یہ چھ قسم کے کشتہ جات درجہ اول ایک اچھے کھرل میں ڈال کر خوب گھوٹو۔ بعد ازاں نیچے لکھی چیزوں کی ایک ایک بار پٹ دے کر سایہ میں خشک کر کے شیشی میں رکھو۔

گوئے کا دودھ، اڑوسے کا رس، تازہ ہلدی کا رس، کیلے کی جڑ کا رس، گلو

सीधे दूर तक देखो।

ऊपर व नीचे ले जाओ। चित्र फोटो नं० २९ कभी बायें कभी दाहिने ले जाओ

चित्र फोटो नं० २६ चित्रकार विचार सौन्दर्यता

The REAL SECRET of WALTZING

चित्र फोटो नं० १७ व'लट्ज़ की सबसे प्रसिद्ध नृत्य है, इसका वाद्य दा
जाती है, इसे और अगले ३ चित्रों में देखें, वर्णन अंग्रेजी में दिया गया है

بعدازاں کڑاہی میں پگھلا کر پوست خشخاش کی چٹکی ڈالتے جاویں۔ اور لوہے کی تیغ سے چلاتے جاویں
دس تولہ پوست خشخاش ڈالیں۔ جب یہ راکھ ہو جاوے تو ڈبی سے الگ کر دو گھوٹ کر
خشک کریں۔ پھر کوزہ میں بند اور گل حکمت کر کے کسی محفوظ جگہ میں گجپٹ کی آنچ دیں۔
ب سفید نکلیگا۔ اسی طرح تین بار آنچ دیں۔ زردی مائل ہو جاویگا۔ یہ اکیلا ہی
میں کہانے سے پرمیہہ کو دور کر دیتا ہے۔ خوراک ایک رتی ہے۔

۴۲۔ شنگرف رومی شدہ کیا ہوا۔ مرچ سیاہ، پیپل۔ لونگ۔ لوبان کوڑیہ، سہاگہ بریاں، زعفران ہر
ایک چھ چھ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ، عرق کیوڑہ درجہ اول میں ۶ گھنٹہ تک کھرل کریں اور چنے
برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح اور اگر بیماری سخت ہے تو ایک شام کو بھی ہمراہ دودھ
گائے دودھ استعمال کریں۔ سات دن کے اندر ہی آرام ہو جاتا ہے۔ پرہیز سے استعمال کریں۔

۴۳۔ شدہ پارہ، شدہ گندھک آٹھ آٹھ تولہ سیار۔ کشتہ ابرک ایک ایک تولہ۔ کشتہ سنگ جراحت
زہر مہرہ ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ سب کو ملا کر انولے کا
برابر کھرل کریں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح دودھ گائے سے۔

۴۴۔ شدہ شلاجیت دو تولہ، ورق چاندی بیس عدد، ورق سونا دس عدد، موتی چار ماشہ
قسم اول ۲ تولہ۔ بیج چھوٹی الائچی چھ ماشہ۔ بنسلوچن ۶ ماشہ۔ اول موتی کو عرق بید مشک
کریں۔ پھر بنسلوچن اور الائچی کو کھرل کریں۔ پھر شلاجیت وغیرہ دیگر ادویات کو ڈال کر خوب
اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ایک
صبح شام ہمراہ گائے دودھ یا بکری، دسوں جگہ آزمودہ ہے۔ بیحد طاقت

۴۵۔ درخت برگد کے تازہ اور نرم پتے بہت سے لیکر ایک مٹکہ میں خوب پانی بھر کر
دیں۔ بعد کو یہ پانی ایک بڑے کڑاہے میں ڈال کر نرم آنچ دیویں۔ جب نصف پانی رہ جاوے
اتار کر ذرا ٹھنڈا ہونے پر پتوں کو خوب ملیں تاکہ رس نکل آئے۔ پھر اس کو چھان کر نرم آنچ
جب شہد کی طرح سے گاڑھا ہو جاوے تو اتار کر مندرجہ ذیل ادویات شامل کریں۔

ہو تو نیچے تحریر وزن میں ادویات شامل کریں۔ اور اگر زیادہ کم ہو تو اسی لحاظ سے ادویات کم و بیش کر لیویں۔
کشتہ قلعی درجہ اول ایک تولہ، گری بیج املی دو تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ چھلی ببول بغیر دانہ ایک تولہ ۳ ماشہ
ان سب کو کوٹ چھان کر ملا لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح
شام۔ اگر مزاج گرم ہے تو ست اسپغول دو ماشہ میں داخل کر کے شربت نیلوفر سے کہا دیں۔ اگر سرد ہے
تو لونگ، زعفران، جائفل، جاوتری، بیج۔ دارچینی برابر وزن باریک پیس لیں اور آدھی رتی کے
ساتھ ایک گولی مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھا دیں اگر خشکی کریں تو مقدار سفوف چوتھائی رتی کر دیں
ان گولیوں سے علاوہ جریان کے احتلام، سرعت وغیرہ دور ہو کر امساک بہت بڑھتا ہے۔ آزما کر
فائدہ اٹھالو۔

۴۶۔ گری ناریل (ناریل) ایک بڑا سا لیکر روپیہ کے برابر سوراخ کر لو۔ پھر اس میں پانچ تولہ تالمکھانہ
بھر دو۔ بعد ازاں دودھ بڑ ملا کر پورا بھر دو۔ اور کاٹا ہوا ٹکڑا اوپر سے لگا کر سوراخ کو ٹھیک سے بند
کر دو اور اوپر سے گولے پر آدھ سیر آٹا لگا کر چاروں طرف ٹھیک سے بند کر دو پھر کڑاہی میں گھی
ڈال کر اچھی طرح سے پکاؤ جسطرح سوالیاں تلی جاتی ہیں۔ جس وقت اوپر کا آٹا بھن کر خوب
سرخ ہو جاوے تب نکال کر اوپر کا آٹا سرد ہونے سے علیحدہ کر دو۔ بعد ازاں ان کو کھرد۔ موصلی سیاہ
سفید، ستاور۔ بیج اوٹنگن، رومی مصطگی، ثعلب مصری، ستاقل مصری۔ دو دو تولہ۔ زعفران
۹ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ ان سب ادویات علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ناریل کو بھی کوٹ کر سب
کو ملا دو۔ اور پھر سب کے برابر مصری ملا کر رکھو۔

خوراک حسب برداشت ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہے۔ دودھ سے استعمال کرو۔
چالیس روز بپرہیز استعمال کر لینے سے پھر کسی دوائی کی ضرورت نہ رہیگی۔ دس سو
بار کا آزمودہ ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھاؤ۔

۴۷۔ مرجان قسم اعلیٰ دو تولہ۔ ستاور بیس تولہ۔ پہلے ستاور کو شیر گاؤ تازہ میں پیس کر
لئدہ بنا کر اس کے درمیان مرجان رکھ کر گل حکمت

دس سیر پاچک دستی کی آنچ دیویں۔ بزنگی سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ اس کشتہ کو کھرل میں ڈال کر ہمراہ عرق جز کیلہ۔ بیس تولہ کھرل کر کے برابر مونگ گولیاں بنا کر رکھیں۔ خوراک صبح شام ایک ایک گولی۔ دو تولہ عرق کیلہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ پورانے سے پورانے جریان کے لئے آرام بان ہے۔

۴۸۔ خولنجان۔ نستادرہ۔ موصلی سیاہ سفید۔ ستت گلوہ۔ اسگندھ۔ گوند ڈھاک۔ سیمندر سوکھ۔ گوند سوہنجنہ۔ موچرس۔ ہیلگی زردی۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ ثعلب۔ الائچی خورد۔ ہر ایک تولہ تولہ بھر۔ قند سفید ۱۲ تولہ۔ شہد سولہ تولہ۔ سب ادویات کوٹ چھان کر قند سفید اور شہد ملا کر صاف برتن میں رکھ لیں۔ خوراک صبح شام چھ ماشہ ہمراہ دودھ گائے۔

۴۹۔ سیمل کا درخت جو ڈیڑھ دو سال کا ہو۔ اس کی جڑ جو کہ گاجر کی مانند نکلتی ہے۔ لے کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور سفوف بنا دیں۔ اگر یہ سفوف ۲۰ تولہ ہے تو کشتہ قلعی درجہ اول دو تولہ ملا کر شیشی میں رکھیں۔ اور بوقت صبح چھ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب برداشت دودھ گائے سے استعمال کریں۔ چالیس دن میں نامرد بھی کامل مرد ہو جاویگا۔ اور ایک سال پورے با پرہیز استعمال کرنے سے اسی سال کا بوڑھا بھی جوان ہو جاویگا۔ اور سفید بال اندر سے سیاہ نکلیں گے۔ تمام عمر جوانی کی گارنٹی ہو جاتی ہے۔ جریان کا کھونا تو اس کا معمولی کرشمہ ہے۔

۵۰۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ سفوف اسپغول۔ کرکس۔ موچرس۔ گوند سوہنجنہ۔ گوند ببول۔ کتیرہ۔ تج سگ۔ سمندر سوکھ۔ کشتہ قلعی۔ الائچی دانہ خورد۔ ملباشیر۔ شقاقل مصری۔ مغز ہیارین۔ برگد کی داڑھی جو سایہ میں خشک کی گئی ہو۔ ہر ایک ... تولہ۔ بیج بند۔ بیمر عقلی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موصلی سیمل۔ آرد سنگھاڑہ ... مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز خربوزہ۔ مغز تخم ... ہر ایک دو دو تولہ۔ مصری

... اسگندھ چار تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ اور صبح شام ... پانچ تولہ ... ہمراہ دودھ گائے با پرہیز استعمال کریں۔

... چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد دو ماشہ۔ کشتہ سونا کبھی دو ماشہ۔ ان ... شدہ سلاجیت چھ ماشہ۔ ... کو کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنا لو۔ خوراک ایک ایک گولی صبح شام مکھن ... ملائی میں ملا کر کھانے سے پرمیہہ اور دیرج کا گرنا بند ہو جاتا ہے۔ دسوں بار کا آزمودہ ہے۔

سرعت انزال یعنی ویرج کا جلدی خارج ہو جانا

اس موذی مرض سے بہت سے آدمیوں کی تو یہاں تک حالت ہو جاتی ہے کہ ذرا عورت کی شکل دیکھی اور دھوتی خراب بغیر شہوت اور آلہ تناسل میں تیزی آئے ہی ویرج نکل جاتا ہے۔ بعض دفعہ جماع کے واسطے عورت کے پاس گئے اور ذرا سی چھیڑ چھاڑ کی کہ فرض ادا ہو گیا۔ ایسی حالت میں شرم سے مرد کے دل میں جو کچھ خیال پیدا ہوتے ہیں ان کا وہی اندازہ کر سکتے ہیں۔ جن کو یہ مرض ہے یا ہو چکا ہے۔ وہ بیچارے اپنی زندگی فضول ہی خیال کرتے ہیں۔ اور مرد ہوتے ہوئے بھی اپنے آپ کو نامرد خیال کرنے لگتے ہیں۔ کبھی کبھی خودکشی کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ اس لئے پیارے نوجوانوں اٹھو۔ اور اپنے ہم جنسوں کو بھی بچاؤ۔ اس موذی مرض کی جڑ بنیاد اول جلق۔ دوئم اغلام بازی۔ سوئم کثرت جماع ہیں۔ ان کے بارے میں بہت کچھ پہلے تحریر ہو چکا ہے۔ علاوہ ازیں اس مرض کو سمجھنے کے لئے نیچے لکھی علامتیں ... ظاہر کی جاتی ہیں۔ ناظرین اچھی طرح سے نوٹ کر لیں۔

... قوت ماسکہ میں تری اور خشکی کی وجہ سے کمی کمزوری آ جاتی ہے اور ویرج بہت جلد خارج ہو جاتا ہے۔ اس کی علامت ویرج کا رنگ سفید۔ پتلا۔ اور اس میں ... گرمی کم ہوتی ...

कुस्तुनतुनिया की छपी हुई पुस्तक में निम्न लिखित दो चित्र इस को प्रगट करते हैं।

(वृद्ध का वीर्य) अधेड़ आयु के (युवा का वीर्य) मनुष्य के वीर्य में शुक्र कीट।

चित्र नं० २४२

(१) (२) (३)

१—युवा का शुक्र कीट

२—अधेड़ आयु के मनुष्य का शुक्र कीट

३—वृद्ध का शुक्र कीट

स्त्री में वीर्य है या नहीं ?

सब से आवश्यक प्रश्न जिस पर तत्ववेत्ताओं का सदा मत भेद रहा है, यह है कि स्त्री के शरीर में वीर्य होता है या नहीं ? इस प्रश्न की आवश्यकता को तो केवल वही समझ सकते हैं, जिन की वैज्ञानिक बातों से प्रीति है, अन्यथा दूसरे तो कह देंगे कि है वा नहीं हमें इन से क्या प्रयोजन है।

यूनानी

यूनानी हकीमों की लगभग सब की यही सम्मति है कि स्त्री के भीतर भी वीर्य है, और सन्तान के वास्ते स्त्री पुरुष दोनों के वीर्यों का मिलना आवश्यक है, जैसा कि आगे वर्णन होगा। सन्तान होने के लिये स्त्री के भीतर एक प्रकार

चित्र फोटो नं० ४९ जाति तुम बताओ

۲۔ جب کسی وجہ سے جسم میں خون اور ویرج زیادہ بڑھ جاتا ہے تو بھی جلدی خارج ہو جاتا ہے
اس حالت میں ویرج نہ بہت گاڑھا ہوگا اور نہ پتلا۔ مقدار میں زیادہ نکلتا ہے۔ انزال
میں خوب تیزی ہوتی ہے۔

۳۔ اگر دل دماغ جگر کمزور ہوتے ہیں تو ان کے ساتھ ہی قوت باہ بھی کمزور ہو جاتی ہے
اور پھر قوت ماسکہ میں اتنی طاقت نہیں رہتی جو ویرج کو روک سکے۔ اس لئے فوراً
ہی باہر ہو جاتا ہے۔

۴۔ امساک کی خراب خراب دوائیاں استعمال کرنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے
ویرج کا کم، پتلا اور تکلیف سے نکلنا ہے۔

۵۔ بہت بیٹھے رہنے یا ہر وقت تکیہ گدوں کے سہارے پڑے رہنے سے اور کوئی محنت
ورزش وغیرہ نہ کرنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ علامت ویرج کا زیادہ نکلنا لیکن
ہوتا ہے۔

۶۔ فاحشہ یا حیض والی عورت سے جماع کرنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ علامت
پیشاب کا سرخ جلن سے آنا خزانہ ویرج اور مثانہ میں ہر وقت گرمی معلوم ہونا۔
ویرج کے نکلتے وقت گرمی اور جلن ہوتا ہے۔

۷۔ نمک کھٹائی، مرچ وغیرہ کے زیادہ استعمال سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ علامت
بلغم کی زیادتی، ویرج کا رنگ سفید، قوت باہ میں از حد کمزوری ہوتا ہے۔ ایسی حالت
میں بلغم پیدا کرنے والی چیزوں کا استعمال فوراً ترک کر دینا چاہئے

اب سرعت انزال کا علاج درج کرتے ہیں

اوّل۔ اور سب سے زیادہ نوٹ کرنے والی بات یہ ہے کہ جس وجہ سے یہ مرض ہوا
ہو۔ اُس کو ضرور ترک کر دینا چاہئے۔ اگر بالکل نہیں تو استعمال ادویات کے ایام میں

ضروری پرہیز لازمی ہے۔ کہ اس مرض کا علاج ناممکن تو نہیں ہے
دوئم۔ یاد رکھیں بلکہ اچھی طرح سے نوٹ کر لیں۔ لہذا جلدی نہ کریں جس دوائی
لیکن مشکل ضرور ہے۔ بہت آہستہ آہستہ آرام ہوتا ہے۔ تاکہ مرض
سے فائدہ معلوم پڑے اور موافق آجاوے۔ اس کو مدت تک کھانا چاہئے۔
سے بالکل چھٹکارہ ہو جاوے۔
سوئم۔ اگر ویرج کمی کی وجہ سے اعضاء رئیسہ کمزور ہیں تو پہلے ویرج کو بڑھانے والی
ادویات یا پرہیز استعمال کریں۔ اور اگر خون یا ویرج کی زیادتی سے یہ مرض ہو تو فصد
کھلوانا۔ خوبصورت عورتوں سے جماع کرنا۔ تر اور خشک چیزیں استعمال کرنا اس کا علاج
ہے۔ باقی علامات کے لئے مشترکہ علاج نیچے درج کرتے ہیں۔

۵۲۔ پھلی ببول۔ بغیر دانہ والی سایہ میں خشک کی ہوئی۔ ثعلب چھوٹا دانہ۔ مغز بیج
املی۔ تینوں چیزیں برابر وزن۔ کھانڈ دیسی عمدہ سب کے برابر ملا کر کوٹ چھان کر
سب کو بڑھ کے دودھ میں سات بار یا کم از کم تین بار تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔
اور ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا کر رکھیں۔ صبح ہی ایک گولی پانی باسی سے استعمال
کریں۔ اکیس روز میں عجیب فائدہ معلوم ہوگا۔ اگر خوراک میں بغیر نمک کے روٹی گھی
و کھانڈ ملا کر استعمال کریں۔ تو آخر کو بھی مرد بنانے کی طاقت اس نسخہ میں ہے۔ جریان،
احتلام وغیرہ کو تو رام بان ہی ہے۔

۵۳۔ بیج بھانگ، بیج کاہو۔ بیج کاسنی۔ سوکھا دھنیا۔ پھول نیلوفر ایک ایک
تولہ۔ اسپغول دس تولہ۔ پہلی پانچ چیزوں کو کوٹ پیس کر چھان لو۔ پھر اسپغول ملا دو۔
اس چورن کو پانچ ماشہ پھانک کر کچا دودھ یا تازہ پانی پینا چاہئے۔ اس سے ویرج کی
گرمی نکل کر رکاوٹ کی طاقت آتی ہے۔

۵۴۔ کستوری ۲ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، جائفل ۲ ماشہ، بیج چھوٹی الائچی ۵ ماشہ،

بنسلوچن سات ماشہ، جاوتری آٹھ ماشہ، ورق نقرہ ایک ماشہ، ورق طلا ...

نمبر ۲ سے چھ تک چیزوں کو کوٹ چھان لو۔ بعد ازاں باقی چار چیزوں کو کھرل میں ڈال

کر سب کو ملا کر بنگلہ پان کے رس سے یعنی تھوڑا تھوڑا رس ڈال ڈال کر بارہ

گھنٹہ کھرل کرو۔ بعد ازاں ایک رتی کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کرو۔ ایک یا دو گولی

حسب برداشت مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھانے سے بہت شہوت ہوتی ہے۔ سرعت

انزال میں بہت فائدہ مند ہے۔ آزماؤ اور نسخہ ہذا کے عجائبات دیکھو۔

۵۵۔ نسخہ معجون خبث الحدید۔ چھوٹی ہرڑ، بہیڑہ۔ آنولہ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل

سونٹھ۔ ناگرموتھہ۔ بالچھڑ۔ بیج گندنا۔ بیج سویا۔ شیطرج ہندی۔ کشتہ خبث الحدید

ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ کپڑ چھان کر کے۔ روغن بادام سے چرب کریں۔

پھر دو ماشہ کستوری، اور ایک پاؤ شہد مصفیٰ ملا کر ایک صاف چینی کے برتن یا چوڑے منہ

کی شیشی میں ڈاٹ لگا کر رکھ دیویں۔ اور بعد چھ ماہ کے استعمال کریں۔ خوراک ...

ہمراہ دودھ گائے۔ سرعت انزال وغیرہ میں مشہور چیز ہے۔

۵۶۔ بہمن سفید، مشتقاقل۔ پٹھانی لودھ، تخم کاجرا، جستادہ، گری بیج املی۔ برابر

وزن کوٹ چھان کر رکھیں۔ اس چورن کی خوراک چھ چھ ماشہ۔ صبح شام ہمراہ دودھ گائے

ایک پاؤ استعمال کریں۔ جماع۔ ترشی اور بادی چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔

۵۷۔ آملہ خشک کو سفوف کر کے سبز آملوں کے رس میں کھرل کر کے سایہ میں خشک

کریں۔ اسی طرح سے اکیس پٹ دیویں۔ پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

صبح ہمراہ پانی ایک گولی کھا دیں۔ اور ایک گھنٹہ بعد آدھ سیر تازہ دودھ نوش کریں۔

اس کے سامنے بڑے بڑے نسخے ہیچ ہیں۔

۵۸۔ عقرقرحا۔ موچرس۔ موصلی سفید۔ سیاہ۔ بیج بند۔ اندرجو۔ گوکھرو۔ کشتہ ...

گلو۔ لسوڑے۔ گری بیج کونچ۔ بیج ...۔ بیکری۔ تخم سنگھاڑہ۔ کباب ...

ردی۔ یہ سب چیزیں برابر وزن علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر اچھی طرح سے ملا لیں۔ سب کے

برابر کھانڈ دیسی، عمدہ ملا کر خوراک ۲ ماشہ صبح ہمراہ دودھ باپرہیز استعمال کر کے عجائبات

دیکھیں۔

۵۹۔ موصلی سفید و سیاہ، تخم سنگھاڑہ، بیج بل۔ تالمکھانہ، گری تخم کونچ۔ تخم اوٹنگن

اجمود خراسانی۔ موچرس، اکرکس۔ گوند گجراتی۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ گوکھرو۔ بیج بل۔

جائفل۔ مالکنگنی۔ برابر وزن کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملا کر اور ہمراہ شہد جنگلی

بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ روزانہ صبح شام ہمراہ دودھ گائے ایک ایک گولی کھا دیں۔

۶۰۔ تال مکھانہ، موصلی سفید۔ سونٹھ۔ اسگندھ، گری بیج کونچ۔ سیمل کا پھول۔ کھرنٹی

ستاور۔ گوکھرو۔ جائفل۔ پھول مکھانہ۔ بھنگ۔ طباشیر۔ برابر وزن اور سب کے برابر

مصری۔ کوٹ چھان کر رکھیں۔ خوراک چھ سے نو ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے۔

۶۱۔ کشتہ ابرک سیاہ درجہ اول۔ ایک تولہ۔ کشتہ فولاد درجہ اول دو تولہ۔ گوکھرو چار

تولہ۔ ستاور چار تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ خوراک رتی سے ایک

ماشہ تک حسب برداشت ہمراہ دودھ گائے۔ ایک ہفتہ میں ہی عجب اثر دکھاتا ہے۔

اب ہم مرض "نامردی" اور ویرج کے متعلق نسخہ جات تحریر کرتے ہیں

واضح ہو کہ ہم جس قدر نسخہ جات تحریر کریں گے ایک سے ایک بڑھ کر اور سب آزمودہ

ہیں۔ ایسا کوئی نسخہ نہیں ہے جو کم از کم دس بیس مریضوں پر نہ آزمایا گیا ہو۔ لیکن یہ ضروری

ہے کہ مریض کی حالت کے مطابق نسخہ جات تجویز کرنے پڑتے تھے۔ جریان۔ سرعت

मेंहदी से हाथ कोमल भी होते हैं और बहुत कम फटते हैं। मेंहदी लगाने से उतारने वाला हाथ मारा नहीं जाता, जैसा कि अंग्रेज़ों के पक्ष में लाला मदन गोपाल साहिब लिखते हैं-शोक तो यह है, कि उन्होंने अंग्रेज़ों को सभ्य और भारतवासियों को असभ्य समझ रक्खा है। वह विकाश को मानते हैं, और मनुष्यों को बन्दरों की सन्तान बताते हैं, और उनके विचार में कभी भारत वासियों ने उन्नति नहीं की। इसके विरुद्ध हम भारत की प्रत्येक बात में अद्भुत चातुर्य्य अनुभव कर रहे हैं, यद्यपि पिछले समय से कुरीतियां भी आरम्भ होगई हैं।"

हर्ष का विषय है, कि इतना तो मानते हैं, कि चर्म थैलों में सदैव हाथ छिपाये रखना उत्तम नहीं है। अंग्रेज़ों के वाज़ रिवाज विचित्र हैं। मुख खुला रहे, कुछ छाती और ग्रीवा खुली रहे, परन्तु जुराब व दस्ताना अवश्य चाहिये।

पञ्जाव में नई वहू के हाथ को देखो तो दिखाई ही नहीं देता है। छल्लों छापों मुदरियों आदि से भरा होगा। यह केवल दिखलावा है। हां एकाध हलका छल्ला बुरा नहीं वरन् भला ज्ञात होता है।

पश्चिमोत्तरीय प्रान्त की स्त्री।
(डा० कोच ग्रोवर्स के फोटो से)

हाथ धोने के लिये साबुन जो वर्तें अत्यन्त कोमल होना चाहिये। साबुन पर दाम अधिक व्यय करो, अन्यथा नहीं वर्तो। गरम पानी से धोकर कुछ देर पीछे शीतल जल से धोओ। ऊपर मलाई मल दो, वस अकसीर है। हाथों के फटने के लिये वही हितकर है, जो पग के प्रकरण में ऊपर वर्णन हो चुके हैं। और नीबू का रस गिलसिरीन सम भाग मिला कर थोड़ा सा साबुन सम्मिलित करके मलना हितकर है।

नीबू को फटे हुए हाथों पर मलना हितकर है। नाख़ून की फटोरता के लिए पग के प्रकरण में योग लिखे जा चुके हैं।

دکھنی بھارت کی عورت
سونے کے زیورات
میں

दक्षिणी भारत के दक्षिणा समुद्र तट की नम्बोदरी ब्राह्मण स्त्री, भूषण सोने के हैं, वस्त्र इतने ही होते हैं। (फोटोकार, विगिनबाथम एण्ड को, मद्रास)

नख

डा० ब्वायड लैनर्ड साहिब लिखते हैं "नख जो हाथ की सुन्दरता में बहुत बड़ा भाग लेते हैं, अण्डाकार स्वच्छ

اگر کسی نسخہ میں کوئی خاص فائدہ کسی بات کا ہوگا تو تحریر کر دیا جاویگا۔ ورنہ یہ سب نسخہ جات باجی کرن ہیں۔ باجی کرن ادویات کے بارے میں پیشتر بخوبی تحریر کر چکے ہیں۔ آپ جس نسخہ کو بھی استعمال کریں۔ فائدہ اور اثر تو پانچ سات روز میں ہی ظاہر ہونے لگیگا۔ لیکن ہماری یہ خاص ہدایت ہے اور اچھی طرح سے نوٹ کر لیں۔ کہ کم از کم چالیس روز تک ضرور باپرہیز استعمال کریں۔ تاکہ پورا فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک بات اور پہلے بھی کہہ چکے ہیں لیکن پھر دوبارہ کہتے ہیں بخوبی نوٹ کر لیں۔ کہ باجی کرن ادویات سردی کی موسم میں ہر شخص کو سولہ سال کی عمر سے لے کر ستر سال تک ضرور استعمال کرنا چاہئے۔ تاکہ انسان ہر طرح سے تندرست رہ کر عمر طبعی کو پہنچ سکے۔ کیونکہ آجکل جوانی ہی میں خزانہ ویرج کا خالی ہوتا ہے۔ وہ ہر سال پورا کر لینا ضروری ہے۔ لہذا اس ہدایت پر ضرور عمل کرتے رہیں۔ جہاں آپ فضول کاموں میں سینکڑوں اور ہزاروں روپیہ ہر سال برباد کرتے ہیں وہاں دس پانچ روپیہ سالانہ اپنے جسم کے واسطے بھی خرچ کر دیا کریں۔ اگر آپ ہماری نصیحتوں پر عمل کرینگے تو ہم گارنٹی کرتے ہیں۔ کہ آپ ستر بہتر سال کی عمر تک بھی مرد کہلانے کے قابل رہ کر دنیاوی عیش کا لطف اٹھا سکیں گے۔

غریبانہ نسخہ جات

۶۲۔ سفید پیاز کا رس۔ ادرک کا رس۔ آٹھ آٹھ ماشہ۔ شہد چار ماشہ۔ گھی دو ماشہ ان چاروں کو ملا کر دو ماہ تک برابر دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔

۶۳۔ موچرس کا چورن چھ ماشہ۔ مصری چار تولہ۔ ان دونوں کو گائے کے گرم دودھ میں ملا کر تین ماہ تک استعمال کرنے سے جریان وغیرہ دور ہو کر ویرج بہت بڑھ جاتا ہے۔

۶۴۔ گری بیج کونچ۔ تال مکھانہ۔ برابر وزن اور دونوں کے برابر مصری۔ خوراک

حسب برداشت ایک تولہ تک صبح شام گائے کے دودھ سے استعمال کرنے پر دو تین ماہ میں بہت طاقت اور ویریہ بڑھتا ہے۔

۶۵۔ دھوئی ہوئی دال ارڑ سل پر پانی سے پیس لو۔ اور پھر کڑاہی میں گھی ڈال کر بھون لو۔ جب سرخ ہو جاوے اتار کر ذرا ٹھنڈی ہونے سے گرم دودھ میں چھوڑ کر میٹھی میٹھی آنچ سے کھیر بناؤ۔ اس میں مصری ملا کر صبح ہی استعمال کرو۔ یہ بھاری ضرور ہے۔ جس قدر ہضم ہو سکے روزانہ بڑھاتے جاؤ۔ اس کو چالیس روز استعمال کرنے سے ویرج بہت طاقتور ہو جاتا ہے۔ آیوروید میں لکھا ہے۔

भुक्त्वा सन्चै कुरुते तरुणी शत मैथुनं पुरुष

یعنی اس کھیر کا ہمیشہ کھانے والا ایک سو عورتوں کو جماع میں تسلی کر سکتا ہے۔ اتنی تعریف کے بارے میں تو ہم کچھ نہیں کہہ سکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ ہمیشہ روزانہ استعمال کرنے والا ایسا کر سکتا ہو۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ چند روز کے ہی استعمال سے شہوت اور طاقت از حد پیدا ہوتی ہے۔

۶۶۔ آدھ سیر دودھ میں ایک تولہ ستاور پیس کر ڈال دو۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے اس میں مصری ملا کر پی لو۔ اس سے کام دیو بہت بڑھتا ہے۔ اور جماع کے وقت آلہ تناسل بالکل ڈھیلا نہیں پڑتا ہے۔ لیکن کم سے کم تین ماہ تک ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

۶۷۔ بداری کند کو کوٹ پیس کر چھان لو۔ ایک تولہ چورن گولر کے رس میں ملا کر چاٹ لو۔ اوپر سے دودھ پی لو۔ اس نسخہ کی بدولت جن کو جماع کی طاقت نہیں ہے برابر سے دو ہی ڈیڑھ دو ماہ کے استعمال سے جماع کے لئے قابل ہو جاتے ہیں تندرست آدمیوں کا تو کہنا ہی کیا ہے۔

وزن کوٹ چھان کر رکھ لو۔ خوراک ۲ ماشہ سے ایک تولہ تک رات کے وقت ہمراہ گرم
دودھ استعمال کریں۔ اس کے ۲ ماہ استعمال سے جوانی کا لطف حاصل ہوتا ہے۔

۶۹۔ ببول کی بغیر بیج والی پھلی۔ سایہ میں خشک کردہ۔ مولسری کی سوکھی چھال۔
ستاور۔ موچرس۔ برابر وزن اور سب کے برابر مصری کوٹ چھان کر رکھ لو۔ اس میں سے چھ ماشہ
سے ایک تولہ تک حسب برداشت چورن کھا کر اوپر سے دودھ پینے سے بہت خوب طاقتور
ہوجاتا ہے۔

۷۰۔ درخت بڑ کی تازہ کونپل۔ چھال گولر۔ تین تین ماشہ۔ مصری ۶ ماشہ۔ تینوں کو ملا
کر پیس کر گولیاں بنا کر کھا کر اوپر سے آدھ سیر تازہ دودھ گائے پی لو۔ دو ماہ کے استعمال سے
عجیب لطف دکھلا دیگا۔

۷۱۔ پستہ دو تولہ، سونٹھ ۲ ماشہ، مصری دو تولہ۔ تینوں کو ملا کر پیس لو۔ پھر ایک تولہ
ملاؤ۔ اور اوپر سے ایک رتی ڈلی صاف کی ہوئی بھانگ پیس کر ملا دو۔ یہ ایک خوراک
ہے۔ اسی طرح سے روزانہ اگر چالیس روز کر سکو تو کہنا ہی کیا ہے۔ اکیس روز میں
ہی عجیب اثر ظاہر ہوگا۔

۷۲۔ آملی کے بیجوں کو چار روز پانی میں بھگو کر اندر کی گری نکال کر سایہ میں خشک
کر لو۔ پھر کوٹ چھان کر برابر وزن مصری ملا کر رکھو۔ خوراک ۶ ماشہ۔ دو ماہ کے استعمال
سے دیر تک خوب گاڑھا ہو کر امساک از حد بڑھ جاتا ہے۔ غریبوں کے لئے بہت عمدہ نسخہ ہے

۷۳۔ کونچ کے کچے بیج جنگل سے لا کر سایہ میں خشک کر لو۔ بعد ازاں کوٹ چھان
کر چورن بنا لو۔ اس چورن کو چھ ماشہ سے ایک تولہ تک گائے کے دودھ میں ڈال
کر اوٹا لو۔ پھر تھوڑی مصری ملا کر پی لو۔ غریب آدمی دو تین ماہ استعمال کر کے جوانی
کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔

۷۴۔ سمندر سوکھ [illegible] ماشہ سے دس

ماشہ تک حسب برداشت صبح ہی کھا کر اوپر سے دودھ استعمال کرو۔ چند دنوں میں خوب
[illegible] امساک کی طاقت بہت بڑھ جاتی ہے۔ دو ماہ تک استعمال کرنا چاہئے۔

۷۵۔ درخت ڈھاک کی چھال دو گونہ۔ گولر کی چھال دو گونہ۔ ببول کا موصلا دو گونہ۔ مولسری کی
چھال۔ بیج [illegible]۔ ببول کا گوند۔ ببول کی کچی پھلی سایہ میں خشک کردہ۔ سب کو
علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر برابر وزن [illegible] ملا لو۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک صبح شام
ہمراہ دودھ گائے۔ چالیس روز کے استعمال سے جوانی کا لطف آتا ہے۔

۷۶۔ تازہ صاف کئے ہوئے سنگھاڑے [illegible] تولہ۔ [illegible] دس تولہ۔ ان
کو کوٹ چھان کر پیس [illegible] گولیاں بنا لو۔ ایک گولی [illegible] دودھ
سے استعمال کرنے پر کام دیو خوب بڑھتا ہے۔ [illegible] نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔

۷۷۔ مرغی کے ایک انڈے کی زردی۔ مصری ۶ ماشہ۔ گھی تین تولہ۔ ان تینوں کو
خوب ملا کر لوہے کی کڑاہی میں آگ پر پکاؤ۔ اور کڑچھی سے چلاتے رہو۔ جب پک جائے ٹھنڈا
کر کے استعمال کرو۔ اوپر سے ایک پاؤ دودھ استعمال کرنا چاہئے۔ چالیس دن میں
اس قدر شہوت ہوگی جو بیان سے باہر ہے۔

۷۸۔ سفید چوٹی (دھوبچی) اکرنی کے بیج۔ لونگ ۱ ماشہ۔ چینی۔ چاروں چیزیں ایک
ایک پاؤ۔ ان سب کو کوٹ پیس کر آتشی شیشی میں ڈال کر پاتال جنتر سے تیل نکالو۔ اس
کی ایک سینک روزانہ پانی میں لگا کر کھانے سے اکیس دن میں نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے
لیکن ایک سینک کھانے سے ایک چھٹانک گھی کھانا ضروری ہے۔ اسی طرح دو سینک
کھانے پر دو چھٹانک گھی کھانا چاہئے۔

۷۹۔ پرانے پیپل کا [illegible] سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر برابر وزن مصری
ملا کر رکھو۔ خوراک ایک تولہ تک ہمراہ دودھ کے استعمال کرنے سے [illegible] بہت

۸۰۔ بھانگ دبی ہوئی آٹھ ماشہ۔ اجوائن ۵ ماشہ۔ بیج کدو پانچ ماشہ۔ اسپند نو ماشہ بھنے چنے سات ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ زعفران چار رتی۔ سب کو کوٹ چھان کر اور دو عدد پوست ڈوڈہ رات کو پانی میں بھگو کر اسی پانی میں سب ادویات کو کھرل کر کے چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنا لو۔ صبح ہی ایک گولی کھا کر دودھ استعمال کرو۔ اگر برداشت ہو جائے تو شام کو بھی ایک گولی کھا سکتے ہو۔ عجیب چیز ہے۔

۸۱۔ سفید موصلی۔ بداری کند۔ ملیٹھی بیج۔ لونگ۔ گوکھرو۔ گلوئے۔ ان سب کو برابر وزن کوٹ چھان کر آنولہ کے تازہ رس کی سات پٹ دے کر سایہ میں خشک کر لو۔ اس میں سے تین ماشہ چورن دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے ویریہ کی کبھی شکایت نہ ہوگی۔

۸۲۔ گلوئے۔ ترپھلہ۔ ملیٹھی۔ بداری کند۔ موصلی سیاہ و سفید۔ بیج اونٹکن۔ موچرس۔ ناگ کیسر۔ بستادر۔ سب کو برابر وزن کوٹ چھان لو۔ اس میں سے چھ ماشہ چورن۔ چھ ماشہ گھی، اور ۳ ماشہ شہد ملا کر روزانہ استعمال کرنے سے بوڑھا بھی جوانوں کی طرح جماع کر سکتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

۸۳۔ بیل کے تازہ پتوں کا رس پانچ تولہ۔ کمل کے پھول کی ایک ڈنڈی کی راکھ۔ گائے گھی پانچ تولہ۔ ان تینوں کو ملا کر دو ماہ تک استعمال کرنے سے نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔ مرد کا تو کہنا ہی کیا ہے۔

۸۴۔ گھی کنوار پاٹھا۔ گھی کوار کا گودا۔ ایک پاؤ۔ گری بیج بنولہ ایک پاؤ۔ آٹا گندم ایک پاؤ۔ گھی و مصری ایک ایک پاؤ۔ پہلے تھوڑا گھی کڑاہی میں ڈال کر گودا گھی کوار کو بھون لو۔ پھر گھی ڈال کر بنولہ بیج کے چورن کو بھون کر علیحدہ رکھو۔ پھر آٹے کو بھون کر علیحدہ رکھو مصری کی چاشنی کرو۔ اس میں تینوں بھنی ہوئی چیزوں کو ملا دو۔ بعد ازاں حسب ذیل ادویات کا چورن ملا کر ایک صاف برتن میں رکھو۔

سفید و سیاہ موصلی۔ بیج اونٹکن۔ گوکھرو۔ بستادر۔ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ مغز پستہ۔ چلغوزہ۔ تربوز۔ خربوزہ۔ کدو دو دو تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ غریب آدمی زعفران اور کستوری چاہے نہ ملا دیں۔ خیال رہے کہ بھونتے وقت چیزوں کو خوب نرم آنچ سے کام لیں۔ خوراک ایک تولہ سے ۳ تولہ تک ہے۔ کستوری نہ ملانے سے خوراک ایک چھٹانک تک بڑھا سکتے ہیں۔ دودھ سے استعمال کریں۔ عجیب چیز ہے۔

۸۵۔ اڑد کا آٹا ایک تولہ۔ گھی ایک تولہ میں بھون کر چھ ماشہ شہد ملا کر کھانے اور اوپر سے دودھ پینے سے بہت طاقت ہوتی ہے۔ اگر ۲ ماہ روزانہ استعمال کریں تو جماع میں گھوڑے کی طرح سے تیزی ہوتی ہے۔

۸۶۔ مصری ایک تولہ، گھی ایک تولہ۔ اڑد کا آٹا دو تولہ۔ تینوں کو ملا کر گوندھ لو۔ پھر پوری بنا کر شہد میں ڈبو دو۔ ان کو کھا کر اوپر سے دودھ پینے سے نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔ ۳ ماہ استعمال کریں۔

۸۷۔ بکرے کے فوطوں کو دودھ میں پکا کر بعد کو گھی میں بھون کر پیپل کا چورن اور تھوڑا سیندھا نمک لگا کر کھانے سے نامرد بھی دسوں عورتوں سے جماع کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

۸۸۔ بکرے کے فوطوں کو دودھ میں پکا کر دودھ کو چھان لو۔ اس دودھ میں اڑد کی دال بھگو کر سکھا لو۔ اسی طرح چار پانچ روز تک بھگو کر سکھاتے رہو۔ بعد ازاں گھی میں بھون کر برابر وزن کھانڈ ملا کر چورن بنا لو۔ اور چھ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب برداشت کھا کر اوپر سے دودھ استعمال کریں۔ کچھ روز کے استعمال سے از حد شہوت پیدا ہوتی ہے۔

۸۹۔ بستادر۔ سفید کھونگچی۔ برابر وزن چورن بنا کر تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے جماع کرنے کی طاقت بہت بڑھ جاتی ہے۔

۹۰۔ کاکڑا سنگی ایک تولہ۔ پانی سے سل پر پیس کر دودھ میں ملا کر پینے سے تین ماہ میں مرد عورتوں میں سانڈ کی طرح سے ہو جاتا ہے۔ ایسا ویدک میں کہا ہے۔

۹۱۔ [illegible] کے بیج چار گنے دودھ میں پکا کر اس کی گری نکال لو۔ پھر سایہ میں خشک کر کے آٹا بنا لو۔ اس کو دودھ میں گوندھ کر گائے کے گھی میں پکوڑی بنا کر شہد میں ڈبو دیتے جاؤ۔ پھر اس میں سے چھ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب برداشت کھا کر اوپر سے شیر گرم دودھ مصری ملا کر استعمال کرنے سے تین ماہ میں نامرد بھی دسوں عورتوں سے جماع کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ اوّل درجہ کا نسخہ ہے۔

۹۲۔ گری کونچ بیج کا چورن کر کے ادرک تولہ کے تازہ رس کی سات پٹ دے کر سایہ میں خشک کر کے چھ ماشہ روزانہ دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے تین ماہ میں دیج خوب طاقت ور ہو جاتا ہے۔ اور کئی عورتوں سے جماع کر سکتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

۹۳۔ شدہ آملہ سار گندھک۔ اور سوکھے آنولوں کا چورن۔ برابر وزن کوٹ چھان کر آنولوں کا تازہ رس یا کاڑھے کی سات پٹ دیوے۔ اور سایہ میں خشک کرے۔ اور پھر سیمل کے رس کی سات پٹ دے کر سایہ میں خشک کرے۔ بعد ازاں برابر وزن مصری ملا کر رکھ لو۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک شہد میں ملا کر ہمراہ دودھ کے استعمال کرو۔ تین ماہ میں نامرد بھی مرد ہو جاویگا۔ مرد کا تو کہنا ہی کیا ہے۔

۹۴۔ سیمل کی جڑ کا سفوف اور شدہ آملہ سار گندھک برابر وزن کوٹ چھان کر سیمل کے عرق میں چار دن تک کھرل کرتے رہو۔ بعد ازاں ایک ماشہ چورن چھ ماشہ شہد میں ملا کر چاٹ کر اوپر سے دودھ استعمال کریں۔ تین ماہ با پرہیز استعمال سے نامرد بالکل مرد ہو کر تیزی میں گھوڑے کے برابر ہوگا۔

۹۵۔ گری کونچ بیج۔ تال مکھانہ۔ اوٹنگن کے بیج۔ گوکھرو۔ برابر وزن سفوف کرکے رکھیں۔ ایک تولہ چورن ایک سیر دودھ میں ڈال کر پکاویں۔ جب گاڑھا ہو جائے مصری

ملا کر استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے مرد جماع میں کبھی نہیں ہارتا ہے۔

۹۶۔ موصلی۔ بداری کند۔ بیج اوٹنگن۔ برابر وزن سفوف کرے دو تولہ کو گائے کے ایک سیر دودھ میں پکاوے۔ جب گاڑھا ہو جاوے مصری ڈال کر پی لیوے اس کے استعمال کرنے والا انسان جماع میں بہت ہی کامیاب رہتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

۹۷۔ کنیر کی جڑ، گری کونچ بیج۔ برابر وزن کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک ماشہ رات کو ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

اب ہم اوسط درجہ اور امیروں کیواسطے آزمودہ نسخہ جات تحریر کرتے ہیں

۹۸۔ شدہ پارہ، شدہ گندھک، ایک ایک تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ درجہ اوّل دو تولہ۔ کافور بھیم سینی آٹھ ماشہ۔ کشتہ قلعی آٹھ ماشہ۔ کشتہ تانبہ چار ماشہ، کشتہ فولاد درجہ اوّل ایک تولہ۔ بیج دوہارہ۔ بداری کند۔ ستاور۔ تال مکھانہ۔ کمرکسی۔ گری کونچ بیج۔ کنگھی۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ بیج بھانگ۔ رال سفید۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک چار چار ماشہ۔ اوّل پارہ اور گندھک کو کجلی کریں۔ پھر تمام کشتہ جات کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر تمام ادویات کو کوٹ چھان کر اسی کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ اور پانی سے دو دو رتی کی گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ گرم دودھ استعمال کریں۔ اس نسخہ کی تعریف تحریر سے باہر ہے۔ استعمال کرنے والوں پر ہی ظاہر ہوتی ہے۔ زیادہ کیا تحریر کریں۔

۹۹۔ کونچ بیج کو پانی میں بھگو کر چھلکا دور کریں۔ اور مغز کو سایہ میں خشک کریں۔ بعد ازاں کوٹ چھان کر سولہ تولہ اس چورن کو ایک سیر دودھ میں ڈال کر نرم آنچ سے کھویہ بنا دیں۔ پھر اس کو تولہ گھی میں بھون لیں۔ بعد ازاں موصلی سیاہ و سفید۔ اجوائن خراسانی۔ آٹھ آٹھ تولہ۔ بیج دھتورہ۔ ایک تولہ۔ بیج ناگرچھ تولہ۔ خشخاش چھ تولہ۔

سن کی جڑ آٹھ تولہ ۔ گوکھرو سولہ تولہ ۔ بیج اونٹکن آٹھ تولہ ۔ موچرس چھ تولہ ۔ چھوہارہ ۱۲ تولہ ۔ ان سب کو کوٹ چھان کر سب کے برابر وزن مصری کی چاشنی کر کے تمام ادویات کو ڈال دیوین ۔ اور کھوپہ بھی ملالیں ۔ پھر اس مین کشتہ قلعی ۔ کشتہ فولاد ۔ کشتہ ابرک سیاہ تین تین ماشہ ۔ اور کستوری ایک ماشہ ملالیں ۔ اور ایک ایک تولہ کے لڈو بنا کر رکھ لیں ۔ خوراک حسب برداشت ۔ ایک یا دو لڈو ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں ۔ از حد مقوی باہ ہے ۔

۱۰۰ ۔ **نسخہ مدنانند مودک** ۔ یہ ویدک کا ایک مشہور نسخہ ہے ۔ تجویز کرنے والے کی اس نسخہ کے بارے مین کہاں تک تعریف کی جاوے ۔ شاید ہی ایسا کوئی بدنصیب ہوگا جو اس نسخہ کو استعمال کرنے کے بعد بھی ضعف باہ وغیرہ کی شکایت کرے ۔ یہ آزمودہ بات ہے کہ شاید ہی کوئی آدمی پرہیز سے چالیس روز اس کو کھا سکے ۔ اس کی طاقت کو روکنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے ۔ چالیس روز سے زیادہ تو کوئی بھی عورت سے پرہیز نہ کر سکیگا ۔ اگر زبردستی اپنے کو روکیگا تو بخار ہو سکتا ہے ۔ بزرگ ہم روز سردیوں مین باپرہیز استعمال کر کے اس کا لطف اُٹھا سکتے ہین ۔ اس کے استعمال سے بانجھ عورت کے بھی لڑکا ہو سکتا ہے ۔ عورت اور مرد دونوں ہی استعمال کر سکتے ہیں ۔ مثل مشہور ہے کہ مہادیو جی نے راون کے واسطے اس کو تجویز کیا تھا ۔ اس کے استعمال کرنے والا روزانہ دس عورتوں کو خوش کر سکتا ہے ۔ ایسا تحریر ہے ۔ خیر یہ تو ہم نہیں کہہ سکتے ہیں ۔ لیکن یہ آزمودہ بات ہے کہ نسخہ درجہ اوّل ہے ۔ اور استعمال کرنے سے ہی مزہ معلوم ہوگا ۔ نسخہ یہ ہے ۔

ترکٹ ۔ ترپھلہ ۔ دھنیا ۔ کچور ۔ کوٹ ۔ کاکڑا سنگی ۔ گنگیرن ۔ کائپھل ۔ سیندھا نمک ۔ میتھی ۔ ناگ کیسر ۔ زیرہ سفید و سیاہ ۔ تالیس پتر ۔ کھرنٹی ۔ نیتر بالا ۔ چندن سفید ۔ باری کند ۔ گوکھرو ۔ گری کونچ بیج ۔ پھول آک (مدار) ۔ ناگر موتھا ۔ الائچی ۔ دار چینی ۔

... ہیں ۔ ... چاوڑی ۔ لونگ ۔ بلیٹھی ۔ نج ۔ بن تلسی ۔ پیپل یہ سب چھتیس چیزیں ہیں ۔ ... ہر ایک دو دو تولہ ۔ شدہ پارہ ، شدہ گندک ۔ کشتہ ... اور ترپھلہ چھ چیزیں ہوتی ہین ۔ ہر ایک ... کشتہ ابرک سیاہ ایک تولہ ۔ ... ہم سبھی کا ... چاروں چیزیں چھ چھ ماشہ ۔ ترکیب بنانے کی ۔ اوّل پارہ اور گندک کو کھرل مین ڈال کر خوب کجلی کریں ۔ پھر اوپر ... بنا لو ۔ کھرل والی کجلی مین کشتہ جات بھی ڈال ... تینتیس چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالو ۔ کھرل والی کجلی مین ... خوب کھرل کریں ۔ پھر سفوف کے ہمراہ ملا کر کھرل مین ڈال کر ستاوری یا آنولہ کے ... ایک دن پورا کھرل کریں ۔ کل سفوف جس قدر وزن مین ہو اس کا چوتھائی ... بول کا موصلہ اور آٹھواں حصہ عمدہ دہلی بوٹی بھانگ ۔ سفوف کرکے سب کو ... پھر ایک سیر گائے دودھ کو آگ پر چڑھا دیں ۔ جب چوتھائی رہ جائے تو ادویات ... سفوف کو دودھ مین ملادیں ۔ اور تھوڑا گھی ڈال کر ذرا بھون لیں ۔ تاکہ پانی نہ رہے ... لیکن اس قدر نہ ہو مین کہ سرخی پر آ کر مل جاوے ۔ پھر سب ادویات کے ہم وزن مصری کی چاشنی کر کے ادویات ملادیوین ۔ اور بعد ازاں کشتہ سونا ۔ کشتہ چاندی ۔ کستوری ۔ زعفران چھ چھ ماشہ ۔ اور بادام ۔ الائچی ۔ پستہ ۔ کشمش وغیرہ میوہ جات عمدگی کے واسطے حسب ضرورت ملا دیوین ۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ تک حسب برداشت ... پہر اوپر سے دودھ استعمال کریں ۔

نوٹ ۔ غریب آدمی اگر سونا ، چاندی وغیرہ کے کشتہ جات نہ بھی ملادیں تو بھی اوصاف اس نسخہ کے قابل تعریف ہیں ۔ آزماؤ اور فائدہ اُٹھاؤ ۔

... سم الفار سفید (سنکھیا) کتھہ سفید ۔ سفید سنگھاڑہ ۔ تینوں چیزیں ہموزن کھرل مین ڈال کر یہاں تک کھرل کرتے رہیں ۔ کہ تین سو ساٹھ کاغذی لیموں کا رس جذب ہو جائے ۔ پھر اس مین کستوری تین ماشہ ، عنبر تین ماشہ ، ورق سونا ایک ماشہ ڈال کر خوب کھرل کریں ۔ بعد ازاں دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا دیں ۔ پانی کے ہمراہ

ہے۔ خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک کھا کر اوپر سے دودھ استعمال کرو۔ اس کے بارے
میں ویدک گرنتھوں میں تحریر ہے اگر ۳ ماہ برابر استعمال کیا جائے تو مرد [illegible]
دسوں عورتوں کی تسلی کر سکتا ہے۔ عورت ہمیشہ اس کی داسی بن کر رہتی ہے [illegible]
کیا تعریف کریں۔

۱۰۶۔ ترپھلہ۔ پھول مہوہ۔ ملیٹھی۔ گوند کمل گٹہ۔ جائفل۔ دارچینی۔ ایک ایک [illegible]
کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ اور سفوف سے نصف مصری پیس کر ملا دیں۔ اگر [illegible]
کو اور بھی طاقت در بنانا ہو تو کشتہ ابرک سیاہ اور فولاد ایک ایک تولہ ملا دو [illegible]
آدمی بغیر کشتہ کے ہی اگر ۳ ماہ تک استعمال کریں تو نامرد سے مرد ہو سکتے ہیں۔ خوراک
ایک تولہ سفوف ایک تولہ گھی اور چھ ماشہ شہد ملا کر کھا دیں۔ اوپر سے دودھ استعمال
کریں۔ کشتہ ملانے سے خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک اور اسی مطابق شہد
گھی نصف ملا دیں۔

۱۰۷۔ مدن منجری گولیاں۔ دارچینی۔ تیزپات۔ چھوٹی الائچی۔ ناگ کیسر [illegible]
جاوتری۔ سیاہ مرچ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ لونگ۔ یہ دس چیزیں کوٹ چھان کر دو دو تولہ
لے لو۔ پھر اس میں کشتہ ابرک سیاہ دو تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ کشتہ [illegible]
ماشہ ملا دو۔ اور ۵ تولہ عمدہ دھلی بھانگ کا سفوف ملا دو۔ بعد ازاں [illegible]
۲۷ تولہ گھی اور ساڑھے تیرہ تولہ شہد ملا کر اور چھ چھ ماشہ کی گولیاں بنا کر رکھو۔
خوراک صبح شام ایک یا دو گولی حسب برداشت ہمراہ دودھ استعمال کرو۔ [illegible]
بار بار استعمال سے پورے حالات اس نسخہ کے ظاہر ہو جاویں گے۔ زیادہ تعریف [illegible]
کی جاوے عجیب چیز ہے۔

۱۰۸۔ گری بیج کونچ۔ اسگندھ۔ منڈی۔ بداری کند۔ بیج کمل۔ ایک ایک [illegible]
لے کر کوٹ چھان لو۔ اس سفوف جتنا بداری کند۔ بھانگ۔ جائفل۔ [illegible]

بیجی ساں ۷ کاڑھے کی علیحدہ علیحدہ تین تین پٹ دے کر سایہ میں خشک کر لو۔ بعد
ازاں ۲۵ تولہ مصری پیس کر ملا دو۔ خوراک ایک تولہ سفوف تولہ بھر شہد میں ملا کر صبح
شام چاٹ کر اوپر سے دودھ استعمال کریں۔ ہم نے اس میں کشتہ ابرک اور کشتہ فولاد
ایک ایک تولہ شامل کر کے دسوں آدمیوں کو دیا ہے۔ جو سب پر حیرت انگیز اثر دکھلایا
ہے۔ کشتہ اگر ملا دیں تو خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک حسب برداشت کریں۔

۱۰۹۔ اسگندھ۔ بداری کند۔ گوکھرو۔ الائچی۔ ملیٹھی۔ پیپل۔ سونٹھ۔ تال مکھانہ۔ ستاور
گری بیج کونچ۔ پانچ پانچ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنا لو۔ بعد ازاں کشتہ جات قلعی۔
چاندی۔ ابرک۔ سونا۔ فولاد۔ تانبہ ایک ایک تولہ ملا دو۔ پھر بداری کند۔ مہندی۔ دھتورہ
بھانگ۔ زعفران۔ ادرک ان سب کے رس یا کاڑھے میں تین پٹ دے کر سوکھاتے رہو
یعنی ایک روز بداری کند۔ دوسرے روز مہندی وغیرہ اسی طرح چھ روز تک کرو۔
بعد ازاں سایہ میں خشک کر کے جس قدر سفوف ہو برابر وزن مصری پیس کر ملا دو۔
اس کی خوراک دو سے تین رتی تک چھ ماشہ شہد میں ملا کر اوپر سے دودھ استعمال کریں
چالیس روز کے استعمال سے ازحد قوت باہ اور شہوت ہوگی۔

۱۱۰۔ کستوری ۳ ماشہ۔ بغیر سوراخ والے موتی چھ ماشہ۔ ورق سونا ڈیڑھ ماشہ۔ ورق
چاندی ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ بنسلوچن ساڑھے دس ماشہ۔ الائچی
چھوٹی ساڑھے سات ماشہ۔ جائفل نو ماشہ۔ جاوتری ایک تولہ۔

پشپ دھنوا رس

...شدہ پارہ۔ کشتہ سیسہ۔ کشتہ فولاد۔ ایک ایک تولہ۔ کشتہ ابرک تین تولہ۔ ...ب کو کھرل میں ڈال کر رس دھتورہ۔ بھانگ۔ ملیٹھی۔ سیمل۔ پان۔ ان کی ایک ایک پٹ دے کر اور کھرل کرکے حفاظت سے شیشی میں رکھو۔ خوراک ایک یا دو رتی حسب برداشت تین ماشہ مصری چھ ماشہ شہد اور تین ماشہ گھی ڈال کر چاٹ لیں۔ اوپر سے دودھ کا استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے قوت باہ اس قدر پیدا ہوتی ہے کہ دسوں عورتوں کی تسلی کر سکتا ہے۔

کندرپ سندر رس

...شدہ پارہ۔ کشتہ ہیرا۔ کشتہ سیسہ۔ کشتہ موتی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ ابرک سفید (?) ایک ایک تولہ۔ کھرل میں ڈال کر کپاس کے پھولوں کے رس کی ایک ...شدہ اور گندھک کے رس یا کاڑھے کی ایک پٹ دیوے۔ پھر کشتہ مونگا دو تولہ۔ شدہ گندھک

ایک تولہ کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر اسگندھ کے رس یا کاڑھے [illegible]

کھرل کریں۔ بعد کو سب مصالحہ ہرن کے سینگ میں بھر کر اور کپڑ مٹی کر کے جنگلی اپلوں [illegible]

آنچ گڑھا کھود کر لگا دیں۔ بعد کو نکال کر کھرل میں ڈال کر پھول دہادہ۔ لکڑ [illegible]

جٹا ماسی۔ آتی بلا۔ ناگ بلا۔ لہسوڑہ۔ کشمش۔ پیپل۔ ستاور۔ فالسہ۔ [illegible]

بیج کونچ۔ ہینگوٹ۔ ان میں سے جس کا رس ملے اُس کی ورنہ کاڑھے کی ایک ایک [illegible]

دے دے کر سایہ میں خشک کرتا جاوے۔ بعد ازاں چھوٹی الائچی۔ تج۔ تیز پات۔ جائفل

لونگ۔ عنبر۔ زعفران۔ ناگر موتھا۔ پیپل۔ کستوری۔ کافور بھیم سینی۔ تیز بلا۔ ان کو

ایک ایک تولہ لے کر سفوف بنا دے۔ پھر ایک تولہ رس۔ اور یہ سفوف ڈال کر خوب کھرل

کریں۔ بعد ازاں شیشی میں رکھیں۔ استعمال کے وقت ایک ماشہ یہ سفوف اور [illegible]

بداری کند۔ مصری چھ چھ ماشہ۔ ملا کر اور تھوڑا شہد ملا کر چاٹ کر اوپر سے دودھ [illegible]

کریں۔ اس کے استعمال کرنے والا دس عورتوں کو جماع میں خوش کر سکتا ہے۔

عجیب چیز ہے۔

نامردی کا رس

۹۔ پارہ چار تولہ۔ مرغی کے انڈے میں بند کر کے پانچ سیر آکاش بیل کے عرق میں پکاؤ۔

جب چوتھائی عرق رہ جاوے تو اُتار کر چھاچھ پانچ سیر میں پکاؤ۔ جب چوتھائی رہ جاوے

تو پارہ کو نکال کر صاف کر لو۔ پھر کھرل میں ڈال کر چار تولہ نمک سیندھا ڈال کر بارہ گھنٹہ

نمک برابر کھرل کرو۔ پھر اس پارہ میں سے دو تولہ لیکر اور شدہ گندھک دو تولہ ملا کر

کھرل میں خوب کجلی کرو۔ پھر شدہ مینسل چار تولہ۔ شدہ سنکھیا دو تولہ ملا کر رس کجلی کو بار

ڈال ڈال کر بارہ گھنٹہ تک کھرل کرو۔ بعد ازاں اس مصالحہ کو آتشی شیشی میں بھر کر اور

سات کپڑ مٹی کر کے "چندرودے" کی طرح ہانڈی کے درمیان رکھ کر ریت وغیرہ بھر کر

[illegible] کی لکڑیوں کی آنچ ۲۴ گھنٹہ برابر جلاؤ۔ بعد ازاں ٹھنڈا ہونے پر شیشی

[illegible] میں بھنے ہوئے پھول کی طرح کے رس کو نکالو۔ یہی کام کی چیز ہے۔ اس میں سے

ایک رتی رس لیکر چھوٹی الائچی۔ جلوتری۔ ایک ایک ماشہ۔ اور شہد ۲ ماشہ ملا کر چاٹ

کر اوپر سے دودھ جوش دیا ہوا استعمال کرو۔ چند روز میں ہی نامرد کو مرد بناتا ہے۔ زیادہ

تحریر فضول ہے۔

گگن ابرک رس

برہ چھڑ نگ۔ ناگ کیسر۔ کافور بھیم سینی۔ جائفل۔ لونگ۔

[illegible] شدہ پارہ۔ شدہ گندھک۔ سوہاگہ۔ ایک ایک تولہ۔ شدہ دھانیا ابرک چار تولہ۔ پہلے پارہ اور گندھک

[illegible] ورق سونا۔ ورق سونا۔ ابرک۔ ان کو ملا کر خوب کھرل کرو۔

[illegible] کھرل میں ڈال کر خوب کجلی کرو۔ پھر کافور۔ [illegible] بعد ازاں مندرجہ ذیل

[illegible] چیزوں کا سفوف اسی کھرل میں ڈال کر خوب رگڑو۔

[illegible] کا سفوف ڈالو۔ جاوتری۔ دار چینی۔ چھوٹی الائچی۔ سونٹھ۔ مرچ

[illegible] ناگر موتھا۔ کوٹ۔ جٹا ماسی۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ سب کو کھرل میں ملا کر

[illegible] آملہ۔ بج۔ پیپل [illegible] یہ رس بات، پت، کف

[illegible] کی پٹ دے کر کھرل کرو۔ تو یہ رس تیار ہو گیا۔ [illegible] شہد ان کے ہمراہ

[illegible] سے فائدہ کرتا ہے۔ اور رتو ملی۔ گھی۔ [illegible]

[illegible] نامردی کو کھو کر بہت طاقت پیدا کرتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

سدا سوت رس

[illegible] شدہ پارہ۔ کشتہ سونا۔ کشتہ چاندی۔ شدہ گندھک۔

[illegible] ایک تولہ پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل میں خوب کجلی کرو تاکہ چمک نہ رہے۔ پھر

[illegible] ڈال کر خوب کھرل کرو۔ بعد ازاں کشتہ جات ملا کر اور ایک تولہ چوا کھار ملا کر لال

[illegible] کے پھول یا پتوں کے رس میں خوب کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر کپڑ مٹی

وغیرہ کر کے "چندر و دے" کی طرح آنچ دیویں۔ ٹھنڈا ہونے پر رس کو نکال کر شیشی میں احتیاط سے
رکھیں۔ اس میں سے تین رتی یہ رس، موصلی ۶ ماشہ۔ شہد ۶ ماشہ ملا کر استعمال کریں۔ اوپر
سے دودھ پیویں۔ خواہ دو رتی مکھن یا ملائی میں استعمال کریں۔ یہ بھی نامردوں کے لئے
عجیب چیز ہے۔

کشتہ جات

کشتہ جات بنانے اور استعمال کرنے کے لئے چند ضروری ہدایت ہیں جن کی پابندی
کشتہ بنانے اور کہانے والے پر لازمی ہیں۔ اس جگہ اُن کا مختصر ذکر کیا جاتا ہے۔ ناظرین
بخوبی نوٹ کر لیں:-

(۱) کشتہ بنانے کے واسطے جو چیز لی جاوے وہ اوّل درجہ بہترین قسم کی ہونی چاہئے۔
دوائیں خالص اور صاف کر لی گئیں ہوں۔ نباتی ادویات عمدہ اور ایک سال سے زیادہ
پرانی نہ ہوں۔ اور نہ دھوپ میں رکھ کر خشک کی گئی ہوں۔ کیونکہ دھوپ میں خشک
کرنے سے قیمتی اجزا بہت کچھ ضائع ہو جاتے ہیں۔

(۲) کسی دوا کو کھرل کرنے پکانے یا آگ وغیرہ دینے کی جو مدت مقرر کی گئی ہے۔ اس کی
مخالفت نہ کریں۔

(۳) وزن جو کچھ مقرر کئے گئے ہیں اُن میں کسی طرح کی کمی بیشی یا کاٹ چھانٹ کرنا جائز نہیں
ہے کیونکہ رشی منی اور کامل ماہران فن نے جو وزن مقرر کئے ہیں وہ بغیر خاص مصلحت
کے نہیں ہیں۔ تبدیل کرنے سے اُن مصلحتوں کا فوت ہو جانا لازم ہے۔ جس سے
وہ فوائد کم و بیش ضرور تبدیل ہو جاویں گے۔ بعض آدمی نسخہ کا وزن اُسی طور سے کم و بیش
کر کے بناتے ہیں لیکن کشتہ جات میں یہ تناسب لازم نہیں ہے۔ حتی المقدور مقررہ
وزن رکھنا لازمی اور ضروری ہے۔

चित्र फोटो नं० ४० शिकोगो में हज़ार पौंड पारितोषिक के मुका
. में बहुतसी स्त्रियों में सबसे अधिक सुन्दर निकली

کرلیں۔ پھر کشتہ کو پہلے روز مقررہ انوپان سے اصلی وزن کا چوتھائی حصہ استعمال کریں۔
دوسرے روز کسی قدر زیادہ۔ اسی طرح سے ہفتہ میں جاکر پوری تحریر شدہ خوراک پہنچا دیں۔
اگر کوئی نقصان ظاہر ہو تو فوراً ترک کردیں۔ کسی کشتہ یا رس کو مقررہ وزن سے ہرگز ہرگز
زیادہ نہ کریں۔ اس بے وقوفی سے بہت خراب اثر ہو سکتا ہے۔ جس کا نتیجہ موت تک ہو
سکتا ہے:۔

(۱۲) کشتہ کے استعمال میں طاقت، مزاج، عمر، موسم کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اور
بچوں یا ضعیف المزاج آدمیوں کو قوی کشتہ استعمال نہ کرا دیں۔ اسی طرح موسم گرما میں
تیز کشتہ اور گرما میں گرم کشتہ استعمال نہ کرائیں۔ بچوں یا ضعیف المزاج آدمیوں کو اگر
استعمال کرانے کی ضرورت خیال کریں تو بہت کم مقدار میں مناسب انوپان کے ساتھ۔
مقدار طاقت کے اوپر منحصر کرنا چاہئے۔

(۱۳) اکثر کشتہ جات چونکہ سخت گرم اور خشک ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال
موسم سرما میں کرنا چاہئے۔ نیز استعمال کے دوران میں گھی، دودھ کا استعمال کثرت سے
کریں اگر کشتہ کے استعمال میں کچھ تکلیف محسوس ہو تو گائے کا دودھ اور گھی بہتر ہوتا
ہے۔

(۱۴) کشتہ کے استعمال میں مضر چیزیں مثلاً ترشی، زیادہ نمک، مرچ، مرغن، جماع،
سخت ورزش، غم، غصہ، جوش وغیرہ سے پرہیز کریں۔ کیونکہ کشتہ کے استعمال کے
دوران میں جسم کے اندر ہر ایک بات کا بہت جلد اثر جذب ہو جاتا ہے۔ خواب میں اور
خراب حرکات کا جس طرح جلدی اثر جذب ہوتا ہے اسی طرح اچھی حرکات اور خوش دلی و لطیف
غذا کا بھی اثر فوراً جذب ہوتا ہے۔

دانتوں اُپدہاتوں وغیرہ کا صاف کرنا

नखों का अभ्रकवत श्वेत और टूटनेवाला होना।

... विरेचन करावें, फिर रक्तशोधक औषधि सेवन करावें। गिरी, जूका कूटकर लगाया करें।

नखों के तले रक्त मरना।

... लगाया करें। हाल्दी ... सिरका में पीसकर लगावें मुख से चूसा करें।

नख मूल का निर्बल व स्थूल होना।

मरहम दाखलयून (युनानी योग है) लगावें।

شکنتلا کے محبت نامے

शकुन्तला का प्रेम पत्र।
मरहटों में छाती बांधने का ढंग।

चेहरा व रंगत।

यह विषय बहुत ढंग है। संक्षेप से परन्तु सम्पूर्ण बातें पाठकों की भेंट करना चाहते हैं। सारी का सारी सुन्दरता चेहरे और रक्त पर निर्भर होती है। संसार के प्रत्येक काल के वैद्य चेहरे के लिये विविध प्रकार की औषधियाँ उबटन आदि नियत करते आए हैं। सहस्रों विज्ञापनबाज़ विलायत में केवल रक्त को निखारने वाली और त्वचा को कोमल करने वाली औषधियां बेचकर लक्षाधीश बन रहे हैं। डाक्टर सदरलैण्ड लिखते हैं कि "दो हज़ार वर्ष हुए जालीनूस ने चेहरे के लिये ठंडी मलाई तजवीज़ की थी"। परन्तु इन्हें मालूम नहीं कि जालीनूस ने 'ज़ीनत' पुस्तक लिखकर सौन्दर्य्य बढ़ाने में सब से प्रथम नाम पाया था। यूनानियों ने भारतवासियों से इसको सीखा था। कामशास्त्रों व रतिशास्त्रों के भीतर स्त्रियों का जहां वर्णन आता है, इस बात का प्रमाण मिलता है, कि मिश्र में भी यहां से ही यह विद्या गई।

پتھری۔ دردشکم۔ سستی۔ وغیرہ پیدا کرتا ہے۔ اگست کے رس میں ہار سنگھار
کھادیں۔ اور جسم میں خوب دھوپ لگادیں۔ تو دستوں کے راستے سے کل خرابی
نکل جاویگی۔

غیر مصفّٰے سیسہ کے نقصانات اور علاج۔ جذام۔ بادگولہ۔ اردو
پانڈو روگ۔ تپ دق۔ بلغمی امراض۔ فساد خون۔ سوزاک۔ بخار۔ بھگندر وغیرہ
امراض ہو جاتے ہیں۔ کشتہ طلا۔ ہرڑ۔ مصری کے ساتھ تین چار روز استعمال سے
خرابی دور ہو جاتی ہیں۔

غیر مصفّٰے پیتل کے نقصانات اور علاج۔ بواسیر۔ پرمیہ۔ بخار۔ ...
وغیرہ پیدا کرکے درجہ موت تک پہنچا دیتا ہے۔ اس کا علاج تانبہ کے نقصان
کی طرح سے کریں۔

غیر مصفّٰے رسوں کے نقصانات اور علاج۔ دانع ہو کہ سب قسم کے رس
جات پارہ کے اجزا سے بنتے ہیں۔ اسلئے اُن کے کچے رہنے کی حالت میں نقصان
بھی پارہ کی طرح خیال کرنا چاہیئے۔ اُن کا علاج گھی میں کالی مرچ ڈال کر پیا کریں
اس سے چند روز میں سب فساد دور ہو جاتے ہیں۔

غیر مصفّٰے جست کے نقصانات اور علاج۔ پرمیہ۔ بدہضمی۔ سردی۔
قے۔ چکر وغیرہ امراض پیدا ہوتے ہیں۔ چھوٹی ہرڑ اور مصری چار پانچ یوم ملا کر
استعمال کرنے سے فساد دور ہوتے ہیں۔

غیر مصفّٰے سونا مکھی کے نقصانات اور علاج۔ قریب قریب غیر مصفّٰے سونے
والے امراض ہی پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ سونے کی اُپدھات ہے۔ مکھی یا انار کے
چھلکے کے جوشاندے سے اس کے فساد دفع ہوتے ہیں۔

غیر مصفّٰے روپا مکھی کے نقصانات اور علاج۔ چونکہ یہ چاندی کی اُپدھات

ہے ایسے غیر مصفّٰے چاندی والے امراض پیدا ہوتے ہیں۔ سفوف کاکڑا سنگی مصری
کے ہمراہ چار پانچ یوم کھانے سے کل فساد دور ہوتے ہیں۔

غیر مصفّٰے نیلا تھوتھا کے نقصانات اور علاج۔ یہ تانبہ کی اُپدھات ہے
نقصان بھی قریب قریب وہی خیال کرو۔ جنبھیری لیموں کا رس پینے سے یا دھان
کے چاول کا پانی پینے سے فساد دور ہوتے ہیں۔

کچے کشتہ ابرک کے نقصانات اور علاج۔ بہت قسم کے امراض
پیدا کرتا ہے۔ بلکہ درجہ موت تک جلدی ہی پہنچا دیتا ہے۔ السی کو آنولہ کے رس
میں پیس کر چند یوم استعمال کرنے سے آرام ہوتا ہے۔

غیر مصفّٰے ہڑتال کے نقصانات اور علاج۔ جذام۔ پاگل پن۔ چت کے
روگ اور فوراً موت ہو سکتی ہے۔ زیرہ سفید میں مصری ملا کر استعمال کرنے سے
... آرام ہوتا ہے۔

غیر مصفّٰے شنگرف کے نقصانات اور علاج۔ جذام۔ نامردی۔ بادگولہ
سر میں چکر اور کئی قسم کے امراض بلکہ موت تک ہو سکتی ہے۔ پارہ کے مانند اس
کا علاج کرنا چاہئے۔

غیر مصفّٰے کھریا کے نقصانات اور علاج۔ قے۔ غشی پیدا کرتا ہے۔ اور
کئی قسم کے امراض ہو جاتے ہیں۔ پیشاب گائے ایک ہفتہ پینے سے کل خرابی
دور ہوتی ہے۔

غیر مصفّٰے ٹینسل کے نقصانات اور علاج۔ پتھری۔ سوزاک۔ منداگنی
اور قبض پیدا کرتا ہے۔ دودھ گائے میں شہد ملا کر تین چار روز استعمال کرنے
سے خرابی دور ہو جاتی ہے۔

غیر مصفّٰے سوہاگہ کے نقصانات اور علاج۔ قے۔ سر درد اور چکر پیدا

کرتا ہے۔ اسلئے اس کو آگ پر کھیل بنا کر استعمال کرنا لازمی ہے۔

غیر مصفّےٰ شلاجیت کے نقصانات اور علاج۔ جلن۔ بے ہوشی۔ چکر۔ فساد خون۔ منداگنی اور قبض پیدا کرتی ہے۔ کالی مرچ اور گھی ملا کر استعمال کرنے سے خرابی دور ہوتی ہے۔

افیون غیر مصفّےٰ کے نقصانات کا علاج۔ بڑی کٹیلی کا رس چار تولہ دودھ کے ہمراہ پینے سے زہر دور ہوتا ہے۔ سہاگہ۔ نیل۔ نیلا تھوتھا۔ پیس کر اور گھی میں ملا کر نوش کریں۔ تو بذریعہ قے زہر دور ہوتا ہے۔ یا پانچ رتی سیندھا نمک پیپل۔ مین پھل کی چھال گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرنے سے زہر دور ہوتا ہے

دھتورہ غیر مصفّےٰ کے زہر کا علاج۔ تخم بینگن کا رس چار تولہ پینے سے زہر دور ہوتا ہے۔ اور بنولہ کو پانی میں ابال کر پلانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ یا گائے کے گھی میں مصری ڈال کر گرم گرم پی لیں قریباً آدھ سیر۔

غیر مصفّےٰ جمال گوٹہ کے نقصانات کا علاج۔ دھنیا اور مصری دہی میں ملا کر استعمال کرنے سے کل تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔

غیر مصفّےٰ گھونگچی کے نقصانات کا علاج۔ چولائی کے رس میں مصری ملا کر پینے سے اس کا زہر دور ہوتا ہے۔ شہد۔ چھوہارے۔ کشمش۔ ترش انار۔ فالسے اور آنولوں کو ملا کر کھانے سے بھی زہر دور ہوتا ہے۔

غیر مصفّےٰ بھانگ کے زہر کے نقصانات کا علاج۔ سونٹھ کا سفوف گائے کی دہی کے ساتھ کھانے سے بھانگ کا زہر دور ہوتا ہے۔

کنیر کے زہر کے نقصانات کا علاج۔ مصری ملا کر بھینس کا دودھ یا دہی یا مدار کی چھال پیوے تو زہر دور ہوتا ہے۔

تھوہر کے نقصانات کا علاج۔ ٹھنڈے پانی میں مصری ملا کر پینے سے

नानुसार)
(Tropica) में भी
स्थान है, जहाँ के
सुन्दर है।
का कथन है, कि
बहुत कुछ नसल पर भी
निर्भर है, और सावधानी
व स्वच्छता सर्वथा
य को बढ़ा देती है।
उत्पत्ति के समय
चर्म स्वस्थ, गाढ़,
कोमल,मखमल सा हो
है। यदि सावधानी की
जाये, तो बहुत कुछ
की रक्षा हम कर सकते
हैं। डाक्टर
जी.सदरलैण्ड लिखते हैं

[illegible] (एक सीसाना, रंग में यद्यपि यह बाहरी पर्त [illegible] होता है, परन्तु फिर भी रक्त ढंपन पीतता लिए मुलेह भी होती है इस कारण कि यहां वह रंगदार द्रव्य बहुत कम होता है। इन बातों से इसको पता लगता है कि रंगत को कैसे साफ़ रख सकते हैं।

"सारांश यह है कि बाह्य पर्त को स्वच्छ रक्खा जावे, यह सदा चमकती रहे, और लाल वर्ण रक्त का वर्तमान रहे। बाज़ [illegible] विषैला द्रव्य रखते हैं, जिनको त्वचा का आहार कहा जाता है। इनमें केवल चरबी या रोग़न होता है, वास्तव में त्वचा को आहार रक्त ही से प्राप्त होता है। गंधक को लोग चमड़े को साफ़ करने वाला कहते हैं परन्तु कोई इतना प्रभाव नहीं रखती है"। ([illegible]).

रक्त का सम्बन्ध रूप से।

रक्त के साथ रूप का बड़ा सम्बन्ध है। डाक्टर व्यायड लैनर्ड साहिब लिखते हैं:—

"त्वचा की सफ़ेदी चमक और रंगत सदैव रूप के सहकारी समझे गए हैं। चेहरे की आकृति कैसी ही सुन्दर क्यों न हो, खाल के फीकेपन या कुरूपता से सारी शोभा दूर हो जाती है। खाल पर फुंसियां दाग़, धब्बे, झुर्रियाँ आदि से भी रूप थोड़ा बहुत नष्ट हो जाता है। रक्त वह वस्तु है जो कि [illegible] की एक बड़ी सीमा तक अपने आधीन रखती है"।

[illegible] سے زہر دور ہوتا ہے۔ گمن ملاریب کرنے سے
علاوہ اس کے زہر کا علاج۔ [illegible] بار رس اور گمن ملاریب کرنے سے تکلیف دور ہوتی ہے۔
[illegible] ہوتی ہے۔ [illegible]۔ گمن۔ ملاریب کرنے سے [illegible]

دھات

سونا۔ چاندی۔ [illegible]۔ تانبہ۔ قلعی۔ سیسہ۔ کانسی یا پیتل۔ جست۔

در اصل دھاتو تو سات ہی ہیں کیونکہ کانسی اور پیتل تو بنائے جاتے ہیں۔ ان
کی جگہ جست کا نمبر خیال کر کے سات ہی دھاتو ہوتی ہیں۔
سات دھاتوں کے واسطے ویدک میں "سپت لوہ" اور کسی جگہ "اشٹ لوہ"
بھی کہا جاتا ہے۔ جب اشٹ لوہ کہا جاوے۔ تو کانسی اور پیتل کو بھی سمجھ لینا
چاہیے۔ ان دونوں مصنوعی دھاتوں کو ایک ہی سمجھنا چاہیے۔ جس طرح انسانی
جسم کے اندر۔ رس۔ خون۔ گوشت۔ چربی۔ ہڈی۔ مجا اور ویرج یہ سات
دھاتو ہیں۔ [illegible] ان کو بھی سپت دھاتو کہتے ہیں۔ دھاتو کے اصلی معنے جسم کو دھارن
کرنے والا ہے۔ چونکہ سونا۔ چاندی۔ لوہا۔ وغیرہ بھی بڑھاپا اور بیماری
کو دور کر کے جسم کو اٹھاتے ہیں۔ اور جسمانی دھاتوں کو بڑھاتے اور مضبوط کرتے
ہیں۔ ان دھاتوں کا جسمانی دھاتوں سے ضرور کوئی خاص تعلق ہے۔ اور اسی
لئے ہر ایک دھات کا جسم کے کسی خاص حصہ پر ضرور کوئی خاص اثر پڑتا ہوگا۔
ہمارے رشی منی اور بزرگوں نے پوری تحقیقات کے بعد ہی یہ سب معجزے
دکھلائے ہیں۔ جن کا عام آدمیوں کو خواب میں بھی خیال نہیں ہو سکتا ہے۔

دھاتوں کا شدھ کرنا

اگرچہ ان دھاتوں کی صفائی و شدھی علیحدہ علیحدہ طریقہ سے بھی ہوتی ہے۔

جن کا ذکر موقعہ بموقعہ سے کیا جاویگا۔ لیکن عام طریقہ یاد رکھنے والی ان کی صفائی کا جنرل شدھی یہ ہے کہ آسانی سے پگھلنے والی دھاتوں کو پگھلا کر اور جو مشکل سے پگھلتی ہیں ان کے باریک پتر کرکے آگ میں سرخ کرکے سات سات دفعہ تیل، چھاچھ، کانجی۔ پیشاب گائے۔ اور کلتھی کے جوشاندے میں بجھاویں یا پگھلا کر بجھاویں۔ یعنی ایک بار سرخ کرکے یا پگھلا کر بجھاویں۔ پھر دوبارہ، سہ بارہ اسی طرح سے سات بار سرخ کرکے یا پگھلا کر بجھاویں۔ پھر بلا خوف کشتہ جات بنانے کے کام میں لاسکتے ہیں۔

خاص ہدایت سیسہ یا قلعی جب پگھلا کر کسی کانجی۔ چھاچھ وغیرہ میں ڈالی جاتی ہیں۔ تو وہ بارود کی طرح سے آواز کرکے اوپر کو اڑ کر جسم کے کسی حصہ پر پڑ جاتی ہیں۔ اور سخت نقصان پہنچاتی ہیں۔ لہذا ایسی چیزوں کو چھاچھ وغیرہ میں ڈالنے سے پہلے برتن کے منہ پر کوئی ڈھکن ضرور رکھنا چاہئے۔ اور ڈھکن پر وزن ہے تاکہ اوپر کو نہ اٹھ سکے۔ ڈھکن کے درمیان ایک سوراخ ہونا چاہئے۔ اسی سوراخ سے پگھلا کر ڈالنا چاہئے۔ سوراخ کے اوپر حقہ کی چلم کی طرح سے کوئی چیز رکھنا بہتر ہے ایسی حالت میں پگھلی ہوئی چیز دھات اڑ کر ڈھکن میں لگ جاتی ہے۔

کانجی۔ کشتہ جات کے بارے میں اکثر جگہ صفائی کے لئے کانجی کا ذکر آتا ہے۔ وہ اس طرح پر تیار کرنا بہتر ہے۔ مٹی کے گھڑے کو لیکر اس کے اندر سرسوں کا تیل تھوڑا لگا دیویں۔ اور تازہ پانی ڈال کر چاول ساٹھی۔ جو۔ مونگ۔ اڑد۔ گندم۔ مٹر وغیرہ جس قدر اناج مل سکیں تھوڑے تھوڑے ڈالدیں۔ اس کے ساتھ ہی تھوڑے بانس کے پتے ڈالدیں۔ پھر سیندھا نمک۔ رائی۔ زیرہ۔ ہینگ۔ سونٹھ۔ ہلدی ملادیں۔ زیادہ ترشی کرنا ہو تو رائی کچھ زیادہ ڈالیں۔ بعد ازاں اڑد کے بڑے پکوڑے ڈالدیں۔ تین چار روز کے بعد ہی ترشی کی بو آنے لگتی ہے۔ کانجی تیار سمجھیں۔ اور کام میں لادیں۔ اگر جلدی کا کام ہو اور کانجی تیار نہ ہو سکے تو بازاری بھلوں، گاجر وغیرہ کی کانجی

پارہ کے نقصانات کو دفع کرنے کی جنرل ہدایتیں

[illegible] کشتہ جات پارہ [illegible] ہو سکتا ہے۔

اگر کسی نے کشتہ پارہ کا کھا لیا ہو جس سے جسم پر ابرص نمودار ہو گئے ہوں۔ تو اس کے واسطے پہلے برگ کوئی سبز، آب برگ رام تلسی۔ ایک ایک تولہ آدھ پاؤ پانی میں ملا کر پلایا کریں۔ دس روز میں بالکل صحت ہو جاویگی۔ اگر امتحان کرنا ہو تو پیشاب کو کسی برتن میں جمع کرتے جاویں۔ اور تہ نشین نمک نکال کر شہد سہاگہ کی برابر وزن [illegible] ذریعہ چرخ دے کر زندہ کر کے وزن کشتہ کھائے ہوئے کا برابر وزن ہیں۔ اگر بدن پھوٹ بھی پڑا ہوگا تو صحت ہو جاویگی۔ عجیب نسخہ ہے۔

سونا सोना

سنسکرت۔ سورن، کنک، ہیم، وغیرہ وغیرہ بہت سے نام ہیں۔ عربی نام ذہب۔ ہندی میں سورن، سونا۔ تلنگی نام بنگارم۔ انگریزی۔ گولڈ۔ مرہٹی نام سونے۔ کرناٹکی چنا ہسورن۔ بنگالی۔ سونا۔ لاطینی نام آرم۔ گجراتی۔ سونو۔ فارسی طلا۔ کیمیاوی نام شمس۔ خورشید۔ آفتاب۔ ذہب۔ کمتون۔ کنک بلی بستہ۔ کنچن۔ کندن۔ وغیرہ ناموں سے بھی موسوم کرتے ہیں۔

سونے کی پیدائش۔ سنتے ہیں کہ آسٹریلیا میں ایسی کانیں بھی ملی ہیں جہاں پر سونا سونے کی شکل میں ہی برآمد ہوتا ہے۔ لیکن عام بات تو یہ ہے کہ سونا اور دھاتو مٹی، ریت وغیرہ کے ساتھ ملا ہوا رہتا ہے۔ ہندوستان میں میسور کی طرف اس کی کچھ کانیں ہیں۔ امریکہ، افریقہ میں بھی کئی جگہ ہیں۔ ولایت میں جا کر صاف ہو کر ہندوستان کے اندر کروڑوں روپیہ کا فروخت ہوتا ہے۔ مثل نب وغیرہ کی معرفت اُن کی ولایت سے آتا ہے۔ اور اُس کو عمدہ سونا خیال کرتے ہیں۔ یہ بات

سب دھاتوں سے افضل ہے۔ مقوی قلب و دماغ اور مفرح ہے۔ خفقان۔ طحال۔ یرقان۔ بواسیر۔ جذام اور تمام سوداوی امراض۔ تاریکی ضعف بصارت وغیرہ کو دفع کرتا ہے۔ اگر خالص سونا منہ میں رکھ کر دیا جاوے تو نیند میں نہیں ڈرتا۔ اس کے دیکھنے سے بھی دل و دماغ اور آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچتی ہے۔ اگر پارہ کو سونے کے ہمراہ ملا کر گولہ بنایا جاوے اور پانی میں اُبال دے کر پیا جاوے۔ تو دل و دماغ کی طاقت اور قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔ سینہ میں رکھنے سے دلیری اور قوت آتی ہے۔

خواصِ کشتہ سونا

درد سر لو رمانا۔ خفقان۔ مالیخولیا۔ وسواس کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں اور بصارت کو تیز کرتا ہے۔ کھانسی و دمہ کو بھگاتا ہے۔ مرض سل و دق میں سریع الاثر ہے۔ بدن کو طاقت دے کر عمر کو بڑھاتا ہے۔ صحت کو قائم رکھتا ہے۔ اس کے استعمال سے بڑھاپا دور۔ چہرہ سرخ۔ بدن قوی۔ حرارت عزیزی زیادہ۔ منی پیدا اور غلیظ ہوتی ہے۔ الغرض جس طرح انسان اشرف المخلوقات ہے اسی طرح سونا بھی اشرف المستطرقات ہے۔ تمام انسانی طاقتوں کا محافظ ہے۔

کشتہ بنانے کے واسطے کیسا سونا لینا چاہیے

سب سے عمدہ اوّل درجہ کا سونا لینا چاہیے۔ اور نیشنل بنک یا چارٹر بنک کا سونا یا اشرفی جو کہ خالص سونے سے بنتی ہے۔ وہی لینا چاہیے۔

طریقہ جات صفائی

سونے کے باریک پتر کر کے اس کو آگ میں سرخ کر کے سات سات بار یا کم از کم تین تین بار۔ تل تیل۔ چھاچھ۔ کانجی۔ پیشاب گائے۔ ترپھلہ یا کلتھی کے جوشاندہ میں بجھا دیں۔ اگر سونا ایک تولہ ہو تو کلتھی یا ترپھلہ ایک چھٹانک آدھ سیر پانی میں ملا کر جوشاندہ کر لینا کافی ہے۔ کسی چیز کو آنچ پر خوب لال کر کے یا پگھلا کر پانی میں ڈال دینے کو بجھانا یا پاٹ دینا کہتے ہیں۔

[illegible] اگر خالص اول ڈال دیوے تو بہتر ہے۔ سی تل وغیرہ تھوڑا ڈال کر بجھا دیں۔ [illegible] سات بار رکھیں۔ کم از کم تین بار تو ضرور وہی تبدیل کر لیا جائے۔

[illegible] سب دھاتوں کی تبدیلی کے واسطے خیال کریں۔

[illegible] کشتہ کرنے کی ترکیب۔ شدہ سونے کے باریک ورق بنا کر آتشی شیشی میں ڈال [illegible] اس قدر ڈالیں کہ تر بتر ہو جائے۔ پھر اُپلوں کے درمیان رکھ کر آنچ [illegible] دس سیر اُپلوں کی آنچ کافی ہے۔ کشتہ ہو جاویگا۔ پھر شدہ [illegible] کشتہ سونا برابر وزن خوب کھرل کر کے مرچ سیاہ [illegible] اساک کیلیے ایک گولی صبح ہی مکھن یا ملائی [illegible] قوت باہ اور [illegible] گولیاں بنا دیں۔

[illegible] استعمال کریں۔ عجیب چیز ہے۔

[illegible] شدہ سونا یا اشرفی خالص کو باریک پتر کر کے برگ منڈی تازہ کے آدھ پاؤ نغدہ [illegible] گل حکمت کر کے دس جنگلی اُپلوں کی آنچ دیویں۔ اسی طرح تین بار عمل کرنے سے نہایت [illegible] کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک ہے۔

[illegible] سونا۔ پارہ شدہ۔ ہر ایک تولہ تولہ بھر۔ عرق تلسی کے پتوں میں چار پہر برابر کھرل کر کے مٹی کے دو پیالوں میں یا شکوروں میں بند کر کے اور گل حکمت کر کے چار سیر اُپلوں میں پھونک دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں اور پھر اسی طرح کریں۔ تین چار آنچ دینے سے کشتہ ہو جاویگا۔ پیس کر رکھ لیں۔ خوراک ایک چاول۔

[illegible] شدہ گندھک آملہ سار۔ شدہ پارہ۔ شدہ ہڑتال ورقیہ۔ ایک ایک تولہ۔ ورق طلاء۔ موتی ہر ایک تین تین ماشہ۔ پھول کپاس ۵ تولہ۔ سب چیزوں کو پندرہ روز تک [illegible] تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کھرل کریں۔ پھر گولیاں بنا کر آتشی شیشی کو سات بار کپڑ مٹی [illegible] خشک کر کے اس میں ڈال کر شیشی کو ریت کی بھری ہوئی ہانڈی میں اس [illegible] شیشی کا کھلا رہے۔ پھر ہانڈی کو آنچ پر چڑھا کر بیرنی کی لکڑیوں کی آنچ

دین۔ جب شیشی کے منہ سے دھوان نکلنا بند ہو جائے تو آنچ بند کر دین۔ سرد ہونے پر احتیاط سے شیشی سے نکالین۔ اس کا رنگ یاقوت کی طرح سے سرخ ہوگا۔ اس کو "چندرودے" کہتے ہیں۔ گو چندرودے بنانے کے اور بھی بہت سے طریقہ ہیں پہلے بھی ہم ایک بار چندرودے رس تحریر کر چکے ہیں۔ ہر ایک مرض مین علیحدہ علیحدہ انوپان سے استعمال ہوتا ہے۔ یہ طریقہ بہت آسان ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک منقہ یا پان یا مکھن یا ملائی وغیرہ مین کھاوین۔

۵۔ سوا لاکھ پھول گلاب لیکر اُن کا عرق نکالین۔ جس قدر عرق ہو پھر اُس سے دوبارہ سہ بارہ عرق کشید کرین تا کہ آخری وزن عرق کا دو سیر رہ جائے پھر ایک تولہ ورق سونا یا شدھ سونا لیکر کھرل مین ڈال کر آدھ پاؤ عرق سے کھرل کرین۔ پھر دو پیالوں مین گل حکمت کرکے بیس سیر اُپلوں کے گڑھے مین آنچ دین۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر آدھ پاؤ عرق سے کھرل کرکے بیس سیر اُپلوں کی آنچ دین۔ تیسری بار پھر اسی طرح سے دین۔ چوتھی بار ڈیڑھ چھٹانک عرق سے کھرل کرکے پندرہ سیر اُپلوں کی آنچ دین پانچوین اور چھٹی بار بھی اسی طرح سے۔ ساتوین بار ایک چھٹانک عرق سے کھرل کرکے دس سیر کی آنچ۔ آٹھوین اور نوین بار بھی اسی طرح سے۔ پھر دسوین بار نصف چھٹانک سے کھرل کرکے ۵ سیر کی آنچ دین۔ اسی طرح گیارہ بار یعنی بیس آنچ پوری کرین۔ جس آنچ مین ایک سیر پندرہ تولہ عرق ختم ہوگا۔ پھر دو تولہ عرق سے کھرل کرکے ڈھائی سیر اُپلوں کی آنچ دین۔ اسی طرح ۳۲ بار آنچ دین۔ کل ۵۲ آنچ مین تمام عرق ختم ہو جاویگا۔ پھر گاؤزبان۔ پھول گاؤزبان۔ پھول نیلوفر۔ پھول کیوڑہ۔ برادہ صندل سفید۔ [illegible] لباخیر۔ شگوفہ لیمون۔ جدوار خطائی۔ پھول گڑھل۔ گلوہ۔ پھول موتیا۔ ان بارہ ادویات مین سے ہر ایک بیس تولہ لیکر بدستور بالا عرق نکالین تاکہ ڈیڑھ سیر رہ جاوے لہذا ڈھائی تولہ عرق کھرل کے ذریعہ جذب کرکے ڈھائی سیر اُپلوں کی آنچ دیتے جاوین

کی طرح سے پچاس آنچ اور دین۔ یعنی ایک سو ایک آنچ پوری ہو جادین۔ یہ لاجواب کشتہ تیار ہوگا۔

[illegible] خوراک اس کی نصف سے ایک چاول تک مناسب انوپان سے ہر ایک مرض مین جادو کا اثر دیکھیے۔ ایک بار محنت کرکے بنا لینے سے گویا امرت کا خزانہ آپ کے ہاتھ لگ گیا۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ قوت باہ وغیرہ کے لئے بھی [illegible] کا خزانہ ہے۔

[illegible] برادہ سونا۔ پارہ۔ نوشادر۔ ایک ایک تولہ۔ پہلے برادہ اور پارہ کو یہان تک کھرل کرین کہ ایک ذات ہو جاوین۔ پھر نوشادر ملا کر سرکہ انگوری سے کھرل کرین اور خشک ہونے پر دو پیالوں مین جوہر اُڑا دین۔ جو کچھ اوپر کے پیالہ مین جا لگے اُس کو نیچے والی دوا سے کھرل کرتے اور جوہر اُڑاتے رہین۔ جب پارہ کا وزن کم ہو جایا کرے تو اور پارہ شامل کر دیا کرین۔ اسی طرح برابر عمل جاری رکھین جب تک تمام سونا جوہر بن کر اوپر نہ جا لگے۔ یہ کام ذرا مشکل سے ہوتا ہے ہمت نہ ہارین۔ تقریباً ایک ماہ لگ جاتا ہے۔ یہ [illegible] اپنے فوائد مین سورج کے برابر ہے۔ نام بھاسکر رس کہلاتا ہے۔ یہ ایک رسائن ہے۔ جو تمام امراض کو جڑ سے اُکھاڑ دیتا ہے۔ خوراک ایک چاول تک مناسب انوپان سے کھائیں۔

[illegible] پارہ۔ گندھک برابر وزن لیکر اُن کو کچنار کے رس مین خوب کجلی کر لو۔ پھر اس کجلی [illegible] سونے کے پتروں پر لیپ کر دو۔ بعد ازان کچنار کی چھال کو باریک پیس کر دو کوزہ [illegible] بنالین۔ درمیان مین سونے کے پتر رکھ کر مٹی کے دو پیالوں مین اُس کو رکھ کر [illegible] ٹھیک سے گل حکمت کرین۔ اور خشک ہونے پر خوب تیز آنچ دیدین۔ [illegible] طرح تین آنچ دینے مین عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

[illegible] ایک ماشہ لیکر کھرل سے کر کر عرق کھینچتے جاوین۔ آخیر مین جب ہوا

سیر عرق رہ جاوے۔ بہت ہی تیز بو اور تیز ہوگا۔ پھر ورق طلاء دو تولہ کو اس عرق کے
ساتھ سنگ سماق کے کھرل میں ڈال کر کھرل کرتے رہیں تاکہ تمام عرق جذب ہو جاوے
اور مانند غبار کے ہو جاوے تو شیشی میں رکھ لیں۔ خوراک نصف چاول سے ایک
چاول تک مربہ سیب یا بہی یا شربت انار و عرق کیوڑہ کے ہمراہ چالیس یوم استعمال
کریں۔ ترشی۔ نمکین اور جماع سے تا استعمال پرہیز لازمی ہے۔

۹۔ پارہ دو تولہ کو پچاس بار کپڑا مضبوط میں چھان کر تین تولہ ورق سونا اس کے ساتھ
کھرل میں ڈال کر خوب حل کریں۔ تاکہ دونوں میں شناخت باقی نہ رہے۔ پھر موتی [illegible]
سوراخ والے ایک تولہ۔ شدہ شنگرف رومی ۶ ماشہ ملا کر دس روز متواتر عرق لیموں کاغذی
سے کھرل کر کے پتلی پتلی ٹکیاں بنا دیں۔ اور خشک کر لیں۔ پھر مٹی کے دو پیالوں میں نہایت
مضبوطی سے گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر شیشی میں رکھیں
بعد ایک سال کے استعمال کریں۔ خوراک ایک سے دو چاول تک مکھن یا ملائی میں
غذا مرغن ہو۔ دیگر امراض میں بھی انوپان سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ اکسیر مجرب ہے۔ مثل
مشہور ہے کہ مرتے وقت بھی ایک بار تو طاقت گویائی دے دیتا ہے۔ یہ نسخہ بھی
"چیند زودے" کے نام سے ہے۔

۱۰۔ ایک تولہ سونا خالص کا برادہ کر کے ڈیڑھ بوتل شراب انگوری میں کھرل کریں۔ جب
سب شراب ختم ہو جاوے ٹکیہ بنا لیں۔ ایک اُپلہ میں جگہ بنا کر جولائی خاردار ایک چھٹانک
کا پھل پختہ دو تولہ اوپر سے ٹکیہ سونا والی ٹکیہ کے اوپر پھر جولائی اور کا پھل بدستور
رکھ کر اوپر سے دوسرا اُپلہ رکھیں۔ اور ہوا سے محفوظ جگہ پر آٹھ سیر اُپلوں میں آنچ دیں۔
اسی طرح پانچ آنچ دیں۔ لیکن پہلی دفعہ کے بعد آب انار یا آب ادرک سے کھرل کر کے
آنچ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک بقدر ایک یا دو چاول ہمراہ لبوب صغیر یا لبوب کبیر۔
عجیب شے ہے۔

"जिनको विज्ञान का ज्ञान नहीं है, वह कहते हैं कि मनुष्य की रङ्गत को बदलना असम्भव है, और ऐसा करने का उद्योग ईश्वर के काम में हस्ताक्षेप करना है। परन्तु उनको मालूम नहीं है कि जब रङ्गत ईश्वर हमको बालकाल में दे चुका है, इस लिए हम रङ्गत को उत्पन्न नहीं करते वरन् जो कुछ हमारा था उसको वापिस लाते हैं। इसमें कुछ सन्देह नहीं है, कि सावधानी और अभिलाषा से हम अवश्य रङ्गत को बदल सकते हैं। और सन्तान में भी यह अभिलाषा बनी रहे तो रंगत गोरी होती जावेगी। यदि गोरी न हो जावे तो इसमें तो कोई सन्देह नहीं कि साफ़ और कोमल हो सकती है।

(सौन्दर्यहीन आस्ट्रेलिया की स्त्री)

آسٹریلیا کی جنگلی عورت

आहार का प्रभाव रङ्गत पर

आहार का प्रभाव रङ्गत पर प्रकट होता है। फलों का रस रङ्गत को निखारता है, और चेहरे पर लाली उत्पन्न करता है। डा० ब्यायड लैनर्ड: साहिब लिखते हैं कि गरम पानी रंगत को इस लिये साफ़ करता है, कि यह पाचक अङ्गों को सहायता देता [illegible] यकृत को बल देता है। जो वस्तु आहार को पचावे यकृत को बल दे, वही चेहरे की रङ्गत स्थिर रखने के लिये हितकर होती है। इसके अतिरिक्त वह लिखते हैं, कि यदि लोग फलों का अधिक सेवन करें तो डाक्टरों की लम्बी चौड़ी फ़ीसों से भी बचें, और उनका चेहरा भी साफ़

(कन्धों की सुन्दरता । मालूम नहीं होता कि
गर्दन कहां समाप्त होती है और कन्धे कहां से आरम्भ होते हैं)

کندھے

سونے کے کشتہ کی شناخت۔ کشتہ وانے لیموں میں حل کریں۔ اگر سرخ رنگ نمودار ہو تو کشتہ کامل اور ٹھیک ہے۔ ورنہ [illegible] کریں۔

चाँदी

چاندی

سنسکرت نام۔ روپیہ۔ شویت۔ کمرجور۔ چندر کانتی۔ چندر بھوتی وغیرہ وغیرہ۔ ہندی۔ چاندی۔ روپا
کرناٹکی۔ ویلی۔ لاطینی نام ارجنٹم۔ Argentum مرہٹی نام روپیں و چاندی۔ گجراتی روپوں۔
بنگالی۔ روپ۔ فارسی نام نقرہ۔ تلنگی۔ اینڈی۔ کیمیادی نام
عربی نام فضہ۔ انگریزی۔ سلور (Silver)
قمر۔ سفید۔ ساہ۔ رکمی۔ زر سفید۔ فلک اول۔ بیضا وغیرہ۔

پیدائش۔ بموجب ویدک چاندی تین قسم کی ہوتی ہے۔ ایک سہج۔ کھنج۔ کرترم۔ جو کیلاش پربت میں اصل صورت میں پیدا ہوتی ہے۔ وہ سہج کہی گئی ہے۔ اس کے پاس رکھنے سے ہی امراض دور ہوتے ہیں۔ کان سے پیدا شدہ چاندی کھنج کہی جاتی ہے۔ اور کرترم بناوٹی چاندی کو کہتے ہیں۔ جو پارہ قلعی وغیرہ سے کیمیا گر بناتے ہیں۔ کانوں سے نکلی ہوئی کئی تراکیب سے صاف کی جاتی ہے۔ ولایت سے صاف ہو کر ہاتھی ہوڑ مارکہ کی اصل چاندی آتی ہے۔ ہمارے یہاں اینٹ کی چاندی مشہور ہے۔ وہ صاف کی ہوئی عمدہ چاندی ہے۔

کشتہ کے واسطے کیسی چاندی لینا چاہئے۔ جو صاف مضبوط لیکن نرم چکنی۔ بنانے اور توڑنے پر سفید نکلے۔ بھاری اور سنکھ کی طرح سفید ہو۔ ہتھوڑے کی چوٹ سے نہ پھٹنے والی بلکہ بڑھنے والی ہو۔ غرضیکہ عمدہ ہونا چاہئے۔

طریقہ جات صفائی۔ چاندی کے پترے کرکے اور سونے کی طرح سے ہی تپا تپا کر تیل۔ چھاچھ۔ پیشاب گائے۔ کانجی۔ ترپھلہ۔ یا کلتھی کے جوشاندے میں سات سات

بار بجھانے سے شدہ کشتہ کے قابل ہوتی ہے۔

فوائد۔ چاندی کا کامل کشتہ۔ ہاضم طعام۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ مقوی جان و
باہ۔ منی کثرت سے پیدا کر کے گاڑھا بناتا ہے۔ بدن کو موٹا اور رنگ کو نکھارتا ہے۔ سل
اور دق میں مفید ہے۔ مالیخولیا۔ خفقان اور غشی کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔

ترکیب کشتہ جات

۱۔ دیسی راج دلالی خالص چاندی کا روپیہ شدہ کر کے باریک گول پتر بنا لیں۔ پھر ہڑتال
ورقیہ ایک تولہ کو ایک عدد کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ اور اس کو روپیہ کے
پتر پر دونوں طرف لیپ کر کے دو شکوروں میں گل حکمت کر کے آدھ سیر اپلوں کے
درمیان رکھ کر آنچ دیویں۔ اسی طرح چودہ مرتبہ۔ ہر بار ایک تولہ ہڑتال عرق لیموں میں
کھرل کر کے لیپ چڑھا کر آنچ دیتے رہیں۔ پھر پیس کر شیشی میں رکھ لیں قوت باہ وغیرہ
میں بہت مفید ہے۔ خوراک نصف رتی مکھن یا ملائی میں۔

۲۔ نوشادر۔ پھٹکری۔ نمک۔ سنکھیا۔ سہاگہ۔ ہر ایک تولہ بھر۔ کھرل کر کے جوہر
اڑا لیں۔ پھر اس جوہر کو روپیہ اصل چاندی یا شدہ چاندی کے پتروں پر دونوں طرف لگا
کر گل حکمت کر کے چار سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اس طرح تین بار آنچ دینے سے عمدہ کشتہ
ہو جاویگا۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک مکھن میں۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ قوت باہ
میں از حد مفید ہے۔

۳۔ گھونگچی سفید دس تولہ کوٹ چھان کر دودھ آک میں تین پٹ دے کر سایہ میں خشک
کریں۔ پھر نقدہ بنا کر ایک تولہ شدہ چاندی کے پتروں کو درمیان میں رکھ کر دس سیر
اپلوں کی آنچ بند ہوا میں دیویں۔ اسی طرح تین بار بدستور دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔
ہر بار دس تولہ گھونگچی دودھ آک میں تین بار پٹ د[illegible] ہوگا۔ خوراک نصف

[illegible] آگ۔ چند دنوں میں سرخ کر دیتا ہے۔ بہت مقوی باہ ہے۔ آزما کر فائدہ
[illegible] تولہ جنگلی گوبھی کے رس میں کھرل کر کے روپیہ یا چاندی کے
[illegible] پھر جنگلی گوبھی کی جڑ کا نقدہ کر کے اس کے درمیان روپیہ رکھ کر تین سیر جنگلی
[illegible] گڑھے میں رکھ کر ہوا سے بچا کر آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔
[illegible] پھر اس کو مٹی کے پیالہ میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ اور تین تولہ ملائی
[illegible] پھر پیس کر شیشی میں رکھیں۔ خوراک چوتھائی رتی سے نصف تک
[illegible] بہت عمدہ درجہ اول کشتہ ہے۔ بھوک بہت لگاتا ہے۔ روغن زرد کا
استعمال خوب کریں۔ از حد مقوی باہ ہے۔

۵۔ چاندی شدہ کا خوب باریک پتر ایک تولہ آگ میں لال کر کے دودھ آک میں ۱۰
بار بجھا دیں۔ پھر ایک پاؤ ریٹھے کو بیج وغیرہ سمیت باریک کر لیں۔ اور دودھ آک
یا آک کے پتوں کے رس میں مل کر نقدہ بنا دیں۔ پتر کو اس نقدہ میں بند کر کے اس
پر ایک سیر کپڑہ پورانہ لپیٹ دیں۔ اور ہوا سے محفوظ جگہ اس پر ایک انگارہ رکھ دیں۔
کشتہ ہو جاویگا۔ نکال کر پیس لیں۔ خوراک نصف رتی مکھن سے استعمال کریں۔

۶۔ شدہ چاندی کا پتر کاغذ کے مانند باریک کر لیں۔ اس کو آگ میں سرخ کر کے اکتالیس
بار درخت جامن کے رس میں سرد کریں۔ پھر اسی کے ایک سیر نقدہ میں لپیٹ کر دو سیر
اپلوں کی آنچ دیں۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک مکھن میں۔ از حد مقوی باہ ہے۔

۷۔ شدہ پتر چاندی ایک تولہ کو آگ میں تپا تپا کر زہر ہلاہل کے پانی میں سوا سو مرتبہ
بجھا دیں۔ پھر دودھی چھوٹی کا آدھ پاؤ نقدہ بنا کر پتر کو درمیان میں رکھ کر دو شکوروں
میں گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں۔ دو آنچ میں عمدہ کشتہ ہو جاویگا۔ ہر مرض میں
مناسب انوپان سے دے سکتے ہیں۔

کاغذی لیموں۔ پھر تین بار لعاب گھی کنوار سے کھرل کرکے گولیاں دانہ ماش کے
برابر بنالیں۔ خوراک صبح شام ایک ایک گولی۔ ذیابیطس کیلئے صدر درجہ اکسیر ہے
۴۔ برادہ فولاد تین تولہ کو رنگ کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ اور ٹکیہ
بنالیں۔ پھر ایک عدد موٹی میں سوراخ کرکے وہ ٹکیہ رکھیں۔ اور سوراخ کو
موٹی سے بند کرکے گل حکمت کریں۔ اور پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر
تین گھنٹہ عرق لیموں میں کھرل کرکے دوبارہ موٹی میں پندرہ سیر اپلوں کی آنچ
دیں۔ اسی طرح اگر سو بار آنچ دیں تو کمال کا کشتہ ہوگا۔ کم از کم پچاس بار تو ضرور دیں۔
ہر بار عرق لیموں میں بدستور کھرل کرنا چاہیے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ سفوف الائچی
خورد مکھن میں ملائی میں ملاکر استعمال کریں۔ عجیب چیز ہے۔

۵۔ برادہ فولاد آٹھ تولہ۔ سیماب (پارہ) آٹھ ماشہ۔ دونوں کو شراب برانڈی میں
خوب کھرل کرکے ٹکیہ بنالیں۔ اور دو مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کرکے ایک سیر جنگلی
اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر آٹھ ماشہ پارہ کے ہمراہ کھرل کرکے بدستور آنچ دیں
اسی طرح بدستور آٹھ آنچ جب ہو جاویں تو پھر چار ماشہ سنکھیا ڈال کر ہمراہ برانڈی
کھرل کریں۔ اور ایک پاؤ اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر اسی طرح سنکھیا چار ماشہ شامل کرکے
اور شراب برانڈی میں کھرل کرتے ہوئے اکیس آنچ دیں۔ یعنی سب ملاکر ایک سو
ایک آنچ پوری کریں۔ بعد ازاں کھرل کرکے ایک شیشی میں ڈال کر اور منہ بند کرکے
اکیس روز گندم کے غلہ میں دبا دیں۔ پھر نکال لیں۔ کشتہ نارنجی رنگ کا ہوگا۔
خیال رہے کہ ہر دس آنچ کے بعد پیالوں کو تبدیل کر لیا کریں۔ یہ اول درجہ کا کشتہ
ہے۔ خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن۔ اگر سردی کے دنوں میں ایک ہفتہ کھا لیا جاوے
تو تمام سال اس کی قوت رہتی ہے۔ یہ کشتہ جس قدر پرانا ہوگا اسی قدر زیادہ مفید
ہے۔ اسکے کھانے والا اون سفر و عورتوں کی تسلی کر سکتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

सिरका भारी व बादी पदार्थ, रक्त दूषित करने वाले पदार्थों के खाने से रक्त खराब होती है।

(प्रसिद्ध निसिन चिकित्सा ग्रन्थ)

लण्डन का एक समाचार पत्र सुन्दर बनने के लिये निम्न लिखित उपाय लिखता है:—

"प्रातः फल खाओ, मध्यान्ह को फल खाओ, मैदे के पदार्थ पूरी आदि से परहेज़ करो, और इसी प्रकार मैदा की बनी हुई

دین ۔ بعدازان شراب برانڈی ایک چھٹانک شامل کرکے کھرل کرین ۔ اور سات آنچ
اسی طرح سے دین ۔ اپلون کا وزن ۵ سیر ہے ۔ شنگرف کا وزن ۲ ماشہ ہے ۔ پھر تیسری
بار تین ماشہ شنگرف شامل کرکے روغن بیضہ مرغ چار عدد مین کھرل کرین ۔ اسی طرح
سات آنچ بیضہ مرغ مین کھرل کرکے اور شنگرف شامل کرکے دین ۔ یعنی یہان تک
کل ایک سو تریسٹھ آنچ ہوئین ۔ اب چھ ماشہ افیون شامل کرکے عرق گھی کنوار سے کھرل
کرتے ہوئے اور ایک تولہ پستہ اور سفوف بھانگ ایک تولہ ملا کر گل حکمت کرکے اڑتیس
آنچ ڈھائی سیر اُپلوں کی دیوین ۔ ہر بار چھ ماشہ افیون ، ایک تولہ پستہ ۔ سفوف بھانگ
ایک تولہ شامل کر لیا کرین ۔ کل دو سو ایک آنچ پوری ہو جانے سے نکال کر کھرل کرکے
شیشی مین رکھین ۔ اور چالیس یوم غلہ گندم مین دبا دین ۔ بعد ایک سال یا دو سال کے
استعمال کرین ۔ خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن کے استعمال کرین ۔ اس کی تعریف تحریر سے
باہر ہے ۔ جب تیار کرکے آزمائش کرینگے تو خود بخود حالات روشن ہو جاوینگے ۔ عجیب
چیز ہے ۔

۱۲ ۔ ایک اور فولاد کا عجیب کشتہ جس کے اوصاف بھی یہی ہین کہ ایک ہفتہ مین ہی
نامرد کو کامل مرد بنا دیتا ہے ۔ اس کو ایک بار بنا کر استعمال کرین تو زندگی کا لطف حاصل
ہو جاویگا ۔

شدہ فولاد ریتے ہوئے کو دس تولہ لیوین ۔ اور دن بھر پیشاب گائے سے کھرل کرین
رات کو دو پیالوں مین گل حکمت کرکے دو سیر اُپلوں کی آنچ دو ۔ اور اسی طرح بیس آنچ
دیوین ۔ پھر ترپھلہ کے کاڑھے مین دن بھر کھرل کرین ۔ اور رات کو پندرہ سیر اُپلوں کی
آنچ دیا کرین ۔ اسی طرح ساٹھ بار آنچ دین ۔ یعنی رات کو آنچ دینا اور دن بھر کھرل کرنا ۔
آنچ گڑھے مین دینی چاہئے ۔ پھر گھی کنوار کے عرق یا شیرہ مین دن بھر کھرل کرین ۔ اور
رات کو پندرہ سیر اُپلوں کی آنچ دین ۔ اسی طرح ساٹھ بار آنچ دین ۔ بعدازان مندرجہ

[illegible] کے رس یا کاڑھے مین سات سات پٹ دیوین ۔
[illegible] کیاری ۔ گلندی ۔ گرم ۔ ناگرموتھا ۔ بڑی گنڈری ۔ بن تلسی ۔ دھتورا ۔
[illegible] گگی ۔ سون دوی ۔ بیس پدی ۔ بجگوہ ۔ بھانگرا ۔ رائی ۔ پاتال گڈری ۔ ہلدی ۔
[illegible] چاچ ۔ ان سبھون چیزون مین ۔ یعنی سب کی ایک سو چالیس پٹ ۔ بعد
[illegible] ڈال کر دن بھر دودھ گائے مین کھرل کرین اور پندرہ سیر اُپلون
[illegible] ایک تولہ ۔ اسی طرح یعنی دن بھر کھرل اور رات کو آنچ ۔ پھر شدہ پارہ پانچ تولہ ۔
[illegible] دیوین ۔ اسی طرح پانچ تولہ کھرل مین ڈال کر گھی کنوار کے رس مین دن بھر کھرل کرکے
[illegible] کی آنچ دیوین ۔ اسی طرح سات آنچ دیوین ۔ بعدازان
[illegible] پندرہ سیر اُپلون کی آنچ دیوین ۔ بعدازان ایک بار کستوری
اور رات [illegible] کھرل کرین ۔ اور سات آنچ دیوین ۔ کل ایک سو ساٹھ آنچ ہوگی ۔
شراب برانڈی مین کھرل کرین ۔ اسی طرح تین آنچ دیوین ۔
ڈال کر برانڈی سے کھرل کرین ۔ یہ بھی نمبر دس کے مطابق ہی کام کریگا ۔
خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن استعمال کرین ۔
عجیب چیز ہے ۔

تانبہ
तांबा

سنسکرت نام ۔ تامر ۔ گمبھ ۔ تامرک ۔ اُدمبر ۔ منی تیل ۔ مارک ۔ ستوریا ہتو وغیرہ وغیرہ ۔
فارسی نام مس ۔ لاطینی نام کیوپرم Cuprum بنگالی نام تاما ۔ عربی نام ۔
نحاس ۔ ہندی نام تانبہ ۔ گجراتی نام ترانبو ۔ مرہٹی نام تام بین ۔ کرناٹکی ۔ تامبر ۔
تیلگی نام راگی ۔ انگریزی نام کوپر Copper
کیمیاوی نام ۔ بہرام ، زہرہ ۔ شیرام ۔ راس ۔ اُلمضر ۔ جامرہ ۔ وغیرہ ہین ۔
پیدائش تقریباً ہر ایک ملک مین ہوتا ہے ۔ ہندوستان مین بھی تانبے کی اکثر
کانین ہین ۔ کمائون ۔ گڑھوال ۔ سکم ۔ نیپال وغیرہ مین اس کی کانین ہین ۔ گندھک
سیسہ لوہا وغیرہ دھاتون سے ملا ہوا رہتا ہے ۔ اس کو کئی طریقون سے صاف

کر کے خالص تانبہ نکالتے ہیں۔ پرانے زمانے کے عالم شاہی دنانک شاہی پیسے خالص
تانبے کے ہوتے تھے۔ ہمارے یہاں ویدک میں نیپال کا تانبہ سب سے عمدہ سمجھا
جاتا تھا۔ اس کے علاوہ باقی سب تانبوں کو ملیچھ کہا ہے۔ لکھا ہے کہ نیپال کا تانبہ
چکنا اور رنگ میں دوپہرے کے پتوں کی طرح ہوتا ہے۔ ہتھوڑہ کی چوٹ سہتا ہے
پھوٹتا نہیں ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آجکل بجلی کی تاریں جو کہ ویت سے بن کر آتی ہیں
اُن میں بھی یہ اوصاف ہوتے ہیں۔ مصنوعی تانبہ قدرت کی دوسری چیزوں سے
بھی نکالا جاتا ہے۔ چنانچہ کیچوے اور مور کے پروں سے نکالا ہوا تانبہ اکسیر مانا جاتا ہے
اور لکھا ہے کہ اگر اس تانبہ کی انگوٹھی بنا کر پہنی جاوے تو کوئی زہر اثر نہیں کرتا ہے۔

کشتہ کے واسطے کیسا تانبہ لینا چاہیئے۔ بھاؤ پرکاش میں لکھا ہے۔
جو تانبہ گڑہل کے پھول کی طرح چمکدار۔ چکنا۔ بھاری۔ ہتوڑہ کی چوٹ کو سہارنے
والا اور لوہے۔ سیسے کے جز سے پاک ہو وہی اچھا ہوتا ہے۔ نیپالی تانبہ اچھا ہوتا
ہے۔

طریقہ جات شدہی۔ اس کو خوب اچھی طرح سے شدہ کرنا واجب ہے۔ تانبے
کے پتلے پتروں کو آگ میں خوب لال کر کے مندرجہ ذیل چیزوں میں سات سات
بار بجھانا چاہیئے۔ یعنی تیل تل یا سرسوں۔ چھاچھ۔ پیشاب گائے۔ کانجی۔ کلتھی!
ترپھلہ کا کاڑہا۔ املی کی چھال یا پتوں کا کاڑھا۔ لیموں کا رس۔ گھی کنوار کا رس۔ تھوہر
کا دودھ۔ آک کا دودھ۔ ناریل کے اندر کا پانی اگر نہ ملے تو تیل ناریل۔ شہد۔ ان
بارہ چیزوں میں شدہ کرنا چاہیئے۔

فوائد کشتہ تانبہ۔ اس کے فوائد بے شمار ہیں۔ بشرطیکہ کشتہ کامل اور عمدہ ہو۔
کوئی کوئی مہاتما اور سنیاسی تو اس کے بارے میں یہاں تک کہہ دیتے ہیں۔ کہ
[illegible] یعنی تامیشر (تانبہ) ایک بار تو مردہ کو بھی
زندہ کرے پرمیشر [illegible]

[illegible] بشرطیکہ کامل تیار ہو۔ اسی طرح کشتہ کچا
[illegible] جس طرح سے اس کے فائدے بے شمار ہیں اسی طرح کشتہ کچا
[illegible] نقصانات کی بھی کوئی حد نہیں۔ ویدک میں ایک شلوک ہے جس کا ترجمہ
[illegible] زہر دیتے ہی کہتے ہیں۔ زہر میں تو ایک ہی خرابی ہوگی لیکن تانبہ
[illegible] آٹھ قسم کی یہ خرابیاں ہیں۔ مثلاً قے، غشی [illegible]
[illegible] برباد کرنا۔ شول (درد) ۔ بعض اہل تجربہ کا قول ہے کہ
[illegible] لیکن اس ناقص کشتے کے زہریلے اثر کا کوئی تریاق نہیں ہے۔
[illegible] پورے تجربے اور احتیاط کی ضرورت ہے۔
[illegible] کشتہ کی شناخت۔ جب کشتہ تیار ہو جاوے تو پہلے اس کا امتحان کریں
[illegible] استعمال سے پرہیز لازم ہے۔ اس کشتہ کو دہی میں ملا کر رکھ
[illegible] اگر دہی کا رنگ سبز ہو جاوے تو ناقص ہے ورنہ کامل خیال کریں۔ دوسری
[illegible] ہے اگر کھانے سے جی متلا دے یا پانی بھر آدے تو وہ کشتہ خراب ہے
[illegible] اگر عمدہ کشتہ جو کہ امتحان میں ٹھیک اُترے حاصل ہو جاوے تو بھی بہت
[illegible] مقدار میں اور پان کے ساتھ کھانا چاہیئے۔ اہل فن نے اس کا استعمال نورس کے
[illegible] تجویز کیا ہے۔ نورس میں یہ چیزیں ہیں یعنی پیپل۔ لونگ۔ جوز بوا۔ دارچینی۔ مشک
[illegible] الائچی۔ نارمشک۔ زعفران۔ بسباسہ۔ کشتہ تانبہ برابر وزن ہر ایک
[illegible] بموجب ہدایت خوراک مکھن وغیرہ میں استعمال کریں۔ اس کا کامل کشتہ تمام
[illegible] میں حد درجہ کا مفید ہے۔ بلکہ مرتے ہوئے آدمی کو بھی ایک بار تو طاقت
[illegible] دے دیتا ہے۔

کشتہ جات کی ترکیب

[illegible] پارہ۔ شدھ رانگا۔ ہر ایک تولہ ماشہ کھرل کریں اور تانبہ کے شدھ پتروں پر

کشتہ ہوگا۔ قوت باہ، امساک اور بواسیر میں بے نظیر ہے۔ خوراک نصف رتی مکھن
میں استعمال کریں۔

۷۔ ایک پیسہ کو سوہاگہ کی دو ٹکیوں کے درمیان آدھ سیر نقدہ ململی ببول میں گل حکمت
کرکے ۵ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ پھر پیسہ کو نکال کر رکھ لیں۔ جب کسی جگہ کالا سانپ
مل جاوے اُس کے منہ میں وہ پیسہ رکھ کر سی کر سانپ کو کسی مٹی کے برتن میں گل حکمت
کرکے اس قدر جواسے بچا کر آنچ دیں کہ سانپ کی راکھ ہو جاوے۔ گجپٹ کی آنچ دینے
سے راکھ ہو جاویگی۔ اگر تمام کی راکھ نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ آنچ دیں۔ پھر پیسہ کو پیس کر
شیشی میں رکھیں۔ اور سانپ کی راکھ کو علیحدہ شیشی میں رکھیں یہ کشتہ امرت کے
برابر ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول ہمراہ مکھن۔ اور نزول الماء کیلئے
تین روز سونے کی سلائی سے آنکھ میں لگا دیں۔ حیرت انگیز اثر دکھلائی دیگا۔
سانپ کی راکھ۔ جذام۔ خنازیر ہر قسم اور قوت باہ کیلئے بھی از حد مفید ہے۔ خوراک
نصف سے ایک رتی تک اور بھی سینکڑوں امراضوں میں مناسب انوپان سے استعمال
کر سکتے ہیں۔ چنبل میں ذرا سا تیل لگا کر اوپر سے راکھ چھڑک دیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

۸۔ ڈبل تانبہ کے پیسہ کو ایک پارہ و بنگ میں گل حکمت کرکے دس سیر اُپلوں کی آنچ
دیں۔ پھر ودھاک میں گل حکمت کرکے دس سیر کی آنچ دیں۔ پھر دودھ مدار میں کھرل کر
کے ٹکیہ بنالیں۔ اور مٹی کے پیالہ میں گل حکمت کرکے دو سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ اسی
طرح تین بار آنچ دینے سے برنگ سفید کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک چاول تک مکھن
سے سات روز میں نامرد بھی مردی کا دم بھرنے لگیگا۔ قریب المرگ کو بھی ایک چاول
دینے سے اپنا اثر دکھلائے بغیر نہ رہیگا۔

۹۔ دودھ درخت انجیر۔ دودھ بڑ۔ ہر ایک آدھی چھٹانک ملالیں۔ ایک پیسہ تانگ
شاہی کو آنچ میں سرخ کرکے اس دودھ میں اکیس بار بجھا دیں۔ پھر کنیر سفید کے

پھول ایک چھٹانک لیکر نقدہ بنا دیں۔ پیسہ کو درمیان نقدہ رکھ کر اوپر سے پھلی ببول کا
نقدہ آدھ سیر رکھ کر گل حکمت کرکے تیس سیر اُپلوں میں گڑھے میں رکھ کر آنچ دیں۔
رنگ سفید کشتہ ہوگا۔ اگر ایک آنچ میں نہ ہو تو دوبارہ پھر بدستور آنچ دیں۔ خوراک
نصف سے ایک رتی۔ عجیب چیز ہے۔

۱۰۔ رائی کی گندلان ۵/۲ سیر لاکر صاف کرکے رس نکال کر مٹی کے برتن میں رکھیں۔
پیسہ تانگ شاہی کا پتر بنا کر ایک سو ایک بار آنچ میں لال کرکے اس رس میں بجھا دیں
پھر ان گندلوں کے پھوگ کا نقدہ بنا کر اس میں پیسہ رکھ کر پندرہ سیر کے دو اُپلے
کباب گران کے اندر گڑھا بنا کر وہ نقدہ رکھ دیں۔ اور گوبر سے لیپ کر دیں۔ خشک
ہونے پر بہت سے اُپلوں کے درمیان گڑھے میں آنچ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ
ہوگا۔ تانبہ کے کامل کشتہ کے فوائد اس میں موجود ہونگے۔ خوراک ایک چاول تک۔
ازحد قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ آدمی کے مرتے وقت کستوری کے ہمراہ منہ میں ڈالنے
سے چار گھڑی باتیں کر سکتا ہے۔ قوت اس قدر دینے والا ہے کہ جو استعمال کرتا
ہے وہی جانتا ہے۔

قلعی
रांगा (कलई)

سنسکرت نام۔ رنگ۔ رانگ۔ بنگ۔ چکر۔ سورنج ناگ جیون وغیرہ وغیرہ۔
بنگالی نام۔ رانگ۔ بنگ۔ عربی نام۔ رصاص۔ گجراتی نام۔ کلعی۔ کھرباری کتھیر۔
فارسی نام ارزیر۔ ہندی نام رانگ۔ رانگا۔ بنگ۔ قلعی۔ انگریزی نام۔ ٹین۔
مرہٹی نام۔ کتھیل۔ تیلنگی نام تگرمو۔ لاطینی نام۔ سٹانوم۔ Stannum
کیمیاوی نام۔ مشتری۔ قصدمیر۔ مجر موسے۔ فرانثر۔
وغیرہ وغیرہ ہیں۔

پیدائش قلعی کی کانیں انگلستان میں بہت ہیں۔ جیسا کہ اور دھاتیں ولایت
سے آتی ہیں یہ بھی ولایت سے اینٹوں کی شکل میں آتی ہے۔ عموماً جو برتن کی
کے واسطے بازاروں میں دیکھے جاتے ہیں وہ اسی جگہ پر بنائے جاتے ہیں۔ اور
ولایت سے بھی بنے ہوئے آتے ہیں۔ کانوں سے قلعی بھی کنکر پتھر وغیرہ سے ملی ہوئی
نکلتی ہے۔ اس کو پگھلا کر صاف کرتے ہیں۔ تانبہ کے ہمراہ ملنے سے گھنٹہ گھڑیال
بجنے والی دھات بنتی ہے۔ قلعی کے بنے ہوئے ورق ولایت سے آتے ہیں۔
چاندی کے ورقوں کی طرح سے باریک نہیں ہوتے۔ کاغذ کی طرح کے ہوتے ہیں۔
ان پر پارہ پھیر کر شیشے کے اوپر لگا کر آئینہ بناتے ہیں۔ قلعی کئی رنگوں کے بنانے میں
کام آتی ہے۔ قرمزی رنگ کے ہمراہ ملنے سے اعلیٰ سرخ رنگ گل اناری بنتا ہے۔

کشتہ کیلئے کیسی قلعی لینا چاہیئے۔ ویدک میں قلعی کی دو اقسام لکھی ہیں۔
کھرک۔ مشرک۔ کھرک عمدہ قابل استعمال ہوتی ہے۔ اور مشرک ادویات کے قابل
نہیں۔ جو قلعی سفید۔ نرم۔ چکنی۔ جلد پگھلنے والی۔ چمک دار۔ وزنی اور آگ میں ڈالنے
سے آواز نہ کرے وہ کھرک ہے۔ جو سیاہی مائل سفید ہو وہ مشرک ہے۔ شاید
اس میں سیسہ ملا ہوا ہوتا ہوگا۔

شدھی یعنی صفائی۔ اور دھاتوں کی طرح تیل۔ چھاچھ۔ پیشاب گائے
کانجی۔ ترپھلہ یا کلتھی کے کاڑھے میں سات سات بار بجھانے سے شدھ ہو جاتی
ہے۔ اس کو پگھلا کر ان چیزوں میں ڈالنا ہوتا ہے۔ قلعی کی شدھی کے وقت سخت
احتیاط کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ پگھلا کر کسی چیز میں ڈالنے سے اوپر کو اڑتی ہے۔
جیسے پٹاخے چلتے ہیں۔ اوپر اڑ کر شدھ کرنے والے کے جسم پر پڑ کر سخت نقصان
کرتی ہے۔ اس کے بارے میں ہم پیشتر لکھ چکے ہیں۔ یعنی جس برتن میں شدھ کرنے
والی چیز ہے اسپر مضبوط ڈھکنا رہنا ضروری ہے۔ اور ڈھکنے میں سوراخ ہے۔

جائے۔ بلکہ جب اوپر کو اڑے تو ممکن
ہو اوپر حصہ کا جلد ڈھک کر اسی سے قلعی کو ڈالا جائے
نکلتی ہے۔ اسی طرح سے شدھ کر لیا جائے
اور اہل فن اس کا تعلق مثانہ سے مانتے ہیں۔ لہٰذا اس کا کشتہ امراض مثانہ کے
واسطے زیادہ کارآمد ہے۔ عورتوں مردوں کے جریان۔ سیلان اور سوزاک کو دفع کرتا
ہے۔ ذیابیطس کو مفید ہے اور بعض خاص ترکیبوں سے چاندی کے کشتہ کے برابر فائدہ
کرتا ہے۔ ویدک میں اس کے کشتہ کو بنگ بھسم کہتے ہیں۔ مثل مشہور ہے کہ مرد کو
بنگ اور گھوڑے کو تنگ۔ یعنی جس طرح گھوڑے کو تنگ چست و چالاک رکھتا
ہے۔ اسی طرح مرد بھی اس کشتہ کے استعمال سے مضبوط رہتا ہے۔ بعض لوگوں
کا خیال ہے کہ کشتہ قلعی کا مزاج سرد ہے۔ لیکن اصل میں اس کشتہ کا مزاج بوٹی یا
دوا کی تاثیر پر منحصر ہے۔ جس میں کشتہ کیا جاتا ہے۔ اس لئے بعض کشتہ نہایت
گرم اور طاقتور ہوتے ہیں۔ قلعی عموماً ہر ایک دوا اور بوٹی میں کشتہ ہو سکتی ہے۔
اگر بوٹی وغیرہ نہ بھی ہو تو بھی آہستہ آہستہ جل کر راکھ ہو جاویگی۔ اس کا کشتہ بنانے
میں یہ احتیاط ضروری ہے کہ اس کے باریک ورق یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر
بمقدار کم ڈالے جاویں۔ اور آگ کی حرارت یکساں پہنچائی جاوے۔ ٹکڑوں کے آپس
میں مل جانے یا آگ کی حرارت زیادہ کم ہو جانے سے قلعی پگھل کر ایک جگہ جمع ہو
ہو جاتی ہے۔ اور صرف اوپر سے تھوڑی سی پھول کر باقی کچی رہ جاتی ہے۔ ایسی
بوٹیاں کم ہیں جو قلعی کی ڈلی کو پھونک کر راکھ بنا دیویں۔ عام طور پر ورق بنا کر چھوٹے
چھوٹے ٹکڑے کاٹ لئے جاتے ہیں اور جس بوٹی میں کشتہ کرنا ہوتا ہے اس کے
نغدے میں جدا جدا تہہ رکھنے پڑتے ہیں۔ تاکہ ہر ایک تہہ ٹھیک سے پھول کر کشتہ
ہو جاوے

ترکیب کشتہ جات۔ ا۔ قلعی سیسہ۔ ایک۔ ایک چھٹانک لیکر

مٹی کے توے پر رکھیں۔ نیچے بیری کی لکڑی کی آنچ جلائیں۔ جب گرم ہو جائے تو
کا سفوف ۵ چھٹانک تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں۔ اور نیم کے تازہ ڈنڈے سے ہلاتے
رہیں۔ تاکہ تمام دوا بخوبی جل کر راکھ ہو جاوے۔ بعد ازاں شیشی میں ڈال کر ایک ہفتہ
نمناک زمین میں دفن کر دیں۔ پھر نکال کر استعمال کریں۔ خوراک ایک رتی
کے ہمراہ۔ یہ مقوی باہ، ممسک اور چہرہ کو لال کر دیتا ہے۔ عورت اگر مکھن میں
استعمال کرے تو فرج کو تنگ اور خوشبودار بناتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

۲۔ قلعی۔ پارہ ہر ایک دو تولہ۔ کھرل میں خوب باریک کریں۔ پھر گندھک آملہ سار
نوشادر ہر ایک دو تولہ ملا کر کھرل کریں۔ اور آتشی شیشی میں ڈال کر گل حکمت
کریں خشک ہونے پر شیشی کو انگاروں کی آنچ پر رکھیں منہ کھلا رہے۔ اور اس میں
لوہے کی سیخ چلاتے رہیں۔ جب کالا دھواں نکلنا بند ہو جاوے اور زرد دھواں
نکلنے لگے آگ سے اتار لیں اور سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں رکھیں۔ شیشی
کی گردن میں جو دوا بطور جوہر لگ جاوے اسکو علیحدہ رکھیں اس کشتہ کو مرگانک
کہتے ہیں۔ سنہری رنگ کا ہوتا ہے۔ بعض تو اس کو سونے کا کشتہ کہہ کر فروخت
کر لیتے ہیں۔ امراض جریان۔ سیلان الرحم۔ پرانی کھانسی۔ سل اور دق میں مجرب
ہے۔ خوراک ایک چاول مکھن وغیرہ میں استعمال کریں۔ جو جوہر شیشی کی گردن سے
لیا ہے وہ آنکھوں میں لگانے سے جالا۔ پھولا۔ ناخونہ وغیرہ امراض چشم میں از حد
مفید ہے۔

۳۔ شدھ قلعی ایک تولہ۔ شدھ پارہ تین تولہ کھرل کریں۔ اور ٹکڑہ ٹکڑہ کر کے آدھ
پاؤ گندھک کے درمیان کپڑا لپیٹ کر آنچ دیں۔ یا دس سیر اُپلوں کو کوٹ آدھے نیچے اور
زمین پر بچھا کر اس پر قلعی معہ گندھک رکھ کر باقی آدھے اوپر دے کر آنچ دیں۔ کشتہ ہوگا۔
یہ کشتہ چاندی کے کشتہ کی طرح تاثیر رکھتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ خوراک

ایک رتی مکھن۔ مصری یا پان میں رکھ کر کھاویں۔

۴۔ قلعی ۵ تولہ پگھلا کر ایک ماشہ پارہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر پگھلا کر ایک ماشہ
پارہ ڈال کر کھرل کریں۔ اسی طرح بارہ دفعہ میں بارہ ماشہ پارہ ڈال کر کھرل
کریں۔ بعد ازاں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک پاؤ سفوف بھنگ میں لپیٹ کر اوپر سے
سوا سیر اپلا کپڑہ لپیٹ کر گولا بنا دیں۔ اور چوہے سے بچا کر آنچ لگا دیں۔ کشتہ ہوگا
خوراک ایک رتی تک۔

۵۔ قلعی شدہ کو ہتوڑے سے باریک کر کے پتر کاٹ لیں۔ بھنگ سبز کو کوٹ کر پتروں کو
درمیان بچھا دیں۔ اور گولہ بنا کر ملتانی مٹی کا لیپ کریں۔ پھر تیز کوئلوں کی آنچ دیں جب
اوپر والی مٹی خوب لال ہو جاوے اور دھواں نہ نکلے تو نکال لیں۔ پھول کر کشتہ ہوگا
خوراک ایک رتی مکھن میں کھلا کر بعد ۳ گھنٹہ کے تین ماشہ تال مکھانہ ایک پاؤ دودھ سے
دیں۔ سات روز میں منی گاڑھی ہو کر جریان۔ احتلام دفع ہوگا۔ بواسیر خونی میں ایک
رتی کشتہ چار رتی رسوت خشک ایک ماشہ آملہ سار گندھک ملا کر ایک پاؤ دودھ گائے
میں استعمال کریں۔ دس بارہ روز میں آرام ہوگا۔

سیسہ सीसा

سنسکرت نام۔ سیس۔ جین۔ پشٹ۔ سیک۔ ناگ۔ سورناری وغیرہ وغیرہ۔
تلنگی نام۔ شیشی۔ عربی نام۔ آصاص الاسود۔ مرہٹی نام۔ شیشپن۔ لاطینی نام۔
پلمبوم۔ Plumbum ہندی نام۔ سیسہ۔ کرناٹکی نام۔ سیسہ۔ انگریزی نام
لیڈ Lead بنگالی نام۔ سیسے۔ فارسی نام۔ سُرب۔ پنجابی نام۔ سکہ۔
گجراتی نام۔ شیشون۔ کیمیادی نام۔ مطرب۔ زحل۔ سرفیون۔ حیوان الارض۔
وغیرہ وغیرہ نام ہیں۔

پیدائش۔ سیسہ انگلستان۔ فرانس۔ وغیرہ ملکوں سے آتا ہے۔
پتھر کے ٹکڑوں کی طرح سے نکلتا ہے۔ جن میں دوسری دھات بھی شامل ہوتی ہے
ان سے سیسہ کو علیحدہ کرتے ہیں۔ سیسہ سے بندوق کی گولیاں وغیرہ کئی قسم
سامان جنگ بنتے ہیں۔ سیسہ کے اندر نرمی۔ چکناپن۔ ملائمت موجود ہے۔
ڈھل جاتا ہے۔ بھاری زیادہ ہوتا ہے۔ کیمیاگر اس سے بہت ہی کام لیتے ہیں۔
کئی طریقوں سے اس سے چاندی تانبہ کو سونا کا رنگ دیتے ہیں۔ سیسہ میں
گھی کنوار کی ایک سو ایک پٹ دی جاویں تو کشتہ سرخ رنگ کا ہو جاتا ہے۔

کشتہ کیلئے سیسا کیسا لینا چاہیے۔ ویدک میں سیسہ [illegible] قسم
ہی ہیں۔ نکسار۔ سمل۔ کمار کو ہی کشتہ جات کے لئے لینا چاہیے جس میں [illegible]
کو کہتے ہیں۔ جو آگ میں ڈالنے سے جلدی گل جاوے۔ وزن میں بھاری اور توڑنے
میں سیاہی مائل چمکدار نکلے اور اندر سے بدبو آوے وہ کمار اور عمدہ ہے۔

شدھی صفائی۔ اس کو بھی اور دھاتوں کی طرح سے تیل۔ چھاچھ۔ [illegible]
گائے۔ کانجی۔ ترپھلہ یا کلتھی کے کاڑھے میں سات سات بار بجھانے سے شدھ
ہو جاتا ہے۔ یعنی پگھلا کر بجھا لینا چاہیے۔

فوائد مقوی معدہ۔ نیز سوزاک۔ جریان۔ ذیابیطس وغیرہ کیلئے اکسیر ہے۔
عورتوں کے رحم کے امراض اور دماغی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ سل۔ دق کے لئے
اکسیر ہے۔ ویدک میں اسکے کشتہ کو ناگ بھسم کہتے ہیں۔ ناگ کے معنے ہاتھی کے
مثال میں یعنی اس کے استعمال کرنے والے کو ہاتھی کی طرح سے طاقت ہوتی ہے۔
اس کے کشتہ کو بھی جس قدر آنچ دی جاوے بہتر ہے۔

شناخت اگر آگ پر رکھنے سے سرخ ہو جائے تو کامل ہے ورنہ کچا خیال کریں۔
اور پانی کے اوپر ڈالنے سے اگر تیرنے لگے تو بہت ہی عمدہ خیال کریں۔

ترکیب کشتہ جات

اسیب جسم زرد رت ے لیں۔ اور اس سے چار گنا زیادہ قلمی شورہ پیس کر
رکھ لیں۔ سیسہ کو کسی کڑاہی میں تیز آنچ پر پگھلا دیں۔ اور شورہ کی چٹکی اوپر سے ڈالتے
جاویں۔ یہاں تک کہ تمام شورہ ختم ہو جاوے۔ سیسہ برنگ سُرخ ہو جاویگا۔ لیکن یہ
خیال رکھیں کہ سیسہ پر جب شورہ کی چٹکی ڈالیں تو جب تک وہ حل نہ ہو جاوے دوسری
چٹکی نہ ڈالیں ورنہ کشتہ نہ ہوگا۔ شورہ قائم ہو جاویگا۔ خوراک ایک رتی مکھن میں
رکھ کر نگل جاویں۔ سوزاک کیلئے اکسیر ہے۔ اوپر سے دودھ کی لسی استعمال کریں۔
اگر مکھن نہ ملے تو ایک رتی کی پڑیہ کھا کر اوپر سے لسی استعمال کریں۔ ایک ہفتہ میں
ہر قسم کا سوزاک آرام ہو جاتا ہے۔

۲۔ مدہ سیسہ کو دس بار پگھلا پگھلا کر پیشاب گائے میں بجھا دیں۔ بعد ازاں ایک
خاص مٹی کا برتن ایسا تیار کرا دیں جس کے بازو میں ہاتھ کے برابر سوراخ رہے۔
پھر اس برتن کو چار یا پانچ دفعہ کپرمٹی کر کے خشک کر لیں تاکہ تیز آنچ پر ٹوٹنے کا خوف
نہ رہے۔ بعد ازاں اپنے چولھے پر اس برتن کو رکھیں جو نیچے سے چوڑا اور اوپر سے تنگ
ہو۔ تاکہ آنچ ادھر ادھر نہ نکلے اور ٹھیک برتن میں ہی لگے۔ پھر برتن میں سیسہ ڈال
کر خوب تیز آنچ لگا دیں۔ جب سیسہ پگھل جاوے تو گھی کنوار کا پٹھا کانٹے دور کر کے بازو
والے سوراخ کے ذریعہ سیسہ میں پھیرتے رہیں تاکہ پٹھا جل جاوے۔ پھر دوسرا پٹھا
لیویں۔ اسی طرح سے پھیریں گیارہ روز متواتر اسی طرح سے آنچ جلتی رہے اور ہری
کنوار کا پٹھا برابر پھیرتے رہیں۔ یعنی اس عرصہ میں بہت سے پٹھے جل کر خاک ہوتے
رہیں گے اور اس عرصہ میں کئی رنگ بدلیگا۔ سفید، سیاہ، آسمانی، زرد اور آخیر
میں سُرخ شنگرفی ہو جاویگا۔ بس تیار ہے۔ بعد ازاں کپڑے میں چھان کر شیشی

चित्र फोटो नं० ४२

میں رکھیں۔ خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک مکھن میں۔ چالیس روز میں بیحد
قوت باہ بڑھاتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کر دیتا ہے۔ بیحد فائدہ مند اور عجیب الاثر ہے۔

۳۔ شدھ سیسہ آدھ پاؤ پگھلا کر باریک پتر بنا دیں ان پتروں کو قینچی سے کتر لیں اور
لعاب گھی کنوار ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ سب حل ہو جاویں بعد ازاں ٹکیہ بنا کر
مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے ڈھائی سیر اپلوں کی ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ پھر
نکال کر بدستور لعاب گھی کنوار سے دن بھر کھرل کر کے آنچ دیں۔ اسی طرح چالیس
بار لعاب گھی کنوار سے کھرل کرتے ہوئے آنچ دیتے جاویں۔ آنچ ہر بار ایک تولہ کم
کرتے جاویں۔ آخری آنچ میں پچاس تولہ اپلہ کم لگا دیں۔ نہایت گلنار سے سرخ کشتہ
ہو گا۔ پیس کر رکھ لیں۔ خوراک ایک رتی مکھن میں۔ ضعف باہ۔ جریان و رطوبت
زنان میں اکسیر ہے۔

۴۔ سیسہ شدھ، پارہ شدھ ہم وزن ملا لیں۔ اگر دونوں تولہ تولہ ہوں تو ہڑتال
سرخ دس ماشہ۔ افیون ۵ ماشہ۔ سنکھیا سفید ڈیڑھ ماشہ۔ تینوں کو دودھ آک
۲ تولہ میں کھرل کریں پھر سیسہ اور پارہ کے پتروں پر اس کو لیپ کریں اور آدھ سیر
پھٹکڑی تولہ آدھ سیر گندھک دونوں کو ملا کر نغدہ بنا دیں اور ان پتروں کو رکھ کر گل حکمت
کر کے گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ خوراک ایک چاول
سے نصف رتی تک مکھن میں۔ مقوی باہ۔ ممسک اور دافع جریان ہے۔
ازحد مجرب ہے۔

۵۔ سیسہ کو کڑاہی میں پگھلا دیں اگر ایک تولہ سیسہ ہو تو ساٹھ عدد بڑ کے پتے
لیکر ایک ایک پتہ ڈالتے جاویں۔ اور بڑ کی ڈاڑھی کی لکڑی سے ملاتے رہیں۔
آنچ بھی بڑ کی لکڑیوں کی ہو۔ جب تمام پتے جل جاویں اور سیسہ خاک ہو جائے
اس کو کپڑے سے چھان کر رکھ دیں۔ خوراک ایک رتی۔ ہر قسم کے سوزاک، ضعف

باہ، جریان، سیلان الرحم کے لئے مجرب ہے۔

جست (जस्त)

سنسکرت نام۔ جست۔ رنگ سدرش۔ شویٹ پل۔ کف ستھی۔ وغیرہ۔
بنگالی نام۔ دستا۔ لاطینی نام۔ زنکیم Zincum۔ گجراتی نام۔ جست
انگریزی نام۔ زنک Zinc۔ ہندی نام جیست جستا۔ مرہٹی نام جیست
فارسی نام۔ توتیاری۔ تیلنگی نام۔ ککرپہ۔ عربی نام۔ شبہ۔ کیمیاوی نام۔ روح
توتیا۔ تانبہ عطارد۔

پیدائش۔ اس کی کانیں آسٹریا۔ انگلینڈ۔ سپین۔ امریکہ وغیرہ میں بہت
ہیں۔ جب یہ نکلتا ہے تو پتھر میں شیشے کے ٹکڑوں کی طرح سے جڑا ہوا معلوم
ہوتا ہے اس کو کوٹ کر پگھلا کر علیحدہ کرتے ہیں۔ اس کو خوب تیز آنچ کے ذریعہ
علیحدہ کیا جاتا ہے۔ جست کو زنگ نہیں لگتا ہے۔ صرف چمک کم پڑتی ہے۔
اسی واسطے لوہے کے اوپر جست چڑھا بالٹی۔ ٹب وغیرہ جستی کر دیے جاتے ہیں۔
تاکہ پانی کا اثر نہ ہو۔ جست کے پلیٹوں سے لیتھو چھپائی کا کام بھی لیا جاتا ہے
برقی رو پیدا کرنے میں جست کی تاریں بہت کام آتی ہیں۔ جست اور تانبہ کی تار
اگر آپس میں ملائی جاویں تو خفیف سی بجلی کی حرارت نکلتی رہتی ہے اور اسی اصول
پر بچوں کے گلے میں باندھنے کو برقی تعویذ بنائے جاتے ہیں۔

کشتہ کے لئے کیسا جست لینا چاہیے۔ جست کی دو قسم ہوتی
ہیں۔ عام طور پر میٹھا اور کڑوا جست ہوتا ہے۔ میٹھا کشتہ کے کام میں لیا جاتا
ہے۔ ویدک میں میٹھے کو جسد اور کڑوے کو شوک کہتے ہیں۔ جست میٹھا کچھ
نیلی جھلک لئے ہوئے سفید ہوتا ہے۔ اور یہ کشتہ جات کے لئے استعمال میں

میں لانا چاہئے۔

صفائی شدھی اس کی شدھی بھی دوسری دھاتوں کی طرح کرنا چاہئے۔
یعنی جس طرح قلعی کو کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سے اس کی شدھی کر لینا چاہئے۔

شناخت اس کا کشتہ کھانے سے اگر اجابت نہ ہو تو کامل ہے۔ ورنہ خام
خیال کریں۔ طب یونانی میں اس کا پھول امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ ڈاکٹر لوگ
میں علاوہ امراض چشم کے بطور خوراک مقوی اعصاب مانتے ہیں۔ زخموں کے
لئے بطور مرہم استعمال ہوتا ہے۔

فوائد قوت باہ اور امساک پیدا کرتا ہے۔ امراض دل، جگر، معدہ کو دفع
کرتا ہے۔

ترکیب کشتہ جات

۱۔ جست کو پگھلا کر روغن کنجد میں ایک سو بیس مرتبہ بجھا دیں۔ پھر چار تولہ یہ
جست اور چار تولہ شدہ پارہ۔ چار تولہ شدہ سنکھیا سفید۔ سب کو کھرل میں
ڈال کر ایک سیر عرق بوٹی بسکھپرہ (ڈاٹ سٹ) سے کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا دیں۔
اور دس تولہ تانبہ کی کٹوری ایسی بنا دیں کہ وہ ٹکیہ اس میں آجاوے۔ ایک مٹی کی
ہانڈی میں پہلے وہ ٹکیہ رکھ دیں۔ اوپر سے وہ تانبہ کی کٹوری رکھیں۔ اوپر سے
چار سیر پختہ نمک لاہوری چکی میں پسا ہوا ڈال کر خوب دبا دیں۔ برتن کو چولہے
پر چڑھا کر پیپل کی لکڑی سے آنچ جلا دیں پہلے تین گھنٹہ آنچ کم پھر زیادہ کریں۔
ایک دن رات برابر تیز آنچ جاری رہے۔ آنچ برتن کے نیچے رہے ادھر ادھر
نہ نکلے۔ بعد ازاں سرد ہونے دیں۔ اور نکال کر پیس کر رکھیں۔ خوراک نصف
رتی مکھن میں۔ نامرد کو مرد بناتا ہے۔ جذام کو تین ہفتہ میں دور کرتا ہے۔ اگر
سنکھیا نہ ڈال کر صرف جست اور پارہ کا کشتہ کریں تو امراض چشم کے لئے لاثانی

ہے۔ چاندی کی سلائی اسے لگا دیں۔
۲۔ رتہ شنگرف اکیس ماشہ۔ ہڑتال ورقیہ چودہ ماشہ۔ سنکھیا زرد۔ گندھک چھ چھ ماشہ
چاروں چیزوں کو کھرل میں ڈال کر پاک چیزوں کے سایہ بچا کر اکیس روز برابر کھرل کریں
اور سب کی چونسٹھ پوڑیہ بنالیں۔ سب ادویات کے برابر یعنی سینتالیس ماشہ شدہ
جست لیکر گول ٹکیہ بنا دیں ایک پوڑیہ کو عرق لیموں یا عرق بوٹی گھی کنوار سے کھرل کر کے
جست والی ٹکیہ پر دونوں طرف لیپ کریں۔ اور چمٹے سے پکڑ کر کوئلوں کی آنچ پر کباب
کی طرح سے بھونیں۔ آگ وہاں تک نہ پہنچے۔ صرف گرمی پہنچتی رہے۔ جب لیپ
ٹکیہ میں جذب ہو جاوے۔ دوسری پوڑیہ بدستور لیپ کر کے جذب کریں۔ اسی طرح سے
کل پوڑیہ جذب کریں۔ جست والی ٹکیہ پھول کر کشتہ ہو جاویگی۔ اگر اس عمل کے درمیان
کچھ جست پھول جاوے تو علیحدہ رکھتے جاویں۔ جب تمام راکھ ہو جاوے تو اس سب راکھ
کو اکٹھا کر کے دو تولہ چاندی کے پیالہ میں رکھ کر گل حکمت سے بند کر کے دو سیر اپلوں کی
آنچ دیں۔ سرد ہونے پر چاندی کا پیالہ بھی شگفتہ نکلیگا۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر
شیشی میں رکھیں۔ ٹکیہ والے سفوف کو ایک ماہ تک نمناک زمین میں دفن کر دیں۔
پھر نکال کر استعمال کریں۔ دوسرا کشتہ چاندی ہو گیا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن۔
مقوی باہ۔ اعضاء رئیسہ ہے۔ اور کشتہ جست بہت ہی مقوی باہ۔ ممسک۔ چہرہ
کو سرخ کر دیتا ہے۔ خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک۔
۳۔ جست ۷ ماشہ۔ پارہ ایک تولہ۔ ملا کر کھرل کر لیں۔ پھر ایک آتشی شیشی جو اس قدر بڑی
ہو جس میں آدھ سیر پانی آ کر کچھ خالی رہے اس میں بھر کر عرق نیم آدھ سیر صاف شدہ
داخل کریں۔ اور منہ بند کر کے ایک بڑے لوٹے میں بالو بھر کر کے یعنی ریت شیشی کے
منہ پر دو انگل آجاوے۔ پھر لوٹے کو گل حکمت کر کے ایک گڑھے میں ڈیڑھ من اپلوں
شیشی کر [illegible] ہو گی۔ نکال کر حفاظت سے رکھیں۔ خوراک

۲۔ سونامکھی پارہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ چار گھنٹہ دودھ آک مین کھرل کرین۔ بعد کو غلولہ
بنا دین۔ پھر دو بڑے اُپلے ہر ایک کا وزن آدھ سیر ہو تین تولہ سفوف ریوند چینی درمیان
مین رکھ کر غلولہ کرین۔ اوپر نیچے سفوف کر دین۔ پھر ہوا سے بچا کر آنچ دین۔ غلولہ باہر
سے سفید اندر سے سیاہ ہوگا۔ پیس کر شیشی مین رکھیں۔ خوراک ایک چاول سے ایک
رتی تک مکھن مین۔ قوت باہ ممسک ہے۔

۳۔ سونامکھی ایک تولہ کو حنا کے پتے بیس تولہ کا نقدہ بنا کر درمیان مین رکھ کر چار سیر
اُپلون کی آنچ دین۔ برنگ سرخ کشتہ ہوگا۔ اس کو رسوت ۵ تولہ مین ملا کر چنے کے برابر گولیان
بنا دین۔ بواسیر کے لئے ایک گولی ہمراہ مکھن وغیرہ استعمال کرین عجیب فائدہ ظاہر ہوگا۔

۴۔ سونامکھی۔ پارہ ہر ایک دو رتی۔ جمال گوٹہ چھلے ہوئے سات عدد۔ بھلانوہ دو
عدد۔ چار گھنٹہ لعاب گھی کنوار سے کھرل کر کے غلولہ بنا دین۔ اور چار تولہ گندھک کے نقدہ
مین رکھ کر دو اُپلون مین جن کا وزن ایک سیر ہو آنچ دین۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ کشتہ
ہوگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن

रूपामक्खी - روپا مکھی

سنسکرت نام۔ تارا ماکھشک۔ روپیہ ماکھشک وغیرہ۔ کرناٹکی نام۔ ہیرڈو ماکھشک
گجراتی نام روپا ماکھی۔ ہندی نام۔ روپا مکھی۔ بنگالی نام تارا ماکھشک۔ مرہٹی روپیہ مکھش
تیلنگی نام۔ روپا ماکھی۔ عربی نام مرقشیشا فضہ۔ فارسی نام۔ خبث الفضہ

پیدائش ۔ اس کی پیدائش سونامکھی کی طرح سے ہی خیال کرنا چاہیے۔ اس کے اندر
چاندی کی ملاوٹ بھی جاتی ہے۔ یہ چاندی کی اُپدھات ہے۔ اور کشتہ چاندی کے بدل
اس کا کشتہ ہے۔ چونکہ اس کا کشتہ بہت کم بنایا جاتا ہے۔ کیونکہ چاندی بھی ایسی زیادہ مہنگی
چیز نہیں ہے۔ جو بول مین اس کا کشتہ بنایا جائے [illegible] چاندی کا کشتہ ہی عموماً

(७) यह धोने की वस्तुएं जिन में ...
वर्तमान हो त्वचा को ख़राब करती हैं।

वायु। खुली ताज़ी वायु के बिना न स्वास्थ्य और न सौन्दर्य
प्राप्त हो सकता है। हमारी स्त्रियों को आजकल शुद्ध
वायु प्राप्त नहीं होती है, और यही कारण है कि यह जो कि
सबसे सुन्दर प्रसिद्ध थीं, अब कुरूप होती जाती हैं। जो इस ईश्व-
रीय दान को गंवा रहे हैं, वह ईश्वर की आज्ञा भङ्ग करते हैं।

(१) ... व्यक्ति का सुन्दर होना अवश्यम्भावी नहीं। स्वास्थ्य की साधारण दशा रहने पर कोई ... पर अवश्य इस प्रभाव नहीं करती है, यद्यपि त्वचा के स्वास्थ्य ... का प्रभाव होता है।

(२) त्वचा की सुन्दरता के लिये सफ़ाई आवश्यक है, यद्यपि सफ़ाई त्वचा के स्वास्थ्य में इतना प्रभाव नहीं रखती। स्वास्थ्य त्वचा को स्वस्थ्य करता है, और सफ़ाई सुन्दर करती है। अतः सौन्दर्यार्थ दोनों आवश्यक ठहरते हैं। लेखक)

(३) पानी का परिमित प्रयोग त्वचा के लिए हितकर है। बहुत अधिक सेवन करने से त्वचा की बाह्य आघातों के प्रभाव की निवारण शक्ति कम हो जाती है।

(४) उड़ाया हुआ पानी, और नरम पानी, सौन्दर्य के लिये हितकर है।

(५ सख्त साबुन नरम साबुन से अधिक अच्छा होता है। साबुन में क्षार और तीक्ष्ण वस्तुएं अधिक नहीं होनी चाहिएं।

(६) केवल बहुत महीन पौडर ही घाम कुहर आदि के प्रभाव से बचाते हैं।

استعمال ہوتا ہے۔ اس کی صفائی وغیرہ بھی سونا مکھی کی طرح سے کی جاتی ہے۔ چاندی
کے بدل میں ہم بھی اس کے کشتہ کی ضرورت محسوس نہیں کرتے اس لئے چھوڑتے ہیں۔

लोहा चून

لوہ چون

لوہے کو تپانے سے جو میل علیحدہ ہوتی ہے۔ اس کو لوہ چون۔ منور یا منڈور کہتے ہیں۔
فارسی زبان میں اس کو خبث الحدید کہتے ہیں۔ اس کو فولاد کی ہی اُپ دھات خیال کرنا
چاہئے۔ اس کا کشتہ اثر میں فولاد کے کم وبیش برابر ہے۔ بلکہ اگر عمدہ فولاد نہ ملے تو اسی
کا کشتہ کام میں لایا جاتا ہے۔ لیکن اس کی عمدگی کے لئے یہ ضروری ہے۔ کہ پورانا اور
بہت پورانا ہو۔ لکھا ہے کہ ساٹھ سال کا پورانا معمولی درجہ کا اور اسّی سال کا درمیانہ درجہ
کا ایک سو سال کا پورانہ اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ بلکہ اگر اس سے بھی زیادہ پورانا مل سکے تو بہتر
سمجھا جاتا ہے۔ کھنڈرات کھودنے سے جو منور نکلتا ہے وہ پورانا ہوتا ہے۔ اکثر آدمی تو
لوہاروں کے یہاں سے ڈھیلے لوہ چون لاکر رکھ لیتے ہیں۔ اور اُس کا کشتہ بنا کر وہ فوائد
حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ بھلا ایسے لوہ چون سے وہ اعلیٰ فوائد کہاں سے حاصل ہو سکتے
ہیں۔ لکھا ہے کہ جو بھاری سخت جس میں زیادہ سوراخ نہ ہوں وہ فولاد کی کیٹ
ہوتی ہے۔ اور جو زردی مائل۔ خشک اور بھاری توڑنے سے چاندی کی سی چمک
دیوے وہ کانت لوہ کی کیٹ ہوتی ہے۔

صفائی آگ میں سرخ کرکے اکیس بار ترپھلہ کے کاڑھے میں اور سات بار سرکہ
میں بجھانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔ بہیڑہ کی لکڑی کے کوئلہ میں سرخ کرکے پیشاب
گائے میں اور پھر ترپھلہ میں سات سات بار بجھانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔

فوائد کشتہ اس کا مقوی باہ۔ ممسک۔ تمام بدن کو طاقت پہنچا کر چہرہ کو سرخ
کر دیتا ہے۔ اس میں قوت قابضہ زیادہ ہے اس لئے بالخاصیت جریان۔ سلسل البول۔

وغیرہ میں خوب مفید ہے۔ اس کا کشتہ دو طریقے سے ہوتا ہے۔ ایک تو آگ پر
دوسرا بغیر آگ۔ بغیر آگ والا سرد ہوتا ہے۔ آگ والا طاقت ور اور پانی پر تیرنے
کے قابل ہوتا ہے۔

ترکیب کشتہ جات

۱۔ خبث الحدید پورانہ ایک پاؤ خوب باریک کر کے پانی میں دھولیں۔ پھر پیشاب گائے
کے ہمراہ کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر کسی پیالہ میں گل حکمت کر کے پہلے چھ سیر اُپلوں کی آنچ دیں
اسی طرح تین بار آنچ دیں۔ پھر تین بار سرکہ ترش میں کھرل کر کے بدستور آنچ دیں۔ پھر تین
بار آب لیموں سے کھرل کر کے آنچ دیں۔ پھر تین بار دہی سے کھرل کر کے آنچ دیں۔ پھر
سات بار لعاب گھی کنوار میں کھرل کر کے آنچ دیں۔ بعد ازاں سات بار برانڈی شراب
میں کھرل کر کے آنچ دیں۔ کشتہ عمدہ تیار ہوگا۔ دس آنچ کے بعد پیالہ کو تبدیل کر لیا جاوے
آنچ ۵ سیر اُپلوں کی رہے۔ خوراک صبح شام دو رتی تک کریں۔ مکھن، دودھ، گھی کا
استعمال زیادہ کریں۔ عجیب چیز ہے۔ چہرہ کو سرخ کر دیتا ہے۔

۲۔ خبث الحدید پورانہ ایک سو سالہ سات بار آنچ پر تپا تپا کر پیشاب گائے میں بجھا دیں
کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاوے۔ پھر باریک پیس کر دودھ آک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ اور پیالہ میں
گل حکمت کر کے ۵ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح سے بدستور کھرل کر کے دس آنچ
دیویں۔ پھر دس آنچ لعاب گھی کنوار میں کھرل کر کے دیں بس تیار ہے۔ پیس کر رکھ لیں۔
خوراک ایک سے دو رتی مکھن میں استعمال کریں۔

نوٹ۔ خبث الحدید کو ہر ایک بوٹی کے عرق یا ترش چیزوں میں کھرل کر کے آنچ دے کر
کشتہ کیا جا سکتا ہے۔ سب سے عمدہ اس کا کشتہ وہی ہے جو پانی پر تیرنے لگے۔ اس کے
کشتہ میں جس قدر زیادہ آنچ دی جاوے گی اتنا ہی بہتر ہوگا۔ دودھ مدار (آک) اور
لعاب گھی کنوار میں کھرل کر کے۔ یعنی ہر ایک میں کم از کم اکیس اکیس بار کھرل کر کے آنچ دینے۔

کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ اور یہ امراض نامردی و ضعف جگر وغیرہ کے لئے رام بان

نیلا تھوتھا नीला थोथा

سنسکرت نام۔ موتاتھ۔ کانسیہ تیل یشپتی کنک۔ تامبر گربھ وغیرہ وغیرہ۔
Sulphate of Copper
انگریزی نام سلفیٹ اوف کاپر
بنگالی نام توتیا۔ عربی نام توتیا، خضر۔ ہندی نام توتیا، نیلا تھوتھا۔ تیلنگی نام
گجراتی نام موربو تھو۔ لاطینی نام کیوپری سلفاس۔
کیمیاوی نام طیار خام۔ مرہٹی نام مورچوت۔
توتیا سبز۔ کرناٹکی میود توتیہ۔

پیدائش۔ نیلا تھوتھا کی پیدائش پورانوں میں یوں تحریر ہے کہ اول گرڑ نے زہر ہلاہل
کو کھا لیا۔ جب اس کے اثر سے گھبرایا تو امرت کو پی لیا۔ امرت اور زہر دونوں ملے
ہوئے کی قے کی۔ وہی قے سخت ہو کر نیلا تھوتھا بنا۔ خواہ اس کو کہانی ہی خیال کریں۔
لیکن اتنا تو ضرور ثابت ہوتا ہے کہ نیلا تھوتھا ایسی چیز ہے جس میں زہر اور امرت دونوں
کا میلان ہے۔ درحقیقت نیلا تھوتھا جو جو کام آتا ہے اس کو امرت کہنا بیجا نہیں ہے۔
اگر اس کے زہر کی پوری طرح شدھی کر لی جاوے تو دراصل یہ امرت جیسا ہی کام کرتا ہے۔
زہر اگر امرت کے ساتھ مل جاوے تو اسی مرکب کے امرت سے بڑھ کر فوائد ہو جاتے ہیں۔
نیلا تھوتھا تانبہ سے بنتا ہے۔ اور اس کی اُپدھات ہے۔ تانبہ پر اگر ترش چیز لگا دی جاوے
تو سبز رنگ کا زنگ لگتا ہے۔ وہی نیلا تھوتھا کی شکل ہے۔ تانبہ کا اصلی کشتہ وہی مانا جاتا
ہے جس کے اندر سے نیلا تھوتھا بننے کی تاثیر جاتی رہے۔ نیلا تھوتھا مور کی گردن
کے رنگ کا ہوتا ہے۔ مور پنکھ کے چاند بھی نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس میں جو نیلا رنگ
موجود ہے وہ بھی قدرت نے تانبہ سے ہی بنایا ہے۔ اس کے اندر تانبہ موجود ہے اس کی
تاثیر حد سے زیادہ ہے یہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک تو نیلا دوسرا سبز۔ نیلا توتیا زیادہ تیز

اور جلانے والا ہوتا ہے۔ اور سبز اسی کی نسبت کسی قدر کمزور۔

فوائد۔ طب یونانی میں زخموں پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یا قے وغیرہ لانے کے کام میں لیا جاتا ہے۔ ڈاکٹری میں بطور مقوی اعصاب۔ قابض۔ جریان۔ سوزاک وغیرہ میں اور ویدک میں آتشک۔ سوزاک میں استعمال کرتے ہیں۔ آنکھوں کے امراض میں بہت مفید ہے۔ کوڑھ اور کھجلی کو ناش کرنے والا ہے۔ اس کا کشتہ اوپر تحریر شدہ امراضوں کے علاوہ وبائی کیڑوں کو ہلاک کرنے میں اکسیر ہے۔ اور کھانسی دمہ کے لئے بھی مفید ہوتا ہے۔

شدہی صفائی توتیا میں دسواں حصہ سوہاگہ ڈال کر بلی اور کبوتر کا پاخانہ ڈال ڈال کر کھرل کرو۔ پھر گولا بنا کر دو پیالوں میں بند کرکے ایک آنچ دو۔ پھر دہی میں کھرل کرکے ایک آنچ دو۔ پھر شہد میں کھرل کرکے ایک آنچ دو۔ شدھ ہو جاویگا۔ سرکہ یا آچار میں تین گھنٹہ کھرل کرکے دو پیالوں میں رکھ کر پھونک دو شدھ ہو جاویگا۔ گائے۔ بھینس بکری ان کے پیشاب میں تین تین گھنٹہ یعنی تینوں میں نو گھنٹہ پکانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔ ڈولا جنتر کے طریقہ سے پکانا چاہئے۔ گھی گائے۔ بھینس۔ تیل تل میں بھی اڑانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔ تینوں میں اڑا لیں۔

چند مجرب اور بے خطا نسخہ جات

۱۔ شدھ نیلا توتیا ایک ایک تولہ کی دو ڈلیاں ایک پاؤ پوست ریٹھہ کے درمیان مٹی کے پیالہ میں گل حکمت کرکے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر پیس کر شیشی میں رکھیں۔ بقدر ایک رتی آتشک والے مریض کو مکھن میں کھلا دیں بوقت پیاس گھی پلا دیں۔ بارہ گھنٹہ سے پہلے پانی نہ دیں۔ پرماتما کی کرپا سے اسی روز بہت کچھ آرام معلوم دے گا۔ عجیب نسخہ ہے۔

۲۔ توتیا سبز دو تولہ کو بازاری لنبا کو ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اور کپڑ مٹی کرکے ڈھائی سیر

اپلوں کی آنچ دیں۔ سفید کشتہ ہو جاویگا۔ دیمک دے ایک یا ایک رتی ایک تولہ ملائی یا پان میں کھلا دیں۔ گھی دودھ خوب پلا دیں۔ مجرب ہے۔

۳۔ توتیا سبز ۶ ماشہ کی ڈلی کو زردی بیضہ کا چورہ زرد توتیا کے درمیان کسی پیالہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے دو سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر شیشی میں پیس کر رکھیں۔ خوراک دو سے چار چاول تک مکھن میں دیں۔ آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر خونی کے لئے از حد مفید ہے۔ ایک ہفتہ میں شرطیہ آرام کرتا ہے۔ خواہ کیسا ہی پورانا ہو۔

۴۔ توتیا سبز ایک تولہ۔ سفوف ریٹھہ دو تولہ۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملا دیں۔ پھر ایک تانبہ کی تشتری میں نرم آنچ پر جلا دیں۔ جب دوا کا رنگ بیربہوٹی کے مانند سرخ سیاہی مائل ہو جاوے اتار لیں۔ خیال رہے کہ کچا نہ رہے۔ خوراک ایک رتی دانہ ہفتہ میں موسم گرما میں نصف رتی لیں۔ آتشک اور جذام آتشکی کے لئے اکسیر ہے۔ لیکن اس کے استعمال سے پہلے جلاب لیکر پیٹ کی صفائی اچھی طرح سے کر لیں۔

۵۔ شدہ توتیا سبز۔ پھٹکری بریان۔ دونوں کو ہم وزن سفوف کر لیں۔ خوراک ایک رتی سے دو رتی تک مکھن میں رکھ کر کھا لیں۔ اوپر سے دودھ بھینس تازہ آدھ سیر جس میں ایک عدد لیموں کاغذی کا رس ملا کر پی لیں۔ خواہ کیسا ہی پورانا سوزاک ہو ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ عجیب نسخہ ہے۔

۶۔ نیلا توتیا دو تولہ کو شیرہ برگ نیم ایک سیر میں بذریعہ چوبہ جذب کریں۔ پھر آدھ پاؤ نیم کے نغدہ میں لپیٹ کر مٹی کے پیالہ میں گل حکمت کرکے آدھ سیر اپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح پانچ آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ اگر کچھ کچا رہے تو برگ نیم میں ایک پہر کھرل کرکے پھر بدستور نغدہ میں آنچ دیں۔ بشگفتہ ہوگا۔ خوراک نصف رتی مکھن میں۔ تمام جلدی امراض خصوصاً برائے آتشک میں مفید ہے۔

کی تاثیر ٹھنڈی ہو وہ بہت اچھا ہوتا ہے۔ شلاجیت

شلاجیت حاصل کرنے کی ترکیب

اس کو حاصل کرنا بڑی جان جوکھوں کا کام ہے۔ شلاجیت لنگور یعنی کالے منہ والے بندروں کو بہت پسند ہوتا ہے۔ وہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر اس کو کھا جاتے ہیں۔ اس لئے لوگوں کو وہ شلاجیت کے پاس پہنچنے نہیں دیتے ہیں۔ اکثر انہیں بندروں کا پاخانہ لے آتے ہیں اور شلاجیت کے نام سے فروخت کر دیتے ہیں کیونکہ وہ بندر جو شلاجیت کھاتے ہیں ان کا پاخانہ اسی رنگ کا ہوتا ہے۔ اس لئے دھوکا ہو جاتا ہے۔ شلاجیت نکالنے والے پہاڑوں کی چوٹی پر ایک مضبوط کھونٹا گاڑھ دیتے ہیں۔ اور ایک رسا کمر میں باندھ کر ایک سرا اس کھونٹے سے باندھ دیتے ہیں۔ دوسرا آدمی رسی سے بندھے ہوئے آدمی کو آہستہ آہستہ شلاجیت رہنے کی جگہ اتار دیتا ہے۔ لٹکنے والا آدمی اپنے پاس تیز ہتھیار کرد وغیرہ رکھتا ہے اور ایک جھولا کمر میں رہتا ہے۔ وہ پتھروں سے کھرچ کھرچ کر جھولے میں ڈالتا ہے۔ جھولا بھر جانے پر اوپر والا اس کو رسے کے ذریعے کھینچ لیتا ہے۔ بدری ناراین کے راستہ میں کئی جگہ شلاجیت نکالتے ہیں۔ پہلے کھرچنے کے وقت پتھر وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ چونکہ بعد میں شدھ کرتے وقت صاف کر لئے جاتے ہیں۔

شدھی صفائی اس کو شدھ کرنے کی ترکیب پہلے بھی دے چکے ہیں۔ شلاجیت کو قایم رکھنے کے لئے یہاں بھی کچھ اور ترکیب دیتے ہیں۔ یہ بہت سی ترکیبوں سے صاف کیا جاتا ہے۔ مہرشی چرک نے اس میں اور بھی بہت سی ادویات کا پٹ دینا تحریر کیا ہے کیونکہ ان ادویات کی پٹ دینے سے اوصاف میں زیادتی ہو جاتی ہے۔ جن ادویات کی پٹ دینی ہو ان کے کاڑھے کو گرم رہنے کی حالت میں ہی شلاجیت میں ملا کر چھان لیں۔ پھر خشک کرکے دوسرے میں مل کر چھان لیں۔ اسی طرح تک بھاؤنا دیں۔

दिया जाय, उनको रुमाल में ... करते हैं और ... तेल हैं, इसको चाव से ... हैं, और ... के द्वारा इसको उतारती हैं। वास्तव में यह ... गरीब घरों में भी इसकी प्रथा पाई जाती है। ... कि सौन्दर्य के नियमों से प्राचीन लोग खूब परिचित थे। "फ़ैमिली डाक्टर" लण्डन का सम्पादक लिखता है, कि खीरा की मलाई रात को मल दो, और प्रातः धोओ। ... साबुन के केवल जल से धोओ फिर कोमलता को देखो।

खीरा की मलाई — खीरे को कूट कर उसका रस निकालकर सम भाग ... मिलाकर रक्खो ... खीरा का रस कहते हैं यह भी रंगत के वास्ते अद्वितीय है। यदि इसमें सम भाग स्परमैसिटी Spermaceti मिलावें, तो मलाई बन जाती है।

ओस — ... साहिब लिखते हैं—

स्ट्राबेरी का रस मलना।

(धूप हवा से बिगड़ी रंगत ठीक करता है। श्वेत लाल सिरका व रस स्ट्राबेरी मिलाकर मलना अद्भुत प्रभाव करता है)

"शीत ऋतु में यह स्त्री गुलाब के समान चमक सकती है जो प्रातः बाहिर जावे, और ओस संग्रह करके धीरे २ मुख पर मले, फिर घर जाकर गरम कमरे में बैठकर नरम तौलिये से ... करे। उसी ... बढ़ती है।"

हम नहीं कहते कि स्त्रियां निलज्जता से जिधर चाहें फिरें !
यह आपकी अपनी इच्छा पर निर्भर है।
शोक का स्थान नहीं तो और क्या है कि स्त्रियों का सैर करना
भी दोष समझा जाय। जब स्त्री का पति भाई या कोई भी नातेदार
साथ है तो फिर समझ में नहीं आता कि क्या दोष है ?
मैं पंजाब में परदे और परदे के पक्षपातियों की युक्तियों
पर हैरान हुआ करता हूं। प्रातः रावी नदी पर चले जाओ
स्त्रियां सर्वथा नग्न नहाती दिखाई देंगी। गलियों में जहां कूप स्नान
के लिए बने हैं, सर्वथा नग्न स्त्रियां पानी खींचती और नहाती हैं,
कोई पास से गुज़र जावे कुछ परदा नहीं करतीं। चने बेचने वालों,
पापड़ बेचने वालों से तो सौ सौ मखौल हों। वह तो हाथ पकड़
कर चूड़ियां चढ़ावें और घर में यह हाल कि नौकर को कह देना
कि मिसर दूसरी ओर मुंह करके मेरे ऊपर पानी डाल दें। केवल
घर के मनुष्यों से परदा और बाहर जहां चाहो फिरो क्या उलटा
समय आया है। परदे के पक्षपाती क्यों पूरा उद्योग नहीं करते
कि स्त्रियों की इस प्रकार की बेपर्दगी दूर हो जाय और सच्चे पर्दे
का चलन हो जाय। अमृतसर में एक डिप्टी साहिब ने एक बार
ऐसा उद्योग किया था कि स्त्रियां तालाब पर पर्दे में नहाया करें।

। मोटी गर्दन व मोटी ठोड़ी के कम करने का व्यायाम ।
सीधे खड़े होकर जहां तक हो सके सिर को पीछे करो, फिर छाती
के पास लाओ। १ मिनट में [illegible] बार करो। (गर्दन सुन्दर होगी)

۱- شلاجیت کو روسنا - دشمول - اورلا - بکھیرا - ارنڈ - سونٹھ - منیٹھی کے کاڑھے
کی بھاونا دی جاویں - تو بات سے پیدا شدہ اتنی بیماریوں کو ناش کرتا ہے۔
۲- بائے برنگ - کوپنچ - ناگر موتھا - ترپھلہ - پیپلا مول - چب - چترا - سونٹھ - بیل - ارنی
بارنگی - ان ادویات میں پٹ دینے سے بس قسم کے کف سے پیدا شدہ امراضوں کو
دور کرتا ہے۔
۳- ناگر موتھا - کوٹ - بچ - بائے برنگ - ہلدی - انیس - مرچ سیاہ - ترپھلہ -
دیودارو - کٹکی - ان کے کاڑھے کی پٹ دینے سے بات اور کف کے امراض دور ہوتے ہیں

بھاو پرکاش میں تحریر ہے - شلاجیت لوہے کی اپدھات ہے۔ جو شلاجیت
سیاہ، کڑوا، چکنا، بھاری، کسیلا، اور ٹھنڈا ہو۔ جس میں پیشاب گلیے کی طرح
بو آتی ہو وہی سب سے بہتر ہے۔ یہ بندھیاچل وغیرہ پہاڑوں میں زیادہ تر ہوتا ہے
کیونکہ ان پہاڑوں میں لوہا کثرت سے پایا جاتا ہے۔ شلاجیت میں مٹی وغیرہ بہت سی
چیزیں شامل رہتی ہیں اس لئے جب تک اس کو صاف و شدھ نہ کیا جاوے قابل
استعمال نہیں ہوتی ہے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے خوب گرم پانی میں ڈالیں
اور ایک پہر تک اسی میں رہنے دیں۔ پھر پانی کو سفید کپڑے میں چھان لیں۔ اس
پانی کو مٹی کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ دھوپ میں رہنے سے پانی پر جو
ملائی آتی جاوے اس کو اتار کر دوسرے برتن میں رکھتے جاویں۔ پھر اسی ملائی کو بدستور
گرم پانی میں ملا دیں اور پھر دھوپ میں رکھیں اب جو ملائی اوپر آوے پھر تیسری بار بدستور
عمل کریں۔ اور دھوپ میں رکھیں۔ اسی طرح دو ماہ تک بار بار عمل کرتے رہیں جب
پانی پر ملائی کا آنا بالکل بند ہو جاوے اور تمام سیاہ حصہ پانی کے نیچے ہی رہ جاوے تو
[illegible] شدہ شلاجیت سمجھیں۔ جو آگ پر ڈالنے سے آلہ تناسل
[illegible] نکلے۔ تو شدھ اول درجہ کی خیال کرکے سب

اسی طرح سات روز تک یا کم از کم چار روز دن بھر کھرل کر کے دھو کر برادہ نکال دیں۔

۲۔ پارہ ایک پاؤ لیکر خوب موٹے کپڑے میں چھانیں۔ اگر ایک ہزار بار چھان لیں

تب تو درجہ اول ہے ورنہ کم از کم ایک سو یا دو سو بار ضرور چھان لیں۔ پھر اس پارہ کو

ایک کڑاہی میں ڈال کر پانی دس سیر ڈال دیں اور آنچ پر چڑھا دیں۔ جب پانی قریباً

دو سیر رہ جاوے اُتار کر پارہ نکال لیں۔ اس میں تیزاب نمک، تیزاب شورہ پانچ

پانچ تولہ ملا کر کسی سیخ سے ہلا دیں۔ اور دن رات اُسی میں رہنے دیں۔ بعد ازاں

دو چار بار پانی سے دھو ڈالیں۔ تاکہ تیزاب نکل جاوے۔ پھر برادہ پکی اینٹ کیر چھان

کر کے دو سیر کے انداز سے کھرل میں ڈال کر اور پارہ کو ڈال کر تین دن برابر کھرل کریں۔

پھر اس قدر دھو دیں کہ اینٹ کا برادہ علیحدہ ہو جاوے۔ اور پارہ رہ جاوے۔ پھر پارہ کو۔

لعاب گھی کنوار، عرق لیموں۔ ترپھلہ کے کاڑھے، املتاس کے گودے کے پانی (۱۰ تولہ

گودا ایک سیر پانی میں گھول کر) مکوہ کا رس، نمک کے پانی میں۔ ان میں تین تین دن

ہر ایک میں کھرل کریں۔ خیال رہے کہ ہر بار کھرل کرنے کے بعد کپڑے میں چھان

لیا کریں۔ بس شدھی عمدہ ہو گئی۔ یہ پارہ ہر ایک کام میں بلا خوف شامل کر سکتے ہیں۔

شنگرف سے نکالے ہوئے پارہ سے یہ عمدہ ہوگا۔

۳۔ پارے کو گاڑھے کپڑے میں ایک سو بار یا زیادہ چھان لیں۔ پھر تین گنا وزن

میں سرکہ ڈال کر کڑاہی میں آنچ پر رکھیں۔ پارہ کی سیاہی اس میں آجاوے گی۔ بعد

ازاں پرانی پکی اینٹ کے برادہ میں تین روز۔ لعاب گھی کنوار میں تین روز۔ املتاس

کے گودے کے کاڑھے میں تین روز یعنی نو روز کھرل کر کے چھان لیں۔ خیال رہے

کہ ہر روز کھرل کرنے کے بعد چھان کر دوسرے روز نیا مصالحہ ڈالنا چاہیے۔

شنگرف سے پارہ نکالنے کی ترکیب

۱۔ شنگرف کو ایک دن لیموں کے رس میں اور ایک دن نیم کے پتوں کے رس میں

کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور شنگرف سے دوچند وزن پرانے کپڑے کی دھجیاں لپیٹ کر

پرانے برتن میں رکھ کر اوپر سے ڈھکنا اوندھا ڈھانپ کر آنچ جلا دیں تمام پارہ ڈھکنے میں جا لگے

ڈھکنے والے برتن میں جمع ہو گا دھو کر پارہ علیحدہ کر لیں۔

جاویگا یا نیچے والے برتن میں جمع ہوگا۔ ۲۔ کے رس میں کھرل کر کے باریک ٹکیہ بنالیں

۲۔ شنگرف کو تین دن تک لیموں کے رس میں کھرل کر کے۔ اور دوسرا گھڑا علیحدہ ڈھکنا رکھیں۔ اور

پھر ایک گھڑے میں علیحدہ علیحدہ رکھ کر اور اوپر سے دوسرا گھڑا رکھ کر خوب تیز آنچ جلا دیں۔

دونوں کے جوڑ کپڑ مٹی سے خوب بند کر دیں۔ اور چولھے پر رکھ کر خوب تیز آنچ جلا دیں۔

اوپر والے گھڑے پر بھیگے ہوئے کپڑے کی گدی رکھیں۔ اور بار بار کپڑے کو تر کرتے جاویں

تاکہ ٹھنڈا رہے۔ جو پارہ شنگرف سے اڑ کر اوپر جاویگا وہ سردی کی وجہ سے گھڑے

میں لگ جاویگا۔ اوپر والے گھڑے میں گوبر مٹی کا اگر پتلا سا لیپ کر لیا تو اور بھی ٹھیک

رہتا ہے۔ چار پہر کی آنچ دی جاوے۔ پھر ٹھنڈا ہونے پر اوپر والے گھڑے کو آہستگی

سے اتار کر پارہ کو اکٹھا کر لیں۔ اور کپڑے میں چھان لیں۔ اگر شنگرف میں کچھ پارہ

علیحدہ رہ گیا ہو تو پھر آنچ دی جا سکتی ہے۔ کم از کم شنگرف سے نصف پارہ نکلتا

ہے۔

نوٹ۔ شنگرف سے نکالا ہوا پارہ شدھ ہوتا ہے اس کو اور زیادہ شدھی کی

ضرورت نہیں۔ ہاں! اگر بہت ہی شدھی اور صفائی کی ضرورت خیال کریں تو اس

کو بھی شدھ کر سکتے ہیں۔ اور بھی زیادہ فوائد ہو جاویں گے۔ کیونکہ جتنا زیادہ شدھ ہوگی

اُتنے ہی فوائد زیادہ ہوں گے۔

فوائد پارہ امراض آتشک اور فساد خون کیلئے عام طور پر مفید ہوتا ہے۔ اس کے

دھوئیں سے وبائی کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ لیکن دھوئیں سے ناک، کان، آنکھ

وغیرہ کو بچانا لازمی ہے۔ حسب ترکیب بدن پر ملنے سے خارش، داد، جوئیں مر جاتی

ہیں۔ اس کا کشتہ اگر کامل طور پر کیا جاوے تو تمام امراض مایوسہ کو دور کر کے طاقت

مردمی کیلئے اکسیر کا اثر رکھتا ہے اکسیر اعظم اور اکسیر بدن کا نام جو عوام کہتے ہیں یا امرت وغیرہ اگر کہا جاوے تو اس کا کامل کشتہ ہے۔

شناخت کشتہ پارہ

پارہ ہے۔ کشتہ کی جو مشہور شناخت ہے وہ یہ ہے کہ آگ پر ڈالنے سے دھواں نہ دے۔ اگر بوٹی پر بھیڑہ ہو کر برسات کے موسم میں گھاس کی طرح مرطوب زمین میں اُگتی ہے ہاتھ پر ملیں اور کشتہ پارہ ڈالیں اگر زندہ ہو جاوے تو کچا ہے ورنہ کامل ہے۔

پارہ خام کا استعمال

پارہ کو شدھ کرنے کے بعد خام طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جس کی چند ترکیب ذیل میں درج کرتے ہیں۔

۱۔ شدھ پارہ ایک تولہ خوب گاڑھے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر ایک سیر دودھ گائے میں قلعی دار برتن میں پوٹلی کو لٹکا دیں۔ اور ہانڈی پر ڈھکن رکھ کر تین گھنٹہ نرم آنچ پر پکا دیں۔ بعد ازاں اُتار کر اور مصری ملا کر دودھ پی لیں۔ پارہ کو ٹھیک سے رکھیں۔ چالیس روز اسی طرح عمل کرنے سے بے حد قوت۔ سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔

۲۔ دو تولہ اسپغول سالم میں تھوڑا پانی ملا کر اس میں ایک تولہ شدھ پارہ رکھ کر مضبوط کپڑے میں پوٹلی بنا دیں۔ اور ایک سیر دودھ گائے کے درمیان پوٹلی لٹکا کر نرم آنچ پر پکا دیں جب نصف دودھ رہ جاوے تو دودھ کو صاف کر کے مصری ملا کر پی لیں۔ قریباً ایک چھٹانک دودھ نیچے والا تہ برتن میں چھوڑ دیں۔ برتن قلعی دار ہونا چاہئے۔ اسی طرح ۱۰ روز نئے پارہ اور اسپغول سے عمل کریں۔ قوت باہ اور جریان کیلئے تریاق ہے۔ نوجوان کی طرح سے قوت باہ ہوگی۔

۳۔ شدھ پارہ ایک تولہ کو چھ سیر آب مولی کے ہمراہ مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں

ڈھکن کو بخوبی بند کر دیں۔ تاکہ بھاپ وغیرہ نہ نکلے۔ آنچ نرم جلا دیں۔ جب آب مولی گاڑھا ہو جاوے پارہ کو صاف کر کے رکھ دیں۔ ست گلوہ۔ تباشیر ہر ایک چھٹانک بھر باریک کر کے آب صمغ عربی کے ساتھ گوندھیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ہر ایک گولی میں سوراخ کر کے ایک رتی وہ پارہ داخل کر کے گولی کو بند کر دیں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں جب وہ ختم ہو جاوے تو دوسری۔ اس گولی کو چوستے رہنے سے بے حد امساک ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

۴۔ شدھ پارہ۔ شدھ افیون۔ شدھ سنکھیا سفید۔ تینوں ہم وزن کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ تاکہ پارہ کا نشان باقی نہ رہے۔ ایک ہفتہ تک برابر کھرل کرنا چاہئے۔ بعد کو شیشی میں رکھیں۔ خوراک نصف دانہ خشخاش کے برابر مکھن میں لپیٹ کر نگل جاویں۔ جب پیاس لگے دودھ جتنا ہضم ہو سکے پیتے رہیں۔ ایک ہی روز میں اپنا اثر دکھلا دیگا۔ ایک ہفتہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت نہیں رہتی۔ قوت باہ میں بے حد مفید ہے۔ اگر اسکے ہمراہ کوئی طلاء استعمال کریں تو سونے پر سہاگہ کے کام ہوتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

۵۔ شدھ پارہ پانچ ماشہ۔ شدھ افیون تین ماشہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ سب کو ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ تمام چیزیں یک ذات ہو جاویں۔ اور پارہ کا نشان نہ رہے۔ پھر ایک چھٹانک گھی گائے ملا کر کھرل کریں۔ نیلے رنگ کا مرہم ہو جاوے گا۔ ڈبیہ میں محفوظ رکھیں بوقت جماع تھوڑا سا مرہم ہاتھ پاؤں کے ناخونوں پر لگا دیں۔ اور مصروف ہوں۔ بے حد امساک ہوگا۔ نمک کی ضرورت پیش آدیگی۔

کشتہ جات

۱۔ شدھ پارہ ایک تولہ کو عرق مولی جو کہ کپڑ چھان کر لیا گیا ہو ایک سیر کے ہمراہ کھرل

کریں سخت گولی بن جائے گا۔ نکال کر توے پر رکھیں۔ نیچے کوئلوں کی ہلکی آنچ
رہے۔ عرق لیموں کا چوبہ دیتے رہیں۔ جب تک کہ سفید کشتہ نہ ہو جاوے۔ پھر
شیشی میں رکھیں خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن میں قوت
مردمی کے لئے عجیب چیز ہے۔ آزما کر فائدہ اٹھا دیں۔

۷۔ دو تولہ شورہ قلمی کو کنویں کے تازہ پانی میں حل کرکے دو موٹی ٹکیہ بنا دیں اور ان
کے درمیان ایک تولہ شدہ پارہ رکھ کر صرف دو اُپلوں کے درمیان آنچ دیں۔ پارہ
وابستہ و بند ہو جاویگا۔ پھر افیون خالص دو تولہ کی دو ٹکیہ بنا کر ان کے درمیان پارہ کو رکھ
کر مٹی کے پیالہ میں گل حکمت کرکے دو سیر کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ قوت باہ اور
امساک کے لئے ایک خس مکھن کے ساتھ۔

۸۔ پوست بیخ کنیر سفید آدھ سیر کوٹ کر بغیر پانی ملائے ہوئے اس کا آدھ پاؤ پانی
نکالیں۔ پھر ایک تولہ شدہ پارہ کو اس پانی کے ہمراہ کوزہ مٹی میں گل حکمت کرکے دو
سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر پوست بیخ کنیر کے نغدہ میں جس سے پانی نکالا
گیا ہے۔ ایک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر ہوا سے بچا کر دو اُپلوں کے درمیان آنچ دیں
کشتہ ہوگا۔ قوت باہ کے لئے نصف چاول بتاشہ میں کھا کر اوپر سے دودھ گھی ڈال
کر استعمال کریں۔ گھی زیادہ استعمال کرنا ہوگا۔ تین چار خوراک کافی ہیں۔

۹۔ شدہ پارہ نو ماشہ۔ چار عدد ورق چاندی کے ہمراہ کھرل کریں۔ مانند مکھن کے
ہو جاوے۔ اس پر سنکھیا چھ ماشہ پانی کے ہمراہ کھرل کرکے لیپ کریں۔ پھر پتے درخت
کنگھی آدھ سیر لیکر نغدہ بنا دیں۔ اور پیالہ میں گل حکمت کرکے دو سیر اُپلوں کی آنچ دیں
کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک خس ہمراہ مکھن۔

۱۰۔ پارہ شدہ ڈیڑھ تولہ۔ تیز سرکہ میں اس قدر کھرل کریں کہ دانہ دانہ ہو جاوے۔ پھر
نمک ہندی ایک تولہ کے ساتھ لوہے کی کڑچھی میں رکھ کر سرکہ سے بھر دیں۔ اور جوش

ताज़ा वायु सेवन करने और निरन्तर व्यायाम करते रहने से हो सकती है"।

फ्रान्स में एक बहुत सुन्दर स्त्री निननडीलिंक्लोज़ नामिक हो गुज़री है। ७० वर्ष की आयु में वह युवा मालूम होती थी। उस की आयु ८० वर्ष की थी जबकि उसका एक पोता अज्ञात उस पर मोहित हुआ था और प्रेमपत्र का उत्तर न मिलने के कारण उसने आत्मघात कर लिया था। अनुसन्धान से पता लगा था, कि वह स्त्री साफ़ पानी से दिन में कई बार स्नान करती थी।

मिसिज़ हमफ़री साहिबा चेहरा धोने पर लिखती हैं:—

"सारे शरीर की अपेक्षा मुख पर अधिक गर्द मिट्टी पड़ती है, क्योंकि जब हम बाहर जाती हैं, तो हाथों में दस्ताने पहिन लेती हैं, मुख नङ्गा ही रहता है। एक जाली जो मुख पर पड़ती जाती है, उस से गर्द इकट्ठी होती है, किन्तु दूर नहीं होती है। अतः हाथों से भी अधिक मुख को साफ़ करने की आवश्यकता है। यदि शीत ऋतु हो तो पानी अति शीत नहीं होनी चाहिए, और साबुन सारे दिन में एक बार पर्य्याप्त है। स्पंज फ़लालैनादि की अपेक्षा अंगुलियां अच्छी हैं। अंगुलियों के पोरुओं से मलना चाहिए। गर्द आंख, मुख और कान के आस पास अधिक जमा हो जाती है। इस को अच्छी तरह साफ़ करना चाहिए। साबुन मला जाय तो पीछे खूब पानी से धोओ, कि साबुन के परमाणु रह न जायें। तौलिया

(क) पूर्ण उत्तम सुन्दर बांह]

बहुत नरम होना चाहिए, और एक समान दबाव से पोंछना चाहिए। निश्चय इस प्रकार चेहरे को दैनिक सायं प्रातः दो बार और धोने से चेहरे का रंग साफ़ और उत्तम हो जाता

دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔

شنگرف

हिंगरफ

سنسکرت نام۔ ہنگل۔ ہنس پاد۔ رکت پالا۔ منوہر وغیرہ وغیرہ۔
کرناٹکی نام۔ اینگولیک۔ انگریزی نام ریڈ سلفیٹ آف مرکری۔
Sulphate of mercury ہندی نام۔ ہنگل۔ شنگرف۔
بنگالی نام۔ ہنگل۔ لاطینی نام۔ سلفیٹم ہائڈراجرائی۔ گجراتی نام۔ ہنگلو۔
مرہٹی نام۔ ہنگلوں۔ فارسی نام۔ شنگرف۔ تیلگی نام۔ ہنگلاکامو۔
عربی نام۔ زنجفر۔

پیدائش شنگرف بھی کانوں سے ہی نکلتا ہے۔ آجکل بازاروں میں عام طور پر دو قسم کا ملتا ہے۔ ایک تو کاٹھا۔ یہ سخت ہوتا ہے۔ اس میں پارہ کا جز بہت تھوڑا ہوتا ہے۔ دوسرا شنگرف رومی جو عام طور سے ادویات کے کام آتا ہے۔ اس میں پارہ کا جز زیادہ ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے وہ زیادہ چمکیلا۔ وزنی اور آسانی سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ یہ پارہ کا آپ رس ہے۔

کشتہ کے واسطے کیسا شنگرف لینا چاہئے اور فوائد کشتہ جات

کے اول درجہ کا شنگرف لینا چاہئے۔ جس کو شنگرف رومی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ کیونکہ اس میں پارہ کا جز زیادہ ہوتا ہے۔ ویسے تو شنگرف بجز گرم اور خشک ہونے کے اور کوئی تاثیر نہیں رکھتا ہے لیکن یہ پارہ کا مرکب ہے اور پارہ کے مانند اس میں ہر ایک دوا کو جذب کرنے کی طاقت موجود ہے۔ اس لئے اہل فن اس کا کشتہ تمام کشتوں سے عمدہ اور بہترین خیال کرتے ہیں۔ شنگرف کا خود ذاتی اثر گرم اور خشک ہونے کی وجہ سے امراض بارد۔ بلغمیہ و ریاحی کا دفع کرنا ہے۔ لیکن

[illegible] ترکیب کشتہ جن دواؤں کے ہمراہ بنایا جاتا ہے اُن کے اثر کو جذب کرکے اس
[illegible] بالکل ہی مختلف ہو جاتے ہیں۔ یعنی اگر کسی ترکیب سے کشتہ شنگرف مسہل
[illegible] ہے تو کسی سے سخت قابض۔ کسی سے مقوی باہ ہے تو کسی سے ممسک۔ کبھی
[illegible] ہے تو کسی سے بوجہ حرارت تپ ہو جاتا ہے۔ غرضیکہ جس دوا سے مدبر اور مرکب
[illegible] تاثیر موجود ہے۔ کشتہ شنگرف قوت باہ یعنی طاقت مردی کے
[illegible] زیادہ مشہور ہے۔ چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ طبیعت کو چست و چالاک بناتا
[illegible] یعنی نامردی کے دفعیہ میں امرت کا اثر رکھتا ہے لیکن
[illegible] اس کی تاثیر میں ترکیب کو خاص دخل ہے۔ جس سے کہ کشتہ
[illegible] اس کے حیرت انگیز اثرات کا ظاہر کرنا مختلف تراکیب پر منحصر ہے۔ ہر
[illegible] شنگرف سے ایسی کامل تاثیر کی امید کرنا فضول ہے۔ چونکہ ہماری کتاب
[illegible] متعلق ہے اس لئے ہم وہی ترکیب تحریر کریں گے جو اس کے دفعیہ میں کامل ہیں

طریق صفائی (۱) شنگرف کو بھیڑ کے دودھ۔ لیموں کے رس۔ نیم کے رس [illegible] سات سات روز کھرل کریں۔ تو شدھ ہو جاتا ہے۔
(۲) شنگرف کو ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر نیم کے رس۔ بھیڑ کے دودھ — لیموں کے رس ان تینوں میں تین تین روز پکانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔

کشتہ کی شناخت شنگرف کے کشتہ کی کوئی قابل شناخت مقرر [illegible] اہل فن کے خیال میں اچھا وہی کشتہ ہے جو سفید ہو جاوے۔ وزن [illegible] اور آگ پر دھواں نہ دے۔ اس کشتہ کی سب سے زیادہ شناخت [illegible] تین خوراک میں اس کا وہ فائدہ ظاہر ہو جس کے لئے کشتہ تیار کیا [illegible] زیادہ ہو۔ جس قدر دودھ گھی کھاویں بخوبی ہضم ہو جاوے۔ قوت باہ [illegible] صحت حرارت۔ قوت۔ بڑھ جاوے۔

شنگرف کے استعمال کے چند مجرب نسخہ جات

۱۔ شدہ شنگرف رومی۔ لوبان کوڑیہ۔ کافور۔ شدہ افیون۔ چار دل ادویات برابر
وزن ترتیب وار کوٹ کر ملا دین۔ یعنی پہلے شنگرف کو باریک کرکے پھر لوبان ہاون
دستہ آہنی مین باریک کرکے ملا دین۔ پھر کافور۔ پھر افیون۔ خوب کھرل کرین۔
جب ایک ذات ہو کر تار چھوٹے نگین چنے کی برابر گولیان بنا دین۔ خوراک ایک
گولی ہمراہ مکھن۔ دودھ گھی خوب استعمال کرین۔ قوت باہ اور امساک کیلئے بے حد
مفید ہے۔

۲۔ شدہ شنگرف۔ عقرقرحا۔ لونگ۔ زعفران۔ دارچینی۔ جوز بوا۔ شدہ افیون۔
کستوری۔ یہ آٹھ چیزین ہم وزن خوب کھرل کرکے شہد خالص کے ہمراہ جوار کے برابر
گولیان بنا دین۔ خوراک ایک گولی روزانہ ہمراہ مکھن یا ملائی اوپر سے دودھ استعمال
کرین۔ قوت باہ اور امساک کے لئے عجیب ہے۔

۳۔ شدہ شنگرف۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ پھٹکری سفید۔ برابر وزن تین روز
تک خوب کھرل کرکے شہد کے ہمراہ گولیان برابر چنے کے بنا دین۔ قوت باہ اور
امساک کے لئے مجرب ہے۔ خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ گھی ملاکر شیر گرم استعمال
کرین۔ اگر امساک کے لئے استعمال کرین تو شام کے وقت کھا دین۔ اس روز
کھانا نہ کھائین۔

۴۔ شدہ میٹھا تیلیہ آدھ پاؤ کو تین چار روز تیل سرسون مین تر رکھین۔ تیل
اتنا ہو کہ ڈوبا رہے۔ جب نرم ہو جاوے سر دستہ سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ
کر بذریعہ پاتال جنتر تیل نکال لین۔ پھر شنگرف رومی شدہ کو تین بار ایک ایک
سیر دودھ گائے مین جوش دین۔ پھر اس تیل کے ہمراہ شنگرف کو کھرل کرکے

باجرہ کے برابر گولیان بنا دین۔ قوت باہ اور امساک کیلئے ایک گولی منقہ مین کھا کر اوپر
سے دودھ استعمال کرین۔ فوراً ہی اثر ہوگا۔ ممسک درجہ اوّل ہے۔

۵۔ شدہ شنگرف رومی ایک تولہ۔ شدہ سنکھیا سفید ایک ماشہ دونون کو کھرل مین
ڈال دودھ بڑ ایک پاؤ کے ہمراہ دن بھر کھرل کرین۔ پھر شدہ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ ناریل
(گولا) چار تولہ ملاکر خوب زور سے کھرل کرین۔ تاکہ گولیان بنانے کے قابل ہو جاوے۔
مرچ کے برابر گولیان بنا دین۔ خوراک ایک گولی بوقت شام دودھ گائے کے ہمراہ
کھایا کرین۔ قوت باہ اور امساک مین مشہور ہے۔

۶۔ شدہ شنگرف رومی ایک تولہ کو عرق ادرک ایک پاؤ مین کھرل کرین جب وہ
خشک ہو جاوے ایک پاؤ عرق پیاز سفید کے ساتھ کھرل کرین۔ بعد ازان شراب
خالص انگوری ایک پاؤ کے ہمراہ کھرل کرکے گولیان برابر چنے کے بنا دین۔ خوراک
گولی روزانہ ہمراہ مکھن۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کرین۔ قوت باہ اور امساک
کے لئے بے نظیر ہے۔

۷۔ شنگرف شدہ۔ سنکھیا شدہ۔ ایک ایک تولہ۔ افیون شدہ چھ ماشہ۔ تینون کو
کھرل مین ڈال کر دو ہفتہ تک شراب برانڈی نمبر اوّل سے روزانہ ڈال ڈال کر کھرل کرین۔
تاکہ ایک بوتل ختم ہو جاوے۔ بعد ازان بھینس کے ایک چھٹانک دودھ کے ہمراہ ایک
ایک کھرل کرین۔ دودھ ایک سیر ۱۲ چھٹانک ختم ہو جاوے۔ پھر گولیان برابر چنے
کے بنا لین۔ خوراک ایک گولی ہمراہ مکھن۔ دودھ گھی خوب استعمال کرین۔ یہ نسخہ
قوت باہ بالکل گئے گذرے مین بھی بے حد مفید ہے۔

کشتہ جات

۱۔ شدہ شنگرف رومی ایک تولہ کو کھرل مین ڈال کر دو دن تک عرق پیاز کھرل کرتے

کرتے خشک کریں۔ پھر آدھی بوتل شراب برانڈی ہمراہ اول کھرل کرتے ہوئے ختم کردیں۔
پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور گھی میں بھون لیں۔ جب سُرخ ہوجاوے نکال کر پیس
لیں۔ خوراک بقدر ایک رتی مکھن میں۔ یہ کشتہ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔

۹۔ شنگرف رومی شدہ ایک تولہ کو دس تولہ دودھ بڑ کے ہمراہ کھرل کرکے جوز بوا۔
بسباسہ۔ زعفران۔ افیون۔ الائچی بڑی ہر ایک ایک ماشہ ڈال کر خوب کھرل
کریں۔ اور غلولہ بنالیں۔ اس غلولہ کو اُڑد کے آٹے میں جو گاجر کے پانی سے گوندھا
گیا ہو لپیٹ کر گھی میں بھون لیں۔ اسی طرح تین بار بدستور چیزیں ملا کر اور کھرل
کرکے عمل کریں۔ پھر گولیاں برابر چنے کے بنالیں۔ خوراک ایک گولی سوتے وقت
ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ ترشی، بادی اور جماع سے پرہیز۔ ایک ہفتہ کے
استعمال سے حیرت انگیز فائدہ ہوگا۔

۱۰۔ شدھ شنگرف رومی ایک دہی کے برتن میں رکھ کر اس قدر عرق لیموں کاغذی
ڈالیں کہ تین انگل اونچا رہے۔ چوبیس گھنٹہ عرق کے رہنے کے بعد وہی عرق کھرل کرکے
جذب کردیں۔ اور غلولہ بنا کر دھتورہ کے پیٹ کو خالی کرکے اس میں بھر دیں۔ اوپر
سے دھتورہ والا ڈھکن لگا دیں۔ پھر روئی کو روغن بیدانجیر (تیل ارنڈ) میں تر کرکے
اس قدر لپیٹیں کہ مانند تربوز کے ہوجاوے۔ اوپر سے کپڑا بھی دیویں۔ جو کہ تیل میں
خوب تر ہو۔ بعد ازاں گولا پر ادھا تار پتلے لوہے کے لگا دیں۔ اور ایک تار درمیان
میں بھی سوراخ کرکے لگا دیں۔ پھر اس گولے میں اُپلے کی آنچ دیں۔ جب شعلہ
لال آگ کے ختم ہوجاویں تو اس گولے کو زمین پر رکھیں۔ اور ایک بڑے برتن سے
ڈھانپ دیں۔ ایک روز کے بعد نکالیں۔ کشتہ سفید رنگ کا برآمد ہوگا۔ اگر
کچھ کسر ہے دوبارہ عمل کریں۔ خوراک ایک رتی تک مکھن کے ہمراہ۔ قوت باہ امساک
کے لئے تیر بہدف ہے۔

[illegible] کے پرانے درخت مدار کی جڑ میں سوراخ کرکے دو تولہ شدہ شنگرف رومی کی
[illegible] کر برادہ کو جو سوراخ کرنے میں نکلا ہے اس کو بھر کر اُڑد کا آٹا کپڑے میں لگا کر خوب
[illegible] ٹمبک سے بند کردیں پھر بدستور مٹی سے دبا دیں ایک سال پڑا رہ ڈلی
[illegible] رہے۔ پھر اس مدار کو اکھاڑ کر جڑ کے آگے پیچھے سے تھوڑا کاٹ کر بخوبی گل حکمت
[illegible] خشک ہونے پر دس سیر اُپلوں کے درمیان گڑھے میں آگ دیں۔ برنگ سفید
[illegible] ہوگا۔ اس کو ایسی جگہ دیں جہاں عورت کا سایہ نہ پڑے۔ خوراک زیادہ سے زیادہ
[illegible] چاول مکھن یا ملائی میں نامرد کو مرد بنانے اور مایوس مریضوں کو امید دلانے میں
[illegible] ہے۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ بنا کر نسخہ کے عجائبات دیکھیں۔
[illegible] شنگرف رومی شدہ دو تولہ کی ڈلی لیکر باریک ململ کے کپڑے میں باندھ کر پوٹلی
[illegible] پھر ایک ہانڈی میں عرق بھنگرہ سفید بقدر دس سیر ڈال کر چولہے پر چڑھا کر
[illegible] کو اس میں لٹکا دیں۔ ہانڈی پر سوراخ دار ڈھکنا دے کر اور پوٹلی کا ڈورا
[illegible] کے ذریعہ باہر نکال کر ڈھکنہ کو اُڑد کے آٹے سے بند کردیں۔ اور نیچے نرم آنچ
[illegible] کریں چار پہر میں سب پانی خشک ہوجاویگا۔ دوسرے روز دس سیر
[illegible] کے جوس کا ڈال کر بدستور پکائیں۔ تیسرے روز بیس سیر عرق پیاز سفید میں
[illegible] پھر ڈلی شنگرف کو کھرل میں ڈال کر ایک بوتل شراب برانڈی کھرل کرتے ہوئے
[illegible] کریں۔ بعد ازاں بوٹی سراب یعنی تتلی دس تولہ، گل سورج مکھی دس تولہ۔ دونوں
[illegible] کے درمیان شنگرف رکھ کر مٹی کے دو پیالوں میں گل حکمت کرکے تین بار
[illegible] سے گل پوٹی کریں۔ جب اچھی طرح خشک ہوجاوے ہوا سے بچا کر دو سیر اُپلوں کی
[illegible] دیں۔ سفید بادزن کشتہ ہوگا۔ خوراک نصف چاول مکھن میں کھائیں۔ اور نسخہ
[illegible] کر دیکھیں۔ ایک ہفتہ حد دو ہفتہ با پرہیز استعمال کرنے سے برسوں کا نامرد جوان مرد
[illegible] ہوجاتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ پہلی خوراک میں ہی اثر دکھاتا ہے۔

۱۳ا۔ شنگرف ایک تولہ کی سالم ڈلی لے کر ایک ہفتہ تک تھوہر ناگ پھن کے پانی میں بھگو کر رکھیں۔ پھر ایک ہفتہ دودھ مدار میں۔ بعد ازاں گل حرمل سبز، پھول گل مدار ہر ایک ۵ تولہ گھوٹ کر نغدہ بنا دیں۔ اور شنگرف کو اس میں رکھ کر پانچ دفعہ یکے بعد دیگرے گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور دو سیر اپلوں میں ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ برنگ سفید کشتہ ہو گا۔ خوراک ایک چاول تک مکھن میں۔ دودھ گھی خوب استعمال کریں۔ قوت باہ کیلئے اکسیر ہے۔

۱۴ا۔ مال کنگنی ایک سیر۔ بھلانوہ ایک سیر۔ حرمل ایک سیر۔ تینوں کو دودھ مدار میں تر کر کے مٹی کے برتن میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اور حفاظت سے رکھیں۔ بعد ازاں شدہ شنگرف رومی دو تولہ کی ڈلی دودھ مدار میں سات روز بھگو کر رکھیں۔ پھر دودھ سے نکال کر تیل مذکور میں تر کر کے اس پر تین عدد پتے مدار کے لپیٹ کر گندم کے آٹے خمیر کئے ہوئے میں رکھ کر غلولہ بنا دیں۔ اور اپلوں کی آنچ میں دبا دیں۔ تیس منٹ کے بعد نکال کر دوبارہ تیل میں تر کر کے اور پتے مدار میں لپیٹ کر بدستور غلولہ بنا کر تیس منٹ تشویہ کریں۔ اسی طرح سے ہر بار تیل میں تر کر کے اور پتے مدار میں لپیٹ کر غلولہ بنا کر ایک سو بار تشویہ کریں۔ بعد ازاں بوٹی اکاس بیل ترش بقدر بیس تولہ نغدہ بنا کر اس میں شنگرف کو رکھ کر گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور دو سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ جب اچھی طرح سے سرد ہو جاوے نکال کر پیس لیں۔ خوراک نصف چاول مکھن میں رکھ کر نامرد کو کھلا دیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ خواہ کیسا ہی گیا گذرا کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں کامل مردی کا دم بھرے گا۔

۱۵ا۔ شنگرف رومی شدہ ۵ تولہ۔ بہروزہ ایک سیر۔ ایک کھلے منہ کے برتن میں ڈال کر آنچ پر رکھیں۔ ایک گھنٹہ نرم آنچ دیں۔ پھر تیز کریں۔ اگر بہروزہ میں آگ لگ

جائے تو ڈر نہ کریں جلنے دیں۔ جب بہروزہ جل جاوے تو ڈلی شنگرف نکال لیں ایک کٹورے لوہے میں رکھ کر نیچے نرم آنچ کریں۔ اور ڈلی شنگرف پر تیل فاسفورس کی بوند گراتے جاویں۔ ایک پاؤ تیل فاسفورس جذب کریں۔ اس کے ڈالنے سے روشنی نکلتی معلوم ہو گی۔ پھر کڑچھے میں بھلانوہ پانچ تولہ پیس کر ڈالدیں اور گھی ۵ تولہ، شہد ۵ تولہ ڈال کر آنچ پر رکھیں۔ پہلے نرم آنچ چار گھنٹہ۔ پھر درمیانی چار گھنٹہ۔ پھر خوب تیز چار گھنٹہ یعنی ۱۲ گھنٹے کی آنچ دے کر اتار لیں۔ اور شنگرف کی ڈلی نکال کر پھر بھلانوہ، کنگنی، شہد، گھی، چاروں چیزیں ایک سیر ملا کر اس میں ڈلی کو رکھ کر آنچ دیں۔ اور ایک سیر دودھ مدار کا چوبہ دے دے کر خشک کریں۔ پھر شراب کا چوبہ دے کر چار بوتل جذب کریں۔ پھر عرق پیاز کا چوبہ آٹھ بوتل جذب کریں۔ بعد ازاں دودھ آک میں سات دن تک کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ پھر کشتہ بیضہ مرغ ۵ تولہ دودھ آک میں کھرل کر کے اس ٹکیہ پر لیپ کریں۔ اور دس تولہ کشتہ بیضہ مرغ لے کر ایک کوزہ مٹی میں اس کے نیچے اوپر دے کر کوزہ کا منہ ٹھیک سے بند کر کے گل حکمت تین کپرو ٹی سے کریں۔ بعد ازاں ہوا سے بچا کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ برنگ سفید درجہ اول ہو گا۔ خوراک نصف سے ایک چاول تک مکھن وغیرہ میں۔ کیسا ہی گیا گذرا نامرد کیوں نہ ہو۔ ایک ہفتہ دو ہفتہ میں اس کی طاقت سے مجبور ہو جاویگا۔ ہم دعوی سے کہتے ہیں دو ہفتے سے زیادہ اس کو کوئی بھی استعمال نہیں کر سکتا ہے۔ یہ عجیب نسخہ ایک بزرگ سے ملا ہوا ہے۔ اور دسوں بار آزمائش کر چکے ہیں۔

ابرک अभ्रक

سنسکرت نام۔ ابرک، گگن۔ گرج دہوج۔ آکاش باچک وغیرہ وغیرہ۔
پنجابی نام۔ ابھرک۔ عربی نام۔ طلق۔ گجراتی نام ابھرک۔ انگریزی نام ٹالک Talc

گلمیر Glimmer ہندی نام ۔ ابھرک ۔ ابرک ۔ بنگالی نام ۔ ابھر مرہٹی نام ۔ ابھرک ۔
کرناٹکی نام ابھرک ۔ فارسی نام ستارۂ زمین ۔ لاطینی نام ۔ مائیکا ۔

پیدایش ابرک کو اُپ رس مانا ہے ۔ پارہ کی طرح یہ بھی بہت سے امراضوں کو دور کرنے کے قابل ہے ۔ اس کے اندر بھی پارہ مانا گیا ہے ۔ کیمیا کی کتابوں میں ابرک سے نکالے ہوئے پارہ کی بہت تعریف لکھی ہے ۔ اس کو رسائن کیلئے اوّل درجہ کی چیز مانا ہے ۔ اس لئے یہ اُپ رس یا پارہ کی اُپ دھاتو ہے ۔ یہ کانوں میں پیدا ہوتا ہے ۔ ہندوستان میں ضلع ہزاری باغ وغیرہ کی طرف بھی اس کی پیدایش ہے ۔ اور بھی اکثر پہاڑوں میں بہت جگہ پایا جاتا ہے ۔ شاستروں میں ابرک چار قسم کا کہا ہے ۔ براہمن (برنگ سفید) کھشتری (برنگ سرخ) ویش (برنگ پیلا) شودر (برنگ سیاہ) لکھا ہے کہ چاندی کے کاموں میں سفید استعمال ہوتا ہے ۔ اور سونے کے کاموں میں زرد و سرخ رسائن کے کاموں میں اور ادویات کیلئے سیاہ سب سے بہتر ہوتا ہے ۔ آجکل عموماً دو قسم کا ابرک بازاروں میں پایا جاتا ہے ۔ سفید اور سیاہ ۔ سفید عام طور پر بازاروں میں کام آتا ہے ۔ اور اب اس ابرک کی چمنیاں بھی تیار ہونے لگی ہیں ابرک سیاہ جو آجکل آتا ہے وہ پورا سیاہ نہیں ہوتا ہے ۔ اس میں زردی اشرفی ہوتی ہے ۔ خاص قسم کا ابرک سیاہ میسور کی کانوں سے بہت نکلتا ہے ۔ اصلی کالا ابرک آجکل بازاروں میں ملنا مشکل ہو گیا ہے ۔ کالے ابرک کی وید ک میں چار اقسام لکھی ہیں ۔ یعنی پناک ۔ دردر ۔ ناگ ۔ بجر ۔ ان میں بجر ابرک سب سے بہتر ہوتا ہے ۔

شناخت ابرک (۱) آگ میں ڈالنے سے جس کے پتر کھل جاتے ہیں یعنی پرت پرت ہو جاتا ہے وہ پناک ہے ۔ اس کے استعمال سے جذام ہوتا ہے ۔

(۲) دُردر وہ ہے جس کو آگ میں ڈالنے سے مینڈک کی طرح آواز دیتا ہے ۔ اس کے استعمال سے پیٹ میں گولا اور مہلک ہے ۔

... سانپ کی طرح سے پھنکار کی آواز دے ۔
(۳) ناگ وہ ہے جو آگ میں ڈالنے سے ... کے استعمال سے بھگندر پیدا ہوتا ہے ۔
(۴) بجر وہ ہے جو آگ میں ڈالنے سے پتھر کی طرح جوں کا توں رہے ۔ کسی قسم کی آواز ...

... کیلئے کیسا ابرک ہو صاحبان آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ ادویات کے کام ... کے قابل بجر ابرک ہی ہے ۔ باقی تین قسم کے ابرک ناقابل استعمال اور سم ... میں ۔ لیکن بجر ابرک حاصل کرنے کے لئے بہت کوشش کرنی پڑتی ہے دیکھئے ... کس قدر ذمہ داری کا ہے ۔ لوگ مخول کرتے ہیں کہ ویدک کی ادویات ... نہیں رہا ۔ اثر کہاں سے ہو آجکل منوں ابرک بازار میں بکتا ہے ۔ جس کا زیادہ ... ادویات میں ہی جاتا ہے ۔ ہندوستان کے اندر منوں پارہ اور شنگرف اشدھ ... ایسے مریضوں کو کھلا دیا جاتا ہو تو تعجب نہیں ۔ ڈاکٹر بیچارے ان کی شدھیوں ... لیکن افسوس ہے جو جانتے ہیں وہ بھی جھگڑا خیال کر کے تکلیفات سے ... اپنے ... کو ہی بہتر سمجھتے ہیں ۔ اچھا برا ۔ اور اشدھ جیسا ملا ادویات میں ڈال کر اپنے ... سے ادا ہو گئے ۔ پھر بھلا دوا اثر کہاں سے آوے ۔

... شدھی صفائی ابرک کو آگ میں تپا تپا کر دودھ گائے ۔ ترپھلے کے کاڑھے ... گئو پیشاب گائے ۔ ان میں سات سات بار بجھاوے ۔ تو عمدہ شدھی ہو جاتی ہے ... ہے کہ چند بار بجھانے کے بعد ابرک نرم ہو جاتا ہے ۔ تب بھی ٹھیکری میں رکھ ... کر ... میں تپایا جاتا ہے ۔

... ابرک کو کانجی میں ڈال کر ایک روز پکاوے ۔ دوسرے روز کلتھی کے کاڑھے میں ... تیسرے روز چھاچھ میں ۔ چوتھے روز پیشاب گائے میں پکانے سے شدھی ہو جاتی ہے ۔
... ابرک کو تپا تپا کر اکیس بار دودھ گائے میں بجھانے سے بھی شدھی ہو جاتی ہے ۔

دھانیہ ابرک | ابرک کی شدھی کے بعد اس کو باریک سفوف کیا جاتا ہے تب وہ مناسب طور پر کشتہ کیلئے تیار ہوتا ہے۔ کیونکہ آنچ عمدہ آتی ہے۔ اسی طرح سے باریک کرنے کا نام دھانیہ ابرک بنانا ہے۔ ایک کمبل کے ٹکڑے یا موٹے مضبوط کپڑے میں ابرک اور چوتھائی حصہ دھان ڈال کر اور ڈھیلا سا باندھ کر کسی برتن میں تین رات تک کانجی میں بھگوتے ہیں۔ پھر اس پوٹلی کو ملنا شروع کرتے ہیں۔ ابرک باریک ہو کر پانی میں نکلتا جاتا ہے۔ جب سب نکل جاوے تو ملنے کو موقوف کر کے پانی کو ٹھہرنے دیں۔ ابرک تمام نیچے بیٹھ جاویگا۔ اوپر سے پانی کو نتھار دیں۔ اور باریک سفوف ابرک کا لے لیں۔ خیال رہے کہ شدھ ابرک کو کھرل میں باریک کر کے تب دھان کے ہمراہ پوٹلی میں باندھنا چاہیے۔ یہی دھانیہ ابرک کشتہ کے استعمال میں لانا چاہیے۔ کوئی کوئی چھوہارہ یا کھجور کی گٹھلی یا پتھر کنکر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے دھانوں کی جگہ ڈال کر صاف کرتے ہیں۔ لیکن ہماری رائے میں دھان سب سے عمدہ ہیں۔

فوائد | ابرک سیاہ کا کشتہ امراض مخصوصہ مرداں۔ نامردی۔ ضعف باہ وغیرہ میں اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں مناسب انوپان سے اور بھی امراضوں پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ترکیب کشتہ جات

۱۔ دھانیہ ابرک کو ایک صاف کھرل میں ڈال کر دودھ آک ڈال ڈال کر تین گھنٹہ تک برابر کھرل کرو۔ اور ایک ٹکیہ بنا کر خشک کر لو۔ بعد ازاں اس ٹکیہ کو آک کے پتوں میں لپیٹ کر ڈورا باندھ دو۔ پھر اس کو مٹی کے دو پیالوں میں رکھ کر چار پانچ تہ کپڑے کی لگا کر ٹھیک سے گل حکمت کرو۔ اور گجپٹ کی آنچ دو۔ جب آگ ٹھنڈی ہو جاوے پیالوں سے مصالحہ کو نکال کر کھرل میں دودھ آک ڈال ڈال کر تین گھنٹہ

"ब्रालिस मलाई रङ्गत के लिये ऐसी ही आवश्यक है, [illegible] कि आमाशय के वास्ते आहार"।

(विपत से चमड़े की पालिश)

आगस्टा प्रेस्काट साहिबा लिखती हैं:—

"ठण्डी मलाई अच्छी रङ्गत का रहस्य है। विशेषकर [illegible] ऋतु में सदैव वर्तनी चाहिये। बहुत सी सुन्दर स्त्रियाँ केवल [illegible] का प्रयोग करती हैं, जिससे कि त्वचा साफ़ सुन्दर रहती है"।

जब घाम में रहने का अवसर हुआ हो तो साबुन की [illegible] मलाई मलकर कुछ देर ठहरो, फिर अंगुलियों से मल कर [illegible] दो। स्याही रङ्गत की जाती रहेगी"।

"फ़ैमिली डाक्टर" के रचयिता लिखते हैं कि [illegible] पपोटों के द्वारा छोटे २ दायरे बनाते हुए मलाई को [illegible] मलना रङ्गत को [illegible] अच्छा और चर्म को साफ़ करता है।

خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن وغیرہ استعمال کریں۔ اور عجائبات دیکھیں۔

۲۔ دھانیہ ابرک سیاہ ایک پاؤ۔ رات کو بھیڑ کے دودھ میں تر کریں۔ صبح کو نکال کر پوٹلی میں باندھ کر ایک سیر دودھ بھینس میں جوش دیں۔ تاکہ سب دودھ جذب ہو جائے دوبارہ پھر رات کو ایک سیر دودھ بھینس میں تر رکھیں۔ اور صبح کو ایک سیر دودھ میں جوش دیں۔ اسی طرح سات دفعہ کریں۔ پھر ایک سیر دودھ کھرل میں جذب کر کے ٹکیہ بنالیں۔ اور خشک کر کے مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کر کے چودہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر چار پھر چار کے عرق میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بدستور آنچ دیں۔ اسی طرح سات بار عرق پیاز میں کھرل کر کے بدستور آنچ دیں۔ پھر سات مرتبہ دودھ آک سے کھرل کر کے آنچ دیں۔ پھر عرق گھی کنوار میں کھرل کر کے اور اسی کے گودے میں رکھ کر سات بار آنچ دیں۔ پھر سات بار عرق لیموں کاغذی اور سات بار شراب برانڈی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر آنچ دیں۔ پھر پوٹلی میں باندھ کر ایک بڑے برتن میں لٹکا دیں۔ اور اسی میں چھ سیر پانی یا ایک پاؤ گھی لگائے۔ جائفل دو عدد۔ جاوتری ۵ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ ڈال کر اور برتن کا ڈھکن خوب مضبوطی سے بند کر دیں۔ نیچے نرم آنچ جلا دیں۔ ابرک والی پوٹلی چار انگل پانی سے اوپر رہے۔ جب پانی تھوڑا سا رہ جائے نکال لیں۔ ابرک برنگ سرخ یا سیاہی مائل یا نسواری رنگ کا ہوگا۔ اس کو پیس کر شیشی میں رکھیں خوراک ایک رتی مکھن میں کھا کر دودھ استعمال کریں۔ چالیس روز کے استعمال سے نامرد بھی مرد ہو جاوے گا۔ یہ ایک سنیاسی سے حاصل ہوا ہے۔ اور بہت ہی فائدہ مند عجیب چیز ہے۔

۳۔ ابرک سیاہ دھانیہ ڈھائی تولہ کشتہ پارہ سات ماشہ۔ دونوں کو ایک چھٹانک عرق لیموں کے ہمراہ چار پہر کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ پھر مٹی کے کوزہ میں ڈھائی تولہ سہاگہ تیلیہ نیچے اوپر بچھا کر درمیان میں ٹکیہ رکھ کر گل حکمت کر کے

پندرہ عدد اپلوں کی آنچ دین۔ دوسری مرتبہ پھر حسب دستور ایک چھٹانک عرق لیموں
میں کھرل کرکے نیچے اوپر اسی قدر سہاگہ اور اتنا ہی پارہ شامل کرکے دس اپلوں میں آنچ
دین۔ تیسری بار پھر سات ماشہ پارہ شامل کرکے اور ایک چھٹانک عرق لیموں میں کھرل
کرکے سہاگہ حسب دستور نیچے اوپر بچھا کر پانچ اپلوں میں آنچ دین۔ پھر نکال کر کھرل
مین ڈال کر لعاب گھی کنوار سے کھرل کرکے سات بار دس سیر اپلوں مین آنچ دین۔
یعنی پہلی بار دس سیر میں دوسری بار نو سیر مین اسی طرح سے ایک ایک سیر اپلے کم کرتے
جاوین۔ پارہ صرف تین بار شامل کرین۔ یعنی اکیس ماشہ پارہ۔ جب سات آنچ ختم ہو
جاوین۔ تو نکال کر کھرل مین ڈال کر ادویات ذیل کے ہمراہ کھرل کرین۔ لونگ۔ جائفل۔
موصلی سفید۔ الائچی چھوٹی۔ تیزبل۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ علیحدہ کوٹ کر پھر شامل کرین۔
اور ہمراہ شہد گولیاں برابر چھوٹی مٹر بنا کر رکھین۔ ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ
استعمال کرین۔ قوت باہ اور امساک کیلئے بے حد فائدہ مند ہین۔

یہ۔ دھاتیہ ابرک سیاہ کو کتر کر ترپھلہ کے کاڑھے مین چار پہر کھرل کرکے ٹکیہ بنالین۔
اور دو دیالوں کے درمیان کپڑمٹی کرکے سولہ سیر اپلوں مین آنچ دین۔ اسی طرح اکیس
بار عمل کرین۔ پھر اکیس بار آک کے رس سے کھرل کرکے آنچ دین۔ پھر اکیس بار انڈ
سرخ کے رس مین کھرل کرکے آنچ دیوین۔ پھر اکیس بار دودھ بڑ سے کھرل کرکے آنچ
دیوین۔ آخیر مین اکیس بار شراب برانڈی سے کھرل کرکے آنچ دین۔ غرضکہ ایک سو
پانچ آنچ ہوا سے بچا کر پوری کرین۔ بعد کو کھرل کرکے شیشی مین رکھین۔ خوراک نصف
سے ایک رتی تک ہمراہ مکھن کھانے سے دو ہفتہ مین ہی نامرد کو کامل مرد بنا دیتا ہے
یہ ایک سنیاسی کا عطیہ ہے اور کئی بار دسوں مریضوں پر آزمائش ہو چکی ہے۔
بنا کر فائدہ اٹھاوین۔

سنکھیا
संखिया

[illegible]دک کتابوں میں سنکھیا کا کہین بھی نام نہیں آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سنکھیا
[illegible] ہے۔ کئی ادیبوں نے سنکھیا کو وش لکھا ہے۔ دراصل وش تو صرف بچھناگ
[illegible] نام کے بارے میں زہریلی نباتات سے تعلق رکھتا ہے۔ سنکھیا معدنی مشہور
[illegible] ہے۔ اسے سنکھیا۔ سم۔ مرگ موش۔ قتال۔ زہر آدم۔ سنگ۔ شنک۔
[illegible]ک۔ سنبل کھار۔ سم الفار۔ انگریزی مین اس کو آرسنک یا آرسینی الیسڈ
[illegible] یہ عام طور پر چار قسم کا مشہور ہے۔ سفید، زرد۔ سرخ۔ سیاہ۔ معلوم
[illegible] ہے کہ سفید کے علاوہ باقی اور قسم بنائی جاتی ہین۔ انگریزی کتابوں مین تو
[illegible] ہڑتال کو بھی سنکھیا زرد لکھ مارا ہے۔ ہڑتال کو آگ دینے سے وہ سرخ ہو جاتی
...... بعض کا خیال ہے کہ ہڑتال کو پگھلا کر سنکھیا سرخ بنایا جاتا
[illegible] سنکھیا سیاہ کئی قسم کا بازاروں مین دیکھا گیا ہے۔ کسی کا رنگ آسمانی۔ کسی
[illegible] نیلا سا اور کسی کا سیاہ ہوتا ہے۔ اکثر آدمی اور کیمیاگر کہتے ہین کہ بازاروں میں
[illegible] اصل کالا سنکھیا نہیں ملتا ہے۔ اصل سیاہ سنکھیا کیمیا بنانے کے کام آتا ہے
[illegible] کو مل جائے تو سمجھ لو کہ وہ مالا مال ہے۔ تعریف یہ بتلاتے ہیں کہ اس کا دھواں
[illegible] پر لگنے سے سفید ہو جاتا ہے۔ اس کی پیدائش کے بارے مین کہتے ہیں کہ پہاڑوں
[illegible] بہت بڑے اور زہریلے بچھو ہوتے ہیں۔ اور غصہ کے وقت جب وہ پتھر پر ڈنک
[illegible] ہیں تو اس پتھر کا کچھ حصہ سنکھیا ہو جاتا ہے۔ اور اسی طرح بار بار اس پتھر پر ڈنک
[illegible] تمام پتھر ہی سنکھیا ہو جاتا ہے۔ بعض سادھو، پہاڑ اور جنگلوں میں رہنے
[illegible] آدمی بچھوؤں کا بل دیکھ کر اس پر جب بچھو باہر نکلا ہوا ہو پتھر رکھ دیتے ہین جب
[illegible] باہر آتا ہے تو غصہ سے پتھر پر ڈنک مارنا شروع کرتا ہے۔ اور پچاسوں بار ڈنک

(۴۰) سنکھیا کو ایک پوٹلی مین باندھ کر ایک ہانڈی مین گائے کے پیشاب مین ڈالکر ... گھنٹہ
کی آنچ دین۔ پھر نکال کر پیشاب گائے کو زمین مین گاڑ دین۔ اور سنکھیا کو کام مین لا سکتے
ہین۔

ترکیب کشتہ جات

۱۔ سنکھیا سفید شدہ ایک تولہ کو ریشمی کپڑے کی پوٹلی مین باندھ کر ریت کے درمیان
آنچ پر رکھین۔ جب بخوبی گرم ہو جاوے تو شراب برانڈی کے پیالہ مین سرد کرین۔ اور اسی
طرح سے بار بار گرم کر کے شراب برانڈی مین بجھاتے جاوین۔ تین چالیس بار ایسا
کرنے سے کشتہ ہو جاویگا۔ پھر پیس کر شیشی مین رکھ لین۔ خوراک نصف چاول سے
ایک چاول تک مکھن وغیرہ مین استعمال کرین۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ دو دن
خوراک ہی مین فائدہ دکھلاتا ہے۔ آزمانے سے آپ خود ہی تعریف کرینگے۔

۲۔ پوست درخت پیپل خشک کر کے کوٹ چھان کر آدھ سیر وزن مین لے لین ایک
لوٹے مین آدھا سفوف نیچے بچھا کر اوپر ایک تولہ شدہ سنکھیا رکھین اور اوپر سے آدھا
سفوف ڈال کر خوب دبا دین۔ تاکہ بالکل پول نہ رہے۔ نیچے آنچ جلا دین۔ ایک سلائی
سے سنکھیا کو ٹٹولتے رہین۔ جب سلائی وار پار ہو جاوے آگ بند کر دین۔ کشتہ تیار
سمجھین۔ پیس کر شیشی مین رکھین۔ خوراک نصف سے ایک چاول ہمراہ مکھن وغیرہ۔
قوت باہ اور امساک مین بے حد مفید ہے۔

۳۔ سنکھیا زرد شدہ ایک تولہ کی ڈلی کو پھل دھتورہ تازہ مین ڈال کر اسی پر دھاگہ لپیٹ
کر آٹے سے بند کر دین۔ پھر گرم بھوبل مین دبا دین۔ تاکہ آٹا سرخ ہو جاوے۔ اسی طرح
سے ۱۴ عدد دھتورہ مین بھرتہ بنا دین۔ پھر نکال کر نرم آنچ پر کڑاہی مین رکھین۔ اور آدھ
سیر دودھ آک کا چویہ دے دے کر خشک کرین۔ بعد ازان ڈلی کو صاف کر کے پھر کڑاہی
مین نرم آنچ پر آدھ سیر برانڈی خالص درجہ اوّل کا چویہ دین۔ پھول کر کشتہ ہو جاوے گا۔

خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن مین استعمال کرنے سے نامرد بھی ایک ہفتہ
مین مردی کا دم بھرنے لگیگا۔

۴۔ شدہ سنکھیا ایک تولہ کی ڈلی لیکر ایک پاؤ دودھ آک مین ڈال کر اکیس روز زمین مین
دفن کرین۔ بعد ازان نکال کر ایک سیر راکھ ٹھکنڈہ جس کو چرچٹہ بھی کہتے ہین اُس کے
درمیان کسی لوٹے مین رکھ کر آنچ پر رکھین۔ جب راکھ اس قدر گرم ہو جاوے کہ دانہ گیہون
راکھ پر بھن سکین تو آنچ کو بند کر دین اور سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی مین رکھین۔
خوراک حسب برداشت نصف سے ایک چاول مکھن مین۔ مقوی باہ ہونے کے علاوہ
... کیلیے بھی اکسیر ہے۔
... راکھ کے درمیان سنکھیا رکھنے کی حالت مین سلائی سے دیکھتے رہین جب
سلائی ڈلی کے پار ہو جاوے تو آنچ بند کر دین۔ ورنہ سنکھیا پگھل کر راکھ مین مل جاویگا

۵۔ جوہر سنکھیا۔ شدہ سنکھیا چار تولہ کو بیس عدد کاغذی لیموں کے عرق مین کھرل کر کے
خشک کر لین۔ پھر دو پیالوں مین رکھ کر گل حکمت کر کے جوہر اُڑا دین۔ پھر جوہر کے ہم وزن
کو بعد۔ الائچی خورد باریک کر کے ملا لین۔ خوراک دانہ مونگ سے کچھ کم ہمراہ مکھن
... سے پہلے استعمال کرین۔ حد درجہ کی ممسک ہے۔

۶۔ شدہ سنکھیا کی ڈلی کو دودھ آک مین چالیس روز تر رکھین دودھ خشک نہ ہونے
... بعد ازان تین روز متواتر شراب برانڈی مین کھرل کر کے خشک کرین۔ بعدہٗ کو تین
بار جوہر اُڑا دین۔ یعنی پہلی بار جو جوہر اُڑے اس کو دوبارہ نیچے والی ادویات مین کھرل
کر کے پھر اُڑاؤ۔ اسی طرح سے تین بار۔ تیسری بار مین جس قدر جوہر حاصل ہو اس کو
شیشی مین رکھو۔ خوراک نصف سے ایک چاول ہمراہ مکھن۔ قوت باہ مین اکسیر ہے۔

۷۔ تیل سنکھیا۔ سنکھیا ایک تولہ۔ شورہ قلمی چار تولہ کے درمیان رکھ کر کڑاہی مین ڈالکر
اس پر روغن کنجد آدھ پاؤ ڈالین۔ اور خوب تیز آنچ جلا دین۔ تاکہ آگ تیل مین لگ جاوے۔

جب تیل وغیرہ جل کر شعلے ٹھنڈے ہو جاویں تو کڑاہی میں سے نیا ہی وغیرہ دور کر کے
دیکھیں - سنکھیا پیندے میں لگا ہو گا - اس کو کھرچ کر باریک پیس لیں - اور ایک برتن
میں ڈال کر برتن کو نمناک ریت کے درمیان رات کو شبنم میں رکھیں - تمام دوا ایک
قسم کا عرق ہو جاویگا - یہی تیل ہے - اگر ایک بار سب تیل نہ ہو تو جس قدر ہو گیا ہو اس
کو شیشی میں نکال کر باقی کو پھر دوسرے روز رکھیں - تمام تیل ہو جاویگا - یہ تیل بطور
طلاء قوت باہ کیلئے اکسیر ہے - صرف ایک تیلہ تر کر کے پشت عضو پر لگا دیں - سیون
سوپاری کو محفوظ رکھیں - اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں - ایک ہفتہ میں نامرد کو
مرد بناتا ہے - عجیب چیز ہے -

۸ - سنکھیا ایک تولہ کو آدھ سیر شراب برانڈی میں کھرل کر کے خشک کریں - پھر بیس
عدد زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ تین ماشہ کستوری ڈال کر کھرل کریں - اور بطور پاتال
جنتر آتشی شیشی میں ڈال کر تیل نکالیں - یہ تیل دو دو بوند مکھن میں کھانے سے بڑھاپے
میں جوانی کا مزہ آتا ہے - دمہ کیلئے بھی عجیب اثر دکھاتا ہے -

ہڑتال

سنسکرت نام - ہری تالک - کانچن رس - گنگ رس - کانچنگ وغیرہ وغیرہ
کرناٹکی نام - ہری حدل - انگریزی نام - اریی منٹ orpimant
ہندی نام - ہڑتال - فارسی نام - زرنی و طبقی - لاطینی نام - ییلو آرسنکم سلفائیڈم yellow Arsi[illegible] Sulphidum
مرہٹی نام - ہڑتال - بنگالی نام ہڑتال
عربی نام - زرنیخ - قرطالیس - گجراتی نام - ہڑتال - کیمیاوی نام - علم - زیب -
علم الجواہر وغیرہ وغیرہ -
یہ چار طرح کی ہوتی ہے - زرد - سرخ - سبز - سیاہ -

ان میں سب سے عمدہ وہ ہے جو زرد رنگ اور سونے کی طرح سے چمکدار ہو - اور مانند
ابرق کے ورق ورق ہو جائے - اس کو ہڑتال طبقیہ یا ورقیہ کہتے ہیں - سرخ رنگ ہڑتال
کو اصل کہتے ہیں - سبز اور سیاہ رنگ کی ردی ہیں - کھانے کی ادویات اور
کشتہ بنانے میں زرد ہڑتال ورقیہ کام آتی ہے - اور اس کو ویدک پنڈت منا ٹن لکھا
ہے - ایک اور سفید رنگ کی ہوتی ہے جو کہ ہڑتال گئودنتی کے نام سے مشہور ہے ہڑتال
گئودنتی کی طرح سے گائے کے دانت کے رنگ کی - اور اس میں زرد نیلی ریکھا ہوتی ہیں
بعض لوگ اس کو ہڑتال سمجھتے ہیں - لیکن اگر دیکھا جاوے تو یہ کسی طرح بھی ہڑتال نہیں کہی
جا سکتی ہے کیونکہ یہ اڑنے والی نہیں - اور آگ پر دھواں نہیں دیتی ہے - اس کی
صورت شکل سنگ جراحت سے زیادہ تر ملتی جلتی ہے - اس لیے یہ گئودنتی بالکل
ہڑتال کے زمرہ میں شامل نہیں ہو سکتی -

ہڑتال کی شدھی صفائی - تیل - چھاچھ - پیشاب گائے - کانجی - کلتھی یا ترپھلہ
ان چیزوں میں تین تین گھنٹہ پکانے سے شدھ ہو جاتی ہے - یا ہڑتال کے چھوٹے
چھوٹے ٹکڑوں کو پوٹلی میں باندھ کر کانجی - رس پیٹھہ - تیل تل - ترپھلہ کے کاڑھے ان
چیزوں میں ایک پہر پکا دے تو شدھ ہو جاتی ہے - ہڑتال کو ہمیشہ شدھ کر کے
استعمال میں لانا چاہیے -

کشتہ ہڑتال کی شناخت ہڑتال کا وہ کشتہ کامل ہے جو رنگ سفید
ہو اور تھوڑا سا جمے ہوئے خون پر ڈالیں - اگر خون تحلیل ہو کر اصلی حالت پر
آ جائے - تو کامل سمجھو -

ترکیب کشتہ جات

۱ - شدہ ہڑتال ایک پاؤ کو باریک کر کے ایک سیر دودھ مدار میں کھرل کریں - پھر ایک

سیر تھوہر کے دودھ میں ۔ پھر پاؤ بھر شدہ کیلہ کو دو سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا
رہ جاوے چھان کر ہڑتال کو اس میں کھرل کریں ۔ پھر آدھی چھٹانک افیون کو پانی میں حل
کر کے اس میں کھرل کریں ۔ پھر عرق بھنگرہ دو سیر میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں ۔ اور
دھوپ میں خشک کریں ۔ پھر مٹی کی ایک دیگ لیکر اس میں درخت پلاس کی راکھ
نیچے اوپر بچھا کر ہڑتال کی ٹکیہ رکھیں ۔ اوپر سے دوسری دیگ رکھ کر گل حکمت کرکے
خشک کریں ۔ اور چولھے پر چڑھا کر سولہ پہر تیز آنچ دیں ۔ سرد ہونے پر نکال کر آگ پر
امتحان کریں ۔ اگر دھواں دے تو بارہ پہر دوبارہ پھر آنچ دیں ۔ بعد ازاں پیس کر رکھ
لیں ۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک قوت باہ کیلئے پان سے کھا دیں ۔ ایک ہفتہ
میں اس قدر قوت ہوگی جو بیان سے باہر ہے ۔ امساک کیلئے حب الفل سے کھا دیں
اگر کوئی کچی ہڑتال کھانے سے بیمار ہو تو عقرقرحا سے دیں ۔ آتشک کیلئے پان کے ہمراہ ۔ بریان
کیلئے ہمشری کے ساتھ ۔ اور بھی مناسب انوپان سے پچاسوں امراض پر اکسیر ثابت ہوگی ۔
غذا میں دودھ چاول زیادہ استعمال کریں ۔

۲ ۔ سنیدھ ہڑتال کو میٹھے ۔ لیموں ۔ بن گوبھی ۔ پھکلی ۔ کلتھی ۔ ادرک ۔ بھانگرہ ۔ دودھی
سہدیوی ۔ مکوہ ۔ تھوہر ۔ مدار ۔ برہم ڈنڈی ۔ ڈھاک ۔ ارنڈ کی جڑ ۔ مال کنگنی ۔ لہسن
پیاز ان چیزوں میں جن کا رس نکلے رس میں ۔ دودھ نکلے دودھ میں ۔ ورنہ کاڑھے میں
اکیس اکیس روز کھرل کرو یعنی قریباً ایک سال اس کے تیار کرنے میں لگیگا ۔ پھر ٹکیہ بنا کر
پیپل کی راکھ کے درمیان رکھ کر آٹھ روز تک نرم آنچ دیں ۔ خوب سفید براق کشتہ ہوگا ۔
خوراک نصف چاول پان یا مکھن میں ۔ اس کے حیرت انگیز اوصاف تحریر کرنے کی قلم
میں طاقت نہیں ہے ۔ ایک بار تیار کر لینے سے گویا امرت کے آپ مالک ہیں ۔ کوئی
بھی مرض ہو مناسب انوپان سے تیر بہدف ثابت ہوگا ۔ اگر ویدک علم کا سچا کرشمہ دیکھنا
ہو تو ایک بار محنت کر کے تیار کر لو ۔ ہم نے خود کئی بار تیار کیا ہے ۔ عجیب چیز ہے ۔

टोमैटो

अगस्त में स्काट साहिबा लिखता है—एक [illegible]
टिमाटर (Tomato) मुख की रङ्गत को [illegible]
साफ़ करता है। सूर्य्यरश्मि से जब रङ्गत में पू[illegible]
है, और जमाव सा हो जाता है, या वायु की तेज़ी से ऐसा हो जाता
है, और मोटरकार पर चलने वालों के प्रायः देखा गया है, इसलिये टि[illegible]
करता है। प्रथम ऊष्ण जल से मुख धोना चाहिए, फिर टिमाटर
(Tomato) को मलना चाहिए, रङ्गत पहिली जैसी सफ़ा निकलेगी।

अंगूर मुख पर तोड़ दो। शुष्क होने दो। फिर गरम पानी से धोओ।
काला रंग गोरा होता है। चेहरा नरम और मुलायम और ठंडा होता है।

स्ट्राबेरी — एक अमेरीका की सुन्दर स्त्री का कथन है, कि वह
अपने मुख को स्ट्राबेरी के रस से धोया करती है।
सांवली रङ्गत इससे सुन्दर हो जाती है। [illegible]

...इस्तेमाल करने के लिये, बिजली से काम लिया जाता है, जैसे चित्र नं० ८२-८३-८४ में थोड़े से रोगियों का दिखलाया है।

(विद्युत स्नान। पानीमें बिजली की धारा आती है। इससे सौंदर्य्य बढ़ता है।)

बिजुली के सविस्तर वर्णन के लिये एक बड़े ग्रन्थ की आवश्यकता है। यह एक नई चिकित्सा विधि है, अतः हमारी इच्छा है कि इस पर एक पृथक पुस्तक लिखी जाय। जो पाठक इस विधि से इलाज कराना या कराना चाहें वे हम से पत्र व्यवहार करें।

मैसाज मैसाज massage भी आज कल विलायत में बहुत प्रचलित है। यहां भी मालिश व मुट्ठी चापी प्रचलित थी परंतु अब लुप्त होती जाता है। इसके द्वारा त्वचा में शक्ति और सौंदर्य्य आता है बहुत से रोग भी इससे जाते हैं। मुट्ठी चापी की अनेक विधियां हैं। अंगुलियों से ठोका जाता है, या धीरे २ चुटकियां ली जाती हैं। इसके वर्णन के लिये भी इस जगह स्थान नहीं है। अपनी पुस्तक "कोष्टबद्धता" में हमने इसका संक्षिप्त वर्णन दिया है। जो चाहें वहां देखलें।

मलाई। चमड़े और मुख की सुन्दरतार्थ सबसे बढ़कर मलाई है। प्रत्येक मनुष्य इसको घर में बना सकता है। बहुत प्रकार की कोल्ड क्रीम(Cold Cream) विलायती भी हैं, परन्तु साधारण मलाई ही काम दे सकती है। एक डाक्टर साहिब लिखते हैं:—

...ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کی ڈلی کو سات روز دودھ آک مین تر رکھین۔ ہر
...دودھ بدلتے رہین۔ پھر تمر برگد کے آدھ سیر نقدہ مین رکھ کر اس پر ایک سیر پرانے
...کپڑے کی دھجیان لپیٹ کر اور بہولے سے بچا کر ایک گوہ مین آگ کا انگارہ رکھدین
...اگر کچھ کمی رہے تو دوبارہ یہی عمل کرین۔ خوراک ایک رتی تک —
...مفید ہوگا۔ ...ان مین اکسیر ہے۔
...ہڑتال۔ سندھ ہڑتال ایک سیر۔ نمک سنگ ایک پاؤ۔ صابون عمدہ دیسی
...کو علیحدہ علیحدہ کوٹ لین۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر سوکھا لین
...گولیون کو مٹی کے برتن مین اس طرح بچھا دین کہ ایک گولی دوسری پر نہ رہے۔
...دوسرے دوہرا مٹی کا برتن دے کر سوراخ کو خوب چونہ اور آٹا اڑد لگا کر بند کر دین۔
...دوپہر تک خوب تیز آنچ دین۔ جوہر اڑ کر اوپر والے برتن مین لگ
...سرد ہونے پر اتار لین۔ اگر کچھ ہڑتال نیچے والے برتن مین رہ گئی ہو تو دوبارہ
...اڑا دین۔ پھر مغز جمال گوٹہ ایک سیر کا بذریعہ پتال جنتر تیل نکالین۔
...تیل مین جوہر ہڑتال کو چار پہر کھرل کرکے گولیان بنا دین اور آتشی شیشی
...مین ڈال کر بالو جنتر مین آٹھ پہر آنچ دین۔ پھر سرد ہونے پر شیشی کو توڑ کر نکال لین۔
...پر ڈال کر امتحان کرین۔ اگر دھوان دیتا ہو تو پھر بدستور جمال گوٹہ کے تیل
...دو پہر کھرل کرکے گولیان بنا کر بارہ پہر تک بالو جنتر مین آنچ دین۔ اگر پھر بھی
...امتحان مین کسر دیکھ پڑے تو تیسری بار بدستور کھرل کرکے سولہ پہر آنچ دین۔
...نمبر اول ہوگا۔ خوراک نصف سے ایک چاول تک پان یا مکھن مین۔
...کے استعمال سے امساک اور قوت باہ بے حد بڑھتی ہے۔ عجیب چیز ہے۔

میں کھرل کرو۔ اور سوکھا کر رکھ لو۔ اس طرح پر بنائی ہوئی گندھک امرت کے روپ میں
ہر مرض کیلئے مناسب انوپان سے اکسیر الاثر ہے۔

مینشل

मैनसिल

سنسکرت میں۔ منشل۔ نجھلا۔ نیپالی۔ کنٹی۔ وغیرہ وغیرہ۔ مرہٹی نام منشل۔
تیلنگی نام منوشلا۔ گجراتی نام۔ منشل۔ انگریزی نام ریل گر Realgar
ہندی نام منشل۔ کرناٹکی نام۔ منشلے۔ فارسی نام۔ زرنیخ احمر۔ عربی نام۔ زرنیخ
بنگالی نام۔ من گاچھ۔ لاطینی نام۔ آرسنی نیکوم سلفی دم Arsenicum Sulphidum
یہ ہڑتال ہی کی ایک قسم مانی جاتی ہے۔ اس کی تین اقسام رس گرنتھوں میں پائی
جاتی ہیں۔

۱۔ شیاماگی۔ جو سیاہی مائل اور وزن میں بھاری ہو
۲۔ کرویرکا۔ جو چمکیلی اور تانبہ کے رنگ کی ہوتی ہے یہی عام طور پر پائی جاتی ہے
۳۔ دوی کھنڈا۔ یہ سفیدی مائل ہوتی ہے۔ اس کو رنگ کسی قدر سفیدی لئے
ہوئے سرخ ہوتا ہے۔

شدھی صفائی اس کی شدھی ہڑتال کی طرح سے کرنی چاہیے یا منسل کو
ٹکڑے ٹکڑے کرکے ایک پوٹلی میں باندھ کر ہانڈی میں بھانگرے کے رس میں ڈال کر
آنچ پر دن بھر لٹکا دے۔ اور پھر ہلدی کے رس میں دن بھر یا ہلدی کے جوشاندے میں
اور ایک دن ادرک کے رس میں اس طرح پر شدھ ہو جاتی ہے۔

رتن اُپ رتن

اکثر رتن اور اپ رتن کے کشتہ جات بھی امراض نامردی میں اکسیر الاثر ہیں۔ چونکہ

[illegible] انسانی [illegible] سے خاص تعلق ہے۔ اس لیے ضروری معلوم ہوتا ہے۔
[illegible] کشتہ جات کے بارے میں بھی کچھ تحریر کیا جاوے۔ رتن۔ منی۔ جواہرات
[illegible] کی انسان ہیں۔ جو سورج وغیرہ کی کرنوں کے اثر سے قدرتی طاقت
[illegible] ہوتے ہیں کہ راجہ مہاراجہ ان کو اپنے سر پر رکھتے ہیں۔ اور
[illegible] بھی اکسیر کا کام دیتے ہیں۔ جواہرات کا مضمون ایک بہت ہی
[illegible] جواہرات پر بڑی بڑی ضخیم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ کلکتہ کے
[illegible] مختلف جواہرات موجود ہیں۔ جو جواہرات کے سوداگر ہی [illegible]
[illegible] کہتے ہیں۔ شاستر کہتے ہیں کہ نوگرہوں کے اثر سے نورتن پیدا
[illegible] سے نورتن پیدا ہوتا ہے اس گرہ کی شانتی کے لئے اس کو
[illegible] سے سورج سے مانک چندرماں سے موتی۔ منگل سے موتی۔
[illegible] سے پکھراج۔ شکر سے ہیرا۔ شنیچر سے نیلم۔ راہو سے گومید۔
[illegible] گرہوں کے شانتی کے بارے میں تو ہم نے شاستر کے الفاظ
[illegible] ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ یہ رتن انسانی بدن پر مختلف قسم
[illegible] کرتے ہیں۔ ان کو کھاتا پیتا تو درکنار رہا صرف گلے میں ڈال لینے یا
[illegible] میں لگانے سے بھی بدن پر تاثیر نمودار ہوتی ہے۔ ویدک اور یونانی
[illegible] طرح سے قائل ہے۔ جب بدن پر پھیرنے سے ہی ان کا اثر ظاہر
[illegible] جسم انسانی سے ان کا خاص تعلق معلوم ہوتا ہے۔ اور جس وقت
[illegible] حالت میں یہ جسم کے اندر پہنچتے ہیں تو ان کا عجیب اور قیمتی اثر ضرور
[illegible] جواہرات کی مانند بنا دیتا ہے۔ ہم یہاں پر ان ہی کشتہ جات
[illegible] ہماری کتاب سے تعلق ہے۔

ترکیب کشتہ جات

ا۔ ایک رتی ہیرے کو دو ماشہ چاندی کی کٹوری میں آنچ کو کم پر رکھیں۔ اور ایک ماشہ سنکھیا سفید کو شراب برانڈی ایک پاؤ میں خوب کھرل کریں۔ اور اس کا بوند بوند ہیرے پر دیتے رہیں۔ پھول کر کشتہ ہو جاویگا۔ پھر ایک ہفتہ تک روزانہ کھرل کریں۔ خوراک بقدر نصف دانہ خشخاش۔ مکھن وغیرہ میں۔ حد درجہ مقوی باہ ہے بے حد امساک پیدا کرتا ہے۔ تمام امراض مایوسہ کیلئے بمنزلہ تریاق ہے۔

۲۔ ایک چینی کے پیالہ میں تیزاب فاروق ڈال کر کوئلہ کی آنچ پر رکھیں۔ اور ہیرے کا ٹکڑہ آگ میں سرخ کر کے اس تیزاب میں سرد کرتے رہیں۔ چند بار یہ عمل کرنے سے پھول جاویگا۔ کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ خوراک بقدر دانہ خشخاش مکھن وغیرہ میں قوت باہ اور دیگر امراض کیلئے اکسیر ہے۔

۳۔ ہیرے کو آگ میں سرخ کر کے عرق لیموں میں اکیس بار سرد کریں۔ پھر مرگانی کے نقدہ میں گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں۔ تین چار آنچ بدستور دینے سے کشتہ ہو جاویگا۔ خوراک بقدر دانہ خشخاش ہمراہ مکھن۔ اکسیر ہے۔

۴۔ ایک نوجوان عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہوا ہو جب حیض سے پاک ہو جاوے تو ایک رتی شدھ آنولہ سار گندھک اگلے حیض تک کھلاتے رہیں۔ جب حیض آ دیں تو خون حیض میں ترکیا ہوا ایک کپڑا رکھ لیویں۔ پھر چھ ماشہ شورہ قلمی اور ایک تولہ سنکھیا سفیدان کو شراب برانڈی میں حل کر کے دو رتی ٹکڑہ ہیرے پر خوب لیپ کریں۔ جب خشک ہو جاوے پھر لیپ کریں۔ اسی طرح سے سات کرکے خشک کریں۔ پھر حیض والے کپڑے میں لپیٹ کر دو پیالوں میں اچھی طرح سے گل حکمت کریں۔ اور گجپٹ کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ اگر ایک آنچ میں اچھی طرح سے کشتہ نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ

डा० मैक फ़ेडन के व्यायाम
नेत्र के चित्र।

फ़ोटो चित्र नं० २८—२९ से नेत्रों के व्यायाम प्रगट होते हैं, यथा फ़ोटो नं० २८ (क) से बताया गया है, कि ऊपर को सीधी तरफ़ तिर्छी दृष्टि ले जाओ, फिर उसके मुकाबिल में नीचे को तिर्छी करो।

फ़ोटो नं० २८ (ख) जितना ज़ोर से हो सके नेत्र बन्द करो।

(किसी बर्तन में साफ़ पानी डालकर नेत्रों को धोना)

फ़ोटो नं० २८ (ग) ऊपर को वाम ओर तिर्छी करो, फिर मुक़ाबिल में नीचे लाओ।

फ़ोटो नं० २९ (क) दायें और बायें सिरे को सीधा रखकर सामने देखो और उद्योग करो कि दूर की वस्तु साफ़ दिखाई देती है। अति निकट की चीज़ भी देखो।

फ़ोटो नं० २९ (ख) ऊपर और फिर नीचे देखो।

फ़ोटो नं० २९ (ग) कभी बायें कभी दाहिनी तरफ़ दृष्टि ले जाओ।

नेत्रों को धोने के वास्ते देखो ब्लाक चित्र नं० ८८। इस में पानी डालकर नेत्रों को खोला गया है। शीशे का एक आंख का पियाला भी बाज़ार से इसी मतलब के लिये मिलता है।

यह चित्र डा० बरनर मैकफ़ेडन की पुस्तक से लिये गये हैं।

ل کریں۔ بہت عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک نصف دانہ خشخاش ہمراہ مکھن۔ یہ
کشتہ بہت ہی اکسیر ہے۔ مقوی باہ و ممسک اعلیٰ درجہ کا ہے۔ ساٹھ ستر سال کی عمر
میں بھی اگر استعمال کیا جاوے تو جوانی واپس لاکر بالوں کو سیاہ کر دیتا ہے۔ شہوت
اور قوت باہ کی کوئی حد نہیں رہتی۔ آدمی سانڈ کی طرح سے ہو کر ہمیشہ جوان رہتا ہے

मोती موتی

سنسکرت نام۔ موکتک۔ مکتا۔ اندورتن۔ لکشمی ذخیرہ وغیرہ۔ تیلنگی نام موتو۔
اردو۔ در۔ ہندی۔ پنجابی۔ گجراتی۔ مرہٹی۔ موتی ہی کہتے ہیں۔ انگریزی نام پرل
Pearl برہما میں پالی۔ بنگالی میں مکتا۔ لاطینی نام مارگریٹہ Margarite
نام موتو۔ کرناٹکی نام موکتک۔ فارسی۔ مردارید

موتی ایک ایسی چیز ہے جس کو پہننے کا شوق زمانہ قدیم سے ہی چلا آتا ہے۔ اصلی
موتی بیش قیمت ہوتے ہیں۔ جتنا بڑا موتی ہوتا ہے اتنی ہی قیمت زیادہ ہوتی
ہے اور اچھی گولائی اس کی قیمت کو بڑھا دیتی ہے۔ راجہ۔ مہاراجاؤں کے گلے
ہزاروں روپیہ صرف کرنے پر تیار ہوتی ہے۔ ادویات میں باریک خشخاس کے
برابر استعمال ہوتے ہیں۔ یہ ابندھے موتی کے نام سے بازار میں ملتے
ہیں۔ شاستروں میں آٹھ قسم کے موتی کہے ہیں۔
سیپ سے ۲ شنکھ سے ۳ سؤر سے ۴ مچھلی سے ۵ ہاتھی سے ۶ مینڈک سے
سے ۸ سانپ سے۔ لیکن آجکل مچھلی اور سیپ سے نکلے ہوئے موتی ہی پائے
جاتے ہیں۔ خلیج بنگال کے کنارے علاقہ سمندروں میں بہت سے موتی جمع کیے
صدف کے اندر رہتا ہے۔ مگر یہ کیسے بنتا ہے۔ اس کو کوئی معلوم نہیں کر سکتا۔
سمندروں کے باشندوں کی زبانی معلوم ہوا کہ صدف کے اندر مچھلی

(होंटों की सिकावट के स्थान दोनों ओर जरा लम्बे हो जाने से मुख हर समय हंसता प्रतीत होता है)

کی شکل کا ایک جانور ہے۔ موسم بہار میں جوش میں آکر جب وہ منہ کھولتا ہے تو
بارش کی بوندیں اپنے اندر لے لیتا ہے۔ وہی بوندیں کچھ روز کے بعد موتی کی شکل اختیار
کر لیتی ہیں۔ اس جانور کے اوپر ایک سخت قسم کا خول ہوتا ہے اُسی کا نام صدف یعنی سیپ
جانور کی ماں (Mother of Pearl) ہے۔ صدف اور موتی چمک
دمک میں ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں۔ بلکہ صدف سے بھی موتی بنائے جاتے ہیں
فرق صرف یہ ہے کہ اصلی موتی گول جانور کے پیٹ کے اندر رہتے ہیں اور صدف
اوپر کا خول ہے۔ ان سے بنے ہوئے موتیوں کی وہ تاثیر تو نہیں ہوتی۔ لیکن ادویات
میں موتی کا بدل صدف مروارید ہیں۔ اور اکثر وید، حکیم صدف مروارید کو ہی کام میں
لاتے ہیں۔ تاثیر دونوں کی کم و بیش یکساں ہی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ صدف کا
فائدہ اگر ایک ماہ میں معلوم ہوگا تو اصلی مروارید کا فائدہ ایک ہفتہ میں معلوم ہو جاویگا۔
قیمت کے لحاظ سے اصلی موتی بیس روپیہ تولہ تک یا اس سے بھی زیادہ قیمت کے
ہوتے ہیں۔ اور صدف والے ۸ر تولہ تک مل جاتے ہیں۔ ان کی شناخت ہر کوئی
نہیں کر سکتا ہے۔ ہم اپنے ناظرین کیلئے ایک عمدہ طریقہ شناخت کرنے کا درج کرتے ہیں

اصلی اور نقلی کی شناخت

جب آپ امتحان کرنا چاہیں تب ایک ہانڈی میں
ایک سیر پیشاب گائے میں ایک چھٹانک نمک سانبھر پیس کر ڈال دیں۔ اسی ہانڈی
پر ایک ترچھی لکڑی رکھ کر اور موتیوں کو ایک پوٹلی میں باندھ کر اس طرح پر لٹکا دیں کہ کچھ
حصہ پوٹلی کا پیشاب میں ڈوبا رہے اور پوٹلی لکڑی میں بندھی رہے۔ یعنی جھولے کی
طرح لٹکی رہے۔ پھر ہانڈی کے نیچے آنچ جلا دیں۔ چھ گھنٹہ تک آنچ لگاتے رہیں۔
بعد ازاں پوٹلی کو نکال کر بھوسی دھان میں ڈال کر خوب ملیں۔ اگر اصلی موتی ہونگے
تو رنگ چمک وغیرہ میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی۔ اگر نقلی ہوں گے تو رنگ روپ تبدیل
ہو جاویگا۔

موتی کے فوائد

موتی سونے سے بھی زیادہ مفرح ہے تمام اعضا خصوصاً دل
کو بہت طاقت دیتا ہے۔ امراض قلب و ضعف جگر۔ دمہ۔ جنون۔ اسہال۔ سوزاک۔ جذام
کو دفع کرتا ہے۔ آنکھوں میں لگانے سے مقوی بصر ہے۔ اگر چھوٹے بچہ کو جو چالیس روز
سے کم عمر کا ہو ایک چھوٹا دانہ باریک کر کے چالیس یوم تک کھلا دیں تو چیچک یا خسرہ
نہیں نکلتا ہے۔ چیچک کی حالت میں بھی کھلانا بہت مفید ہے۔ اگر موتی دو دانہ اور
مونگا ایک دانہ نیلے کپڑے میں سلائی کر کے حاملہ عورت کی کمر میں اس طرح باندھیں
کہ موتی کا دانہ ناف پر رہے تو وہ عورت اسقاط حمل سے محفوظ رہتی ہے۔ مجرب اور
ہزاروں بار کا آزمودہ ہے۔ اس کا کشتہ تمام گرم تر امراض کیلئے مخصوص ہے۔ قوت
باہ اور تقویت اعضا میں بے حد مفید ہے۔ سوزاک۔ سل۔ دق۔ پرانے بخار وغیرہ
میں بہت اچھا اثر کرتا ہے۔

موتی کی صفائی

مونگا یا موتی ایک ہی طرح سے شدھ ہوتے ہیں۔ ایک کپڑے
کی پوٹلی میں باندھ لو۔ ایک ہانڈی یا گھڑے میں آدھا پیٹ اندرائن کا رس بھر لو۔ گھڑے
پر ایک لکڑی ترچھی رکھ کر پوٹلی کو گھڑے کے رس میں لٹکا کر ڈولا جنتر کی طرح سے اوپر
لکڑی میں باندھ دو۔ چولہے پر رکھ کر تین گھنٹہ آنچ لگانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔ اسی
طرح سے لیموں کا رس۔ کانجی۔ پیشاب گائے اور دودھ گائے میں بھی پکانے سے
شدھ ہو جاتا ہے۔

ترکیب کشتہ جات

مروارید شدھ شدہ موتی ایک تولہ کو ایک روز دودھ گائے سے کھرل کر کے گل گاؤ زبان
کے عرق کے لغدہ میں دو پیالوں میں کپڑمٹی کر کے سات سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اسی
طرح تین بار کرنے سے عمدہ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی سے تین رتی تک۔ مکھن
ملائی وغیرہ میں۔ قوت باہ میں بے نظیر ہے۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر میں بھی از حد

۳۔ شدھ مونگا آٹھ تولہ۔ شدھ پارہ آٹھ تولہ۔ شدھ گندھک آنولہ سار ایک تولہ۔ پہلے
گندھک اور پارہ کو کھرل میں ڈال کر خوب کجلی کرو۔ جب کالی ہو جاوے اور پارہ کی چمک
بالکل نہ رہے تو مونگا ملا کر اور گھی کنوار کا رس ڈال ڈال کر بارہ گھنٹہ تک کھرل کرو۔ بعد
ازاں گولا بنا کر خشک کر لو پھر گولے کو دو پیالوں میں گل حکمت کر کے خشک کرو۔ بعد
ازاں گجپٹ کی آنچ دو۔ سفید گلابی مائل کشتہ ہوگا۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک
مکھن یا ملائی میں۔ قوت باہ میں اکسیر ہے۔

اب ہم زہروں اور زہریلی نباتات کو صاف اور شدھ کرنے کی ترکیب درج کرتے
ہیں۔ کیونکہ اس کتاب کے بہت سے نسخوں میں ایسی چیزیں شدھ کر کے لینے کا ذکر آیا ہے
اسلئے ہمارے ناظرین کو شدھ کرنے کی ترکیب جاننا ضروری ہے۔ کشتہ جات کے بارے
میں اگر آپ کو اور بھی زیادہ واقفیت حاصل کرنا ہے اور سینکڑوں طرح کے آزمودہ مجربات
کا خلاصہ اور ہر ایک طرح کے کشتہ کی بابت پورے حالات اگر دیکھنا ہوں تو کتاب
خزانہ رس جات و کشتہ جات مجربات شرما" جو کہ جلدی ہی چھپنے والی ہے خریداری
میں اپنا نام درج کرالیں۔ اس کے دیکھنے سے آپ کو ہر ایک قسم کا کشتہ تیار کرنے کی
آسان ترکیبیں، مہاتماؤں اور سنیاسیوں کے سینے میں چھپے ہوئے رازوں کو بڑی
[illegible] تشش اور سردردی سے حاصل کر کے طشت ازبام کیا گیا ہے۔ عبارت ایسی سہل
ہوگی کہ معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی پوری طرح سے سب کچھ حل کر سکیگا۔ ابھی نام درج
کرا لیجئے۔ یہ قیمت میں چوتھائی رعایت ہوگی۔

زہریلی نباتات کا بیان!

یعنی

وش اور اپ وش

…زہر عام طور پر ویدک میں بچھناگ اور میٹھا تیلیہ کے واسطے کہا گیا ہے۔ دیگر
…کا نام اپ وشوں کے اندر ہے۔ جو کہ آگے بیان کیا جاویگا۔
…سنسکرت نام۔ وتس نابھ۔ کاکول۔ برہم پتر۔ نیل۔ گھور ہلاہل۔ بجگر۔ جانگال۔
…رس۔ رسائن۔ جیون گھات۔ کال کوٹ۔ دارون۔ سٹوراشٹرک وغیرہ
…ہندی میں بچھناگ۔ میٹھا تیلیہ۔ میٹھا وش۔ مرہٹی میں بچھناگ۔
…امرت وش۔ انگریزی میں۔ ایکونائٹ پوئزن Aconite
…بنگالی میں وش نوبی۔ گجراتی میں چھنگ ڈیو۔ بچھناگ۔ فارسی میں۔ زہر
…عربی میں بیش۔

…وش کی نو قسم لکھی ہیں۔ وتس نابھ۔ ہاریدر۔ سکتوک۔ پردیپن۔
…شرنگک۔ کال کوٹ۔ ہلاہل۔ برہم پتر۔ یہ نو اقسام ہیں۔
…پتے سنبھالو کی طرح سے ہوں جس کے نزدیک دوسرے پودے نہ پھل
…کے تھن کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس کو وتس نابھ کہتے ہیں۔ شدھ کیا
…جذام۔ اور دمہ کو ناش کرنے والا ہوتا ہے۔ لیکن اس کے استعمال میں
…ہوشیاری درکار ہے۔ کیونکہ سخت قسم کا زہر ہے۔
…ہلدی کی طرح سے ہو اور ہلدی کے ہی رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کو

यदि ओष्ट अति छोटे हों, तो कभी २ चूसने से बढ़ [...]
हैं। मोटे ओष्ठों को पतला करने के लिये एक चांदी का खोल [...]
का बनवानकर रात्रि को चढ़ा रखते हैं। इससे दबाव रहने से [...]
प्रसार कम होकर कुछ पतले हो जाते हैं। शिकंजे कारीगर [...]
से बनवावें। शिकंजे का आकार खराब होने से ओष्ठ का आकार
खराब हो जाता है, लाभ के बदले हानि होती है। शाहजादी [...]
मोटे ओष्ठों को पतला करने के वास्ते टैनिन का मलना भी [...]
लिखती है।

ओष्ठों पर लाली

ओष्ठों को लाल करने की प्रथा है। वास्तव
में ओष्ठों में फीकापन होना बुरे स्वास्थ्य
और निर्बलता का चिन्ह है। कदाचित् इसी वास्ते यह प्रथा
है। परन्तु [...]
आवश्यकता
है उन स्त्रियों
को इस [...]
यदि प्राकृतिक
लाली [...]
भीतर [...]
है। ओष्ठों
रङ्गने वाली
वस्तुयें [...]
सौंदर्य को [...]
देती है। [...]
में झुर्रियां [...]
जाती हैं और
वह कठोर हो
जाते हैं। [...]
वास्ते [...]
चित [...]

(एक सादा प्रिय मुख)

से दन्दासा, मिस्सी लगाने वाली स्त्रियों के ओष्ठों पर झुर्रियां
पड़ी हुई देखोगे, और दूसरे ही दिन रङ्गदार परत [...]
आरम्भ होता है। यदि दंदासा या मिस्सी लगाई जावे, या पान [...]
जावे, तो इस बात की सावधानी आवश्य है, कि ओष्ठ [...]

۳۔ یہ سفید ہوتا ہے۔ اس کی گانٹھوں میں ستو کی طرح سے چورن بھرا رہتا ہے۔ آسانی
سے پس جاتا ہے۔ اس لئے اس کا نام سکتوک ہے۔
۴۔ جس کا رنگ سُرخ آگ کی طرح سے ہو اس کو پرومین کہتے ہیں۔
۵۔ جو شوراشٹر پردیش میں ہو اس کو سوراشٹرک کہتے ہیں۔ اس کے لئے ویدک
میں صرف یہی لکھا ہے اور پہچان وغیرہ کچھ نہیں لکھی ہے۔
۶۔ کالا زردی مائل ہوتا ہے۔ سینگ کی شکل کا ہوتا ہے۔ گائے کے سینگ پر اگر
باندھ دیا جاوے تو دودھ سرخ آنے لگتا ہے۔ اس کو شرنگک کہتے ہیں۔ یعنی
(سنگیا زہر)
۷۔ کوّے کی چونچ کے رنگ کا ہوتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ مالابار میں پیپل کی شکل کا ایک
درخت ہوتا ہے۔ اُسی کا یہ گوند ہے۔ کال کوٹ کہتے ہیں۔
۸۔ جس کے پھل کشمش کے گچھوں کی طرح سے ہوں۔ اور پتے تاڑ کے درخت کی طرح
سے ہوں۔ جس کے نزدیک دوسرے درخت جل جاویں اس کو ہلاہل کہتے ہیں۔ یہ
ہمالیہ پہاڑ پر ہوتا ہے۔
۹۔ جس کا رنگ پیلا ہو۔ وہ برہم پتر ہے۔ ملایاچل پر ہوتا ہے۔
ان زہروں میں بعض اقسام ایسی ہیں جن کو صرف چھونے یا سونگھنے سے انسان
ہلاک ہو جاتا ہے: اطبار یونانی اسے سوائے خوردنی یعنی کھانے میں استعمال نہیں کرتے
بلکہ سم قاتل جانتے ہیں۔ ڈاکٹری اور ویدک میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ بطور
دوا استعمال کیلئے وہ قسم لینی چاہئے جو تمام سفید یا اندر سے سفید ہو۔ دیگر اقسام سے
پرہیز لازمی ہے۔
فوائد بیش اگر اس کو شدھ کر کے ہوشیاری سے استعمال کیا جاوے تو کف کے
[...] کرنے والا ہے۔ رسائن۔ ممسک۔ حد درجہ کا مقوی باہ۔ بڑھاپے

... کرنے والا ہے۔ اپنے ہمراہی ادویات کے اثر سیکڑوں درجہ بڑھا
... اور بے وقوفی سے استعمال کرنے پر سم قاتل اور ہلاک کر دینے والا ہے۔
... استعمال میں خوب ہوشیاری درکار ہے۔ اس کو شدھ کرنے کے واسطے
... ہیں۔ بغیر شدھ کئے ہرگز کام میں نہ لاویں۔

شدھ کرنیکی ترکیب

... ٹکڑے کرکے تین روز تک پیشاب گائے میں بھگو کر رکھو۔ پھر ایک
... باندھ کر پیشاب گائے میں پکاؤ۔ پھر نکال کر دودھ گائے میں دھو ڈالو شدھ ہو گا
... چھیناں کو بھینس کے گوبر میں ملا کر آگ پر پکاؤ۔ بعد ازاں ایک سینگ
... دیکھو اگر سینگ پار ہو جاوے تو ٹھیک سمجھو اور دھو کر صاف کرکے دودھ گائے
... ڈال کر پکاؤ۔ بعد ازاں خشک کرکے ہر ایک استعمال میں لا سکتے ہیں۔
... وش کے برابر سوہاگہ اور دو چند کالی مرچ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ تو بے ضرر
... ہو جاتا ہے۔ کیونکہ سوہاگہ کھاری ہونے کی وجہ سے زہر کے اثر کو زائل کر دیتا ہے۔
... مرچ سیاہ اس کا تریاق ہے: اس میں اثر تحریک زیادہ ہے۔ اس لئے یہ زہر
... زہر کو اصلاح کرکے ٹھیک بنا دیتی ہے۔
... وش ایک تولہ کو پوٹلی میں باندھ کر سو تولہ پیشاب گائے میں ڈولا جنتر کی طرح سے
... آنچ پر پکا دیں۔ جب پیشاب چوتھائی رہ جاوے پوٹلی کو نکال کر دودھ میں
... کے سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر وش کو ٹھیک سے وزن کریں۔ اور
... پارہ شدھ۔ گندھک شدھ۔ وزن کرکے کھرل میں پارہ گندھک ڈال کر خوب
... کریں۔ پارہ کی چمک بالکل نہ رہے۔ جب ٹھیک سے کجلی ہو جاوے تو وش کو
... کھرل میں ڈالیں۔ اور تینوں سے نصف وزن مرچ سیاہ ملا کر خوب کھرل

[illegible]

(सादगी, नक्श व बनावट की सुन्दरता)

... या गांस के ढेर वाले इत्यादि उनकी स्त्रियां पहिनती हैं। वस्त्र व
... आभूषणों के वर्णन में और भी थोड़े चित्र दिए जावेंगे। बहुत बड़े ओंठ
... कुरूप होते हैं अति पतले भी निकृष्ट स्वास्थ्य के सूचक हैं, अच्छे नहीं
... नीचे के ओंठ से ऊपर का ओंठ भारी और खमदार होना चाहिये।

کریں۔ پھر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی میں استعمال کر کے قوت باہ کا لطف دیکھیں۔ اسی روز اثر ظاہر ہوگا۔ چند روز بار بار استعمال کرنے سے نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ وش کے استعمال کی سینکڑوں ترکیبیں اور کشتہ جات کے بارے میں خلاصہ کتاب رس جات و کشتہ جات مجربات شرما میں درج ہوگا۔

اُپ وش

उपविष

اُپ وش کے اندر زہروں کی وہ تمام اقسام ہیں جو زہر سے دوسرے درجہ پر ہیں۔ جیسے دودھ آک۔ دودھ تھوہر۔ کلہاری۔ گھونگچی۔ کنیر۔ کچلہ۔ جمال گوٹہ۔ دھتورہ افیون۔ یہی نو اُپ وش لکھے ہیں۔ ان کے علاوہ بھلانوہ۔ آتیس۔ خشخاس (سیاہ زہریلی ہوتی ہے) کو بھی شامل کرتے ہیں۔

آک

سنسکرت نام۔ ارک۔ مندار۔ شویت ارک۔ رکت ارک۔ ویدھا وغیرہ وغیرہ۔ مرہٹی نام۔ ردی۔ پانڈھری ردی۔ تیلنگی نام۔ نیل جلیڈے۔ تیلا جلیڈے۔

انگریزی نام۔ جائی گینٹک سویلو ورٹ Gigantic Swallowent

ہندی نام آک۔ مدار۔ لال آک۔ سفید آک۔ فارسی نام۔ مدار۔ زہوک۔ بنگالی نام۔ آکند۔ شویت آکند۔ گجراتی نام۔ آکڑو۔ بھولو آکڑو۔ عربی نام عُشر۔

یہ ایک مشہور چیز ہے۔ میدانوں میں کوئی جگہ اس سے خالی نہیں ہوتی۔ اس کے فوائد بھی بے شمار ہیں۔ آک جو عام طور پر ملتا ہے اس کے پھول اودا پن لئے ہوئے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ جس کا پھول بالکل سفید ہو وہ نہیں ملتا۔ کیمیاگر اس

کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ویسے بھی فوائد بہت زیادہ ہیں۔ زیادہ تر ادویات میں اس کا دودھ استعمال ہوتا ہے۔ کبھی اس کی جڑ کا چھلکا بھی استعمال ہوتا ہے۔ ہاضمہ کی ادویات میں اس کے پھول کی لونگ برتتے ہیں۔ کھانسی وغیرہ میں درخت کی راکھ کام میں لاتے ہیں۔ آک کا دودھ بھی زیادہ کھانے سے زہر کا اثر رکھتا ہے۔ اس سے دست آنے شروع ہو جاتے ہیں۔ اس کا دودھ اگر زیادہ دیر تک رکھنا ہو تو نمک ملا کر رکھتے ہیں۔ ورنہ بہت جلد پھٹ کر خراب ہو جاتا ہے۔

شدھی صفائی اس کو کھرل میں ڈال کر ایک دن کھرل کر لیا جاوے اگر لگانے کی ادویات میں ڈالنا ہو تو صفائی کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔

تھوہر

थुहर

سنسکرت نام۔ سنوہی۔ ناگ ورد۔ شی ہنڈا۔ سنوہا وغیرہ وغیرہ۔ ہندی نام تھوہر۔ گجراتی نام۔ تھوہر ڈنڈلیو۔ کنٹالو تھوہر۔ عربی نام۔ زقوم۔ کرناٹکی نام۔ نب ڈنگو۔ منڈو کالی۔ تیلنگی نام۔ چے موڑو۔

انگریزی نام۔ ملکس ہیج۔ پریکل پیئر۔ Prickly pear Milks Hedge

بنگالی نام۔ منسا گاچھ۔ سیج برکھش۔ مرہٹی نام۔ نب ڈنگ۔ کانٹے۔ فارسی نام۔ ... لاطینی نام۔ یوفوربیا ٹرائی گونا۔ ...orbia Trigona

تھوہر کئی قسم کی ہوتی ہے۔ لیکن بڑی اقسام تین ہیں۔ ڈنڈا تھوہر۔ پھلی تھوہر۔ چھتر تھوہر۔ ڈنڈا تھوہر عام طور پر کانٹے دار ڈنڈے کی شکل میں رہتی ہے۔ پھلی دار تھوہر میں ایک دوسرے سے لگی ہوئی ٹہنیاں پھیلتی جاتی ہیں۔ خوب جھاڑ ہو جاتا ہے۔ اس کا دودھ کم تیز اور مفید ہوتا ہے۔ دستاور ادویات میں اکثر اس کو ڈالتے ہیں۔ چھتر تھوہر یا ناگ پھنی میں سانپ کے پھن کی طرح سے چوڑے چوڑے پھن

ہوتے ہین۔ اکثر باغیچوں مین باڑھ لگاتے ہین۔ جن پر خوب کانٹے ہوتے ہین۔ اگر
لگ جاوین تو بہت تکلیف دیتے ہین۔ اسی مین دودھ کم ہوتا ہے۔ تھوہر کا دودھ
زیادہ مقدار مین زہریلہ ہوتا ہے۔ اسی لئے اُپ وشوں مین گنا جاتا ہے۔

شدہی صفائی آک کے دودھ کی طرح کھرل مین ڈال کر ایک پہر تک کھرل
کر لینے سے شدھ ہوجاتا ہے۔

کلہاری — कलिहारी

سنسکرت نام۔ کلی کاری۔ ہالنی۔ لانگلی۔ گربھ ہاتی وغیرہ وغیرہ۔
گجراتی۔ کلگاری۔ کرناٹکی۔ راڈاگاری۔ ہندی کلہاری۔ کلیاری۔
بنگالی۔ وِش لانگلا۔ انگریزی۔ ولفس بین۔ Wolf's br
لاطینی نام۔ گلوریوسا سپربا۔ ایکونائٹم نیپلس Glorisa superb
مرہٹی۔ کمل لاڈی۔ چک موڑیا۔

یہ ایک سخت زہریلی چیز ہے۔ اس کے پھول لال۔ پیلے۔ کچھ سفیدی لئے ہوئے
ہوتے ہین۔ اور بہت ہی خوبصورت معلوم پڑتے ہین۔ اس کے پھل تین رکھوا
لال مرچ کی طرح سے ہوتے ہین اور اندر مین الائچی کی طرح کے بیج ہوتے ہیں۔
یہ میٹھا تیلیہ یا بچھناگ کی ایک قسم ہے۔ اس پودا تقریباً دش کی طرح سے ہی
ہے۔ پودے کے نیچے گانٹھ ہوتی۔ بعض لوگ تو اس کو ہی بچھناگ کہتے ہین۔

شدہی صفائی اسکی شدہی اور صفائی اسی ترکیب سے کرنا چاہئے جو
کہ وش کے لئے درج کیا ہے۔ یہ بھی سخت قسم کی زہریلی چیز ہے۔

گھونگچی — घुंमची

سنسکرت نام۔ گنجا۔ شویت گنجا۔ شویت رکتیکا وغیرہ وغیرہ بہت سے نام ہین۔
[..]نام۔ گنج۔ پانڈلی گنج۔ عربی نام۔ حب سفید۔ حب سرخ۔ عین الدیک۔
[..]نام۔ چونٹھی۔ چونٹھی دہولی۔ تیلنگی۔ گولو ونڈے۔ ہندی۔ گھونگچی۔ جونٹلی۔ چرمٹی۔
[..]نام۔ [..] انگریزی۔ بینڈ ٹری Bend Tree
[..]۔ گل گنج۔ ایرڈو۔ لاطینی۔ ابرس پری کیٹوریس Abrus Precatarius
فارسی۔ چشم خروس۔
بنگالی۔ کنچ۔ سادہ کنچ۔

گھونگچی کی بیل ہوتی ہے۔ جو پہاڑی علاقوں کی ترائی مین کثرت سے ہوتی ہے۔ پتے اس کے
املی کے پتوں کی طرح سے ہوتے ہین۔ اور پھلیاں سیم کی پھلیوں کی طرح سے ہوتی ہین۔
ان کے اندر گھونگچی لگتی ہے۔ سرخ اور سفید دو رنگ ہوتے ہیں۔ سرخ رنگ والی
[..]ن رتی کہی جاتی ہے۔ ادویات مین سفید رنگ والی برتی جاتی ہین۔ نیل اکثر سرخ
[..]لاتے ہین۔ سفید زیادہ زہریلی ہوتی ہے۔ خوراک اس کی دو تین رتی ہے۔ زیادہ
[..]نے سے زہریلا اثر پیدا کرتی ہے۔

شدہی صفائی گھونگچی سفید کو کوٹ کر چھلکا دور کر کے کپڑے مین پوٹلی باندھ کر دودھ
[..]ی مین لٹکا کر تین گھنٹہ پکانے سے شدھ ہوجاتی ہے۔ اسی طرح کانجی مین پکانے سے
[..]ی شدھ ہوتی ہے۔

کنیر — कनेर

سنسکرت نام۔ کرویر۔ شویت پشپ۔ مدن کنیر۔ چنڈات وغیرہ وغیرہ
[..]۔ حمار دفلی۔ سمل۔ انگریزی۔ اولینڈر۔ olender بنگالی۔ کردی۔
[..]نام۔ [..]۔ پانڈیری۔ ہندی نام۔ کنیر (سفید، لال، پیلی، کالی)

تیلنگی۔ کنیر چیٹو۔ کرناٹکی۔ داکن لنگے۔ کیگن لنگے۔ گجراتی۔ دھولی کنیر۔ راتی کنیر

لاطینی۔ نریم اولینڈر

کنیر کا ایک مشہور درخت ہے۔ کھانے کے کام میں اس کی جڑ آتی ہے۔ جڑ کا بھی [illegible]

لینا بہتر ہے۔ یہ زہر ہوتا ہے۔ زیادہ کھانے سے جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ [illegible]

کیے بغیر تھوڑی بھی بہت نقصان کرتی ہے۔ اگر جڑ طلاؤں میں ڈالنی ہو تو شدھ کرنے

کی چنداں ضرورت نہیں۔ پھول نسوار میں برتے جاتے ہیں۔ پھول شدھ کرنے کی

ضرورت نہیں ہے۔ جڑ کو ضرور شدھ کرنا چاہیے۔

شدھی صفائی۔ کنیر کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پوٹلی میں باندھ کر دودھ گائے میں ڈال [illegible]

جنتر کے ذریعہ۔ ایک پہر تک پکا دے تو شدھ ہو جاتا ہے۔

کچلہ कुचलन

سنسکرت نام۔ کمپاک۔ وش تندو۔ کال کوٹک۔ چیپٹ۔ وغیرہ وغیرہ

گجراتی۔ جھیر کوچیلان۔ عربی۔ اذراقی۔ قاتل الکلب۔ ہندی نام۔ کچلہ۔ بنگالی۔ کچلے۔

تیلنگی۔ ممیشٹی۔ گنجا۔ مرہٹی۔ کاجلہ۔ کچلہ۔ کرناٹکی نام۔ کاجی وار۔ فارسی۔ فلوس ماہی۔

لاطینی۔ سٹرکناس۔ نکس وامیکا۔ انگریزی۔ پوازن نٹ Poison nut

یہ بہت ہی سخت زہر ہے۔ اگرچہ اس کو اُپ وش میں گنا ہے۔ لیکن در اصل یہ وش

سے کم نہیں ہے۔ اس کا زہر بہت تیز ہوتا ہے۔ خاص کر ایک خرابی سب سے زیادہ اس

میں یہ ہے کہ اس کا زہر جسم میں آہستہ آہستہ جمع ہوتا رہتا ہے۔ اور پھر ایک ساتھ

ہی جلد اثر کر جاتا ہے۔ اس واسطے جہاں کچلہ کا استعمال کیا جاتا ہے وہاں یہ ضروری ہوتا ہے

کہ ہفتہ دو ہفتہ بعد درمیان میں چند روز بند کر کے پھر شروع کرنا چاہیے۔ جیسے [illegible]

میں عام ہے ویسے ہی اپ وشوں میں کچلہ عام استعمال ہے۔ ڈاکٹری میں تو ایسی کثرت

سے استعمال ہوتا ہے جس کا حد و حساب نہیں۔ ڈاکٹری ادویات مقوی باہ شاید ہی کوئی ایسی

ہو جس میں نکس وامیکا (کچلہ) یا اسٹرکنیا (ست کچلہ) استعمال نہ ہوتا ہو۔ غرضکہ انگریزی

مقوی ادویات میں یہ درج ہے۔ ویدک ادویات میں بھی کثرت سے استعمال ہوتا ہے

[illegible] کے اندر ایک باریک ۞ اس شکل کا پتہ ایک طرف لگا ہوا ہوتا ہے۔ یہ بہت زہریلا ہوتا

ہے۔ اور بہت خرابیاں پیدا کرتا ہے۔ اس لئے وید لوگ اس کو صفائی کے وقت نکال

دیتے ہیں۔ ایسی باتیں دوسروں کو کم معلوم ہیں۔ ویسے تو سخت قسم کا زہر قاتل ہے لیکن

قلیل تدبیر سے استعمال کرنے پر مقوی باہ۔ ممسک۔ مقوی اعصاب ہے رفع قبض

[illegible] نسی۔ جریان۔ ضعف باہ اور کثرت پیشاب میں اکسیر الاثر ہے۔ پاگل کتے کے

زہر میں تریاق کا کام دیتا ہے۔ اس کو ہمیشہ شدھ کر کے استعمال میں لانا چاہیے۔ بغیر شدھ

کیے ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں۔

شدھ کرنے کی ترکیب

[illegible] کچلہ کو چودہ روز تک پیشاب گائے میں بھگو کر رکھو۔ لیکن پیشاب روزانہ ورنہ دوسرے

روز تبدیل کرتے رہو۔ پھر پانی میں ڈال کر چاقو سے اوپر کا چھلکا علیحدہ کریں۔ اور بیچ

سے چیر کر اندر سے باریک جھلی (پتہ) نکال دیں۔ پھر ٹکڑہ ٹکڑہ کر کے دودھ گائے میں دن

[illegible] پکانے سے شدھ ہو جاتا ہے۔

[illegible] ایک سیر کچلہ پندرہ سیر دودھ گائے میں پکاؤ۔ جب دودھ گاڑھا ربڑی کی طرح سے

ہو جائے تو اتار کر کچلوں کو دھو کر صاف کر دو۔ اور چھیل کر درمیان والی جھلی (پتہ) نکال

کر پھینک دو اور خشک کر کے کام میں لاؤ۔

[illegible] کچلہ کو ایک ہفتہ تک دودھ میں تر رکھیں۔ ہر روز دودھ بدل کر تازہ ڈالیں اور

[illegible] دودھ کو زمین میں دفن کر دیں تاکہ کتا وغیرہ پی کر مر نہ جائیں۔ پھر پوٹلی میں

बादाम रोग़न ...
मोम ...
स्परमेसिटाई ...
गुलाबार्क़ ...

बहुत बढ़िया योग है। यदि रङ्ग भी देना हो, तो ...
कारमाइन (Carmine) मिला सकते हैं।

ओष्ठ रेखा ओष्ठों पर लकीरें सी पड़जाती हैं। वैज़लीन ...
भाग, सिलीसलिक एसिड २ भाग मिलाकर
लगाने से तुरन्त आराम आता है। सर्द मलाई भी गुणकारी है।

(सुन्दरी)

باندھ کر دودھ میں جوش دیں۔ اور نکال کر دھو ڈالیں۔ اوپر کا چھلکا اتار کر چاقو سے منہ کے
دونوں حصے جدا کر کے درمیان والا باریک پردہ نکال دیں۔ اور خشک کر کے کام میں لاویں۔
سے۔ کچلہ کو ایک پوٹلی میں باندھ کر ایک ہانڈی میں کانجی ڈال کر چھ گھنٹے برابر پکا دیں۔ پھر
نکال کر چھلکا اور پتہ دور کر کے گھی میں بھون لیں تو شدھ ہو جاتا ہے۔

نوٹ۔ کچلہ کی درمیانی جھلی (پتہ) نکال کر زمین میں دفن کر دینا چاہیے۔ کیونکہ یہ سخت
زہریلی چیز ہے۔ اور شدھ ہونے کے بعد اگر کوٹنا ہو تو نرم نرم ہی کوٹ لیں۔ کیونکہ خشک
ہونے پر سخت ہو جاتا ہے۔

جمال گوٹہ — जमालघोटा

سنسکرت نام۔ جے پال۔ گھنٹی بیج۔ شودھنی۔ بیج ریچک۔ وغیرہ وغیرہ
کرناٹکی۔ نیپال۔ تیلنگی۔ نیپال بے موتہ۔ ہندی۔ جمال گوٹہ۔ گجراتی۔ نیپالو۔
بنگالی۔ جے پال۔ فارسی۔ تخم بید انجیر خطائی۔ عربی۔ حب السلاطین۔ مرہٹی۔ جے پال۔
لاطینی۔ کروٹونس۔ اولیم Crotonis olium انگریزی۔ کروٹن سیڈ (croton seeds)

اس کا درخت ارنڈ کی طرح سے ہوتا ہے۔ پھل اسی طرح ڈوڈیوں میں لگتا ہے۔ اور شکل
بھی تقریباً ویسی ہی ہوتی ہے۔ یہ سخت دستاور ہے۔ اسی کا پھل کا موٹا چھلکا اتار
دیتے ہیں تو اس کے اندر ارنڈ کی طرح سے بیج نکلتا ہے۔ لیکن سفید ویسا نہیں ہوتا۔
اس میں دو حصے ہوتے ہیں اگر ان دونوں کو علیحدہ علیحدہ کیا جاوے۔ تو کچلہ کی طرح
اس کے اندر بھی گول پتہ (جھلی) ہوتا ہے۔ یہ زہریلا ہے۔ اس کو بعض آدمی بغیر شدھ
کئے استعمال کرتے ہیں۔ تو یہ بہت ہی نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ آنتوں کے اندر
ایسی خراش پیدا کرتا ہے کہ مریض تنگ آ کر اپنے معالج کو سینکڑوں گالیاں سناتا
ہے۔ ویدک میں کہا ہے کہ ایسے وید کو پاپی اور گنہگار سمجھنا چاہیے۔ جو ایسی چیزیں بغیر

کو اس میں لٹکا کر ڈولا جنتر کے طریقے سے دن بھر آنچ دیویں۔ پھر نکال کر چھلکا اور اندرونی
پتہ دور کر کے دوبارہ پوٹلی میں باندھ کر دہی میں دن بھر لٹکا دیں تو شدھ ہو جاتا ہے۔
۴۔ جمال گوٹہ کو چھیل کر سات روز تک سرکہ انگوری تیز میں تر کریں۔ پھر دو ٹکڑہ کر کے
پتہ اندرونی نکال دیں۔ اور دن رات پان میں تر رکھیں۔ پھر دوسرے روز گوبر بھینس میں
پوٹلی باندھ کر لٹکا دیں۔ پھر ایک روز دودھ گائے میں لٹکا دیں تو شدھ ہو جاویگا۔
ایک عجیب نسخہ طلاء کا مجرب نیچے درج کرتے ہیں۔ آزما کر فائدہ اٹھاویں۔
۵۔ دار چینی ۲ ماشہ۔ لونگ پندرہ عدد۔ مغز جمال گوٹہ سات عدد۔ مکھن گائے ایک تولہ
لہسن تین ماشہ۔ سب کو کھرل میں ڈال کر چار گھنٹہ تک برابر کھرل کریں۔ مرہم سا ہو
جاویگا۔ بطور طلاء استعمال کریں۔ عجیب چیز ہے۔

دہتورہ धतूरा

سنسکرت۔ دہرت۔ اونمت۔ شیام۔ شیوپریہ۔ ماتول۔ وغیرہ وغیرہ بہت سے
نام ہیں۔ کرناٹکی۔ مدگینکے۔ عربی۔ جوزالماثل۔ گجراتی۔ دہنتورہ۔ ہندی۔ دہتورہ۔
بنگالی دہوتورہ۔ مرہٹی۔ دہوترہ۔ تیلنگی۔ اُمیتے۔ فارسی۔ تاتورہ۔
انگریزی۔ تھورن ایپل Thorn apple لاطینی۔ دتورا اسٹرامونیم۔
Datura Stramonium

یہ ایک مشہور چیز ہے۔ جس کے گھنٹہ کی شکل کے پھول بہت خوبصورت ہوتے ہیں
پھولوں کے لحاظ سے اس کی چار قسم بیان کی جاتی ہیں۔ سفید۔ نیلا۔ سیاہ۔ زرد۔
لیکن سیاہ اور سفید دو قسم کا زیادہ مشہور ہے۔ سیاہ قسم کا اکثر پہاڑوں میں ہوتا ہے
اور زیادہ قوی سمجھا جاتا ہے۔ یہ ایک سخت نشہ آور چیز ہے۔ اطبائے یونانی اس کو
دل اور دماغ کا دشمن کہتے ہیں۔ لیکن اہل ویدک اس کو عام طور پر استعمال کرتے ہیں کیونکہ

وہ لوگ اعلیٰ ترکیبات سے اس کے زہریلے اثر کو زائل کر کے عمدہ درجہ کا فائدہ مند بنا دیتے
ہیں۔ درحقیقت تمام قسم کے زہر اپنا زہریلا اثر اس وقت ظاہر کرتے ہیں جبکہ وہ بغیر
شدھی کے زہر کی پوری مقدار میں دئے جاویں۔ قلیل مقدار میں کھلانے سے امراض
[illegible]مردی میں نہایت مفید پڑتے ہیں۔ اہل فن ایسی زہریلی ادویات کو دوسری ایسی
ادویات کے ساتھ ملا دیتے ہیں جو ان کے زہریلے اثر کی بخوبی اصلاح کر سکیں یہی
[illegible] ہے کہ اہل ویدک کی کامل مدبر زہریلی ادویات بخلاف مرکبات ڈاکٹری بالکل
[illegible] اور اعلیٰ درجہ کی مفید ہوتی ہیں۔

شدھ کرنیکی ترکیب

[illegible] دہتورہ کے بیجوں کو تین دن تک پیشاب گائے میں بھگو کر پھر موٹے کپڑے پر
[illegible] دیویں تاکہ بھوسی دور ہو جاوے۔ اور خشک ہونے پر کام میں لادیں۔
[illegible] دہتورہ کے بیجوں کی پوٹلی بنا کر چار پانچ گھنٹہ تک دودھ گائے میں پکانے
[illegible] شدھ ہو جاتے ہیں۔

ایک عجیب اور پر اثر نسخہ اس کا تحریر کرتے ہیں

[illegible] ستہرہ دار گائے کے دودھ کی دہی جما کر پنیر بنا دیں۔ اور خشک
[illegible] اس کے ہم وزن دہتورہ سفید کے پتے کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں
[illegible] فراغت حیض عورت کو چوتھے روز سے ایک ایک گولی تین روز تک پرماتما کا نام
[illegible] کھلا دیں۔ اور ہم بستر ہوں پرماتما کی کرپا سے ضرور حمل رہ جاویگا۔ آزماؤ اور
[illegible] کے کرشمہ دیکھو۔

نشوونما پاکر پختہ ہو جاوے تو ایک کونڈے کی میتھی بطور ساگ بہت سا گھی ڈال کر پکاکر کھالیں۔ اسی طرح سات کونڈوں کی میتھی کا ساگ سات روز استعمال کریں۔ اسکے حیرت انگیز فوائد استعمال سے ظاہر ہوں گے۔ عجیب نسخہ ہے۔

۲۔ ایک من بھلانوہ کو باریک کوٹ کر آدھے بگہ زمین میں ملا دینا۔ اور اس زمین کے کنارے ذرا اونچے کردیں۔ پھر ماہ ساون اور بھادوں میں اس میں پانی چلا دیں تاکہ بھلانوہ زمین میں اچھی طرح سے مل جاوے۔ ماہ کاتک میں اس زمین میں میتھی بو دیں۔ جب ساگ کھانے کے قابل ہو جاوے تو اس کا ساگ اور گندم خالص کی روٹی بغیر نمک بہت سے گھی سے استعمال کریں۔ اس ساگ کو چار پانچ ماہ تک استعمال کرنے سے سر کے سفید بال بالکل سیاہ ہو جاوینگے۔ اور قوت باہ اس قدر پیدا ہوگی جو بیان سے باہر ہے۔ ایک بار تو بوڑھا بھی جوان ہو کر دنیا کی عیش کا لطف اٹھا سکتا ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔ ایسے ایسے سینکڑوں قسم کے آزمودہ نسخہ جات مجربات شرنا میں تحریر ہیں۔

اب ہم چند چیزیں جو کہ ادویات قوت باہ میں اکثر کام آتی ہیں ان کا بیان کرتے ہیں۔

لوبان लोबान

یہ ایک درخت کا گوند ہوتا ہے۔ جو جاوا۔ سماٹرا۔ اور سیام کے ملکوں میں پیدا ہوتا ہے۔ عمدہ قسم کا وہ لوبان ہوتا ہے جو باہر سے بھورا زرد یا سرخی مائل اور اندر سے سفید ہو اور آسانی سے سفوف ہو سکے۔ ہمارے یہاں عام طور پر لوبان کوڑیہ کہتے ہیں۔

شدھی صفائی۔ لوبان کوڑیہ کو پوٹلی میں باندھ کر ڈولا جنتر کے طریقہ سے ترپھلے کے کاڑھے یا دودھ گائے میں چار گھنٹہ تک پکا دیں۔ بعد ازاں خشک کرلیں۔ شدھ ہو جائیگا۔

فوائد۔ مقوی قلب۔ مقوی باہ۔ دافع امراض بلغمیہ ہے اس کا جوہر جس کو ست لوبان کہتے ہیں دافع کھانسی۔ دمہ۔ خفقان وغیرہ ہے۔ اس کا تیل مقوی باہ۔

चित्र फोटो नं० २७

...اور طلا کے طور پر استعمال کرنے سے دافع سستی و ضعف اور پٹھوں کو خوب ... دیتا ہے۔

چند نسخہ جات !!

... چھوہارے تین عدد رات کو دودھ میں بھگو دیں۔ صبح ان کی گٹھلی نکال کر ان ...
... ایک تولہ۔ شہد خالص سنکھیا ایک ماشہ۔ شدھ افیون دو ماشہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ...
... ماشہ۔ ان چاروں چیزوں کو خوب کھرل کریں۔ پھر سب چھوہاروں میں برابر برابر
... تھوڑا تھوڑا بھر دیں۔ اور اوپر سے آٹا گندم لگا کر یعنی چھوہاروں کو بند کر کے گھی گائے میں
... تلیں جب آٹا سرخ ہو جائے نکال لیں۔ پھر سب چھوہاروں کو شہد میں چھ ماشہ
... ڈال کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر اکیس روز تک گندم کے ڈھیر میں گاڑ دیں۔ بعد
... نکال کر استعمال میں لاویں۔ ایک چھوہارہ روزانہ کھا کر اوپر سے دودھ استعمال
... کریں۔ چند روز میں اس قدر طاقت پیدا ہوگی کہ ضبط ہونا سخت دشوار ہے۔ آزما کر نسخہ
... دیں۔

... کوڑیہ۔ جوز بویا۔ لونگ۔ گھونگچی سفید۔ بیر بہوٹی۔ مالکنگنی۔ ہر ایک ایک تولہ
... سفید چھ ماشہ۔ بیخ کنیر سفید چھ ماشہ۔ تمام ادویات کو دردرا کر کے بذریعہ پاتال
... تیل نکال لیں۔ یہ تیل بطور طلا اول درجہ کا مقوی باہ ہے۔

کیچوے

... کیچوے۔ فارسی میں خراطین وغیرہ کے نام سے مشہور ہیں۔ برسات میں
... زمین سے باہر نکلتے ہیں۔ لمبے لمبے سرخ رنگ کے زمین پر رینگ کر چلتے ہیں۔
... یونانی میں قوت باہ۔ قوت اعضائے تناسل وغیرہ میں طلا اور جات اور ادویات
... استعمال ہوتے ہیں۔ اہل حکمت کیچوے سے ایک قسم کی دخانات نکالتے ہیں جو

चित्र फोटो नं ३०

کہ مس خراطین یعنی کیچوے کا تانبہ کہا جاتا ہے۔ اس تانبہ کے بارے میں مشہور ہے کہ
اسکی انگوٹھی انگلی میں رہنے سے کوئی بھی زہریلا جانور پاس نہیں آتا۔ اور کاٹ لینے
سے زہر کا اثر نہیں ہوتا۔ کشتہ بنانے میں بھی یہ تانبہ اصلی معنوں میں اکسیر ہے
اور اس کے کشتہ کے مقابل میں تمام کشتہ جات ہیچ ہیں۔

کیچوے سے تانبا نکالنے کی ترکیب

اس کا نکالنا خوب ہوشیاری اور تجربہ کا کام ہے۔ کیچوے تازہ سرخ رنگ کے
زمین سے نکال کر مٹی وغیرہ سے صاف کریں۔ اور پھر ایک دودھ کے گھڑے میں ڈال
کر آگ پر رکھیں اور خوب آنچ دیں۔ تاکہ دودھ اور کیچوے سب کچھ جل کر راکھ ہو جاوین
پھر جس قدر وزن میں یہ راکھ ہو اس سے آدھے وزن میں حسب ذیل چیزوں میں سے
ہر ایک لے لیں۔ سوہاگہ۔ گوگل کھانے والی۔ گھونگچی سرخ۔ سرسون۔ گڑ پرانا۔
شہد۔ چھلکا ہرڑ۔ چھلکا بہیڑہ۔ آملہ۔ سجی۔ اونٹ کی پشم۔ بھیڑ کی پشم۔ گھی گائے ان
سب چیزوں کو خوب باریک کر کے راکھ کے ہمراہ ملا کر گوبر گائے کا شامل کر کے اپلے
بنا لیں۔ اور دھوپ میں سکھا لیں۔ پھر زمین میں ایک گڑھا کھود کر پہلے درخت
کیکر (ببول) کی پتلی پتلی سوکھی لکڑیاں بچھا دیں۔ اوپر سے ترتیب وار وہ اپلے رکھ کر
آگ لگا دیں۔ دو روز کے بعد تمام راکھ نکال کر اور چھلنی میں خوب احتیاط سے دھوئیں
اس سے تانبہ کے ٹکڑے برآمد ہوں گے۔ اس تانبہ سے جو چاہے چیز تیار کرالیں اس
تانبہ کا نگینہ چاندی کی انگوٹھی میں لگا کر پہننے سے کسی زہریلے جانور کا اثر نہیں ہوتا اور
اگر کشتہ بنایا جاوے تو کہنا ہی کیا ہے۔ کشتہ کی ترکیب کشتہ جات کے بیان میں
دیکھیں۔

کیچوے کو صاف کرنے کی ترکیب۔ کیچوؤں کو ادویات میں ڈالنے سے پہلے

صاف کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے پیٹ میں مٹی بھری رہتی ہے جب تک اس کو نکال
نہ دیا جائے قابل استعمال نہیں ہوتے۔ ان کو صاف کرنے اور پیٹ سے مٹی وغیرہ نکالنے
کے بہت سے طریقے ہیں۔ چند حسب ذیل ہیں۔
کیچوؤں کو صاف پانی میں ڈال دیں۔ اور اس میں املی یا ٹاٹری ڈال دیں۔ تاکہ کچھ
ترشی پانی میں ہو جاوے۔ دن بھر پڑا رہنے دیں۔ بعد ازاں ان کا ایک سرا پکڑ کر انگلی سے
آہستہ آہستہ سوت کر مٹی کو نکال دیں۔ پھر ان کو خشک کر کے کام میں لا سکتے ہیں
دودھ کی کچی لسی بنا کر کیچوؤں کو اس میں ڈال دیں۔ وہ لسی پی جائیں گے۔ اور
مٹی کو پیٹ سے نکال دیں گے۔ اگر ضرورت خیال کریں تو لسی کو دوسرے روز
تبدیل بھی کر دیں۔ غرضیکہ اس طرح دو روز لسی میں رہنے چاہئیں۔

چند عجیب اور مجرب بے خطا آزمودہ نسخہ جات

کیچوہ جو آدمی کی قے میں نکلا ہو ایک عدد۔ بیج دھتورہ سفید پندرہ دانہ۔ لونگ
نو دانے تین عدد۔ سب کو کھرل میں ڈال کر گڑ پرانا کے ہمراہ خوب کھرل کریں اور
بتی کے مانند لمبی بتی چھوٹی چھوٹی بنا دیں۔ یہ بتی اندری کے سوراخ میں رکھیں۔
قوت باہ اور امساک ہوتا ہے۔
روغن بھلانوہ کا تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں۔ پھر کیچوے صاف کئے ہوئے تولہ
لونگ ایک پاؤ باریک پیس لیں۔ اور تیل بھلانوہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ روغن بھلانوہ
ملا دیں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے۔ پھر گولیاں بنا کر بدستور پتال جنتر
تیل نکالیں۔ اور شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ بطور خوراک نصف سے ایک
رتی اور بطور طلاء بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ کے استعمال
سے کیسا ہی گیا گذرا نامرد کیوں نہ ہو مردی کا دم بھرنے لگیگا۔ عجیب چیز ہے۔

۲۔ کیچوے زندہ ایک سیر لیکر رات کو گھی، چھاچھ میں ڈالدیں۔ اور صبح کو نکال لیں۔
صاف ہوجاوینگے۔ پھر گائے کا گوبر اوپر سے سمان جس میں مٹی کا ذرا بھی نہ ہو
خالی وغیرہ میں گوبر کرادیں۔ پھر اسی گوبر میں کیچوے ملاکر اوپلے بنادیں۔ لیکن یہ احتیاط
رکھیں کہ کیچوہ ٹوٹنے نہ پاوے۔ ان اوپلوں کو گرد و غبار سے بچاکر دھوپ میں خشک
کرلیں۔ اور گڑھے میں جلاکر راکھ کو پانی سے دھو ڈالیں۔ تاکہ کیچوہ ریشم کی مانند
بالوں کی شکل میں نیچے سے نکلیگا۔ پھر اس کو آدھ پاؤ تلسی کے نغدہ میں رکھو اور گل
حکمت کرکے ہوا سے بچاکر ڈھائی سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اس کشتہ کو بار یک کرکے
شیشی میں رکھیں۔ قوت باہ کے لئے ایک خس گھیں وغیرہ میں استعمال کریں۔ اس
قدر طاقت پیدا ہوگی کہ ضبط ہونا سخت دشوار ہے۔ اگر قوت اور تیزی حد سے زیادہ
معلوم دے تو اس کا تدارک دہی کے پلانے سے ہوتا ہے۔

بیر بھوٹی बिरबहोटी

یہ بھی ایک مشہور چیز ہے۔ عربی میں عرد سک۔ دود المطر وغیرہ کہتے ہیں۔ برسات کے
موسم میں بارش کے بعد ریت سے نکلتی ہیں۔ رنگ سرخ مخمل کی طرح سے بڑی خوبصورت
معلوم ہوتی ہیں۔ بہت گرم ہوتی ہیں۔ ان کا تیل ضعف باہ کیلئے مشہور ہے۔ اکثر
طلا رجات میں کام آتی ہیں۔ اگر بعد فراغت حیض عورت دو عدد بیر بھوٹی تازہ پانی
کے ہمراہ نگل لے تو چار پانچ بار یہ عمل کرنے سے عورت بانجھ ہوجاتی ہے۔ بیر بھوٹی
کے پاؤں علیحدہ کرکے رکھ لیں۔ بس صاف اور قابل استعمال ہوجاتی ہیں۔

قابل قدر مجرب نسخہ جات

۱۔ بیر بھوٹی دو تولہ۔ شدہ گندھک آملہ سار۔ شدہ شنگرف ایک ایک تولہ تینوں

چیزوں کو کھرل میں ڈال کر تیل تل چار پانچ قطرے ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر
آتشی شیشی میں ڈال کر کھچڑی کے دیگچہ میں رکھ دیں تیل ہوجاویگا۔ یا پاتال
جنتر سے تیل نکالیں۔ سستی وغیرہ میں بطور طلا استعمال کریں۔ عجیب
فائدہ مند ہے۔

۲۔ بیر بھوٹی، شدہ پارہ، شدہ سنکھیا سفید۔ ہر ایک دو تولہ۔ سب ادویات
کو دس عدد زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ سات روز تک کھرل کرکے گولیاں چنے
کے برابر بنادیں۔ اور پاتال جنتر سے تیل نکالیں۔ سستی کے لئے ذرا سا لگا کر
اوپر سے پان باندھ دیں۔ قوت باہ اس قدر پیدا ہوگی جو بیان سے باہر ہے۔
ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

۳۔ بیر بھوٹی۔ افیون شدھ۔ عاقرقرحا۔ گڑ۔ برابر وزن، شراب برانڈی تھوڑی
سی ڈال کر تین روز متواتر کھرل کریں۔ اور حفاظت سے رکھیں۔ قوت باہ اور
امساک کے لئے بقدر ایک چاول دودھ کے ہمراہ استعمال کرکے فائدہ دیکھیں۔

بعض اصطلاحات ویدک

چونکہ ہماری کتاب میں بہت سے کشتہ جات و رس جات کا ذکر آیا ہے۔ اس
لئے ہم اپنے ناظرین کیلئے ان اصطلاحات کا ذکر کرنا ضروری خیال کرتے ہیں جن کا
جاننا کشتہ جات کے کاموں میں ضروری ہے۔ کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ کتاب ہذا
کا ہر ایک نسخہ ہمارے ناظرین خود اپنے ہاتھ سے تیار کرسکیں۔

(۱) ادویات کا کھرل کرنا

جس کھرل میں ڈال کر ادویات کو کھرل کیا جائے وہ ایسے پتھر کی ہو جو رگڑنے سے گھستے نہیں
اس کا امتحان اس طرح پر کرنا چاہئے کہ دو تولہ نمک کو اس کھرل میں ڈال کر تین چار گھنٹہ

متواتر زور سے کھرل کریں۔ پھر اس نمک کا وزن کریں اگر ٹھیک وزن جس قدر
کھرل کرنے کے پیشتر ڈالا تھا اتنا ہی ہو تب تو ٹھیک ہے اگر کچھ بڑھ جائے تو خیال
کریں کہ کھرل کا پتھر یا بٹہ ٹھیک نہیں ہے۔ کیونکہ گھس کر نمک میں پتھر کا وزن شامل
ہو گیا۔ ادویات کو کھرل کرنے میں اس بات کا لحاظ رکھیں کہ پہلے سخت ادویات
رگڑی جاویں پھر نرم اور درجہ بدرجہ ادویات شامل کریں۔ بلکہ جہاں تک ممکن ہو
ہر ایک ادویات کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے پھر ایک میں ملا کر کھرل کریں۔
کھرل کرنے کے لیے جس قدر مدت تحریر ہو اس کا پورا کرنا ضروری ہے اس سے کم و زیادہ
عرصہ کھرل کرنے سے تاثیر میں فرق پڑ جاتا ہے۔

اگر ادویات کو کسی بوٹی کے عرق یا پانی میں کھرل کرنا تحریر ہو تو صاف کر کے پانی
یا عرق کو کام میں لاویں۔ غرضکہ پوری صفائی کا خیال رکھیں۔ جس قدر زیادہ صفائی
سے کام لیں گے اتنا ہی اثر زیادہ ہوگا۔ شیر مدار۔ بڑھ۔ تھوہر وغیرہ کو کھرل کر کے
کپڑے میں چھان لینا چاہیے۔ اگر زردی بیضہ مرغ ڈالنے کی ضرورت ہو تو کپڑے
میں ضرور چھان لیں۔ بوٹی کا عرق یا کاڑھا وغیرہ اگر ڈالنا ہو تو اس قدر ڈالیں کہ ادویات
تر بتر ہو جاویں۔ اس کو پٹ یا بھاؤنا دینا کہتے ہیں۔ جب کھرل کرتے ہوئے پہلا عرق
ڈالا ہوا خشک ہو جاوے تب دوسرا ڈالیں۔ ایک دفعہ ہی بہت سا ڈالنا یا دھوپ
میں خشک کرنا جائز نہیں۔ جب ادویات کے کھرل کی مدت پوری ہو جاوے اگر سفوف
رکھنا ہو تو عمدہ اور صاف شیشی میں احتیاط سے رکھیں۔ اگر آنچ دینا ہو تو تمام ادویات
کو جمع کر کے پتلی ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ دھوپ میں خشک کرنے سے تاثیر
میں فرق پڑ جاتا ہے۔ اچھی طرح خشک ہونے پر آنچ دیں

ادویات کا نقدہ

اس سے مراد یہ ہے کہ جس بوٹی وغیرہ کا نقدہ کرنا ہو وہ عمدہ قسم کی درجہ اول خوب

[illegible] کر کے کھرل کر کے نقدہ بنا دیں۔ اگر بوٹی خشک ہو تو تھوڑا پانی ملا کر نقدہ بنا دیں۔
[illegible] ایک کھرل کر کے نقدہ ہونا چاہیے۔ اگر بوٹی کا وزن مقرر نہ ہو تو عام طور پر ایک
[illegible] کے لیے آدھ پاؤ بوٹی کا نقدہ کافی ہوتا ہے۔ نقدہ کے ٹھیک درمیان میں
[illegible] ٹھیک سے بند کر کے گولا بنا دیں۔ اگر خشک دوا کے درمیان کسی
[illegible] تو آدھی نیچے اور آدھی اوپر ٹھیک مقدار میں رہنا چاہیے۔

کپروٹی یا گل حکمت کرنا

[illegible] سے مراد یہ ہے کہ صاف مٹی کو پانی کے ہمراہ پتلا کر کے گارا بنا دیں اور کپڑے
[illegible] اس گارے میں تر بتر کر کے دوا کے نقدہ پر لپیٹ دیں۔ جب
[illegible] خشک ہو جاوے تو دوسری، تیسری بار اسی طرح سے لپیٹیں۔ اسی طرح سے
[illegible] کپروٹی کرنا ہو عمل کریں۔ اس سے دوا کا نقدہ محفوظ رہتا ہے۔ آتشی
[illegible] جس میں دوا بھری جاتی ہے کپروٹی کرنا پڑتا ہے۔ اس کے لیے پہلے شیشی کو
[illegible] پھر گارے والا کپڑا لپیٹ کر خشک کریں۔ پھر دوبارہ سہ بارہ یعنی
[illegible] گردن تک کپڑا ٹھیک سے لپیٹ دیں۔
[illegible] جو مٹی کے برتن پیالوں وغیرہ کو مضبوط کرنے کے لیے کرنا پڑتا ہے تاکہ وہ
[illegible] محفوظ رہیں۔ خاص قسم کی مٹی کو مصالحوں سے تیار کر کے پانی کے ہمراہ خوب
[illegible] پھر اس کو برتن پر لگایا جاتا ہے۔
[illegible] مٹی کا ایک چھوٹا سا برتن دوا کی مقدار پر بنایا جاتا ہے اس میں دوا رکھ کر آنچ
[illegible] فائدہ ہوتا ہے کہ اول تو یہ ٹھیک دوا کے اندر لگا ہونے کے باعث دوا کو
[illegible] محفوظ رکھتا ہے۔ دوسرے یہ خاص مٹی سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس لیے
[illegible] آنچ کو بھی بخوبی برداشت کر لیتا ہے۔
[illegible] کی کٹھالیاں جو بوتہ کی قسم سے ہوتی ہیں وہ بھی خاص مٹی سے بنائی

جاتی ہین۔ اور اس مطلب کے لئے خوب اچھی ہوتی ہین۔ بوتہ یعنی برتن کو بار بار آگ مین ڈالنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ ہر دفعہ مٹی کا تھوڑا سا لیپ کر دیا جاوے۔ اس سے زیادہ مضبوط اور پائدار ہو جاتا ہے۔ مٹی بنانے کی چند ترکیب درج کرتے ہین۔ اسی طریقیہ سے خاص مٹی تیار کرکے بوتہ یا برتن بنانا چاہیے۔

ا۔ کمہاروں کی مٹی۔ ملتانی (گاچنی) برابر وزن کوٹ لین۔ اس مین مونج کی باریک رسیان کاٹ کر ملا دین۔ اور تھوڑی سی پرانی روئی ملا کر خوب کوٹین۔ کوٹتے وقت تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے رہین۔ اگر اس مین لوہارون کی بھٹی کی راکھ جو کہ دوکان کی چھتوں مین لگ جاتی ہے تھوڑی سی ملا لین تو اور بھی مضبوط اور سخت ہو جاتی ہے پھر ایسی ہی مٹی سے بوتہ یا پیالہ تیار کرین۔

۲۔ خبث الحدید (لوہ چون) کو خوب باریک کرین۔ پھر بکری اور بھیڑ کا تازہ خون ملا کر تین چار گھنٹہ خوب کوٹین۔ یہ مصالحہ آتشی شیشی پر لیپ کرنے سے خواہ کتنی ہی تیز آنچ کیون نہ دی جاوے شیشی نہیں ٹوٹتی ہے۔

۳۔ کمہاروں کی خالص مٹی ۱ سیر۔ نمک شورہ ایک سیر۔ دھان کا چھلکا ایک سیر۔ روئی پرانی یا بکری۔ آدمی کے باریک کترے ہوئے بال آدھ پاؤ یا کم و بیش جتنے مل سکیں ملا کر خوب تین چار روز تک متواتر کوٹتے رہین۔ جتنا زیادہ کوٹا ہوگا اتنی ہی مضبوط ہوگی۔ اس مٹی سے بوتہ یا شیشی کو کپڑمٹی کرین بہت عمدہ ہے۔

آگ۔ تشویہ۔ بھڑکہ پٹ دینا

ادویات کو بوتہ یا پیالہ مین بند کرکے آگ دینی پڑتی ہے۔ آگ دینے کے بہت سے طریقے ہین۔

تشویہ۔ اسکے معنے کسی چیز کو بھوننے کے ہین۔ بھوننے کا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ

(क—ख शिर) (ख—ग माथा) (ग—घ नाक) (घ—ङ ठोड़ी) बराबर होने चाहियें।

नाक के ऊपर के भाग से जो लकीर नेत्रों के मध्य से ... है, वह शिर समेत सब चेहरे को दो भागों में विभक्त करती है और यदि खड़ी लकीरों से एक कान से दूसरे कान तक आँखों की सीध में ७ बराबर भाग करें, तो नेत्रों के बीच का जो भाग है, वह लम्बाई में नेत्र जितना होना चाहिए, और आंख व कान के बीच जो भाग है, वह आंखों की लम्बाई से दुगना होना चाहिए जैसा कि चित्र नं० १०७ में दिखाया गया है।

कहते हैं, कि ...
शिर के ...
मनुष्य की लम्बाई ...
तीसरा भाग होता है ...
और भारतीय ...
औसत लम्बाई ...
इञ्च होती है, ...
शिर की गोलाई ...
होनी चाहिए। ...
चौड़ाई जैसा कि ...
१०७ में (ख) ...
भग ६ इञ्च होती है ...
नम्बर १०६ में ...
नापी जावे तो ...
है, कान से कान ...
म्बाई यदि शिर ...
से नापी जावे तो ...
होती है और ...
ऊपर से नापी ...
११ इञ्च।

मनुष्य का चेहरा ...
से लेकर माथे ...
शरीर का ...
होना चाहिए ...

(चपटा मुख, आसामी स्त्री)

آسامی صورت

... जाते हैं, जिसको
दुख के और स्थान पर भी श्वेत दाग हो जाते ... थोड़े दिन श्वेत
चिन्ह या लेई कहते हैं।
सरसों पीसकर तेज़ अंगूर के सिरके में मिलायें और थोड़े दिन श्वेत
दागों पर लगायें। अधिक देखना चाहें तो पीछे चिन्हके वर्णन में देखें।
श्वेत दागों को इतने गरम पानी से जो सहारने योग्य हो,
१० मिनट तक धोकर, एकदम खूब शीतल पानी से धोने से रक्तप्रवाह
इस तेज़ी से होता है, कि थोड़े दिनों में श्वेत दाग जाते रहते हैं।

गाल।

गालों की रक्त शरीर की हर जगह की रक्त से अधिक
तेज़ होती है, क्योंकि गालों की त्वचा अधिक साफ़ होती है। गालों
की हड्डी उभरी हुई मङ्गोलियन जाति में होती है और इस वास्ते
चीन जापान मालाया आदि में गाल की उभरी हुई हड्डी सुन्दर

[illegible]

[illegible] عورت

دوا آگ مین پختہ ہو جاوے۔ لیکن جلے نہیں۔ اکثر ایسی چیزوں کو بھونا جاتا ہے۔ جو
آگ پر زیادہ دیر رہنے سے جل جاتی ہون یا بخارات بن کر اڑ جاتی ہون بھونا بھی
بہت طریقہ سے کیا جاتا ہے ایک تو یہ کہ دوا کو کسی بوٹی وغیرہ مین لپیٹ کر گھی یا تیل
یا گرم بھوبل مین بھونا جاوے۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ دوا جس چیز مین
لپیٹی گئی ہے اس کے پانی کو اپنے اندر جذب کر لے۔ یہ طریقہ بہت عمدہ ہے۔ اور
اس مین دوا کے جل جانے کا اندیشہ نہیں رہتا۔ خصوصاً جبکہ گھی مین بھونا جاوے
بوکیات گندھک۔ ہڑتال۔ وغیرہ گھی مین ڈال کر آنچ دینے سے جب تک گھی کی تراوٹ
رہتی ہے جلنے نہیں دیتی۔

دوم۔ دوا کو کسی بوٹی کے نغدہ مین رکھ کر اس کو گل حکمت کر کے اُپلوں مین اس قدر
آنچ دی جاتی ہے کہ بوٹی کے نغدہ کا پانی خشک ہو جاوے۔ لیکن ایسا نہ ہو کر اوپر
کے تمام بوٹی جل کر آنچ دوا تک پہنچ جاوے۔ اس قسم کے تشویہ کے لئے پوری
تجربہ کاری کی ضرورت ہے۔ اکثر آدمی بہت محنت سے دوا وغیرہ تیار کرتے ہین
لیکن تجربہ نہ ہونے سے آنچ اس قدر دیدیتے ہین کہ تمام دوا آگ کی نذر ہو جاتی ہے
بہت ہی احتیاط اور ہوشیاری کا کام ہے۔ اگر ذرا سی غلطی ہوئی کہ تمام محنت
ضائع ہو جاتی ہے۔ اس قسم سے آگ دینے کا کوئی پورا قاعدہ مقرر نہیں ہے۔
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

اس مین بھی ایک بات کی مشکل ہے کہ بوتہ یا پیالہ کی کوئی مقدار دوا کے مقابلہ مین مقرر نہین ہوسکتی ہے۔ بعض وقت بوتہ موٹا ہوتا ہے کیونکہ موٹا برتن مقابلہ پتلے کے آگ کو زیادہ سہار سکتا ہے۔ اس لئے قاعدہ تجربہ پر ہی منحصر ہے۔

بھڑکہ۔ تھوڑی آنچ دینے کو کہتے ہین یعنی دو تین سیر اُپلوں سے زیادہ نہ ہو۔

آنچ سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ جسکو کسی بوٹی۔ تیل۔ یا پانی وغیرہ مین کھرل کیا گیا ہے اس کی تاثیر کو جذب کرلے۔ اور دوبارہ کھرل کرنے کے قابل ہوجاوے۔ یہ ایسے موقعہ پر ہوتا ہے جبکہ دوا کو بہت بار کھرل کرنا اور آنچ دینا ہو۔ کیونکہ بعض دفعہ سو سو آنچ یا اس سے بھی زیادہ دینی ہوتی ہین۔ تجربہ کاروں نے اس طرح پر جبکہ بہت آنچ دینی ہوں تو پہلے سے آنچ کا وزن کچھ کم کرتے جاتے ہین۔ تاکہ دوا کا اصلی جوہر جل نہ جاوے۔ خاص کر یہ عمل کشتہ چاندی، سونا، فولاد وغیرہ کے کشتوں مین کیا جاتا ہے۔

پٹ دینا۔ یہ تین موقعہ پر اکثر استعمال ہوتا ہے جب کسی دوائی کو کھرل مین ڈال کر پٹ دینا تحریر ہو تو مطلب یہ ہے کہ رس، کاڑھے وغیرہ کی پٹ دی جاوے۔ جس کو بھاونا بھی کہتے ہین۔ جیسے اگر لکھا ہو کہ شنگرف کو سات پٹ عرق لیموں کی دو تو ایک بار عرق ڈال کر کھرل کرو۔ پھر خشک ہونے پر دوبارہ، سہ بارہ اسی طرح سے سات پٹ دو۔

دوئم اگر کسی جگہ کہا جاوے کہ سونے کو گرم کرکے فلان عرق کی سات پٹ دو۔ تو وہان پر مطلب یہ ہے کہ لال کرکے سات بار عرق مین بجھاؤ۔

سوئم۔ اگر ایسی جگہ کہا جاوے کہ سونے کو ریت کر اور گل نقدہ مین رکھ کر پندرہ سیر اُپلوں کی آنچ دین اور اسی طرح اکیس پٹ دین۔ مطلب یہی ہو اکیس بار اور گل نقدہ مین رکھ کر آنچ دینی چاہیے۔

ایسی جگہ بھی پٹ کا استعمال ہوتا ہے۔ آنچ دینے کے لئے زیادہ تر جنگلی اُپلے کارآمد ہوتے ہین۔ بعض موقعوں پر ہاتھ سے بنے ہوئے اُپلے بھی استعمال

[illegible] ہوتے ہین۔ آنچ دینے کے لئے اکثر حالتوں مین ہوا سے محفوظ جگہ آنچ دی جاتی ہے [illegible] کے زور سے آگ زیادہ سلگ کر درکار سے زیادہ آنچ دوا مین لگ کر خراب [illegible] ہے اس مطلب کے لئے زمین گڑھا کھود کر آنچ دینا لکھا ہے۔ تاکہ ہوا سے پوری [illegible] زیادہ دیر تک لگ سکے۔ اور بعض دفعہ اُپلوں کے شعلہ کم ہونے [illegible] کو ڈھانپ دیا جاتا ہے۔ تاکہ آنچ زیادہ عرصہ تک رہ سکے۔ کشتہ جات کے [illegible] آنچ کا ٹھیک وزن بڑے تجربہ کا کام ہے۔ نہیں تو کہاوت ہے کہ ایک [illegible] مین آنچ [illegible] سب کام خراب ہوگیا۔ ہم نے دسون بار ایسے کشتون کو [illegible] جو کہ امتحان مین پورے نہیں اترے۔ کیونکہ خراب کشتوں کو استعمال [illegible] علم کی عظمت کو کم کرنا ہے۔ کیونکہ وہ فوائد مین پورے نہیں ہوتے اور [illegible] کرنے والے کے دل مین کشتہ کی طرف سے شکوک پیدا ہوجاتے ہین اس [illegible] بار بار ہدایت ہے کہ جو کشتہ امتحان مین پورا نہ اترے ہرگز استعمال نہ [illegible] نسخوں مین آگ دینے کیلئے اُپلوں کا وزن لکھا ہوتا ہے۔ لیکن بعض جگہ اُپلون [illegible] کے بجائے اُپلوں کی مقدار کا ایک اصلاحی نام ہوتا ہے۔ جس سے مراد ہوتی [illegible] خاص مقدار کا گڑھا کھود کر آنچ دی جاوے۔ ان نام مین جو اکثر استعمال [illegible] ذیل مین درج ہین۔

[illegible] زیادہ استعمال مین آتا ہے۔ اس کے ٹھیک وزن مین اختلاف ہے [illegible] ہاتھی کے ہین۔ جو گڑھا ہاتھی کے پاؤن کے برابر لمبا۔ چوڑا اور گہرا ہو [illegible] ہاتھ لمبا چوڑا اور گہرا لیتے ہین۔ اور کوئی کوئی دو ہاتھ بھی لیتے ہین۔ [illegible] ہاتھ ہی ٹھیک ہے۔ یعنی ڈیڑھ ہاتھ لمبا۔ چوڑا اور گہرا گڑھا کھود [illegible] کر آنچ دین۔

[illegible] ایسا گڑھا کھود کر تین چار جنگلی اُپلون کی آنچ دینے

کو کہتے ہیں ۔

(۳) باراہ پٹ ۔ ایک ہاتھ لمبے، چوڑے، گہرے گڑھے

(۴) گجرپٹ ۔ تین ہاتھ لمبے ۔ چوڑے اور گہرے گڑھے کو کہتے ہیں۔ اس گڑھے میں پہلے مینگنیاں بھر کر اوپلے پھر لکڑیاں بچھا دیں۔ آدھا گڑھا بھر جانے پر درمیان میں دوا کا بوتہ رکھ کر بدستور لکڑیاں، اوپلے اور مینگنیاں بھر کر آگ لگا دیں۔ اور بیس پہر کے بعد دوا کو اس سے نکال لیں۔

(۵) مہا گجرپٹ ۔ کمہاروں کے آواہ کی طرح سے دس پندرہ من اوپلوں کی آنچ

(۶) گوبر پٹ ۔ ایک سیر وزن اپلوں کا ہے۔ کوٹ کر باریک کر کے اوپلوں میں دوا رکھ کر آنچ دیں ۔

(۷) بھودر پٹ ۔ زمین میں گڑھا کھود کر بوتہ کو دبا دیں۔ تھوڑا سا سطح زمین سے اوپر رہے اس پر مقررہ وزن کی آگ جلا دیں ۔

(۸) بھانڈ پٹ یا بالو پٹ ۔ بھانڈ گھڑے اور بالو ریت کو کہتے ہیں۔ کسی مٹی کے برتن میں بھوسی چاول کی یا ریت بوتہ کے نیچے اوپر دے کر منہ بند کر کے چولھے پر مقررہ آنچ دیں ۔

(۹) مہا پٹ ۔ ایک گز لمبے، چوڑے اور گہرے گڑھے کی آنچ کو کہتے ہیں ۔

(۱۰) لاوک پٹ ۔ دوا کو کسی برتن میں ڈال کر ڈھانپ دیں۔ اوپر سے کوئلہ چاول کی بھوسی یا گوبر خشک تھوڑا ڈال کر آنچ دیں ۔

جنتروں کا بیان

ویدک میں جنتر تو بہت سے ہیں لیکن ہماری کتاب میں جن جن جنتروں کا ذکر آیا

ہے۔ ان کا خلاصہ ناظرین کیلئے لکھ دیتے ہیں۔ بخوبی سمجھ کر اسی مطابق کام لیں۔

ڈمرو جنتر ۔ ترٹیک پاتن جنتر

جوہر وغیرہ اُڑانے کا کام ان جنتروں سے کیا جاتا ہے۔ کسی دوا کو ایک ہانڈی یا پیالہ میں بچھا کر اس پر دوسری ہانڈی یا پیالہ اوندھا رکھ دیتے ہیں۔ اور دونوں کے منہ ملا کر گل حکمت سے اچھی طرح مضبوطی سے بند کر دیتے ہیں۔ پھر یکساں آگ کی حرارت مقررہ وقت تک پہونچائی جاتی ہے۔ نیچے والے برتن کی ادویات بخارات بن کر اُڑتی ہیں اور اوپر والے برتن میں لگ جاتی ہیں۔ اسی کو جوہر کہتے ہیں۔ آنچ بعض ادویات میں خوب تیز دی جاتی ہے اور بعض میں خوب کم چراغ کی لو کے برابر۔ لیکن سب ترکیبوں میں آنچ کی حرارت شروع سے آخیر تک برابر رکھنی پڑتی ہے۔ اگر آنچ تیز دی جاتی ہے تو بڑی بڑی ہانڈیوں سے کام لینا پڑتا ہے۔ تاکہ جوہر اونچی جگہ لگ کر تیز آنچ کی حرارت سے جلنے سے محفوظ رہے۔ اوپر والی ہانڈی پر ٹھنڈے پانی سے تر کر کے کپڑا بھی رکھا جاتا ہے۔ اور اس کو جلدی جلدی تر کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات اوپر والی ہانڈی یا پیالہ پر ایک دوسرا پیالہ لگا دیا جاتا ہے۔ اور اس میں ٹھنڈا پانی بھر دیتے ہیں اور گرم ہونے پر بدلتے رہتے ہیں۔ اور اس طرح سے جوہر اُڑاتے ہیں۔ غرضکہ ڈمرو اور ترٹیک پاتن جنتر دونوں سے ہی جوہر اُڑانے کا کام ہوتا ہے۔ جوہر اُڑانے کے بارے میں ایک بات کا خیال رکھیں کہ اول ہانڈی میں نیچے ملتانی مٹی یا کھریا مٹی

ڈمرو جنتر

اوپر کا گھڑا یا برتن

الف

ب

پ

ت

نیچے والا برتن جس میں دوا رہتی ہے

خواہ گیرو بچھا دین۔ پھر اوپر سے دوا رکھین۔ جس کا جوہر اڑانا ہو پھر اوپر سے گھریا
مٹی وغیرہ حسب دستور ڈھانپ دین۔ اس ترکیب سے جوہر جلد اڑتے ہین۔
ڈمرو جنتر کی شکل صفحہ ۳۲۱ پر ملاحظہ ہو۔

ترٹیک پاتن جنتر۔ اس کے لفظی معنے ہین کہ ترچھا گرانے والا جنتر۔ اس سے
عرق وغیرہ بھی کھینچ سکتے ہیں۔ (الف) دوائی والا برتن (پ) جس مین جوہر وغیرہ
گرایا جاتا ہے۔ اور (پ) چولھا ہے۔ خیال رہے کہ مقام (ت) کی جگہ بھی کوئی ایسی
چیز رکھنی پڑتی ہے جس مین (ب) والا گھڑا بھی اونچا رہے۔ (الف) مین آنچ لگنے سے
دوائی کے بخارات بذریعہ نال کے (ب) والے گھڑے مین جمع ہوتے رہتے ہیں۔

پتال جنتر!

یہ ایک مشہور جنتر تیل نکالنے کے واسطے ہے۔ اس کے کئی طریقہ ہین جن کے بارے
مین ناظرین خوب اچھی طرح سے اس مضمون کو پڑھین تاکہ ہر ایک بات ٹھیک سے سمجھ
مین آجاوے۔

اوّل۔ ایک مٹی کا برتن جس مین دوا آسکے لے لین۔ اگر برتن چکنا ہو تو بہتر ہے اس
کے پیندے مین درمیان مین دو تین سوراخ کر کے دوا ڈالدین۔ اور منہ پر ڈھکن
لگا کر اچھی طرح سے گل حکمت کرین۔ پھر زمین مین ایک گڑھا ایسا کھودین کہ وہ برتن ٹھیک
سے نیچے کا حصہ آجاوے۔ اور گڑھے مین ایک چینی کا پیالہ رکھین۔ پیالے کے نیچے کوئی
ایسا برتن رکھین جس مین تھوڑا پانی رہ سکے۔ تاکہ چینی والا پیالہ ٹھنڈا رہے۔ دوا
والا گھڑا گڑھے کے اوپر اس حساب سے رکھین کہ پیندے مین جو سوراخ کئے ہین
وہ ٹھیک پیالہ پر رہین۔ تاکہ جو تیل ان سوراخون سے نکلے ٹھیک پیالہ مین گرتا جائے
برتن اور گڑھے کے کنارون کے درمیان چارون طرف مٹی سے اچھی طرح گل حکمت

کرین تاکہ آگ کے شعلے اندر گڑھے میں نہ چلے جاوین۔ گل حکمت خشک ہونے پر برتن
کے چارون طرف اور اوپر اُپلے چن کر آگ لگا دین۔ آگ کی حرارت سے ادویات
کا تیل سوراخون کے راستے پیالہ مین گر کر جمع ہو جاویگا۔ جب آگ سرد ہو جاوے
آہستہ سے برتن اور گڑھے کے درمیان والی گل حکمت کو دور کر کے برتن کو اٹھا
کر ایک طرف کر دین۔ نیچے پیالہ مین تیل ہو گا۔ آہستہ سے اٹھالین۔ بعض اوقات
ایسا ہوتا ہے کہ اوپر والے برتن کا سوراخ ٹھیک پیالہ کے مقابل مین نہ ہونے کے باعث
تیل جو نکلتا ہے ادھر ادھر گڑھے مین گر جاتا ہے۔ اسلئے اکثر آدمی گڑھے میں ایک
اور بڑا برتن رکھ دیتے ہین جو کہ اوپر والے گھڑے کے سوراخون سے ملا رہتا ہے۔ اور
اس بڑے برتن مین پیالہ رکھتے ہین اگر تیل ادھر ادھر بھی گرے تو بڑے برتن مین رہ
جاتا ہے۔ جس کی تصویر یہ ہین۔

تصویر نمبر ایک مین پیالہ زمین کے گڑھے مین
رکھا ہوا ہے۔ اور دوا کے گھڑے کے چارون
طرف اُپلے چن کر لگائے ہیں۔ تیل سوراخ
کے ذریعہ پیالہ مین گرتا ہے۔

تصویر نمبر ۲ مین زمین والے گڑھے کے
اندر بھی برتن ہے اور اوپر والے دوا کے
برتن سے ملا ہوا ہے۔ پیالہ نیچے والے برتن
مین رکھا ہے۔ اسی مین تیل گرتا ہے۔

خیال رہے کہ آنچ کافی طور سے لگائی جائے
تاکہ تیل پوری مقدار مین نکل سکے۔ آنچ
کم لگنے سے تیل کم نکلیگا۔ اور بہت زیادہ

جیسے جل جانے کا بھی خوف رہتا ہے۔ لہٰذا آنچ ٹھیک ہونا چاہیے۔ اگر آنچ
ہلکی اور تیل کم نکلے تو دوبارہ عمل کرنا پڑتا ہے۔
دوم۔ ادویات جن کا تیل نکالنا ہو کوٹ کر آتشی شیشی میں ڈال کر اوپر
چھ سات بار گل حکمت کریں۔ شیشی کے منہ پر چند لوہے کے تار
سے دوائی نہ گرے۔ پھر اس شیشی کے منہ کو دوسری آتشی شیشی یا بوتل میں
حکمت کریں۔ پھر گڑھا کھود کر نیچے والی شیشی گڑھے میں ٹھیک سے
مٹی کو پانی سے تر کر کے بھر دیں۔ تاکہ آنچ کی حرارت سے محفوظ رہے۔ اوپر والی
کے گلے کے چاروں طرف اینٹ جما دیں۔
اُپلے چن کر آنچ لگا دیں۔ دیکھو تصویر ہذا
لیکن یہ عمل اس وقت کرنا چاہیے جبکہ
ہڑتال۔ گندھک۔ سنکھیا وغیرہ کا تیل
نکالنا ہو۔ اگر روغن نباتات یا حیوانات
شامل ہوں تو یہ عمل نہ کریں۔ کیونکہ ان کا
دھواں بند ہونے سے شیشی ٹوٹ جایا
کرتی ہے۔ یا تیل بہت کم نکلتا ہے۔ بعض اوقات اوپر والی آتشی شیشی کو آنچ کی اثر
سے محفوظ رکھنے کے لیے شیشی کے اوپر ایک دوسرا برتن لوہا وغیرہ اوندھا کر دیتے
ہیں۔ اور اس برتن کے درمیان سوراخ کر کے اس سوراخ کے ذریعہ ریت بھر دیتے
ہیں۔ یعنی آتشی شیشی کے چاروں طرف ریت ہو جاتا ہے۔ اور لوہے کے چاروں
طرف اُپلہ یا مینگنوں کو خوب ڈھیر لگا کر آنچ لگاتے ہیں۔ اس طریقہ سے شیشی
ٹوٹنے سے محفوظ رہتی ہے۔ اور مینگنیوں کی نرم آنچ سے تیل عمدہ نکلتا ہے۔
سوئم۔ ایک بڑے مٹکے کا اوپر کا حصہ مع گلے کے علیحدہ کر لیں۔ نیچے والے چوڑے

दुनिया का कोई दृश्य सुन्दर गालों को नहीं पहुँचता है। जब रक्त नीरोग हो तो गालों की लाली अधिक मालूम होती है, और इसकी गुलाबी रङ्गत विलायती सेब से उपमा देते हैं। असली सौन्दर्य और सदाचार को प्रकट करती है।

इसलिये लेडियों के मुख जो गुलाब कुसुमवत् रङ्ग दिखाई देते हैं, वह [illegible] असली रङ्गत नहीं होती है। वे पहिले मेद [illegible] गुलाबी पौडर लगाती हैं। अजब मूर्खता की बातें स्वयं करती हैं, और भारतवासियों को पान चबाते हुए देख कर मखौल उड़ाया करती हैं। खुली वायु ताज़ा [illegible] आदि रङ्गत को सुन्दर करते हैं जिनका वर्णन पीछे हो चुका है। वहां से देख लें।

[सादगी]

गालों पर किसी २ समय जो लाली प्रगट होती है, वह सुन्दरता है, परन्तु एकदम सम्पूर्ण मुख का लाल होना रोग है, जिसका इलाज लिखा जा चुका है। गालों पर बाल जो कभी उग आते हैं, उनका इलाज टांगों के वर्णन में देखें। जो स्त्रियां तिल गालों पर खुदवा लेती हैं, वह जवानी में कुछ सुन्दर हो तो हो, परन्तु चेहरे के थोड़ा भी शिथिल होने पर कुरूप मालूम होता है। इसका इलाज भी लिखा जा चुका है। अंग्रेज़ों का कथन है कि गुदवाना असभ्यता का चिन्ह है परन्तु कभी स्वयं उनकी

समझी जाती है। जो चित्र जापानी स्त्रियों के दिए गए हैं, वह इस बात का समर्थन करते हैं। परन्तु वास्तव में उभरी हुई हड्डी सुन्दर नहीं है। मुख की अण्डाकार गोलाई ही सुन्दर मालूम होती है। हड्डी के नीचे यदि गाल भीतर को धंस जावें तो भी कुरूपता है। न केवल कुरूपता वरन् रोग का चिन्ह है और जवानों में ऐसा होना बहुमैथुनादि दोषों को प्रकट करता है। जो जवानी में नियम पालन करते हैं, वह जवानी और बुढ़ापे दोनों में लाल और उभरे हुए गाल रखते हैं।

(मिस [illegible], एक सुन्दर पाषाण मूर्ति का चित्र)

रङ्ग पर ग्रन्थकार लिखते हैं कि रङ्ग की उत्तमता में

[...] کے درمیان اس قدر سوراخ کریں کہ آتشی شیشی کی گردن باہر نکل سکے۔ پھر ادویات
آتشی شیشی میں ڈال کر اور منہ پر بدستور لوہے کے تار لگا کر شیشی کا گلا اس سوراخ
سے باہر نیچے کی طرف نکال دیں۔ سوراخ اور شیشی کی گردن کے پاس گل حکمت کر دیں
[...] کو چولہے پر رکھ کر شیشی کے منہ کے نیچے چینی کا پیالہ رکھ دیں۔ شیشی کے چاروں
[...] ریت ڈال کر اوپر آنچ جلا دیں۔ تیل پیالہ میں گریگا۔ اس طریقہ سے روغن دار
[...] بات اور حیوانات وغیرہ کا تیل بھی نکالا جاتا ہے۔ کیونکہ شیشی کے منہ سے دھواں
[...] نکلتا رہتا ہے۔ اور تیل بھی۔ یہ طریقہ آتشی شیشی میں دوا بھر کر یا کسی بڑے برتن
[...] میں دوا بھر کر کر سکتے ہیں۔ دیکھو تصویر نمبر ۴ و نمبر ۵

نمبر ۴ — شیشی — پیالہ — چولہا

نمبر ۵ — دوا کا برتن — پیالہ — چولہا

چہارم۔ ایک بڑا لوٹا یا گھڑا لے کر ایک طرف ایسا سوراخ کریں کہ آتشی شیشی
[...] باہر نکل سکے۔ پھر ادویات کو آتشی شیشی میں بھر کر اس کی گردن سوراخ سے
باہر نکال دیں۔ اور سوراخ و گردن کے نزدیک اچھی طرح سے گل حکمت کریں۔ لوٹے
[...] گھڑے کو بالو ریت سے بھر دیں اور چولہے پر رکھیں
[...] آگ جلا دیں۔ آتشی شیشی کے منہ کے سامنے چینی
[...] پیالہ رکھیں۔ آنچ کی حرارت سے بالو گرم ہو کر آتشی
شیشی سے تیل پیالہ میں گریگا۔ یہ طریقہ بہت عمدہ ہے

نمبر ۶ — شیشی — پیالہ — چولہا

کیونکہ آنچ کا کم و زیادہ کرنا اپنے اختیار میں رہتا ہے۔ اور تیل نکلتا ہوا بخوبی دکھائی دیتا ہے۔ دیکھو تصویر نمبر ۶

پنجم۔ ایک لوٹا لیکر اس کے پیندے میں چند سوراخ کر دیں اور ادویات جن کا تیل نکالنا ہو کوٹ کر بھر دیں۔ لوٹے کو چینی یا کانسی وغیرہ کے پیالہ پر رکھیں۔ اور لوٹے کے منہ پر ایک بڑا توا رکھیں۔ توے کے اوپر سخت قسم کی لکڑی کے کوئلے یا اپلے وغیرہ رکھ کر آنچ لگا دیں۔ آنچ کی حرارت سے توا گرم ہو کر لوٹا گرم ہوگا اور ادویات کا تیل نکل کر پیالہ میں چلا جائیگا۔ یہ طریقہ بہت ہی نرم چیزوں کے تیل نکالنے کا ہے۔ جن کو زیادہ آنچ آنے سے جل جانے کا اندیشہ ہو۔ اور اس میں یہ بھی آسانی ہے کہ جب تیل کو دیکھنا چاہیں لوٹے کو ذرا اوپر اٹھا کر دیکھ سکتے ہیں۔ آنچ خواہ بہت تیز بھی ہو۔ لیکن ادویات کو نرم آنچ ملتی ہے دیکھو تصویر نمبر ۷

ششم۔ ایک چینی کا پیالہ لیکر اس پر ایک باریک کپڑا تان کر باندھ دیں۔ کپڑے کے اوپر ادویات جو کوب کر کے بچھا دیں۔ کپڑے کے اوپر پیالہ کے کناروں پر چاروں طرف آٹا گوندھ کر ایک دیوار سی کھڑی کر دیں۔ اور اس پر توا رکھیں۔ اور توے پر کوئلے سلگا دیں۔ آگ کی حرارت سے توا گرم ہوگا اور توے کی گرمی سے ادویات کا تیل نکل کر کپڑے سے چھن کر پیالہ میں گریگا۔ یہ طریقہ بہت اچھا ہے۔ لونگ، الائچی۔ دارچینی۔ بیر بہوٹی وغیرہ کا تیل نکال سکتے ہیں۔

ڈولا جنتر

اس کے ذریعہ دوائی کو، دودھ۔ عرق وغیرہ میں پکایا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دودھ وغیرہ ہانڈی یا گھڑے میں آدھا پیٹ بھر دیں۔ جس دوا کو پکانا ہو اس کو

ایک مضبوط کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر دھاگے یا لوہے کے تار سے اس ہانڈی میں لٹکا دیں۔ ہانڈی کے منہ پر ایک ترچھی لکڑی رکھ کر دھاگے یا تار کا سرا اس میں باندھ دیں۔ ہانڈی کا منہ بند کر کے چولہے پر چڑھا کر آنچ لگا دیں۔ جب تک عرق وغیرہ سے آنچ لگاتے رہیں۔ اس میں کچھ کوڑیاں ڈال دیا کرتے ہیں۔ تاکہ معلوم ہوتا رہے۔ کہ عرق خشک تو نہیں ہو گیا ہے۔ کیونکہ جب تک عرق رہیگا کوڑیوں کی آواز آتی رہیگی۔ عرق جل جانے پر کوڑیاں تہ میں بیٹھ جائینگی۔ اور آواز آنی بند ہو جائیگی۔ پھر اتار لینا چاہئے۔ اگر دوا کی پوٹلی عرق یا دودھ سے اوپر رہے اور صرف بخارات لگتے رہیں تو ڈولا جنتر کہتے ہیں۔ اور اگر پوٹلی عرق میں ڈوبی رہے تو ڈولا جنتر غرقی یعنی ڈوبا ہوا کہلاتا ہے۔ دیکھو تصویر نمبر ۸ و نمبر ۹

نمبر ۸ میں دوا کی پوٹلی عرق سے اونچی رہتی ہے۔ اور صرف بخارات لگتے ہیں اور نمبر ۹ میں پوٹلی عرق میں ڈوبی رہتی ہے۔

بالوکا یا بالو جنتر!

یہ ایک مشہور جنتر ہے۔ اس کو بالو۔ بارد۔ ریگ جنتر بھی کہتے ہیں۔ اس کے ذریعہ عموماً دوا تشین کی جاتی ہے۔ اس میں دوا والی شیشی کے چاروں طرف ریت ڈالی جاتی ہے۔ تاکہ آنچ کی حرارت سے محفوظ رہ کر ٹوٹنے نہ پاوے۔ طریقہ اس طرح ہے کہ شیشی آتشی یا بوتہ وغیرہ میں دوا بھر کر اچھی طرح سے گل حکمت

کریں۔ اور منہ کو بھی خوب مضبوطی سے بند کریں۔ پھر لوہے یا مٹی کے تنگ منہ والے
برتن میں نیچے ریت بچھا کر دوا والی شیشی کو درمیان میں رکھیں اور چاروں طرف
نیچے اوپر خوب ریت بھر دیں۔ شیشی کے گرد چاروں طرف پانچ چھ انگل موٹی تہ ریت
ہونا چاہئے۔ خواہ اس سے زیادہ ہو لیکن کم نہ ہو۔ پھر اس برتن کو چولہے پر رکھ کر
پہلے نرم پھر کچھ تیز اور بعد میں خوب تیز آنچ مقررہ وقت تک دی جاتی ہے۔
اگر ادویات نمی والی ہوں یا کسی زبوٹی وغیرہ کے عرق سے کھرل کی گئی ہوں تو آنچ
دینے سے پہلے ان کی رطوبت خشک کر لینا ضروری ہے۔ ورنہ شیشی کے پھٹ جانے
کا اندیشہ پورا ہے۔ اس مطلب کے لئے شیشی کے چاروں طرف ریت بھر کر منہ
شیشی کا کھلا رکھیں۔ اور منہ پر روئی کا پھاہا لگا دیں۔ ادویات کو آنچ کی حرارت پہنچنے
سے جب بخارات نکلیں گے تو اوپر لگی ہوئی روئی تر ہو جاویگی۔ تو اس کو علیحدہ کر کے
دوسری روئی لگا دیں اور اسی طرح بدلتے رہیں۔ جب روئی کا تر ہونا بند ہو جاوے
تو سمجھ لیں کہ ادویات کا پانی جل چکا ہے۔ پھر شیشی کا منہ اچھی طرح سے بند کر کے گل حکمت
کر دیں۔ اور ٹھیک سے ریت بھر دیں۔ دیکھو تصویر ۱۰۔ بالو کا جنتر

عدد ۱۰

گربھ جنتر

یہ طریقہ بھی اکثر تیل نکالنے کے کام میں آتا ہے۔ اگرچہ اس کی بعض ترکیبوں سے

عرق بھی نکل سکتا ہے۔ اس کے تین مشہور طریقے ہیں۔
اول۔ مٹی کے دیگچے وغیرہ میں کوئی اینٹ یا مٹی کی کلھیا یا لوہے کا سہ پایا رکھ کر اس پر
چینی کا پیالہ رکھیں۔ اینٹ وغیرہ کے چاروں طرف دیگچہ میں وہ ادویات جن کا تیل نکالنا
ہو کوٹ کر ڈال دیں۔ دیگچہ کے منہ پر کانسی یا تانبہ کا کٹورہ رکھ کر آٹے سے منہ بند
کر دیں۔ پھر چولہے پر چڑھا کر نیچے آگ جلا دیں۔ اوپر والے کٹورہ میں سرد پانی بھر دیں۔ جب
گرم ہو جاوے تو اوپر کا پانی تبدیل کرتے رہیں۔ ادویات کے بخارات آنچ کی گرمی پا کے
اڑ کر اوپر جاوینگے۔ اور اوپر والے کٹورے کو لگ کر پانی کی سردی پا کر تیل یا عرق میں
بدل کر اینٹ پر رکھے ہوئے پیالہ میں گرتے جاوینگے۔ اس مطلب کے لئے اوپر
والا کٹورہ گول ہونا چاہئے۔ تاکہ تیل یا عرق اس کی پیندی میں جمع ہو کر سیدھا پیالہ میں گرے۔ اور
اگر چوڑا ہوگا تو تیل پیالہ سے علیحدہ چاروں طرف دیگچہ یا اینٹ وغیرہ پر گرتا جاویگا۔ اور
آگ سے جل جاویگا۔ دیکھو تصویر نمبر ۱۱
دوم۔ پہلے ہی کی طرح سے ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اس ترکیب میں چینی کا پیالہ
بجائے اینٹ وغیرہ پر رکھنے کے لوہے کے تاروں کے ذریعہ باندھ کر دیگچہ کے گلے سے
لٹکایا جاتا ہے۔ دیکھو تصویر نمبر ۱۲

عدد ۱۱ — عدد ۱۲

چولہا — چولہا

ان دونوں طریقوں سے اگرچہ تمام روغن دار نباتی پھلوں کا تیل نکل سکتا ہے لیکن
زیادہ تر نباتی صمغوں یعنی لوبان۔ مصطگی۔ کافور۔ بہروزہ وغیرہ کا تیل نکالنے کے لئے ٹھیک
ہیں۔ اس طریقہ سے نکالا ہوا تیل بہ نسبت پاتال جنتر کے عمدہ ہوتا ہے۔
سویم۔ ان دونوں طریقوں سے مختلف ہے۔ یعنی ایک برتن میں نصف تک پانی بھر کر
چولھے پر رکھتے ہیں۔ برتن کے منہ پر ایک مضبوط کپڑے کا رومال باندھ کر اس کو برتن کے
گلے سے مضبوط باندھ دیتے ہیں۔ رومال پر وہ ادویات جس کا تیل نکالنا ہوتا ہے کوٹ
کر بچھا دیتے ہیں۔ پھر اوپر سے ایک کٹورہ الٹا کر کے اس طرح پر ڈھانپ دیتے ہیں تاکہ
برتن سے نکلنے والے بخارات رومال کو اوپر اٹھا کر ادویات کو ادھر ادھر نہ پھینک دیں۔
تھوڑی دیر آنچ لگنے کے بعد رومال کو ادویات سمیت گرم گرم اٹھا کر اور پوٹلی کی طرح پر بنا کر
گرم کسی لکڑی کے شکنجہ میں دبا کر نچوڑتے ہیں۔ اور اس طرح پر چند بار عمل کرنے سے ادویات
کا تمام تیل نکل آتا ہے۔ لیکن اس تیل کے ہمراہ کسی قدر پانی بھی ملا ہوا رہتا ہے جو
کہ بخارات کے ذریعہ دوائی میں مل جاتا ہے۔ اس تیل کو تیز دھوپ یا نرم آنچ پر رکھنے
سے پانی خشک ہو کر تیل باقی رہ جاتا ہے۔ اس طریقہ سے نباتی روغن دار پھلوں یعنی
مغز بادام۔ مغز پستہ۔ اخروٹ۔ چلغوزہ۔ مالکنگنی وغیرہ کا تیل بہت عمدہ نکلتا ہے
اس طریقہ کو ڈولکا یا رومال جنتر کہتے ہیں۔ جنتر تو اور بھی بہت قسم کے ہوتے ہیں لیکن
ہم نے خاص خاص جو کہ کتاب ہذا کے متعلق ہیں۔ ان کا ہی ذکر کیا ہے۔

سوزاک सुजाक

ہم سوزاک کے بارے میں جریان (پرمیہہ) والے باب میں کچھ تحریر کر آئے ہیں اور
جریان اور سوزاک دونوں ہی آلہ تناسل کی بیماریاں ہیں۔ جریان کی حالت پوری طرح
سے تحریر کر چکے ہیں۔ اب سوزاک کا خلاصہ تحریر کرتے ہیں۔ جس بیماری میں آلہ تناسل

کے اندر زخم ہو جاتے ہیں پیشاب کرتے وقت جلن ہوتی ہے۔ اور اندر سے پیپ نکلتی
ہے اس کو سوزاک کی بیماری کہتے ہیں۔ آیور وید میں اس کا کوئی علیحدہ ذکر نہیں ہے
پرمیہہ کی قسم سے ہی اس کا ذکر ہے۔ لیکن یونانی حکمت میں سوزاک اور ڈاکٹری میں
گونوریا کہتے ہیں۔ پرمیہہ تو ہم اس کو نہیں کہہ سکتے ہیں۔ ہاں البتہ بموجب وید کے آتشک
(گرمی) سے کچھ کچھ ملتا جلتا ہے۔ آتشک میں آلہ تناسل کے اوپر زخم ہوتے ہیں۔
اور سوزاک میں اندر۔ جس طرح آتشک میں زہریلا مادہ ہوتا ہے اسی طرح سوزاک میں
بھی زہریلا مادہ ہوتا ہے۔ والدین کو آتشک ہونے سے اولاد پر بھی اثر پہنچتا ہے ٹھیک
اسی طرح سوزاک کا بھی حال ہے۔ اسی لئے آتشک سے تو یہ کسی قدر ملتا جلتا ہے۔
لیکن جریان (پرمیہہ) سے کسی طرح بھی نہیں۔ اس لئے ہم یہ ماننے کو ہرگز تیار نہیں کہ
سوزاک پرمیہہ کی قسم سے ہے۔ سوزاک اور پرمیہہ میں زمین آسمان کا فرق ہے ناظرین
ذرا ملاحظہ فرماویں۔

سوزاک اور پرمیہہ کا تفرقہ

سوزاک صرف آلہ تناسل سے تعلق رکھتا ہے۔ اور پرمیہہ جسم کے تمام حصوں سے۔
سوزاک کا زہریلا مادہ آلہ تناسل کے راستہ سے داخل ہوتا ہے۔ سوزاک والی
عورتوں کے ساتھ جماع کرنے سے یعنی عورت سے مرد کو اور مرد سے عورت کو ہو
جاتا ہے۔ جس طرح دوسری چھوت چھات والی بیماریوں کے جرم (کیڑے) ایک
سے دوسرے کے اندر پہونچ کر وہی بیماری پیدا کر دیتے ہیں ٹھیک اسی طرح سے جماع
کے راستے سے اس مرض کے کیڑے عورت سے مرد میں اور مرد سے عورت میں
پہنچ جاتے ہیں۔ اب تو ناظرین اچھی طرح سے سمجھ گئے ہونگے کہ سوزاک اور پرمیہہ
میں بہت فرق ہے۔

سوزاک ہونے کا سبب رنڈی بازی یا دوسری خراب عورتوں سے جماع

سات بوند سفید چندن کا تیل ملا کر استعمال کریں تو سوزاک کو بہت فائدہ ہوتا ہے

ترکیب یہ ہے کہ دو تولہ ستیل چینی کو سولہ تولہ پانی میں بھگا دیں۔ جب [illegible]

اُتار کر چھان لیں۔ اور پانچ سات بوند تیل چندن ملا کر پلا دیں۔ اسی طرح [illegible]

کئی بار استعمال کرنے سے زخم وغیرہ دور ہو کر سوزاک کو آرام ہو جاتا ہے۔

۳۔ سوزاک کے مریض کو تیل لگا کر تیل لگا کر ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا فائدہ مند ہے

لیکن سردی کے موسم میں تھوڑے گرم سے نہانا چاہئے۔ دودھ کی لسی بنا کر استعمال [illegible]

بھی فائدہ مند ہے۔ سب سے زیادہ نوٹ کرنے والی بات یہ ہے کہ پیٹ اور [illegible]

کی صفائی پر پورا خیال رہنا چاہئے۔

۴۔ سوزاک زیادہ پرانا ہو جانے سے خون بھی خراب ہو جاتا ہے۔ اس لئے خون کو صاف

کرنے والی ادویات کا استعمال بھی از حد فائدہ مند ہے۔ سوزاک آرام ہو جانے پر

بھی کم از کم ایک ماہ تک خون صاف کرنے والی ادویات کا استعمال رکھیں۔ جس سے

اس کے کیڑے (جرم) خون سے دفع ہو جاویں۔ اور آئندہ کو سوزاک کا خوف باقی

نہ رہے۔

سوزاک پر آزمودہ نسخہ جات

۱۔ کباب چینی بارہ تولہ۔ خوب باریک کپڑ چھان کر لیں اور ایک تولہ پھٹکری بھون کر

ملا لیں۔ خوراک دو تولہ۔ لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔ بے حد مفید ہے۔

۲۔ شدہ نیلا تھوتھا۔ پھٹکری۔ برابر وزن سفوف بنا کر رکھیں۔ مریض کو ایک سے

دو رتی تک مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر کھلا دیں اوپر سے اسی وقت بھینس کا تازہ دودھ

آدھ سیر اور ایک عدد کاغذی لیموں کا رس اس میں ڈال کر پلا دیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ

میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ سینکڑوں بار کا آزمودہ ہے۔

۳۔ بھنی ہوئی پھٹکری ۲ ماشہ۔ گیرو تین ماشہ۔ مصری چھ ماشہ۔ تینوں کو ملا کر سفوف

[illegible] ملا دیں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ایک تولہ تک گائے کے تازہ دودھ سے استعمال کریں

[illegible] ہفتہ میں آرام ہو جاوے گا۔

[illegible] صبح ہی دودھ بڑھ دہ بتاشوں (جو کہ کھانڈ سے بنتے ہیں) میں بھر کر کھانے سے ایک

ہفتہ میں سوزاک کو قطعی آرام ہو جاتا ہے۔

۵۔ اصلی تیل چندن۔ تیل بیروزہ۔ دونوں برابر وزن ملا کر ایک شیشی میں رکھ لیں۔ پھر

اس میں سے دس پندرہ بوند بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔ اور اوپر سے ایک پاؤ دودھ

[illegible] تازہ پی لیں۔ اسی طرح صبح شام دونوں وقت استعمال کرنے سے ایک ہفتہ میں

بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ جب مرض کا زور کم ہو جاوے تو خوراک بھی کم کر کے پانچ سات بوند

استعمال کریں۔ اس سے اوّل ہی روز فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔

۶۔ کباب چینی نو تولہ۔ گیرو دو تولہ۔ کافور دو ماشہ۔ تینوں چیزیں باریک پیس کر شیشی میں

رکھ لیں۔ خوراک چھ ماشہ۔ صبح کو چھاچھ یا دہی کے پانی سے اور شام کو تازہ پانی سے

استعمال کریں۔ از حد فائدہ مند ہے۔

۷۔ شورہ قلمی ۱۲ تولہ۔ گندھک آنولہ سار ۳ تولہ۔ دونوں کو ملا کر مٹی کے کورے برتن

میں کوئلوں کی آنچ پر چڑھا دیں۔ جب پگھل جاوے تو قلعی دار برتن میں ڈال لیں اور سرد

ہو جانے سے سفوف بنا دیں۔ اور بھنی پھٹکری۔ گل ارمنی۔ تباشیر۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک

[illegible] اور صلاجیت شدہ چھ ماشہ۔ سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ خوراک چار

[illegible] دودھ گائے سے استعمال کریں۔ از حد فائدہ دکھلانے والا نسخہ ہے۔

۸۔ پارہ۔ گندھک آنولہ سار۔ برابر وزن کھرل میں ڈال کر خوب کجلی کریں۔ پھر اس کجلی

کے برابر کباب۔ مردار سنگ۔ کتھا سفید۔ ملا کر چھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور شیشی میں رکھ

لیں۔ خوراک دو سے چار رتی تک مکھن میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ اوپر سے آدھ سیر

دودھ گائے پی لیں۔ پہلے ہی روز اثر دکھلانے والا نسخہ ہے۔ اور دس روز میں پورا فائدہ

سب سے زیادہ اصل سبب مریض عورت سے جماع کرتا ہے۔ ایسی عورت سے
جماع کرنے پر چوبیس گھنٹہ کے اندر ہی وہ جگہ سُرخ ہو جاتی ہے جہاں اس مرض کا
زہریلا مادہ لگتا ہے۔ اور دوسرے تیسرے روز سوزش ہو کر ایک پھنسی ہو جاتی ہے
تیسرے چوتھے روز اس پھنسی میں زہریلا پانی بھر کر منہ کالا ہو جاتا ہے۔ اور پانچویں
چھٹے روز اس میں مواد پیدا ہو جاتی ہے۔ اور سخت قسم کا درد ہونے لگتا ہے۔
مریض اپنے کئے ہوئے اعمالوں پر لعنت ملامت کرتا ہے۔ اور درد تب۔ اس کو ایسا
معلوم ہوتا ہے جیسا کہ آلۂ تناسل پر کسی نے آگ کی چنگاری رکھ دی ہو۔ یہ زخم آہستہ
آہستہ بڑھتا رہتا ہے۔ اور اس کا زہریلا مادہ آلۂ تناسل کو سڑا کر گلا دیتا ہے۔
گرمی والے مریض کے پیشاب پر پیشاب کرنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ اس لئے
ایسے مریض کو پیشاب کر کے اس پر مٹی ڈال دینا چاہئے۔ اور جب تک پوری طرح
مرض کو آرام نہ ہو جاوے ہرگز بھی جماع کا خیال دل میں نہ لاویں۔ کیونکہ جماع کرنے
سے عورت کو بھی یہ مرض ہو جاویگا۔ اور اگر ایسے وقت میں حمل رہ گیا تو اولاد بھی
اس مرض سے نہ بچیگی۔ یہ موذی مرض کئی نسلوں تک اولاد در اولاد اپنے قدم
لگا کر خاندان کو ہی برباد کر دیتا ہے۔ اس کا زہریلا اثر ایسا خراب ہوتا ہے جس کا
کوئی حد و حساب نہیں۔ تمام جسم کو سڑا کر ہڈیوں تک کو گلا ڈالتا ہے۔ اور آخیر میں
مریض کی جان لیکر ہی پیچھا چھوڑتا ہے۔ دس بیس نہیں بلکہ پچاسوں اور سیکڑوں
مریض خود ہمارے دیکھنے اور علاج میں آچکے ہیں۔ جو خودکشی کرنے پر آمادہ ہو چکے
تھے۔ پیارے دوستو یہ نامراد مرض خود اپنے ہی بد افعال کا نتیجہ ہے۔ اس لئے
ہم بار بار کہتے ہیں کہ بد صحبت اور بد فعلوں سے بچو۔ اور اپنے دوستوں
کو بھی بچاؤ:-

बाहें छातियां आदि देखें हो तो आपको ज्ञात होगा कि गुदनारे ये
हद को पहुंचे हुए हैं। गोरों के हाथों बाहों पर सुन्दर लेडियों के
चित्र, परिवार के चित्र, अपना चित्र, और इसी प्रकार के और
बहुत से चिन्ह देखेंगे।

गालों पर बिन्दी भी लगाई जाती है, परन्तु बहुधा नया मोड़
हो पर लगाने की है। मुख के सब से सुन्दर भाग पर लगाने से ध्यान

क ख, ख ग, ग घ, तथा घ ङ. लकीरों के बीच का अन्तर समान है।
इसी प्रकार जो खड़ा लकीरें हैं उनका दरमियानी फासिला बराबर है।

उस ओर जाता है। जिससे सुन्दरता अधिक मालूम होती है।
मस्से, कील, छाइयां, झुर्रियां आदि जो गालों पर होजाती हैं उनका
वर्णन पीछे हो चुका है। गाल यदि खुरदरे हों तो मलाई या कोल्ड
क्रीम बहुत उत्तम वस्तु है। फुहारे के नीचे गालों का रखना झुर्रियां
नहीं पड़ने देता। ओस इनको चमकती है। लज्जा और शील इनमें
आकर्षण उत्पन्न करती है। निर्लज्जता और नटखट स्वभाव कुरूप
बनाते हैं। बाज़ मनुष्यों के गालों में हंसते समय एक गढ़ा सा

पड़ता है जो भला सा मालूम होता है। एकाध हलकी सी लकीर हंसमुख लोगों के गालों पर प्रसन्न चित्त होना प्रकट करती है।

माथा या ललाट।

माथा चौड़ाई में चेहरे का तीसरा भाग परन्तु ऊंचाई में नासिका के समान होना चाहिए। संकुचित माथा निर्बुद्ध, तुच्छता को प्रकट करता है। माथे को बड़ा दिखाने के लिए यदि बाल ऊपर को संवारोगी तो स्पष्ट दिखला दोगी कि इतना ही है। यदि बाल उखाड़ोगी या उस्तरा फिराओगी तो माथा पीछे को हटा हुआ भद्दा मालूम होगा।

(पीछे हटी हुई ठोढ़ी) (बढ़ी हुई ठोढ़ी खुश मिज़ाजी का चिन्ह)

आज कल शरीफ़ घरों में माथे के बाल मुंडाने की प्रथा बढ़ती जाती है। मैंने कई स्त्रियों को देखा है, कि वह माथे के ठीक बीच से कुछ बाल मुंडवाती हैं। उनका विचार है कि इससे पट्टी अच्छी प्रकट होती है, परन्तु यह मूर्खता के लक्षण हैं। यदि माथा छोटा है तो केशों को इस प्रकार संवारो कि माथे पर कुछ बिखरे

بموجب آیور وید کے اُپدنش (دگری) اور فرنگ کیا ایک ہی مرض ہیں؟

نہیں! بلکہ ان کی دو قسم ہیں۔ بہت سے آدمی اور وید لوگ بھی ان دونوں کو ایک ہی کہہ دیتے ہیں مگر سچ پوچھا جاوے تو یہ دونوں ایک نہیں ہیں۔ ان دونوں کی شناخت اور علامتوں میں بہت کچھ تفرقہ ہے۔ جسم میں فرنگ کا زہر پہنچنے پر کئی روز تک تو کوئی بات معلوم ہی نہیں ہوتی۔ اور اُپدنش (دگرمی) کا زہر لیا اثر چوبیس گھنٹہ میں ہی اپنا اثر ظاہر کر دیتا ہے۔ "فرنگ" کے مرض میں تقریباً پانچ سات دن کے بعد آلۂ تناسل کی سپاری یا بغل میں ایک طرح کا زخم پیدا ہوتا ہے اور بعد کو دیگر باتیں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ آیور وید میں کہا ہے کہ اُپدنش (دگرمی) پہلے آلۂ تناسل میں ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اور اسی طرح سے فرنگ بھی آلۂ تناسل پر ہی ظاہر ہوتا ہے۔ شاید اسی لئے دونوں کو ایک ہی مرض کہہ دیا گیا ہے۔ لیکن اصل میں "اُپدنش" پہلے مردوں میں ظاہر ہوتا ہے اور اُن ہی سے عورتوں میں پہنچتا ہے۔ اور فرنگ کا مرض عورت مرد دونوں میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ ہماری پرانی آیور وید کی کتابوں میں فرنگ مرض کا کسی جگہ نام نہیں پایا جاتا ہے۔ اس مرض کا نام سب سے پہلے شری یان بھاؤ مصر نے اپنی کتاب "بھاؤ پرکاش" میں تحریر فرمایا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مرض پہلے ہمارے ملک میں نہیں تھا۔ چونکہ ہم کو اُپدنش کا انگریزی نام کچھ نہیں ملا۔ اس لئے اپنے ناظرین کو سمجھانے کی غرض سے "اُپدنش" "آتشک (دگرمی)" کے نام میں ہی لکھا ہے۔ دراصل یہ نام فرنگ کے مرض کا ہے۔

فرنگ نام کے معنے۔ یہ مرض پہلے ہمارے ملک میں نہ تھا ہم اوپر ہی تحریر کر چکے ہیں فرنگستان یعنی فرنگیوں کے ملک میں ہوتا تھا اسی سے اس کا نام فرنگ مرض ہوا۔

یہ مرض کیسے ہوتا ہے یہ مرض انگریزوں کی صحبت اور انگریزی عورتوں سے

از حد ہوتی ہے۔ ایسا کرنے سے مرض لاعلاج ہو جاتا ہے۔ اور زخم وغیرہ ہو کر آلۂ
تناسل سڑ جاتا ہے۔

۵۔ کبھی بھی گرمی اور سوزاک کو ایک سمجھ کر دوائی دینے میں بھول نہ کریں۔ کیونکہ
سوزاک کی ادویات اکثر سرد ہی ہوتی ہیں۔ اور گرمی کی تمام ادویات اکثر گرم ہی ہوتی
ہیں۔ سوزاک میں آلۂ تناسل کے اندر زخم ہوتا ہے۔ اور گرمی میں باہر ہوتا ہے۔

۶۔ اگر گرمی والے مریض کے جوڑوں میں درد یا سوزش وغیرہ یا گٹھیا ہو گیا ہو۔ تو
"نارائن تیل" یا اور ایسے تیلوں کی مالش کرنا چاہئے۔ جو اس مرض کے لئے فائدہ
مند ہوں۔

کبھی نہ فیل ہونے والے آزمودہ نسخہ جات

۱۔ جوہر رس کپور (جو مینڈک میں رکھ کر اڑایا گیا ہو) ۱ ماشہ۔ شدھ جمال گوٹہ ۱ ماشہ
گوگل ۱ ماشہ۔ ان تینوں چیزوں کو ایک انڈے مرغ میں اس کی سفیدی نکال
کر بھر دیں۔ اوپر سے دوسرا ٹکڑا لگا کر ٹھیک سے بند کر کے ایک انگل موٹا
کالیپ کریں۔ خشک ہونے پر گرم بھوبل میں دبا دیں۔ جب انڈا سرخ ہو جاوے
تو نکال لیں۔ لیکن خیال رکھیں کہ جلنے نہ پاوے۔ پھر اس میں چھوٹی الائچی کے
دانے ۴ ماشہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی۔ کوئی پرہیز نہیں
عجیب نسخہ ہے۔

نوٹ:۔ مینڈک میں جوہر لینے کی یہ ترکیب ہے کہ مینڈک کا پیٹ چیر کر اس کو
صاف کریں پھر اس میں رس کپور بھر کر دو پیالوں میں بند کر کے چولہے پر چڑھا کر
آنچ جلا دیں۔ جب مینڈک جل کر خاک ہو جاوے تو اس رس کپور سے جوہر اڑا دیں
آنچ درمیانہ درجہ کی ہے۔ یہ کام اندازاً پانچ چھ گھنٹہ میں ہوتا ہے۔

۲۔ ریٹھے کے چھلکے کو دھوپ میں خشک کر کے باریک پیس لیں۔ اور پانی کے ہمراہ اڑد
کے آٹے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی صبح کو آدھ پاؤ دہی میٹھے ہوئے کے
ہمراہ کھا دیں۔ پرہیز۔ کھٹائی۔ مرچ۔ دہی وغیرہ بادی چیزوں سے (دہی جو گولی کے ہمراہ
کھا دیں صرف وہی) دودھ گھی کا استعمال جہاں تک ہضم ہو سکے زیادہ کریں۔ نمک بھی
اگر بالکل نہ چھوڑ سکیں تو بہت کم کر دیں۔ اگر خشکی زیادہ معلوم پڑے تو درمیان میں
ایک دو روز دوائی کو بند رکھیں اور پھر شروع کریں۔ زیادہ سے زیادہ دس روز
میں بالکل آرام ہو جاویگا۔ عجیب فقیری نسخہ ہے۔

۳۔ مصطگی۔ شدھ سنکھیا۔ شدھ پارہ۔ تین تین ماشہ۔ ان تینوں چیزوں کو ایک
پاؤ کاغذی لیموں کے عرق میں خوب کھرل کریں۔ اور جب گولی بنانے کے قابل ہو
جاوے تو دانہ اڑد کے برابر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی۔ دن میں تین بار
استعمال کریں۔ تین روز حد سات روز میں پرانے سے پرانے مرض کا بھی نام و
نشان نہ رہیگا۔ گھی دودھ خوب استعمال کریں۔

۴۔ شدھ جمال گوٹہ۔ گری کرنجوہ۔ مردار سنگ۔ اجوائن دیسی۔ مرچ سیاہ۔ ہر ایک چیز
ایک ایک تولہ پیس چھان کر رکھ لیں۔ خوراک تین ماشہ آدھ سیر دودھ گائے سے
استعمال کریں۔ درمیان میں دو تین روز چھوڑ کر پھر استعمال کریں۔ کیسا ہی پرانا مرض
کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں دور ہو جاویگا۔

نوٹ۔ اس نسخہ میں مردار سنگ شدھ کر کے ڈالیں۔ شدھی اس طرح پر کریں کہ مردار
سنگ کو سفید پشم میں لپیٹ کر دانہ باقلا کے ہمراہ پانی میں پکا دیں۔ جب دانہ باقلا گل
جاوے تو نکال لیں۔ اسی طرح بار بار عمل کرتے رہیں۔ جب تک کہ مردار سنگ سفید نہ
ہو جاوے۔ سفید ہو جانے پر کام میں لا دیں۔

۵۔ زردہ تنگرف۔ مازو پھل۔ جڑ مدار۔ بھانگرا۔ ان چاروں چیزوں کو برابر وزن

ے کر کوٹ چھان لیں۔ اس میں سے نو ماشہ سفوف چلم میں تمباکو کی طرح رکھ کر اوپر سے درخت کیتھے کی لکڑی کی آنچ رکھ کر حقہ میں دھواں پئیں سب طرح کا ... آرام ہو جاتا ہے۔ دھواں کو زخموں پر بھی چھوڑنا چاہئے۔ یہ عجیب ... نسخہ ہے۔

۶۔ پہلے رس کپور ایک تولہ کو ایک من پانی میں پکا دیں۔ پھر ... میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ پھر پیاز کے آدھ سیر نقدہ میں رکھ کر مضبوطی سے گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ رس کپور کا کشتہ ہو جاویگا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں۔ پانچ چھ خوراک میں مرض کا نام بھی نہ رہیگا۔

۷۔ رس کپور ایک تولہ کو کڑچھی میں رکھ کر نرم آنچ پر دس تولہ گندھک آملہ سار کو سفوف کر کے اس کی چٹکی ڈالتے رہیں۔ جب ایک چٹکی ڈالی ہوئی جل جاوے تو دوسری چٹکی ڈالیں۔ اسی طرح سے جب سب گندھک ختم ہو جاوے نکال کر باریک پیس کر رکھیں۔ خوراک ایک سے دو چاول تک مکھن میں۔ یہ بھگندر۔ گرمی۔ کوڑھ وغیرہ امراضوں میں رام بان ہے۔

۸۔ رس کپور۔ دار چکنا۔ مردار سنگ۔ نیلا تھوتھا۔ ایک ایک تولہ۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ ان سب کو باریک کھرل کر کے اور شراب برانڈی میں ٹکیہ بنا کر مٹی کے دو پیالوں میں گل حکمت کر کے چولھے پر چڑھا کر درخت بیری کی لکڑی سے نرم آنچ پر چار گھنٹہ آنچ دے کر جوہر اڑا دیں۔ پھر سرد ہونے سے اوپر کے پیالہ میں جو جوہر لگ گیا ہو اس کو لیکر ایک انڈا مرغ کی سفیدی نکال کر اس میں بھر کر بند کریں۔ اوپر سے دوسرے انڈے کا ڈھکنا لگا کر ٹھیک سے بند کریں۔ بعد ازاں ایک انگل موٹائی میں آٹا چڑھا کر گولے کی طرح سے بنا لیں اور گرم بھوبل میں دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جاوے تو اندر سے دوائی مع زردی انڈا نکال کر چھٹانک شراب برانڈی درجہ اول بذریعہ کھرل جذب

کریں۔ جب سرمہ کی طرح سے ہو جاوے تو شیشی میں رکھ لیں۔ خوراک نصف چاول تا ماشہ میں ڈال کر دیں ایک ہفتہ میں بالکل آرام ہو جاویگا۔ کھانے کے واسطے صرف دال مونگ دلی ہوئی اور روٹی۔ بعد ایک ہفتہ کے خواہ کتنا ہی گھی دودھ استعمال کریں لیکن دوائی استعمال کے وقت گھی نہ کھاویں۔

۹۔ درخت مدار کی لکڑی کا کوئلہ برابر وزن مصری ملا کر پیس کر رکھ لیں۔ خوراک چھ ماشہ سفوف کو چھ ماشہ گائے کے گھی میں ملا کر صبح شام استعمال کریں۔ گرمی کے مرض میں بہت فائدہ مند ہے۔

۱۰۔ بندہارہ تھوہر کے دودھ میں چھلکا دور کئے ہوئے چنے کا آٹا خوب کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی پانی کے ہمراہ۔ خوراک میں صرف دودھ۔ چاول۔ مصری۔ کھانڈ۔ روٹی۔ لیکن دوائی کھانے کے ایک گھنٹہ بعد اس نسخہ سے دست ہو کر زہریلہ مادہ نکل جاویگا۔ اکثر حالتوں میں قے بھی ہوتی ہے۔ تین روز برابر کھلا کر درمیان میں دو تین روز بند کر دیں۔ اگر ضرورت ہو پھر استعمال کرا دیں۔ دوائی استعمال کے دوران میں نمک اور گوشت سے بالکل پرہیز کریں۔

۱۱۔ اب اس مرض پر دو تین آزمودہ انگریزی نسخہ جات بھی دیتے ہیں۔ کیونکہ آجکل انگریزی ادویات تقریباً سب جگہ ہی مل جاتی ہیں۔

۱۔ پوٹاس آیوڈائڈ ۔ ایک ڈرام

۲۔ لائکر ہائڈرج پرکلو ۔ دو اونس

۳۔ امین کلورائڈ ۔ دو ڈرام

۴۔ ایکٹن فاٹیڈ سپرٹ ۔ دو اونس

ان ادویات کو ایک جگہ ملا کر ایک شیشی میں رکھ دو۔ دن میں تین بار بعد غذا کے ایک ڈرام استعمال کریں۔ اس مرض کے زہریلہ مادہ کو نکال دیتی ہے

رام بان ہے۔ لیکن اعتبار والی دوکان سے لینا چاہئے۔

۱۲- ۱ پوٹاسیم آیوڈائڈ ۔۔۔ ایک ڈرام
۲ پوٹاس بائی کارب ۔۔ ½ ڈرام
۳ لائیکر آرسی نکالس ۔ ½ ڈرام
۴ اسپرٹ کلوروفارم ۔ ½ ڈرام
۵ ایکسٹریکٹ سارسپریلا کمپونڈ ۔ ۲ اونس
۶ ڈسٹلڈ واٹر ۔ ۸ اونس

ان سب دواؤں کو ایک جگہ ملا کر شیشی رکھ لو۔ خوراک ایک چمچہ۔ صبح۔ دوپہر۔ شام تین بار استعمال کرنے سے خون کے تمام فساد آرام ہو جاتے ہیں۔ اگر آتشک سے جسم پھوٹ بھی گیا ہو یا نشانات پڑ گئے ہوں تو بھی اس کے استعمال سے خوب فائدہ ہوگا۔ عجیب نسخہ ہے۔

۱۳- ۱ کونین سلفاس ۔ ۷ گرین
۲ پوٹاسیم آیوڈائڈ ۔ ۲۲ گرین
۳ پاؤڈر روبارب ۔ ۱۶ گرین
۴ لکورس پاؤڈر ۔ ۴ گرین
۵ ایکسٹریکٹ سارسپریلا ۔ ۱۲ گرین
۶ ورڈک ۔ ۱۲ گرین
۷ ٹراکسم ۔ ۱۲ گرین

ان سب کو اچھی طرح سے ملا کر ۳۶ گولیاں بنالو۔ خوراک جوان آدمی کو دن میں تین گولیاں۔ صبح۔ دوپہر۔ شام۔ عورتوں کو دو گولی صبح شام۔ بچوں کو ایک گولی سوتے وقت دیویں۔ اس سے فساد خون کے تمام امراض دور ہو جاتے ہیں۔

कर रात को बांध सकते हैं । माथे के भीतर गढ़ा हड्डी के दोष से होता है, इस लिए असाध्य होता है ।

स्त्रियों में बहुत ऊंचा माथा भी एक दोष है । बाज़ मनुष्यों के माथे का चमड़ा ऊपर को खिंचा हुआ मालूम होता है। यह हर समय एक विशेष रूप में मालूम होते हैं। माथे में मलाई लगाकर नीचें की ओर दैनिक मलना गुणकारी हो सकता है।

मुख की सुन्दरता ।

मुझे तो शब्द नहीं मिले जो मुख की सुन्दरता का पूरा वर्णन कर सकूं। मुख के सौन्दर्य को समझना भी एक विशेष विद्या है और इसके ज्ञाता विलायत में लाखों रुपए कमाते हैं। हमारे यहां तो मिथ्या सभ्यता फैलाने वाले सौन्दर्य्य का सच्चा भाव

(ईरानी बेगम का [illegible])

ایرانی چہرہ

रहे। इसले यह मालूम होगा कि माथा भीतर धंसा है, और कुरूपता
कम हो जावेगी। केशों के संवारने का वर्णन केश सम्बन्धी अध्याय में आवेगा।
दिमागी काम अधिक करने वाले का माथा ऊंचा हो जाता
है। माथे पर हर समय त्योरियां न केवल बुरे स्वभाव को प्रकट
करती हैं, प्रत्युत धीरे २ ये स्थायी हो जाती हैं। माथे की झुर्रियों
का इलाज मुख की झुर्रियों के अनुसार करना चाहिये। माथे की
लकीरें मिटाने के वास्ते फ़ीते भी बिकते हैं, या स्वयं वैसा ही बना-

(एक पूर्वीय गोल मुख)

...ی سے زہریلے کیڑوں کو ہلاک کرکے خون کو صاف کرنے والا عجیب نسخہ ہے ایک
...استعمال کریں۔
...ایک تولہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ دونوں کو کوٹ چھان کر اور گڑ میں ملا کر
...برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک صبح شام ایک ایک گولی۔ کھٹائی مرچ اور
...سے پرہیز رکھ کر استعمال کرتے سے مرض کو ضرور آرام ہو جاتا ہے۔
...جمال گھار۔ جڑ اندرائن۔ پھلی ببول۔ کٹیلی چھوٹی معہ جڑ اور پتوں کے۔
...گڑ پوار۔ سب چیزیں آدھ پاؤ وزن میں لے کر تین سیر پانی ڈال کر مٹی
...ہنڈی میں پکا دیں جب چوتھائی پانی رہ جاوے تو چھان کر بوتل میں ڈال کر رکھ
...صبح شام ایک ایک چھٹانک استعمال کریں۔ اس سے نہ تو منہ آتا ہے اور نہ
...پرہیز کی ضرورت ہے۔ دو ہفتہ میں مرض کو آرام ہو جاتا ہے۔

زخموں پر مرہم وغیرہ کے نسخہ جات

...سفیدہ چار تولہ۔ کافور دو تولہ۔ سیندور ایک تولہ۔ ان تینوں چیزوں کو پیس
...ایک بار دھلے ہوئے گھی میں ملا کر مرہم بنا لیں۔ اس مرہم کے استعمال
...طرح کے زخم وغیرہ بہت جلد آرام ہو جاتے ہیں۔ خواہ زخموں سے پیپ اور
...کیوں نہ بہتا ہو۔ بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ گرمی کے زخموں پر لگاتے ہی
...سی پڑ جاتی ہے۔ ہر طرح کے زخموں پر یہ جادو کی طرح سے کام
...آرام ہے۔
...مردار سنگ۔ بھلانوہ۔ نیلا تھوتھا۔ مازو پھل۔ کھمن۔ مردار سنگ کو چھوڑ
...چیزوں کو آگ پر جلا لیں۔ پھر سب چیزوں کو باریک کرکے ایک کانسی کی
...اور تانبے کے برتن سے خوب گھوٹ کر ایک ذات کریں۔ پھر اس میں سے

تھوڑا سا زخموں پر لگانے سے گرمی کے زخم بہت جلد آرام ہو جاتے ہیں۔

۱۸۔ ترپھلہ کو کڑاہی میں ڈال کر اور آنچ پر چڑھا کر راکھ بنا لیں۔ پھر اس راکھ کو شہد میں ملا کر گرمی کے زخموں پر لیپ کرنے سے بہت جلد آرام ہوتے ہیں۔

۱۹۔ کنیر کی جڑ پانی کے ہمراہ سل پر پیس کر گرمی کے زخموں پر لگانے سے سخت سے سخت درد و جلن کو مٹا کر از حد فائدہ معلوم ہوگا۔ عجیب نسخہ ہے۔

۲۰۔ درخت نیم کے ایک چھٹانک پتے برابر وزن گھی میں بھون کر اور [illegible] ملا کر پھر تین ماشہ نیلا تھوتھا ملا کر اور کھرل میں ڈال کر تین گھنٹہ تک برابر کھرل کریں اور مرہم بنا کر رکھ لیں۔ ہر قسم کے زخموں پر رام بان ہے۔

نوٹ۔ مرہم وغیرہ لگانے سے پہلے سب طرح کے زخموں کو دھو کر اور کپڑے یا روئی سے صاف کر کے پھر مرہم لگانا چاہیے۔ زخموں کو دھونے کے لئے نیم کا کاڑھا یعنی جوش دیا ہوا پانی دنیا میں سب سے بہتر دوائی ہے۔ جن پھوڑوں یا زخموں میں درد و جلن ہوتی ہے۔ نیم کے کاڑھے سے دھو کر اور نیم کے پتے پیس کر لگانے سے فوراً آرام معلوم ہوتا ہے۔ ترپھلہ کا کاڑھا بھی سب طرح سے زخموں کو دھونے کے لئے ایک اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

بد یعنی باگھی کا علاج

آیوروید میں لکھا ہے کہ بد (باگھی) کا سب سے بڑا اور اصلی سبب تو آتشک (گرمی) ہی ہے۔ لیکن اس کے علاوہ بھی بھاری اور خراب گلی سڑی سوکھی چیزیں کھانے اور بدبودار خراب گوشت وغیرہ استعمال کرنے سے بات اور [illegible]ت کا فساد بڑھ کر بد وغیرہ ہو جاتی ہے۔ لیکن دوسری قسم سے ہونیوالی بد اکثر پکتی نہیں ہے۔ لیکن آتشک سے ہونیوالی بد ضرور ہی پکتی ہے۔ یہ کبھی تو آتشک کے ساتھ ہی ساتھ ہو جاتی ہے۔

[illegible] کبھی آرام ہونے پر بھی ہو جاتی ہے۔ اسکے علاج میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ پیدا ہوتے ہی اس کو بٹھانے کا انتظام کریں جب دیر ہونے سے پک گئی ہو یا پک گئی ہو تو اس کو پکا کر پھوڑنا اور زخم کو بھرنے کا انتظام کرنا چاہیے۔ اس کیلئے آزمودہ نسخہ جات نیچے درج کرتے ہیں۔

۲۱۔ چونا اور شہد ملا کر کپڑے پر مرہم کی طرح سے لگا کر بد کے اوپر باندھنے سے بیٹھ جاویگی۔

۲۲۔ پیاز کو چاقو سے کاٹ کر دودھ پینے والے بچے کے پیشاب میں پکا کر خوب گلا دو [illegible] بنا کر بد پر باندھ دو۔ اس سے ضرور ہی بیٹھ جاویگی۔

۲۳۔ [illegible] کے بیج پانی میں پیس کر اور ذرا گرم کر کے دن میں دو تین بار بد کے [illegible] لیپ کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

۲۴۔ نوشادر پانی میں گھول کر اور کپڑا تر کر کے بد پر رکھ دو۔ بیٹھ جاویگی۔

۲۵۔ بد کی جگہ پر جونک لگا کر پہلے خراب خون کو نکال دو۔ پھر نیم کے پتے پیس [illegible] باندھنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

۲۶۔ السی کا سفوف بنا کر پھر پانی میں ملا کر ذرا سی ہلدی اور تھوڑی جنگلی [illegible]ز کی بیٹ ملا کر آنچ پر خوب پکا کر پولٹس بناؤ۔ اور گرم گرم حسب برداشت [illegible] باندھ کر اوپر سے بنگلہ پان رکھ کر کپڑا باندھ دو۔ اس سے ہر قسم کی گانٹھ پھوڑا [illegible] پک کر پھوٹ جاتے ہیں۔

۲۷۔ چیتے کی جڑ لیموں کے رس میں پیس کر بد کے اوپر لیپ کرنے سے بہت [illegible] آرام ہو جاتا ہے۔ یہ دسوں بار کا آزمودہ ہے۔

۲۸۔ آنبہ ہلدی، رال، گڑ۔ ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا، گوگل چھ چھ ماشہ۔ سب کو [illegible] گرم کر کے بد پر باندھنے سے بہت جلد پھوٹ جاتی ہے۔

۲۹۔ ارنڈ کے بیج۔ ہرڑ۔ ارنڈ کا تیل۔ سرکہ۔ چاروں چیز برابر وزن لیکر اور پیس
کر گرم کرکے بد پر باندھو۔ اس کے استعمال سے بیٹھنے والی تو جاویگی اور پرانی
پک کر پھوٹ جاویگی۔
۳۰۔ اگر بد میں زیادہ درد ہوتا ہو تو بھیڑ کے دودھ میں گیہوں پیس کر لیپ کرنے
سے آرام پڑ جاتا ہے۔

گٹھیا کے مرض پر تیل

۳۱۔ تمباکو تیل۔ آدھ سیر تمباکو کے پتے رات کو اڑھائی سیر پانی میں بھگو دو۔
صبح کو مل کر پانی کپڑے میں چھان لو۔ اس پانی میں ایک سیر تلی کا تیل ملا کر اور کڑاہی
میں ڈال کر نرم آنچ پر پکاؤ۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جاوے تو چھان کر شیشی
میں رکھ لو۔ اس کی مالش کرنے سے گٹھیا اور جوڑوں میں درد سب کو آرام ہو جاتا ہے

ویدک کا مشہور عالم نارائن تیل

۳۲۔ ویدک شاستر میں جس قدر تعریف نارائن تیل کی لکھی ہے اتنی اور کسی تیل
کی نہیں ہے۔ اسلئے اپنے ناظرین کے لئے اس کا نسخہ دیتے ہیں۔ خود تیار کرکے
فائدہ اُٹھاویں۔ ویدک میں تحریر ہے کہ اس تیل کی مالش سے حسب ذیل امراض
دور ہوتے ہیں۔
ہر طرح کا گٹھیا مرض۔ فوطوں کا رک جانا۔ پسلیوں کا درد۔ پاگل پن۔ کمر
کسی حصہ کا ایک طرف کو مڑ جانا۔ لقوہ۔ ذات
وغیرہ جسم کے ہر ایک حصہ کا درد۔
کے امراض۔ سر درد۔ لنگڑا ہو کر چلنا۔ جبڑا کا بند آنا۔ وغیرہ وغیرہ۔ علاوہ ازیں تحریر
ہے کہ اس کے استعمال سے بانجھ عورت بھی حمل کے قابل ہو

جاتی ہے۔ خیال رہے کہ نارائن تیل زیادہ تر مالش کے کام ہی آتا ہے اور اس نے
سینکڑوں جگہ ایسے حیرت انگیز کرشمے دکھائے ہیں کہ دنیا حیران ہو جاتی ہے۔
ڈاکٹر لوگ جن مرضوں میں مدتوں بجلی وغیرہ لگاتے رہے اور کوئی اثر نہ ہوا وہاں
پر اس تیل کی مالش نے حیرت انگیز اثر دکھلایا۔ مالش کے علاوہ ضرورت کے
وقت اس کو کھانے کے کام میں لایا جا سکتا ہے۔ اگر کھانے کے کام میں لاویں
تو تین ماشہ تک شہد کے ہمراہ دے سکتے ہیں۔ دانتوں پر ملا جاتا ہے کان میں
ڈالا جاتا ہے۔ کہاں تک تحریر کریں اس تیل کے اس قدر فوائد ہیں اگر پوری
طرح سے تحریر کریں تو ایک چھوٹا سا ٹریکٹ بن جاوے۔ اس حیرت انگیز
تیل کا نسخہ یہ ہے۔
اسگندھ۔ کھرینٹی۔ بیل گری۔ کنڈیاری چھوٹی۔ اور بڑی۔ گوکھرو۔ پاڈھل۔
کنگھی۔ چھال نیم۔ سوناپاٹھا۔ بسکھپرہ۔ پرسارنی۔ ارنی۔ ہر ایک آدھ سیر۔
ان سب کو جو کوب کرکے [illegible] سیر پانی میں ڈال کر آنچ پر چڑھا دیں۔
جب پانی جل کر چوتھائی (سولہ سیر) رہ جاوے تو اتار کر خوب مل چھان کر
پھر کڑاہی میں ڈال کر اور چار سیر خالص تلوں کا تیل ملا کر اور رس شتاوری
چار سیر۔ دودھ گائے سولہ سیر۔ (اگر شتاوری کا تازہ رس نہ ملے تو ایک سیر
شتاوری کوٹ کر ڈال لیں) اور مندرجہ ذیل ادویات آٹھ آٹھ تولہ پانی سے
پیس کر اس میں ملا دیں۔
کوٹ۔ بڑی الائچی۔ چندن سفید۔ موروا۔ بچ۔ بالچھڑ۔ سیندھا نمک۔
تگرہ۔ گگیرن۔ ارسنا۔ سونف۔ دیودارو۔ چاروں پرنی (شالپرنی۔
پرشٹ پرنی۔ ماش پرنی۔ مدگ پرنی) اگر۔ سب کو ملا کر نرم آنچ پر آہستہ آہستہ
پکاویں۔ جب سب پانی جل کر صرف تیل رہ جاوے تو چھان کر اور بوتلوں

مین بھر کر رکھ لین۔ یہی حیرت انگیز نارائین تیل ہے۔

۳۳۔ مالکنگنی۔ گھونگچی سرخ۔ گھونگچی سفید۔ لوبان۔ دودھ عاقر۔ بیج دھتورہ
زیرہ کشمیری۔ میٹھا تیلیہ۔ کچلہ۔ تیل میٹھا۔ سب چیزین برابر وزن لیکر پاتال جنتر
